
لاأقسم بهذا البلد وأنت حل بهذا البلد ○ صدق الله العظيم

# تاریخ مکہ مکرمہ

اور

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی زندگی پر دورِ حاضر کی لاجواب کتاب



# بلد الامین صلی اللہ علیہ وسلم

○

تصنیف لطیف


پیر طریقت فخر العصر حضرت علامہ الحاج

ابو النور منظور احمد شاہ صاحب



3802



الناشر، مکتبہ نظامیہ جامعہ فریدیہ (رجسٹرڈ) ○ ساہیوال

فون: ۲۶۸۵



Marfat.com

(3802)

ذخیرہ
ذخیرہ صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی
جو 2001ء میں میاں صاحب نے
پنجاب یونیورسٹی لائبریری کو عطا فرمایا

PUNJAB
UNIVERSITY
LIBRARY
LAHORE

CLASS NO..................
BOOK NO..................

S-369—Punjab University Press—10,000—29-1-2003

Marfat.com




لبيك اللهم لبيك لا شريك لك لبيك
إن الحمد والنعمة لك والملك لا شريك لك
مكة المكرمة


Marfat.com

3802

ذخیرہ
صاحبزادہ میاں جمیل احمد نقشبندی مجددی • لاہور پاکستان

Marfat.com



Marfat.com

3802

Marfat.com

3802

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وھٰذا البلد الامین

لا اقسم بھٰذا البلد و انت حلٌّ بھٰذا البلد

# تاریخ مکہ مکرمہ

اور

حضور سرورِ کونین سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی زندگی پر دورِ حاضر کی لاجواب کتاب

# بلد الامین

تصنیف لطیف


پیرِ طریقت فخر العصر حضرت علامہ

ابو النصر منظور احمد شاہ

بانی و شیخ الحدیث جامعہ فریدیہ، ساہیوال



سن ۱۴۰۵ھ

ناشر

مکتبہ نظامیہ ساہیوال


Marfat.com

3802

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں۔


نام کتاب ــــــــــ بلد الامین

مصنف ــــــــــ علامہ الحاج ابوالنصر منظور احمد شاہ صاحب مدظلہ

مصححین ــــــــــ • ـــ علامہ صاحبزادہ محمد مظہر فرید شاہ صاحب

• ـــ مولانا ابوالبرکات محمد اللہ دتہ فریدی

87049

ترتیب وتدوین ــــــــــ صاحبزادہ قاری عبدالعزیز فریدی

سرورق ــــــــــ محمد الیاس نقشبندی

کتابت ــــــــــ محمد الیاس نقشبندی، محمد صدیق فانی

مطبع ــــــــــ شرکت پرنٹنگ پریس۔ ۴۳ نسبت روڈ لاہور

اشاعت ــــــــــ بار اول شعبان المعظم ۱۴۱۲ھ

بار دوم شعبان المعظم ۱۴۱۳ھ

تعداد ــــــــــ گیارہ سو

ضخامت ــــــــــ ۲۳ × ۳۶ / ۱۶ صفحات ۲۹۰

ناشر ــــــــــ مکتبہ نظامیہ جامعہ فریدیہ ساہیوال

قیمت ــــــــــ ۷۰/= روپے

ملنے کے پتے

• مکتبہ نظامیہ جامعہ فریدیہ ساہیوال • دفتر ماہنامہ انوار الفرید گول چوک سنہری مسجد ساہیوال

• مکتبہ فریدیہ جناح روڈ، ساہیوال • جامعہ مسعودیہ اساس العلوم 129/15-L میاں چنوں،

• دارالادب تلمبہ روڈ، میاں چنوں ضلع خانیوال


Marfat.com

ذخیرہ
جمیل احمد نقشبندی مجددی لاہور پاکستان

ادارہ میاں جمیل احمد نقشبندی مجددی پاکستان

# اِنتساب

مہاجرہ و مجاہدہ اوّل سیّدہ ہاجرہ رضی اللہ عنہا، اُن کے لختِ جگر سیدنا اسمٰعیل علیہ السّلام کے نام جنہوں نے حکمِ خداوندی کے سامنے سروں کو خم کرتے ہوئے وادیٔ بے آب و گیاہ میں رہ کر شکر ادا کیا اور اسی جنگل کو گل و گلزار میں بدل دیا اور اس بے نام و نشاں جگہ کو رشکِ طور بنایا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ وسلم

Marfat.com

# فہرست مضامین


| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | انتساب | ۳ |
| ۲ | شیخ الطریقت | ۲۲ |
| ۳ | سبب تالیف | ۳۴ |
| ۴ | مکتوب گرامی | ۳۵ |
| ۵ | آغاز کتاب | ۳۶ |
| ۶ | بلد الامین کے عنوان پر کتابیں | " |
| ۷ | بلد الامین کے اسماء مقدسہ | ۳۸ |
| ۸ | مکہ مکرمہ کو حرم کہتے کی وجہ | ۴۱ |
| ۹ | پہلی روایت | " |
| ۱۰ | دوسری روایت | " |
| ۱۱ | تیسری روایت | " |
| ۱۲ | فضائل مکہ مکرمہ کعبہ معظمہ | ۴۲ |
| ۱۳ | حضور علیہ السلام کا محبوب خطہ | " |
| ۱۴ | حرم مکہ میں موت آسمان پر موت ہے | ۴۳ |
| ۱۵ | حرم مکہ کی موت امن کی ضمانت ہے | " |
| ۱۶ | حرمین کی موت عذاب سے نجات ہے | " |
| ۱۷ | مکہ کے باسی خدا کے پڑوسی ہیں۔ | ۴۴ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۸ | حرم کعبہ کی توہین ہلاکت ہے۔ | 〃 |
| ۱۹ | مکہ مکرمہ | 〃 |
| ۲۰ | مکہ میں مسلح چلنا ممنوع ہے | ۴۵ |
| ۲۱ | حرم مکہ کی قسم | 〃 |
| ۲۲ | مکہ کس قدر پیارا شہر ہے | 〃 |
| ۲۳ | کعبہ انور سب سے پہلا گھر ہے | ۴۶ |
| ۲۴ | کعبہ شریف امن کی جگہ ہے | 〃 |
| ۲۵ | کعبہ شریف سے بقاءِ عالم ہے | 〃 |
| ۲۶ | کعبہ اطہر میں آیات بینٰت | 〃 |
| ۲۷ | روزانہ ۱۲۰ رحمتوں کا نزول | ۴۷ |
| ۲۸ | تعمیر کعبہ ۵ پہاڑوں سے ہوئی | 〃 |
| ۲۹ | مومن کی عظمت کعبہ سے بڑی ہے | ۴۸ |
| ۳۰ | کعبہ میں داخلہ گناہوں کی پاکیزگی ہے | 〃 |
| ۳۱ | کعبہ آدم علیہ السلام سے ۲ ہزار برس قبل | 〃 |
| ۳۲ | تصویر: خانہ کعبہ کے سامنے سجدہ کی حالت میں | ۴۹ |
| ۳۳ | تصویر: حجر اسود | ۵۰ |
| ۳۴ | تصویر: بدر کی بستی | ۵۱ |
| ۳۵ | تصویر: چار دیواری میں شہدا بدر مدفون ہیں | 〃 |
| ۳۶ | تصویر: جبل رحمت پر حجاج کرام کا اجتماع | ۵۲ |
| ۳۷ | زیارت کعبہ سے گناہ جھڑتے ہیں | ۵۳ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۸ | کعبہ کی زیارت روزی میں برکت | ۵۳ |
| ۳۹ | جنت کا خیمہ | ۵۴ |
| ۴۰ | کعبہ شریف کے تعمیری اصلاحی مراحل | 〃 |
| ۴۱ | پہلا مرحلہ | 〃 |
| ۴۲ | سب سے پہلے طواف فرشتوں نے کیا | ۵۵ |
| ۴۳ | دوسرا مرحلہ | 〃 |
| ۴۴ | تیسرا مرحلہ | 〃 |
| ۴۵ | چوتھا مرحلہ | 〃 |
| ۴۶ | پانچواں مرحلہ | 〃 |
| ۴۷ | چھٹا مرحلہ | 〃 |
| ۴۸ | ساتواں مرحلہ | 〃 |
| ۴۹ | آٹھواں مرحلہ | 〃 |
| ۵۰ | نوواں مرحلہ | 〃 |
| ۵۱ | دسواں مرحلہ | ۵۶ |
| ۵۲ | گیارھواں مرحلہ | 〃 |
| ۵۳ | بارھواں مرحلہ | 〃 |
| ۵۴ | تیرھواں مرحلہ | 〃 |
| ۵۵ | چودھواں مرحلہ | 〃 |
| ۵۶ | پندرھواں مرحلہ | ۵۷ |
| ۵۷ | سولھواں مرحلہ | 〃 |


Marfat.com

| صفحہ | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۵۷ | سترھواں مرحلہ | ۵۸ |
| " | آٹھارواں مرحلہ | ۵۹ |
| " | انیسواں مرحلہ | ۶۰ |
| " | بیسواں مرحلہ | ۶۱ |
| " | اکیسواں مرحلہ | ۶۲ |
| " | بائیسواں مرحلہ | ۶۳ |
| " | تئیسواں مرحلہ | ۶۴ |
| " | چوبیسواں مرحلہ | ۶۵ |
| ۵۸ | پچیسواں مرحلہ | ۶۶ |
| " | طواف کعبہ | ۶۷ |
| " | طواف محبوب ترین عمل | ۶۸ |
| ۵۹ | پہلا انسان اور پہلا گھر | ۶۹ |
| " | دورِ جاہلیت میں بھی کعبہ محترم رہا | ۷۰ |
| " | جبریل علیہ السلام اور زیارت کعبہ شریف | ۷۱ |
| ۶۰ | ملائکہ بھی احرام باندھتے ہیں | ۷۲ |
| " | کشتی نوح نے طواف کیا | ۷۳ |
| " | حجرِ اسود | ۷۴ |
| ۶۱ | حجرِ اسود دست قدرت ہے | ۷۵ |
| " | حجرِ اسود کی کعبہ سے علیحدگی | ۷۶ |
| ۶۲ | حجرِ اسود کی خصوصیتیں | ۷۷ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۷۸ | حجر اسود قیامت کو گواہی دے گا | ۶۲ |
| ۷۹ | کعبہ میں نشانات قدرت | 〃 |
| ۸۰ | کعبۃ اللہ کی مرکزیت | ۶۳ |
| ۸۱ | کعبہ شریف کے خلاف پہلی بغاوت | ۶۴ |
| ۸۲ | دوسری بغاوت | ۶۵ |
| ۸۳ | تیسری بغاوت | 〃 |
| ۸۴ | چوتھی بغاوت | 〃 |
| ۸۵ | ابرہ کی آمد اور عبد المطلب کا اعلان | ۶۶ |
| ۸۶ | عبد المطلب کی دعا | ۶۷ |
| ۸۷ | ابرہ کی ہلاکت | 〃 |
| ۸۸ | پانچویں بغاوت | ۶۸ |
| ۸۹ | تصویر: حجاج کرام خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے | ۶۹ |
| ۹۰ | تصویر: محلہ بنی ہاشم پرانے مکانات | ۷۰ |
| ۹۱ | تصویر: مولدالرسول ﷺ | 〃 |
| ۹۲ | تصویر: وہ جگہ جہاں شعب ابی طالب رض تھی | 〃 |
| ۹۳ | تصویر: حضور پاک ﷺ کی جائے پیدائش | ۷۱ |
| ۹۴ | تصویر: ابوقبیس کی پہاڑی پر مسجد بلال رض | 〃 |
| ۹۵ | تصویر: حجاج کرام میدان عرفات میں | ۷۲ |
| ۹۶ | حرم شریف کا دروازہ باب عبدالعزیز | 〃 |
| ۹۷ | ظالم حکمران کے سامنے کلمہ حق | ۷۳ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۹۸ | چھٹی بغاوت | ۷۴ |
| ۹۹ | پاکستانیوں کی حرم کعبہ سے وابستگی | ۷۵ |
| ۱۰۰ | سعودی ڈرائیوروں کی لاعلمی | ۷۶ |
| ۱۰۱ | حرم مکہ تاریخ کے آئینے میں | ″ |
| ۱۰۲ | آبادی مکہ کے سبب اوّل | ۷۹ |
| ۱۰۳ | آپ کا شجرہ نسب اور فضائل وخصائل | ۸۰ |
| ۱۰۴ | حضرت سارہ کی کرامت | ۸۱ |
| ۱۰۵ | ابراہیم علیہ السلام پہلی بار حرم کعبہ میں | ۸۳ |
| ۱۰۶ | چشمہ زمزم پر جرہم کی آمد | ۸۵ |
| ۱۰۷ | ابراہیم علیہ السلام دوسری بار حرم مکہ میں | ۸۶ |
| ۱۰۸ | اسماعیل علیہ السلام کا دوسرا نکاح | ″ |
| ۱۰۹ | ابراہیم علیہ السلام تیسری بار حرم مکہ میں۔ | ۸۸ |
| ۱۱۰ | تصویر: حج کے دوران باب عمرہ کے باہر نماز کے وقت کا ایک منظر | ۸۹ |
| ۱۱۱ | تصویر: حضرت خدیجہؓ کا مکان | ۹۰ |
| ۱۱۲ | تصویر: جنت المعلیٰ کا قبرستان | ″ |
| ۱۱۳ | تصویر: حرم شریف کا دروازہ باب عمرہ | ۹۱ |
| ۱۱۴ | تصویر: مکہ معظمہ کے راستے میں حدودِ حرم | ۹۲ |
| ۱۱۵ | چشمہ زمزم کا دوبارہ ظہور | ۹۳ |
| ۱۱۶ | زمزم کے اسمائے گرامی | ۹۴ |
| ۱۱۷ | فضائل زمزم شریف | ″ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۱۸ | میرے والدِ گرامی کو شفا ملی | ۹۷ |
| ۱۱۹ | مومنین کی روحیں اور چشمہ زمزم | ۹۸ |
| ۱۲۰ | نتائج | ۹۹ |
| ۱۲۱ | زمزم پینے کے آداب | ۱۰۰ |
| ۱۲۲ | ملتزم کی فضیلت | ۱۰۱ |
| ۱۲۳ | زمزم کا پانی آبِ کوثر سے افضل ہے | ۱۰۲ |
| ۱۲۴ | زمزم سے شفا ہوئی | " |
| ۱۲۵ | حطیم شریف | ۱۰۳ |
| ۱۲۶ | حضرت حاجرہ رضی اللہ عنہا | ۱۰۵ |
| ۱۲۷ | رکن یمانی | ۱۰۸ |
| ۱۲۸ | میزابِ رحمت | " |
| ۱۲۹ | عظمت سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام | " |
| ۱۳۰ | تصویر: عرفات کے میدان میں مسجدِ نمرہ | ۱۰۹ |
| ۱۳۱ | تصویر: مسجد عائشہؓ۔ یہ مسجد تنعیم میں ہے۔ | ۱۱۰ |
| ۱۳۲ | تصویر: منیٰ کے راستے میں جبلِ نور | ۱۱۱ |
| ۱۳۳ | منیٰ میں مسجد خیف | " |
| ۱۳۴ | جبلِ نور پر واقع غارِ حرا کے سامنے عقیدت مند نفل ادا کر رہے ہیں | ۱۱۲ |
| ۱۳۵ | ذبیح اسمٰعیل علیہ السلام ہیں | ۱۱۳ |
| ۱۳۶ | سنہ ۸ھ سے سنہ ۱۳۴۳ھ تک مکہ کے حکمران | ۱۱۶ |
| ۱۳۷ | حرم انور کے دروازوں کے نام | ۱۱۹ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۱۳۸ | سمت مشرق | ۱۱۹ |
| ۱۳۹ | سمت مغرب | " |
| ۱۴۰ | سمت جنوب | " |
| ۱۴۱ | سمت شمال | " |
| ۱۴۲ | نہر زبیدہ | ۱۲۰ |
| ۱۴۳ | مکہ مکرمہ کے بعض مشہور حوض | ۱۲۱ |
| ۱۴۴ | مکہ مکرمہ کے مشہور کنوئیں | " |
| ۱۴۵ | قدیم دور میں مکہ مکرمہ کے مشہور مسافر خانے | ۱۲۲ |
| ۱۴۶ | مکہ مکرمہ کے بعض مشہور مدارس | ۱۲۳ |
| ۱۴۷ | مکہ مکرمہ کی بعض مشہور سبیلیں | ۱۲۴ |
| ۱۴۸ | دعا قبول ہونے کے مقاماتِ مقدسہ | " |
| ۱۴۹ | مکہ مکرمہ کی مشہور مساجد | ۱۲۶ |
| ۱۵۰ | مسجد الحرام | " |
| ۱۵۱ | مسجد جن | ۱۲۷ |
| ۱۵۲ | ایک صحابی جن | " |
| ۱۵۳ | جنوں کی دربارِ رسالت میں حاضری | ۱۲۸ |
| ۱۵۴ | تصویر: عرفات میں جبلِ رحمت کے دامن میں | ۱۲۹ |
| ۱۵۵ | تصویر: مکہ مکرمہ کی ایک حسین عمارت | ۱۳۰ |
| ۱۵۶ | تصویر: مشعر الحرام | " |
| ۱۵۷ | تصویر: مکہ مکرمہ کی کھلی سڑکوں کے پلوں کا منظر | ۱۳۱ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۵۸ | تصویر: حرم شریف کا دروازہ باب فتح | ۱۳۲ |
| ۱۵۹ | رافع بن عمیر کا دلچسپ واقعہ | ۱۳۳ |
| ۱۶۰ | لیلۃ الجن | ۱۳۴ |
| ۱۶۱ | جنات کی حقیقت | // |
| ۱۶۲ | مسجد ابراہیم یا مسجد ہلال | ۱۳۶ |
| ۱۶۳ | مسجد جعرانہ | // |
| ۱۶۴ | مسجد رایہ | ۱۳۷ |
| ۱۶۵ | مسجد تنعیم | ۱۳۸ |
| ۱۶۶ | سنگ باری | // |
| ۱۶۷ | مسجد کے تعمیری مراحل | // |
| ۱۶۸ | مسجد صولیتہ اور اس کا پس منظر | ۱۳۹ |
| ۱۶۹ | مسجد نمرہ شریف | ۱۴۲ |
| ۱۷۰ | مسجد سیدنا صدیق رضی اللہ عنہ | // |
| ۱۷۱ | عرفات کے میدان میں مسجد نمرہ | // |
| ۱۷۲ | مسجد ذی طوٰی | ۱۴۳ |
| ۱۷۳ | مسجد خیف | // |
| ۱۷۴ | جبل نور | // |
| ۱۷۵ | مسجد کبش | ۱۴۴ |
| ۱۷۶ | بلد الامین کے بعض مشہور محلے | // |
| ۱۷۷ | مکہ مکرمہ میں بت پرستی کا آغاز | ۱۴۵ |



Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۷۸ | مکہ مکرمہ کے مشہور بُت | ۱۴۵ |
| ۱۷۹ | مکہ مکرمہ کے مشہور قبائل | ۱۴۶ |
| ۱۸۰ | مکہ مکرمہ میں نازل ہونے والی سورتیں | // |
| ۱۸۱ | مکہ مکرمہ کے چند انقلاب آفرین واقعات | ۱۴۷ |
| ۱۸۲ | ولادت باسعادت | // |
| ۱۸۳ | تصویر، بابِ کعبہ پر غلافِ کعبہ | ۱۴۹ |
| ۱۸۴ | تصویر، | ۱۵۰ |
| ۱۸۵ | تصویر: | // |
| ۱۸۶ | تصویر، مکہ مکرمہ میں ایک خوبصورت چوک | ۱۵۱ |
| ۱۸۷ | تصویر: منیٰ میں جمرات کا ایک منظر | ۱۵۲ |
| ۱۸۸ | تصویر: ٹریفک کی سہولت کیلئے سڑک کا ایک پل | // |
| ۱۸۹ | شام کے محلات دکھائی دینے کی وجوہات | ۱۵۳ |
| ۱۹۰ | فتح مکہ | ۱۵۴ |
| ۱۹۱ | ام حبیبہ کا عشقِ رسول ﷺ | // |
| ۱۹۲ | ابوسفیان کی محرومی | ۱۵۵ |
| ۱۹۳ | روزہ توڑ دیا مگر قضائی یا کفارہ کا حکم نہیں دیا | // |
| ۱۹۴ | ابوسفیان دربارِ رسالت میں | ۱۵۷ |
| ۱۹۵ | ابوسفیان کی عزت افزائی | ۱۵۸ |
| ۱۹۶ | سعد بن عبادہ کا نعرہ | ۱۵۹ |
| ۱۹۷ | عجز وانکساری | ۱۶۰ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۱۹۸ | بُت شکنی کا مظاہرہ | ۱۶۱ |
| ۱۹۹ | کعبہ کے دروازے پر تاریخی خطبہ | ۱۶۲ |
| ۲۰۰ | نصیحت | ۱۶۳ |
| ۲۰۱ | ابومحذورہ کی تقرری | ۱۶۴ |
| ۲۰۲ | صحابہ کا جھرمٹ اور موتیوں کی برسات | ۱۶۵ |
| ۲۰۳ | تحمل و بردباری کا عجیب مظاہرہ | // |
| ۲۰۴ | نہ کہیں جہاں میں اماں ملی | ۱۶۷ |
| ۲۰۵ | عکرمہ بن ابی جہل کی حاضری | ۱۶۸ |
| ۲۰۶ | تصویر: جمرات کا منظر | ۱۶۹ |
| ۲۰۷ | تصویر: غلاف کعبہ کی بنائی کا ایک منظر | // |
| ۲۰۸ | تصویر: صفا و مروہ میں سعی کرنے کا منظر | ۱۷۰ |
| ۲۰۹ | تصویر: مکہ شریف سے منیٰ کے راستہ میں واقع ایک پل | ۱۷۱ |
| ۲۱۰ | تصویر: سعودیہ کا ایک ہوائی جہاز | // |
| ۲۱۱ | تصویر: مکہ مکرمہ میں ایک فوارے کا منظر | ۱۷۲ |
| ۲۱۲ | تصویر: مسجد حرام کی عمارت کا بیرونی منظر | // |
| ۲۱۳ | ہبار بن اسود سے حسن سلوک | ۱۷۳ |
| ۲۱۴ | وحشی بن حرب کی ندامت | ۱۷۴ |
| ۲۱۵ | کعب بن زہیر دربار رسالت میں | ۱۷۶ |
| ۲۱۶ | خوش قسمت بوڑھا | ۱۷۹ |
| ۲۱۷ | جذبہ رحم کی عجیب مثال | ۱۸۰ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۲۱۸ | صلح حدیبیہ | ۱۸۱ |
| ۲۱۹ | نبی کی خواب بھی وحی ہے | ۱۸۲ |
| ۲۲۰ | وحی کی سات قسمیں | ۱۸۳ |
| ۲۲۱ | پہلی قسم | // |
| ۲۲۲ | دوسری قسم | // |
| ۲۲۳ | تیسری قسم | // |
| ۲۲۴ | چوتھی قسم | ۱۸۴ |
| ۲۲۵ | پانچویں قسم | // |
| ۲۲۶ | چھٹی قسم | // |
| ۲۲۷ | ساتویں قسم | // |
| ۲۲۸ | سیدنا عثمان غنیؓ مکہ مکرمہ میں | ۱۸۵ |
| ۲۲۹ | بیعت رضوان | // |
| ۲۳۰ | نتائج | ۱۸۶ |
| ۲۳۱ | صلح کیلئے پیش رفت | ۱۸۷ |
| ۲۳۲ | ابو جندل کی آمد اور جذبات کا تلاطم | ۱۸۸ |
| ۲۳۳ | تصویر: حرم شریف کا صفا و مروہ کی جانب کا منظر | ۱۸۹ |
| ۲۳۴ | تصویر: باب کعبہ | // |
| ۲۳۵ | تصویر: میدان عرفات میں حجاج کی آمد | ۱۹۰ |
| ۲۳۶ | تصویر: ملتزم پر حجاج کرام | ۱۹۱ |
| ۲۳۷ | تصویر: حرم کعبہ اور اس کے تمام دروازوں کے میناروں کا منظر | ۱۹۲ |

Marfat.com

| صفحہ | عنوانات | نمبر شمار |
| --- | --- | --- |
| ۱۹۲ | تصویر: مکہ مکرمہ میں کاروں کا نیا اڈا | ۲۳۸ |
| ۱۹۳ | صلح کی شرائط | ۲۳۹ |
| ۱۹۴ | ایفاء عہد کی اہمیت | ۲۴۰ |
| ۱۹۷ | صلح حدیبیہ اور مسائل | ۲۴۱ |
| ۲۰۰ | مکہ مکرمہ کے چند مقدس مقامات | ۲۴۲ |
| " | ولادت گاہ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم | ۲۴۳ |
| ۲۰۱ | ام المؤمنین خدیجۃ الکبریٰ کا مکان | ۲۴۴ |
| ۲۰۲ | صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کا مکان | ۲۴۵ |
| ۲۰۳ | دار ارقم | ۲۴۶ |
| " | سیدنا علی المرتضےٰ رضی اللہ عنہ کا مکان | ۲۴۷ |
| ۲۰۴ | سیدنا ابو سفیان رضی اللہ عنہ کا مکان | ۲۴۸ |
| " | سیدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا کا مکان | ۲۴۹ |
| ۲۰۵ | مکہ مکرمہ کے چند مشہور پہاڑ | ۲۵۰ |
| " | جبل ابی قبیس | ۲۵۱ |
| ۲۰۷ | جبل حراء | ۲۵۲ |
| ۲۰۸ | غار حراء اور علامہ اقبال | ۲۵۳ |
| " | غار حراء اور عشاق | ۲۵۴ |
| ۲۰۹ | تصویر: پاکستان ہاؤس کی عمارت | ۲۵۵ |
| ۲۱۰ | تصویر: مسجد رایتہ | ۲۵۶ |
| " | تصویر: مسجد جن | ۲۵۷ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوان | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۲۵۸ | تصویر: الحرم کا نقشہ | ۲۱۱ |
| ۲۵۹ | تصویر: ۸ ذی الحجہ منیٰ کو روانگی | ۲۱۲ |
| ۲۶۰ | تصویر: منیٰ کا ایک روح پرور منظر | ″ |
| ۲۶۱ | جبل ثور | ۲۱۳ |
| ۲۶۲ | جبل ثبیر | ۲۱۴ |
| ۲۶۳ | غارِ المرسلات | ۲۱۵ |
| ۲۶۴ | جبل البکار | ۲۱۶ |
| ۲۶۵ | جبل عمر رضی اللہ عنہ | ″ |
| ۲۶۶ | جنت المعلیٰ | ۲۱۷ |
| ۲۶۷ | مناسکِ حج سے متعلقہ مقامات | ۲۱۹ |
| ۲۶۸ | باب بنی شیبہ | ″ |
| ۲۶۹ | التنعیم | ۲۲۰ |
| ۲۷۰ | الجعرانہ | ″ |
| ۲۷۱ | الجمار | ۲۲۱ |
| ۲۷۲ | الحجون | ″ |
| ۲۷۳ | الحدیبیہ | ۲۲۲ |
| ۲۷۴ | کوہ ثبیر | ″ |
| ۲۷۵ | ذوطویٰ | ″ |
| ۲۷۶ | طریق ضب | ۲۲۳ |
| ۲۷۷ | منیٰ | ″ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۲۷۸ | عرفات | ۲۲۴ |
| ۲۷۹ | خطبہ حجۃ الوداع | ۲۲۵ |
| ۲۸۰ | پہلا ارشاد | " |
| ۲۸۱ | دوسرا ارشاد | " |
| ۲۸۲ | تیسرا ارشاد | ۲۲۶ |
| ۲۸۳ | چوتھا ارشاد | " |
| ۲۸۴ | پانچواں ارشاد | " |
| ۲۸۵ | چھٹا ارشاد | ۲۲۷ |
| ۲۸۶ | ساتواں ارشاد | " |
| ۲۸۷ | آٹھواں ارشاد | ۲۲۸ |
| ۲۸۸ | نوواں ارشاد | " |
| ۲۸۹ | تصویر: مقام ابراہیم پر نفل ادا کیے جا رہے ہیں | ۲۲۹ |
| ۲۹۰ | تصویر: حجاج صفا مروہ کی سعی کرتے ہوئے۔ | ۲۳۰ |
| ۲۹۱ | تصویر: حرم کعبہ کا باب الفتح | ۲۳۱ |
| ۲۹۲ | تصویر: بلدیہ مکہ مکرمہ | " |
| ۲۹۳ | تصویر: شیطانوں کو کنکریاں ماری جا رہی ہیں | ۲۳۲ |
| ۲۹۴ | دسواں ارشاد | ۲۳۳ |
| ۲۹۵ | الوداعی خطاب کی جامعیت | " |
| ۲۹۶ | عرُنہ | ۲۳۴ |
| ۲۹۷ | المشعر الحرام | " |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
| --- | --- | --- |
| ۲۹۸ | گداء | ۲۳۵ |
| ۲۹۹ | المازمان | ″ |
| ۳۰۰ | محرّ | ۲۳۶ |
| ۳۰۱ | محصّب | ″ |
| ۳۰۲ | صفا و مروہ | ۲۳۷ |
| ۳۰۳ | مزدلفہ | ۲۳۸ |
| ۳۰۴ | مشعر حرام | ″ |
| ۳۰۵ | مطاف | ۲۳۹ |
| ۳۰۶ | مقام ابراہیم | ″ |
| ۳۰۷ | غلاف کعبہ کی تاریخی حیثیت | ۲۴۲ |
| ۳۰۸ | پاکستان اور غلافِ کعبہ | ۲۴۶ |
| ۳۰۹ | غلاف کعبہ اور جذبات عقیدت | ″ |
| ۳۱۰ | بحیرا راہب کی حق گوئی | ۲۴۸ |
| ۳۱۱ | تصویر: جدہ شریف کی عمارات | ۲۴۹ |
| ۳۱۲ | تصویر: جدہ ایئر پورٹ | ″ |
| ۳۱۳ | تصویر: سی پورٹ پر احرام باندھے حجاج کا ایک منظر | ۲۵۰ |
| ۳۱۴ | تصویر: پہاڑ کے دامن میں ایک شاہراہ | ″ |
| ۳۱۵ | تصویر: باب عبدالعزیز کے سامنے شاہراہ کا ایک منظر | ۲۵۱ |
| ۳۱۶ | تصویر: غلاف کعبہ بنانے والی ایک مشین | ″ |
| ۳۱۷ | تصویر: قطار میں کھڑی اومنی بسیں | ۲۵۲ |
| ۳۱۸ | سر ولیم کا غلط دعویٰ | ۲۵۳ |


Marfat.com

| نمبر شمار | عنوانات | صفحہ |
|---|---|---|
| ۳۱۹ | حلف الفضول | ۲۵۳ |
| ۳۲۰ | منصب تحکیم | ۲۵۴ |
| ۳۲۱ | سیدہ خدیجۃ الکبریٰ سے نکاح | ۲۵۶ |
| ۳۲۲ | نزولِ وحی | ۲۵۷ |
| ۳۲۳ | پہلی وحی اور اہمیت علم | ۲۵۹ |
| ۳۲۴ | ورقہ بن نوفل کی شہادت | ۲۶۲ |
| ۳۲۵ | سیدنا حمزہ کا قبول اسلام | ۲۶۴ |
| ۳۲۶ | معجزہ شق القمر | ۲۶۷ |
| ۳۲۷ | عمر بن الخطاب کا قبول اسلام | 〃 |
| ۳۲۸ | تصویر: بلدیہ مکہ مکرمہ کا ایک دفتر | ۲۶۹ |
| ۳۲۹ | تصویر: جبل ہندی پر چڑھنے کی سیڑھیاں | 〃 |
| ۳۳۰ | تصویر: منیٰ کو پیدل جانے والوں کا راستہ | ۲۷۰ |
| ۳۳۱ | تصویر: باب ابراہیم کے سامنے کا منظر | 〃 |
| ۳۳۲ | تصویر: مکہ شریف سے جدہ کو جاتے ہوئے صراحی والا چوک | ۲۷۱ |
| ۳۳۳ | تصویر: قربان گاہ | 〃 |
| ۳۳۴ | تصویر: پہاڑ سے سرنگوں والا راستہ | ۲۷۲ |
| ۳۳۵ | تصویر: بلدیہ کے خوبصورت سبزے والے گملے | 〃 |
| ۳۳۶ | دربار رسالت میں حاضری | ۲۷۳ |
| ۳۳۷ | شعب ابی طالب | ۲۷۴ |
| ۳۳۸ | معراج مقدس | ۲۷۵ |


Marfat.com

| صفحہ | عنوان | نمبر شمار |
|---|---|---|
| ۲۷۶ | ہجرت گاہ کو دیکھا | ۳۳۹ |
| ۲۷۷ | وادیٔ سینا اور بیت اللحم سے گزر | ۳۴۰ |
| 〃 | بدکرداروں پر نظر | ۳۴۱ |
| ۲۷۹ | حضور علیہ السلام کا اول و آخر ہونا | ۳۴۲ |
| ۲۸۰ | آل انبیاء کانفرنس | ۳۴۳ |
| 〃 | خطاب ابراہیمی علیہ السلام | ۳۴۴ |
| ۲۸۱ | کلمات موسوی علیہ السلام | ۳۴۵ |
| 〃 | کلمات داؤدی علیہ السلام | ۳۴۶ |
| ۲۸۲ | کلمات سلیمانی علیہ السلام | ۳۴۷ |
| 〃 | کلمات عیسوی علیہ السلام | ۳۴۸ |
| ۲۸۳ | صدارتی خطبہ | ۳۴۹ |
| 〃 | تصدیق ابراہیمی علیہ السلام | ۳۴۹ |
| ۲۸۴ | براق یا سیڑھی | ۳۵۰ |
| 〃 | ہجرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم | ۳۵۱ |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# شہبازِ طریقت

تحریر:۔ صاحبزادہ قاری عبدالعزیز فریدی

اصحابِ علم و عرفان کے نزدیک یہ امرِ واقعی ہے کہ ـــــ فقر و غنا مبنعِ جرأت ـــــ اور ـــــ ثروت شجاعت و حمیّت کے چھن جانے کا باعث ـــــ دنیا و دولت حیلہ گروں کی دہلیز سے ملتی ہے ـــــ جبکہ ـــــ فقر و غنا اس بے نیاز کے کوچۂ جود و عطا سے ـــــ دھن دولت کو قائم رکھنے کے لیے ـــــ عقلِ مشّاق ـــــ اور ـــــ قیامِ فقر کے لیے قلبِ سلیم کی حاجت ہوتی ہے۔

• جس طرح سیاہی، سفیدی میں ایکا نہیں ـــــ یونہی فقیر اور دنیاگیر کی راہیں یکساں نہیں ـــــ اس حقیقت کے اعتراف کے باوجود کائنات میں اس دھرتی کے سینے پر ایک ایسا چشمۂ رحمت بھی ہے ـــــ جہاں ـــــ فقیر ـــــ اور ـــــ امیر ـــــ ایک ساتھ ـــــ ـــــ شرفِ باریابی حاصل کرتے ہیں ـــــ بخدا یہی وہ در والا ہے

87049

ـــــ جہاں ـــــ دنیا آخرت کے لیے ـــــ اور ـــــ آخرت دنیا کے لیے ـــــ اس مربی

Marfat.com

کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ ذی عزوجاہ کے وارے ــــ جہاں ــــ محمود و ایاز ایک صف میں ــــ عقل و عشق ایک ساتھ جبہہ سائی کرتے ہیں ــــ شریعت اور طریقت کی پاسداری ہے ــــ اور ــــ دونوں آفتاب و ماہتاب کی طرح ایک دوسرے کے متبع ہیں ــــ دولت ہوتی ہے ــــ تو ــــ جرأت و شجاعت کے ساتھ راہ حق میں لٹانے کو ــــ فقر و مستی ہے ــــ لیکن عقل و احساس کے ہمراہ ــــ یہ سب کچھ حضور ختمی مرتبت صلی اللہ علیہ وسلم کی توجہ کریمہ ہے جس سے یہ ممکن ہو سکا۔

● آپ نے اپنے درِ والا سے وابستہ ہونے والے غلاموں ــــ خادموں ــــ شاہوں ــــ گداؤں ــــ کی تربیت اپنی خصوصی نظرِ عنایت سے ایسے انداز میں فرمائی کہ وہ ــــ فقر میں خودداری ــــ دولت داری میں بندہ نوازی ــــ کی اعلیٰ اوصاف سے متصف ہو گئے جو ــــ دشت جہالت میں علومِ ربانی کا گلِ لالہ ــــ تاریکی و ظلمتکدوں میں نورِ مصطفےٰ کی کرن ــــ صحراءِ بدی میں شرافت و نجابت کی نسیم صبح ــــ شورش زماں میں فخرِ دوراں ــــ دولت و ثروت میں فقر آرائی کا پیکر بے مثال ــــ شاہی میں فقیری کی اعلیٰ مثال ــــ مادی اسباب میں سیرت و کردار، اخلاق و محاسن کی دولت سے مالا مال ــــ

● فیضان نبوت سے فیضیاب ہونے والے انہی عظیم الصفات اور اجلۂ امت میں سے ــــ ایک ــــ حضرت مخدوم اہلسنت علامہ فخر العصر فاتح عیسائیت مولانا الحاج ابو النصر محمد منظور احمد شاہ صاحب دامت برکاتہم العالیہ بھی ہیں ــــ جو ــــ بیک وقت بلاشبہ ــــ عشق رسول کا

Marfat.com

قلزم ـــــ صاحب عمل نامور عالم دین ـــــ شب زندہ دار صوفی باصفا ـــ شریعت و طریقت کے پاسدار شیخ کامل ـــــ سوز و گداز کی مجسم تصویر ـــــ کامیاب مبلغِ اسلام ـــــ مسندِ تدریس کا حسن ـــــ بے پناہ صلاحیتوں کا مالک منتظم ـــــ صاحب طرز ادیب و مصنف ـــــ ہیں۔

● دورِ حاضر میں حضرت موصوف کا شمار ان اجلہ رجالِ امت میں ہے جن کی ـــــ زبان درفشاں ـــــ اور ـــــ خامہ عنبر فشاں سے گل لالہ کی ایسی بہاریں آراستہ ہوتی رہتی ہیں جو موجودہ مغربیت زدہ ـــــ ایٹمی ـــــ دور کی ظلمتوں میں ـــــ مینارہ نور ـــــ اور ـــــ نشان منزل ہیں۔

● آج جبکہ گیسوئے امت الجھا ہوا ہے اور اسے ـــــ شانۂ ہدایت ـــــ کی سخت ضرورت ہے ـــــ ایسے میں حضرت کا ـــــ زہد ـــــ اتقاء ـــــ زبان ـــــ بیان ـــــ ملت کیلئے سرمایہ اور بے پناہ ہدایت کا سرچشمہ ہے۔

● مصنّف علام کی زیر نظر کتاب بلدالامین مولدِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ـــــ دیار القرآن ـــــ مہبط جبرائیل ـــــ مکہ مکرمہ زادھا اللہ شرفاً و تعظیماً کی تاریخ پر مشتمل ہے۔

● حضرت نے اس کتاب لطیف ـــــ میں ـــــ سلف ـــــ خلف کی وقیع تصانیف کی روشنی میں اس شہر مبارک کی تاریخ کو جمع فرمایا ہے۔

● مکہ شریف کا آغاز ـــــ اور اینک کی تاریخ ناپیدا کنار سمندر ہے اس عرصہ میں ہزاروں تخت تاراج ہوئے ـــــ سلاطین کے تاج چھنے ـــــ کج کلاہوں کی شوکتوں کے سورج غروب ہوئے ـــــ لیکن ـــــ مکہ مکرمہ کا

Marfat.com

مہر نیم روز پوری تابانیوں سے چمک رہا ہے۔

- مصنف علام نے اس شہر مقدس کی تاریخ کے تمام نشیب و فراز کا جائزہ لیا ہے زبان و بیان کی سادگی میں حقائق کی پرکاری ـــــ شواہد و دلائل کی ضوباری اپنے پورے عروج پر ہے۔
- قبل ازیں حضرت اقدس کا خامہ حق رقم دار الہجرت مصطفیٰ اصلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ کی تاریخ شریف پر مقبول عام ـــــ درد و کیف میں ڈوبی ہوئی تصنیف مدینۃ الرسول قوم کو دے چکا ہے۔ بلد الامین میں وہی سوز و گداز ـــــ شبنمی انداز ـــــ محبت بھرا اسلوب نگارش جولانیوں میں ہے۔
- اس کتاب میں مصنف کریم کا گہرا مطالعہ ـــــ کتب تاریخ پر غائر نظر ـــــ انقلابات و حوادث اور مسرتوں کے بیان کے لیے من موہنا انداز موجود ہے۔
- حضرت اقدس نے مدینہ شریف کی تاریخ کو (مدینۃ الرسول) کی شکل میں مقدم فرمایا ہے ـــــ اور مکہ مکرمہ کی تاریخ "بلد الامین" کو موخر اس میں غالباً صاحب تصنیف کا وہ ذوق جھلکتا نظر آتا ہے جو وہ اکثر حج مبرور پر مدینہ منورہ کی حاضری کو مقدم فرماتے ہیں یہی جذبہ عقیدت یہاں بھی کارفرما ہے۔
- "بلد الامین" میں قرآن کریم کی آیات کریمہ ـــــ معتبر تفاسیر ـــــ صحاح ستہ ـــــ اور ان کی ـــــ مستند شروح ـــــ کتب سیر کا جم غفیر اس کتاب کے پیچھے موجزن ہے۔ صاحب مصنف مدظلہ، نے خود بھی کم از کم اٹھارہ کتابوں کا تذکرہ کیا ہے جو اس موضوع پر پہلے سے منصۂ شہود پر آچکی ہیں۔ خود حضرت والا نے ان کتابوں کے علاوہ بھی بہت سی کتابوں کو اپنی جامع تصنیف کے لیے مطالعہ فرمایا جن میں ـــــ تفسیر ابن کثیر ـــــ

Marfat.com

درِّ منشور ـــــ روح المعانی وغیرہ تفاسیر کے علاوہ دسویں صدی ہجری کے مجدد حضرت علامہ امام جلال الدین سیوطی ـــــ حضرت عبدالوہاب شعرانی ـــــ حضرت معجزۂ رسول ـــــ قبلۃ المحققین ـــــ امام عبدالحق محدث دہلوی ـــــ حضرت شیخ امام احمد رضا کی تصانیف شریفہ کو بھی اس موضوع کا ماخذ بنایا ہے، حدیث شریف کے تمام آئمہ کرام صاحب مشکوٰۃ سمیت سب سے آپ نے اکتساب فیض کیا غرضیکہ بلد الامین آپ کی جان کا ہی ـــــ جاں کادی کا نتیجہ ہے اس عرق ریزی سے مصنف علام کا مشن حضرت عشق کی کشتِ دائمی کی حفاظت مقصود ہے۔ آپ دیکھیں گے تو سطر سطر بلکہ لفظ لفظ میں عشق حبیب علیہ السلام اور حب الٰہی کا جام چھلکتا نظر آئے گا۔ حضرت کی پوری سوانح عشق مصطفیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام سے عبارت ہے۔ وہ ہر لفظ میں لذت عشق کو محسوس کرتے ـــــ جھومتے ـــــ دیار حرمین شریفین کے ذرّے ذرّے کو چومتے نظر آتے ہیں آپ ان کی زندگی کے شام وسحر کا مطالعہ فرمائیں گے تو ہر جگہ یہی میکدۂ محبت سجا ہوا نظر آئیگا۔ حضرت قبلہ شاہ صاحب کی تمام کتب جام و مینا ہیں اور قلب اقدس عشق و محبت سے معمور ہے اور ان کی زبان و قلم سراحی کی حیثیت رکھتے ہیں جس سے وہ ہمیشہ سے آتشِ رنگ انڈیلتے رہتے ہیں۔

- حضرت والا کا سوانحی خاکہ آپ "مدینۃ الرسول" کے ابتدائی صفحات میں فاضل نوجوان مولانا ابوالبرکات محمد اللہ دتہ صاحب فریدی کے قلم سے ملاحظہ کرچکے ہیں تاہم ذکر صالحین بارگاہ الوہیت اور جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں شرف باریابی کا سبب ہے لہذا آپ کے حالات واقعات میں کچھ پہلو جو تشنۂ تکمیل تھے ذکر کیے جاتے ہیں۔
- حضرت مصنف تقریباً ۱۹۵۲ء سے مسند تدریس پر فائز ہیں اور وہ اپنے

Marfat.com

مرشد کامل ـــــ فرید العصر ـــــ ترجمان عشق و محبت ـــــ

علامہ زماں ـــــ قطب الوقت حضرت میاں خواجہ علی محمد خاں چشتی نظامی نور اللہ

مرقدہ سجادہ نشین آستانہ عالیہ بسّی شریف ضلع ہوشیار پور مشرقی پنجاب انڈیا

مدفون پاکپتن شریف درگاہ حضرت شیخ بابا فرید الدین مسعود گنج شکر علیہ الرحمہ ) کی نگاہ

لطف یار اور اپنے استاذ محترم فقیہہ اعظم حضرت علامہ مفتی محمد نور اللہ نعیمی محدث

بصیر پوری رحمۃ اللہ علیہ اور غزالی زماں حضرت علامہ سیّد احمد سعید شاہ کاظمی

محدث امروہی رحمۃ اللہ علیہ کے علم فیض بار سے آراستہ ہو کر تشریف لائے تب

سے اب تک سلسلہ تدریس جاری و ساری ہے ۔ بلکہ معطئ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم

کے لطف و عنائت سے ان کا یہ سلسلہ اتنا توانا ہوا کہ آج ان کا خلوص ـــــ

محبت ـــــ جذب و کیف ـــــ سوز و گداز ـــــ عشق و مستی مجسم ہو کر

عالم اسلام کی عظیم دینی درسگاہ جامعہ فریدیہ ساہیوال کے پیکر میں ڈھل

چکا ہے ۔

- اگر کسی کے ہاں مدارجِ ولایت پر فائز ہونے کے لیے ولی کا صاحب کرامت ہونا ضروری ہے ۔ تو میرے نزدیک جامعہ فریدیہ حضرت شاہ صاحب قبلہ کی زندہ و جاوید کرامت ہے جو رہتی دنیا تک آپکی ولایت کی روشن دلیل ہے ۔ اسے اللہ تعالےٰ کا خصوصی فضل و کرم اور حضرت کی سوز بھری دعاؤں کا نتیجہ ہی کہا جا سکتا ہے ۔

- بحمد للہ وہ جامعہ فریدیہ جس کا آغاز ایک ٹوٹے ہوئے حجرے سے کیا گیا تھا اب ایک بین الاقوامی ـــــ معیاری یونیورسٹی کی طرف بڑی تیزی سے گامزن ہے ۔ جامعہ فریدیہ لبنات الاسلام ساہیوال ـــــ جامعہ عثمانیہ چک مراد خاں ـــــ جامعہ گنج شکر پیر بکھی ـــــ جامعہ انوار الفرید ہڑپہ اسٹیشن

Marfat.com

۔۔۔۔۔ مدرسہ انوار الفرید کمیر بھی اسی نیّرِ تاباں کی روشن کرنیں ہیں۔

• حضرت قبلہ شاہ صاحب مدظلہ نے اپنے ابتدائی ایام میں مناظرے کو بھی تبلیغ دین کا ذریعہ بنایا۔ آپ نے اسلام کے دشمنوں ۔۔۔۔۔ مقام مصطفےٰ کے منکروں سے مناظرے کا آغاز کیا۔ بعد میں یہ سلسلہ دین کے خارجی بدخواہوں۔ بہائیوں اور عیسائیوں تک جا پہنچا آپ کے مناظرے کی زیادہ شہرت عیسائیت کے خلاف جدوجہد کو ملی۔ اس لیے فاتح عیسائیت کے لقب سے مشہور ہوئے (فللہ الحمد)

• تبلیغ دین کے اس سلسلے کو آپ بڑی خاموشی سے جاری رکھے ہوئے ہیں اور یہ امر بیحد حوصلہ افزا ہے کہ ۱۹۸۴ء میں جب آپ کی تصنیف "مدینۃ الرسول" زیورِ طبع سے آراستہ ہو کر منظر عام پر آئی تو اس وقت تک تقریباً ساڑھے تین ہزار عیسائی آپکی تبلیغی مساعی سے اسلام قبول کر چکے تھے۔ بحمدہٖ تعالےٰ اب یہ تعداد پانچ ہزار سے متجاوز ہے۔ یہاں تک کہ پروفیسر پادری ہقیو لاحبیکل ۔۔۔۔۔ پرنس پادری کے ایل ناصر گوجرانوالہ کے قریبی رشتہ دار مسٹر ڈاکٹر فیروز الدین ایل۔ ایس۔ ایم۔ ایف نکن آبادی بھی آپ کے ہاتھ پر اسلام قبول کر چکے ہیں۔

• ۱۹۵۱ء کے آغاز ہی میں آپ نے اپنی علمی تدریسی تبلیغی مصروفیات کے باوصف سلسلہ تحریر شروع فرمایا اور وہ بحمدہٖ تعالےٰ جاری و ساری ہے۔ یوں تو حضرت گرامی کی تصانیف کی فہرست خاصی طویل ہے تاہم چند تصانیف جو شائع ہو کر عوام و خواص سے دادِ تحسین حاصل کر چکی ہے۔ ان میں علم القرآن۔ آئینہ حق۔ فیوضاتِ فریدی۔ حضور الحرمین۔ شہباز قدس۔ کلماتِ طیبات۔ شمشیر جوابیہ۔ بیر گردن وہابیہ۔ المقالۃ العلمیہ۔ نصر القرآ۔ منزلِ شوق۔ راہنمائے حج اور شہرہ آفاق کتاب ۔۔۔۔۔ "مدینۃ الرسول" جسے حکومت پاکستان نے سیرت ایوارڈ بھی دیا ہے۔ ہر قاری

Marfat.com

کو تصوراتِ مدینہ میں گم کر دینے والی لاجواب کتاب ہے اس کے علاوہ مختلف موضوعات پر دینی مذہبی اور اصلاحی رسائل کثیر تعداد میں جنہیں آپ نے رقم فرمایا جامعہ کا شعبہ نشر و اشاعت شائع کر کے مفت تقسیم کر چکا ہے۔ اہلسنت کا ترجمان بہترین مجلّہ "انوار الفرید ساہیوال" آپ کی سرپرستی میں دین و ملت کی خدمت کر رہا ہے۔

اولیاء چشت اہل بہشت کی تاریخ میں جتنے بھی اکابر اولیاء ہوئے ہیں وہ سب کے سب ظاہری علوم کے قلزم اور پیکر رہے ہیں کیونکہ اولیاء کرام صوفیائے عظام کے عقیدہ حقہ' وحدت الوجود پر غیر متزلزل ایمان رکھتے ہیں۔ اور اس عقیدے کی شناسائی ظاہر علوم کے بغیر ممکن ہی نہیں۔ چونکہ حضرت شاہ صاحب کا تعلق بھی اسی سلسلہ خیر سے ہے اس لیے آپ ظاہری و باطنی علم سے اس عقیدہ حقہ کی تبلیغ فرما رہے ہیں۔ اور دور حاضر کے مقتدر شیوخ حضرت العلام مفتی ضیاء الدین مدنی رحمتہ اللہ علیہ مدفون جنت البقیع مدینہ منورہ۔ حضرت العلام مولانا ابو الحسنات قادری حضرت العلام مولانا ابو البرکات سید احمد قادری۔ حضرت العلام مولانا عبد الحامد بدایونی۔ حضرت العلام مولانا ابو الفضل محمد سردار احمد رضوی محدث اعظم پاکستان حضرت العلام مولانا ابو الخیر محمد نور اللہ نعیمی، حضرت العلام مولانا سید احمد سعید شاہ کاظمی۔ حضرت العلام مفتی احمد یار خاں نعیمی۔ حضرت العلام شیخ الاسلام خواجہ قمر الدین سیالوی۔ حضرت میاں غلام اللہ ثانی شرقپوری۔ حضرت سید محمد اسماعیل شاہ صاحب آف کرمانوالہ۔ حضرت خواجہ خان محمد تونسوی رحمۃ اللہ علیہم اجمعین۔ کی دعاؤں ـــــ شفقتوں ـــــ قلبی وارداتوں کا مرکز و محور رہے ہیں۔ جبکہ اپنے ہم عصر علماء و اکابر حضرت صاحبزادہ سید فیض الحسن شاہ رحمۃ اللہ علیہ آلو مہار شریف حضرت مولانا شاہ عارف اللہ قادری۔ حضرت مولانا محمد بخش مسلم۔ حضرت مولانا عبد المصطفیٰ الازہری۔ حضرت مولانا مفتی تقدس علی خاں۔ حضرت مولانا حامد علی خان۔ حضرت خواجہ خان محمد

Marfat.com

تونسوی ۔حضرت مولانا مفتی محمد اعجاز ولی خاں ۔ حضرت مولانا عبدالغفور ہزاروی رحمۃ اللہ علیہم ۔شیخ القرآن حضرت مولانا غلام علی اوکاڑوی ۔حضرت مولانا عطا محمد بندیالوی ۔ مجاہد ملت حضرت مولانا عبدالستار خاں نیازی ۔ قائد اہلسنت حضرت علامہ مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی مدظلہم العالی میں بھی بڑی قدرومنزلت کی نگاہ سے دیکھے جارہے ہیں

؎ خدایا رہے سلامت تا ابد ہر مہر نیم روز

آپکے فیض علمی سے خوشہ چینی کرنے والوں کی فہرست خاصی طویل ہے ۔

جن میں چند مشاہیر کے نام قابل ذکر ہیں ۔

- حضرت مولانا اصغر علی صاحب مدرس جامعہ فریدیہ ساہیوال ۔
- حضرت علامہ شبیر احمد ہاشمی مرکزی جوائنٹ سیکرٹیری جمعیت علماء پاکستان ۔
- حضرت مولٰینا قاری عبدالجبار مدرس دارالعلوم اشرف المدارس اوکاڑہ
- مناظر اہلسنت حضرت علامہ مولانا حافظ نعمت علی چشتی خطیب لندن ۔
- حضرت مولانا ڈاکٹر محمد سعید احمد اسحاق فریدی خطیب مسجد مہاجرین ساہیوال ۔
- حضرت مولانا محمد ظفر اقبال فریدی مدرس جامعہ فریدیہ ساہیوال ۔
- حضرت مولانا صاحبزادہ سید فیض رسول شاہ قادری بخاری سجادہ نشین آستانہ عالیہ قادریہ ومہتمم جامعہ غوثیہ فریدیہ لڈن ضلع وہاڑی ۔
- حضرت مولانا جمیل احمد فاروقی کمالیہ
- حضرت مولانا سائیں نذیر حسین فریدی مہتمم مدرسہ چشتیہ فریدیہ گیمبر اوکاڑہ
- حضرت مولینا محمد زبیر شاہ صاحب الفریدی (امریکہ)
- حضرت مولانا سید محمد افضال شاہ صاحب گیلانی سجادہ نشین آستانہ عالیہ شیخوپورشریف
- حضرت مولینا محمد افضل وٹو صاحب (انگلینڈ)

Marfat.com

- حضرت مولٰینا قاری محمد یوسف صاحب رضا خطیب مسجد مانیوالی ساہیوال
- حضرت مولانا غلام نبی صاحب میلسی
- حضرت مولٰینا محمد حسین صاحب
- حضرت مولٰینا محمد رمضان صاحب نوری خطیب صدر ڈاکخانہ ساہیوال
- حضرت مولٰینا شوکت علی فریدی صاحب خطیب مسجد حضوری ساہیوال
- حضرت مولٰینا محمد نعیم امجد چشتی فریدی صاحب خطیب سمندری
- حضرت مولانا ابو البرکات محمد اللہ دتہ فریدی خطیب جہانیاں
- حضرت مولانا سید ظفر علی شاہ صاحب برکاتی ایلیمنٹری کالج ساہیوال
- حضرت مولٰینا پیر حضور بخش نوشاہی
- حضرت مولٰینا نسیم احمد نوشاہی ۔ مولانا حافظ محمد اللہ دتہ فریدی
- حضرت مولانا حافظ غلام کبریا فریدی صاحب مدرس جامعہ فریدیہ ساہیوال
- حضرت مولانا قاری علی محمد صاحب فریدی
- حضرت مولانا محمد اقبال صاحب فریدی نعت گو شاعر و خطیب لاہور
- حضرت مولانا عبد الرشید صاحب فریدی ساہیوال
- حضرت مولٰینا حافظ محمد رمضان صاحب (خوشنویس) و خطیب لاہور

ان کے علاوہ آپ کے قابل ترین تلامذہ کی فہرست طویل ہے جو احاطہ تحریر میں نہیں لائی جا سکی وہ بفضلہٖ تعالیٰ اندرون ملک اور بیرون ملک دین مصطفوی کی خدمات میں مصروف خدمت ہیں ۔ وللہ الحمد

آپکی صاحبزادیوں کے علاوہ چار صاحبزادے بھی ہیں ۔

حضرت صاحبزادہ پیر فیض الحسن شاہ صاحب

حضرت علامہ صاحبزادہ محمد مظہر فرید شاہ صاحب

Marfat.com

## حضرت صاحبزادہ مولانا اظہر فرید شاہ صاحب

## حضرت مولانا صاحبزادہ اظہر فرید شاہ صاحب

ان میں حضرت صاحبزادہ پیر مظہر فرید شاہ صاحب اس وقت ابتدائی عمر میں علم وفضل کے شاہسوار اور عالم اجل ہیں۔ اور نائب مہتمم کی حیثیت سے جامعہ فریدیہ میں مسند تدریس پر فائز ہیں۔

حضرت فخر المشائخ پیر شاہ چراغ علیہ الرحمہ کے صاحبزادے فاضل عظیم المرتبت شہباز طریقت حضرت العلام ابو النصر منظور احمد شاہ صاحب مدظلہ العالی کی پوری زندگی خدمت دین اظہار شوکت اسلام کے لیے وقف ہے۔ اور حب رسول کا مرکز سینہ اقدس ہے۔ گویا ان کا سینہ ہی بلد الامین ہے۔ آئیے ان کے اسی سینہ بے کینہ سے نکلے ہوئے لال وجواہر اور روضہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر زندگی کی مسلسل ۳۴ حاضریوں کے گل دلالہ کو بلد الامین کی شکل میں مطالعہ کریں اور مولد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں معلومات جمع کریں۔

اس کتاب کی ترتیب وتدوین تو حضرت مصنف موصوف ہی نے فرمائی مگر اس کی طباعت وتزئین اشاعت وکتابت کے سلسلہ میں مجھے فاضل جلیل حضرت علامہ مولانا شبیر احمد ہاشمی اور حضرت مولانا ابو البرکات محمد اللہ دتہ فریدی صاحب مدظلہما کی خصوصی معاونت وراہنمائی حاصل رہی۔ بندہ ناچیز جس قدر رب قدوس جل مجدہٗ کا شکر ادا کرے کم ہے۔ کہ اس کے خصوصی کرم سے عاجز حقیر پر تقصیر کو اپنے محسن ومربی، ولی کامل سراج العلماء محبوب الاصفیاء سیدی ومرشدی حضرت علامہ الحاج ابو النصر منظور احمد شاہ صاحب دامت برکاتہم العالیہ کی تصانیف کی اشاعت اور ان کے ادارہ جامعہ فریدیہ ساہیوال کی نشر واشاعت کی خدمت انجام دینے کا شرف حاصل ہوتا رہتا ہے اگرچہ یہ گنہگار علم وعمل کے اعتبار سے آپ کے شاگردان کی گرد راہ

Marfat.com

کے برابر بھی نہیں تاہم یہ آپ کا لطف وکرم ہے کہ نواز دیتے ہیں۔ خدا کرے یہ خدمات قبول ہو کر فقیر کی بخشش کا ذریعہ بن جائیں۔

یہ عرض کر دوں تو بے جا نہ ہوگا کہ مصنف علام کی مدینہ منورہ اور مکہ مکرمہ کی ۳۴ حاضریوں کا بلدالامین بہترین نچوڑ ہے اور عشاق کیلئے انمول تحفہ ہے۔ نیز دین سے وابستگی اور تاریخ سے گہری دلچسپی رکھنے والے قارئین کے لیے بہترین معلوماتی خزینہ ہے۔ آخر میں پھر ایک بار دعا ہے۔ رب کریم بفضلہ عمیم مجھے اور ربلدالامین کی اشاعت میں میری راہنمائی کرنے والے معاونین کو دنیا و آخرت کی بھلائی عطا فرمائے۔ اور شیخ کامل کی خصوصی دعائیں حاصل رہیں۔ وصلی اللہ علی حبیبہ محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین

محتاج دعا

سگ دربار شیخ

قاری عبدالعزیز فریدی

خادم جامعہ مسعودیہ اساس العلوم

۱۲۹/ ۱۵ ایل میاں چنوں

Marfat.com

# سببِ تالیف

مدینہ منورہ کے موضوع پر لکھی گئی میری کتاب "مدینۃ الرسول" کو ۱۲ ربیع الاوّل شریف ۱۴۰۶ھ مطابق ۲۶ نومبر ۱۹۸۵ء کو صدر پاکستان جنرل محمد ضیاء الحق نے بین الاقوامی سیرت ایوارڈ دیا۔ یہ کتاب پاکستان میں نمبر اوّل رہی۔ للہ الحمد۔ وہیں قومی اسمبلی ہال میں بے شمار احباب نے مبارک باد دی۔ مولانا ابن الحسنات خلیل احمد صاحب نے خصوصاً زور دیا کہ سلسلہ تالیف جاری رکھا جائے۔ استاد العلماء حضرت مولانا غلام رسول صاحب رضوی شیخ الحدیث جامعہ رضویہ فیصل آباد نے تحریری طور پر لکھا کہ مدینۃ الرسول کے بعد تاریخ مکہ مکرمہ پر نئی کتاب لکھی جائے ان کی تحریر درج ذیل ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

## شیخ الحدیث جامعہ رضویہ کا

# مکتوبِ گرامی

محترم مکرم شیخ الحدیث علامہ ابوالنصر صاحب دامت برکاتہم العالیہ

سلام مسنون۔ خیر و عافیت۔ مزاج شریف۔

آپ کی مبارک تالیف مدینۃ الرسول پڑھی اور بہت محظوظ ہوا۔ مولیٰ کریم ایسی روحانی دلچسپ کتابیں تحریر کرنے کی مزید توفیق فرمائے۔ میری رائے کے مطابق اگر اسی طرح مکہ مکرمہ کے مقدس حالات بھی قلم بند کر دیں اور بلد الامین کے نام سے موسوم کریں تو کیا اچھا ہو کہ ان کے قاری کو ایک نظر سے حرمین شریفین کی سیر ہو جائے۔ امید ہے اولیں فرصت میں اس طرف توجہ فرمائیں گے۔

والسلام

غلام رسول رضوی خادم الحدیث جامعہ رضویہ فیصل آباد

۱۶ ردسمبر ۱۹۸۵ء

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ وبارک وسلم

Marfat.com

# آغازِ کتاب

۱۹۸۶ء ستمبر میں سفرِ حج نصیب ہوا۔ غالباً یہ پہلا موقع ہے کہ مجھے جدہ سے سیدھے بیت اللہ شریف کی حاضری نصیب ہوئی ورنہ عموماً جدہ سے مدینہ منوّرہ جانے کی سعادت ملتی رہی۔ ادائیگی حج شریف کے بعد بلد الامین شروع کرنے کا فیصلہ کیا۔ اس مقدس کتاب کا آغاز حرم شریف میں ہوا۔ اس عنوان پہ لکھنے کے لیے مکہ مکرمہ کی مختلف لائبریریاں اور کتب خانے دیکھے۔ تاریخ مکہ کے جدید و قدیم ادوار کا مطالعہ کیا۔ جن اصحاب نے کتب خانے دکھائے۔ استفادہ کرنے میں تعاون کیا۔ دعاگو ہوں اللہ تعالےٰ انہیں جزائے خیر سے نوازے

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## بلد الامین کے عنوان پہ کتابیں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس مبارک شہر پہ مندرجہ ذیل کتابیں لکھی گئیں۔

| نام کتاب | مؤلف |
|---|---|
| اخبار مکہ | علامہ ارزقی ۲۴۵ھ |
| الجامع اللطیف | ابن ظہیر القرشی |
| کتاب الاعلام | علامہ قطب الدین ۹۸۸ھ |

Marfat.com

| نام کتاب | مؤلف |
| --- | --- |
| العقد الثمین | امام فاسی متوفی ۸۳۲ھ (۸ جلدیں) |
| خلاصۃ الکلام فی امراء بلد الحرام | سید احمد زینی دحلان |
| القرا لمقاصد ام القریٰ | محمد بن ابو بکر الطبری ۶۷۴ھ |
| عمارت المسجد الحرام | حسین عباسی باسلامہ |
| تاریخ الحرمین الشریفین | عباس کرارہ |
| مقام ابراہیم | محمد طاہر بن عبد القادر کُردی ۱۳۶۶ھ |
| الرحلۃ الحجازیہ | محمد السنوسی ۱۲۶۷ھ |
| الکعبۃ الکسویٰ | احمد عبد الغفور عفار ۱۳۹۷ھ |
| الکعبۃ المعظمۃ | حسین عبد اللہ باسلام |
| فی رحاب البیت الحرام | محمد بن عفون بن عباسی |
| العقد الثمین | احمد بن شیخ محمد الحضراوی |
| مقصود المومنین فی فضائل بلد الامین | محمد وسیم الدین حنفی |
| فلاح الکونین فی احوال الحرمین | شاہ عبد القادر قادری |
| سفرنامہ حرمین الشریفین | محمد محی الدین ۱۳۳۱ھ |
| تاریخ مکہ مکرمہ | عبد المعبود |
| بلد الامین | ابو النصر منظور احمد |

○

Marfat.com

# بلد الامین کے اسماء مقدسہ

الب۱لد : قرآن مقدس فرماتا ہے لا اقسم بھذا البلد مجھے اس شہر کی قسم و انت حل بھذا البلد کہ تو اس شہر میں رہتا ہے۔ سیدنا ابن عباس فرماتے ہیں البلد سے مراد مکہ مکرمہ ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس سے مراد مکہ مکرمہ ہی لیا ہے"۔

البلد۲ الامین : قرآن مقدس فرماتا ہے " وھذا البلد الامین " سیدنا ابن عباس جو سید المفسرین ہیں فرماتے ہیں اس سے مراد مکہ مکرمہ ہے۔ زید بن اسلم نے بھی یہی روایت کی ہے۔ (شفاء الغرام ص۲۹، ج ۱)

البلد۳ہ : قرآن مقدس فرماتا ہے۔ انما امرت ان اعبد رب ھذا البلدہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھے حکم دیا گیا کہ میں اس شہر کے رب کی عبادت کروں۔ ایک موقعہ پہ حضور نے فرمایا انیس البلدہ (مشکوٰۃ ص۲۳۳۔

بل۴دہ : اس نام کو قرآن مقدس نے اس طرح ذکر فرمایا بلدہ طیبۃ و رب غفور

مع۵اد : قرآن مقدس فرماتا ہے ان الذی فرض علیک القرآن لرادک الیٰ معاد۔ وہ ذات گرامی جس نے آپ پہ قرآن مقدس لازم فرمایا پھر تجھے اس کی طرف لوٹائے گی۔ ہجرت کے موقع پہ واپس مکہ مکرمہ آنے کی تسلی دی گئی ہے یا پھر فتح مکہ کی خبر دی گئی ہے۔ بہر حال یہاں معاد سے مراد مکہ مکرمہ ہے۔ ایک بزرگ نے مجھے فرمایا مکہ مکرمہ سے واپس ہوتے الوداع کرتے ہوئے یہ آیۃ کریمہ دہلیز کعبہ پہ انگلی سے لکھ دی جائے تو اللہ

Marfat.com

کے فضل وکرم سے امید ہے کہ دوبارہ حاضری نصیب ہوگی۔ سیّدنا عکرمہ نے معاد کی تفسیر مکہ سے ہی کی ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلّم

البَاسّہ[۶]: سیدنا مجاہد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں مکہ مکرمہ کو باسہ اس لیے کہا گیا جو اس میں الحاد کا مرتکب ہوتا ہے اسے بستی ہلاک کر دیتی ہے۔

النَاسّہ[۷] و بسّت الجبال بسًّا سے استدلال فرمایا ہے۔ اس کا معنیٰ بھی الباسہ والا ہے لانہا تنس الملحد ای تطردہ اس لیے ناسہ کہا جاتا ہے کہ ملحد کو تباہ کر دیتی ہے۔

الناسہ[۸]: اس کا معنیٰ بھی الباسہ اور الناسہ والا ہی ہے۔

الحاطمہ[۹]: صاحب اخبار مکہ علاّمہ ازرقی نے ابراہیم بن ابی یحییٰ اور صاحب المطالع نے ابن خلیل اور النووی نے الحاطمہ کا معنیٰ بھی الناسہ کا کیا ہے۔

صلاح[۱۰]: اس لیے کہا جاتا ہے کہ اس میں امن ہے۔ سکون ہے مصعب ابن زبیر نے اس نام کا استدلال ابوسفیان بن امیہ کے اس مصرعہ سے کیا ہے جو اس نے ابن حضرمی کو کہا ع ابا مطر ہلم الی صلاح

القادس[۱۱]: صاحب المطالع فرماتے ہیں یہ تقدس ہے لانہا تطہر الذنوب اسے القادس اس لیے کہا جاتا ہے کہ گناہوں سے پاک کرتا ہے۔

الرّاس[۱۲]: بمعنی سر ہے جیسے جسمِ انسانی میں سر کو حیثیت حاصل ہے ایسے پورے کرّہ ارضی پر مکہ مکرّمہ کو شرف حاصل ہے۔ امام سہیلی۔ صاحب المطالع اور نودی نے اسی طرح کیا ہے۔

المسجد الحرام[۱۳]: یہ بھی مکہ مکرمہ کا نام ہے جیسے کہ سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما کا قول نقل ہے الحرم کلہ مسجد حرم سارے کا سارا مسجد ہے۔ قرآنِ

Marfat.com

پاک نے فرمایا لا یقربوا المسجد الحرام کہ مشرک مسجد حرام کے قریب نہ ہوں یہاں مسجد حرام سے مراد پورا حرم مکہ ہے۔

المقدسہ[14]: اس کے معنی یہاں القادس ہی کے ہیں۔

ام رحم[15]: مجاہد نے ماوردی سے نقل کیا ہے چونکہ لوگ ایک دوسرے پر رحم کرتے ہیں اس لیے اُم رحم کہا گیا۔

اُم زحم[16]: یہاں حج کے موقعہ پر خصوصاً بھیڑ ہونے کے باعث ام زحم کہا گیا۔

کوثی[17]: منا کے پہاڑوں میں سے ایک پہاڑ کا نام ہے۔

العرش[18] - العریش[19] - الحرم[20] - رتاج[21] - ام صبح[22] - المعطشہ[23] -

البیت العتیق[24]: قرآن مقدس فرماتا ہے ثم محلھا الی بیت العتیق۔ پھر قربانیوں کے حلال ہونے کی جگہ بیت العتیق ہے۔ امام فخرالدین رازی علامہ نے تفسیر کبیر میں اس سے مراد مکہ لیا ہے۔

المکتال[25] - الناتبیہ[26] - ام روح[27] - ام الرحمٰن[28] - ام کوثی[29] - الوادی[30] - النمل[31] - العروض[32] - السیل[33] - ام راحم[34] - القرای[35] - والبنیہ[36] نحادال[37] - البساسہ[38] - قریہ النمل[39] - نقرة الغراب[40] - قریہ الحمس[41] سیوحہ[42] - والسلام[43] - العذراء[44] - نادرہ[45] - البخر[46] - بکہ[47] - مکہ[48] الحرمۃ[49] - الحرمۃ[50] - العرویش[51] - نادرہ[52] - بساق[53] - طیبہ[54] شفا الغرام[55] اسمار مکہ، العقد الثمین ص ۳۵۵ ج ۱ - تاریخ مکہ ص ۲۶ ج ۱ - جامع اللطیف ص ۹۸)

حمساء[55]: شیخ محقق محدث دہلوی نے اشعۃ اللمعات ۲۴۲ ج ۲ میں فرمایا۔ حمسا کہ نام کعبہ است "۔ حمسا کا نام کعبہ ہے۔

ام القریٰ[56]: قرآن مقدس نے فرمایا: لتنذر بہ ام القریٰ ومن حولھا: ہم نے تیری طرف قرآن اتارا تاکہ (ام القرا مکہ) اور گرد ونواح کے لوگوں کو ڈرائے۔

Marfat.com

بطن مکہ: ھوالذی کف ایدیھم عنکم و ایدیکم عنھم ببطن مکہ ۔

# مکہ مکرمہ کو حرم کہنے کی وجہ

حرم شریف کو حرم کہنے کی کئی وجوہات بیان کی گئی ہیں ۔

**پہلی روایت:** جب اللہ تعالیٰ جل مجدہ نے سیدنا آدم علیہ السلام کو زمین پر اتارا۔ تو آپ شیطان کے خوف سے پریشان ہو گئے اور اللہ تعالیٰ جل مجدہ کی پناہ مانگی تو اللہ تعالیٰ جل مجدہ نے اپنے بندے آدم علیہ السلام کی درخواست کو قبول فرمایا اور فرشتے بھیج دیے کہ چاروں طرف سے حفاظت کریں وہ خطہ جو ملائکہ کی حفاظت میں آیا وہ حرم کہلایا ۔

**دوسری روایت:** تعمیر کعبہ کے بعد جب سیدنا خلیل علیہ السلام نے حجر اسود نصب فرمایا تو اس پتھر مبارک کی چمک چاروں اطراف جہاں جہاں تک پھیلی اللہ تعالیٰ جل مجدہ نے اسے حرم قرار دیدیا ۔

**تیسری روایت:** جب اللہ تعالیٰ جل مجدہ نے آسمانوں اور زمینوں کو حکم فرمایا ائتیا طوعًا وکرھا تم بخوشی یا بہ جبر اطاعت کرو۔ پورے روئے زمین پر صرف اسی حصہ نے آسمان سے مل کر جواب دیا۔ اتینا طائعین ہم پانے والے ہیں ایسی نیازمندی، اطاعت کے سبب اللہ تعالیٰ نے حرم قرار دیدیا۔ (شفاء الغرام ج ۱ ص ۵۴)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ وسلم

Marfat.com

# فضائلِ مکۂ مکرمہ کعبہ معظمہ

مسندِ احمد بن حنبل میں سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہم سے روایت ہے :-

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم فتح مکہ ان ھذا البلد حرام حرمہ اللہ یوم خلق السموات والارض فھو حرام بحرمۃ اللہ الی یوم القیمۃ۔ (شفاء صہ ۶۷، ج ۱)

حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن ارشاد فرمایا زمین و آسمان کی تخلیق کے دن سے ہی یہ شہر حرمت والا ہے۔ قیامت تک اس کی حرمت باقی ہے۔ دوسری روایت میں ہے حضور سیّدِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس کا کانٹا نہ توڑا جائے۔ گھاس نہ کاٹی جائے، شکار نہ بھگایا جائے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمد وعلیٰ آلہٖ وسلم

**حضور علیہ السّلام کا محبوب خِطّہ:** عبداللہ بن عدی ابن الحمراء فرماتے ہیں انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو اس وقت فرماتے سنا جب آپ ہجرت کے لیے مکہ مکرمہ سے روانہ ہوئے واللہ انک لخیر ارض اللہ واحب ارض اللہ ولولا انی اخرجت منک ماخرجت۔ اے زمین مکہ اللہ کی قسم تو اللہ کی بہتر زمین ہے اور مجھے بہت محبوب ہے اگر مجھے نکالا نہ جاتا تو میں کبھی نہ نکلتا (شفاء صہ ۴۷، ج ۱، مشکوٰۃ صہ ۲۳۸ - ابن ماجہ ۲۲۴)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

Marfat.com

**حرمِ مکہ میں موت آسمان پر موت ہے:** سیدنا عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقعہ پر ارشاد فرمایا۔

من مات بمکۃ فانما مات فی السماء الدنیا (شفاء ج ۱ ص ۸۵)

جو شخص مکہ میں فوت ہوا گویا آسمانِ اول پر اسے موت آئی۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ وسلم

**حرمِ مکہ کی موت امن کی ضمانت ہے:** محمد بن قیس بن مخرمہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من مات بمکۃ او فی طریق مکۃ بعث من الامنین۔

(شفاء الغرام ج ۱ ص ۸۵، العقد الثمین ج ۱ ص ۴۵)

جسے سرزمین مکہ یا مکہ مکرمہ جاتے راستہ میں موت آئی وہ شخص قیامت کے دن امن والوں میں ہوگا۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وعلیٰ آلہ وصحبہ وسلم

**حرمین کی موت عذاب سے نجات ہے:** سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

من مات باحد الحرمین بعثہ اللہ تعالیٰ من الامنین یوم القیمۃ

جو شخص (ایمان کے ساتھ) مدینہ منورہ یا مکہ مکرمہ میں فوت ہوگیا۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ جل مجدہ اسے نجات یافتہ لوگوں سے اٹھائے گا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد والہ وصحبہ وسلم

---

Marfat.com

**مکہ کے باسی خدا کے پڑوسی ہیں:** حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ جل مجدہ سے عرض کی یا اللہ جنت البقیع (مدینہ منورہ کا قبرستان) میں مدفون لوگوں کو کیا اجر ملے گا۔ جواب دیا گیا جنت۔ پھر عرض کی یا اللہ جنت المعلےٰ (مکہ شریف کا قبرستان) کے مدفونین کو کیا ملے گا تو جواب دیا گیا محبوب تونے اپنے پڑوسیوں کے متعلق سوال کیا تجھے جواب دے دیا گیا میرے پڑوسیوں کے متعلق مجھ سے سوال نہ کر۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

**حرمِ کعبہ کی توہین ہلاکت ہے:** لا تزال ھذہ الامّۃ بخیر ماعظموا ھذہ الحرمۃ حق تعظیمہا فاذا ضیعوا ذالک ھلکوا۔ (ابن ماجہ، مشکوٰۃ شریف ص ۲۳۸) میری امت اس وقت تک خیر و برکت سے رہے گی جب تک حرم کعبہ کا احترام کرتی رہے گی۔ جب احترام کرنا چھوڑ دے گی تو برباد ہوگی۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہ وصحبہٖ وسلم

**مکہ مکرمہ:** اگرچہ برائے نام اہل شام اور پھر بغداد کے خلفاء عباسی کے زیر اثر رہا۔ ۱۲۶۹ء میں مصری سلاطین کے زیر اثر رہا۔ ۱۵۱۷ء میں اس پر ترکان عثمانی کا قبضہ ہوا جن کا دارالسلطنت قسطنطنیہ (استنبول) اس کے حکمران شریف تھے جو حضور علیہ السلام کی آل سے تھے۔ پہلی جنگ عظیم کے بعد ترکی سلطنت کے زوال کے بعد شریف مکہ اور ۱۹۲۵ء میں ابن سعود مکہ میں داخل ہوا اور اس کو مملکتِ سعودیہ کا حصہ قرار دیا۔ یہ شہر مقدس ۹۰۹ فٹ سطح سمندر سے بلندی پہ وادی ابراہیم میں

Marfat.com

واقع ہے۔ متعدد پہاڑوں میں گھرا ہوا شہر ہے۔ جبل ابو قبیس جس کی بلندی ۱۲۲۰ فٹ ہے جبل قیقعان جو ۱۴۰۰ فٹ اونچا ہے۔ جبل حرا شمال میں واقع ہے جس کی ۲۰۰۰ فٹ ہے اسی میں غارِ حرا ہے جنوب میں جبل ثور واقع ہے جو ۲۴۹۰ فٹ اونچا ہے اسی میں غارِ ثور واقع ہے اسی وجہ سے جبلِ ثور مشہور ہے۔ انسائیکلو پیڈیا برٹینکا سنہ ۱۹۷۹ء (موضوع مکہ)۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

**مکہ میں مسلح چلنا ممنوع ہے:** سیدنا جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے حضور علیہ السلام کو یہ فرماتے سنا ہے۔ لا یحل لاحد ان یحمل السلاح بمکۃ: کسی کو یہ بات زیب نہیں دیتی کہ ہتھیار لگائے مکہ مکرمہ میں چلے کہ مسلح ہونے سے ایک قسم کا جذبہ خودی پیدا ہوتا ہے اور سرزمین حرم میں عجز و انکساری ہی زیب دیتی ہے۔ وصلی اللہ علےٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم۔

**حرمِ مکہ کی قسم:** قرآنِ مقدس فرماتا ہے خلاقِ کائنات جل مجدہ نے اس شہر کی قسم اٹھائی ہے لا اقسم بھذا البلد وانت حل بھذا البلد مجھے شہر مکہ کی قسم ہے کہ محبوب تو اس میں رہتا ہے۔ وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ صحبہٖ وسلم

**مکہ کس قدر پیارا شہر ہے:** سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ سے مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا ما اطیبک من بلد واحبک الیّ (مشکوٰۃ شریف کتاب الشفاء) اے سرزمین مکہ تو کس قدر پیارا شہر ہے اور مجھے کس قدر محبوب ہے۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم۔

Marfat.com

## کعبۂ انور سب سے پہلا گھر ہے

پوری کائنات میں سب سے پہلا گھر ہونے کا شرف کعبۂ انور کو حاصل ہے تخلیق آدم علیہ السلام سے دو ہزار سال قبل فرشتوں نے اس کی تعمیر کی۔ قرآن مقدس ارشاد فرماتا ہے ان اول بیت وضع للناس للذی ببکۃ مبارکاً وھدی للعالمین اس آیہ کریمہ سے واضح ہو رہا ہے (۱) سب سے پہلا گھر کعبہ ہے (۲) کعبہ تمام انسانوں کا مرکز ہے (۳) کعبۂ انور برکت والا ہے (۴) کعبہ تمام جہان والوں کے لیے ہدایت ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمد و اٰلہٖ وصحبہ وسلم

## کعبہ شریف امن کی جگہ ہے:

قرآن مقدس ارشاد فرماتا ہے۔ واذ جعلنا البیت مثابۃ للناس و امنا ہم نے بیت اللہ شریف کو لوگوں کے لیے مرجع عبادت اور امن کی جگہ بنایا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمد و اٰلہٖ وصحبہ وسلم

## کعبۂ شریف سے بقاء عالم ہے

اس کائنات کے قیام وجود کا باعث کعبہ شریف ہے۔ قرآن مقدس ارشاد فرماتا ہے جعل اللہ الکعبۃ البیت الحرام قیاماً للناس اللہ تعالیٰ نے کعبہ شریف کو جو احترام کا مقام ہے لوگوں کے قائم رہنے کا سبب قرار دیا ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمد و اٰلہٖ وصحبہ وسلم

## کعبۂ اطہر میں آیات بیّنٰت:

یوں تو ساری کائنات کے اندر ہی نشانات

Marfat.com

قدرت پائے جاتے ہیں اور ہر شے اس کی ذات با برکات پر دلالت کرتی ہے۔ و فی کل شی لہ ایہ تدل علی انہ واحد ۔ ہر شے میں نشانات ہیں۔ جو اس کی وحدانیت پر دلالت کرتے ہیں مگر بیت اللہ شریف کے اندر نشانات کا ہونا مخصوص ہے۔ قرآن مقدس فرماتا ہے۔ فیہ ایات بینٰت مقام ابراھیم (پ۴) اس میں کھلی ہوئی نشانیاں موجود ہیں۔ جن میں سے ایک مقام ابراہیم کا وجود بھی ہے۔ مقام ابراہیم وہ مقدس پتھر ہے جس پر جناب ابراہیم علیہ السلام کے مبارک قدموں کے نشانات ہیں۔ اس کی اہمیت دوسری آیہ مبارکہ سے بھی ثابت ہے واتخذوا من مقام ابراھیم مصلّٰی ۔ طواف کے بعد مقام ابراہیم کے قریب نماز پڑھو۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و الہ وصحبہ وسلم

## روزانہ ۱۲۰ رحمتوں کا نزول

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ ان اللہ تعالیٰ فی کل یوم ولیلۃ عشرین مائۃ رحمۃ ۔ تنزل علیٰ ھذا البیت ستون للطائفین و اربعون للمصلین وعشرون للناظرین (شفاء ص۱۶۷ ج ۱) رب قدوس جل مجدہ کی طرف سے بیت اللہ شریف پر روزانہ ۱۲۰ رحمتوں کا نزول ہوتا ہے ساٹھ طواف کرنیوالوں کے لیے چالیس نماز پڑھنے والوں پر اور بیس کعبہ شریف کو دیکھنے والوں پر۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و الہ وصحبہ وسلم

## تعمیر کعبہ پانچ پہاڑوں سے ہوئی

سیدنا قتادہ رضی اللہ عنہ سے ہے کہ سیدنا خلیل علیہ السلام نے تعمیر کعبہ کے وقت پانچ پہاڑوں سے پتھر جمع کیے اور تعمیر فرمائی ۔ طور زیتا ۔ طور سینا ۔ الجودی ۔ لبنان ۔ حرا ۔

Marfat.com

ایک روایت میں جبل ابی قبیس۔ جبل ورقان۔ جبل احد کا ذکر بھی ہے۔ (اخبار مکہ ص ۳۷، ج ۱۔ شفاء الغرام ص ۹۳، ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## مومن کی عظمت کعبہ سے بڑی ہے

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے ایک موقعہ پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کعبہ شریف کو دیکھا اور فرمایا۔ لا الہ الا ما اطیبک و اعظم حرمتک والمومن اعظم حرمۃ منک۔ (الشفاء ص ۱۶۷، ج ۱) اے کعبہ تیری مہک کس قدر ہے تیری عظمت کس قدر ہے اور مومن کی عظمت بہت بڑی ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ صحبہ وسلم

## کعبہ میں داخلہ گناہوں کی پاکیزگی ہے


سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ من دخل البیت فصلی فیہ دخل فی الحسنات وخرج من السیئات شفاء ص ۸۸ ج ۱) جو بیت اللہ شریف کے اندر داخل ہوا وہ نیکیوں میں داخل ہوا اور گناہوں سے نکل گیا۔ سیدنا حسن بصری فرماتے ہیں وہ خدا کی رحمتوں میں داخل ہوا وہ خدا کی امان میں داخل ہوا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## کعبہ آدم علیہ السلام سے ۲ ہزار برس قبل

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ سیدنا آدم علیہ السلام حج کیلئے

Marfat.com




خانہ کعبہ کے سامنے سجدہ کی حالت میں

Marfat.com



حجرِ اسود

Marfat.com




بدر کی بستی

چار دیواری میں شہدأ بدرؓ مدفون ہیں



Marfat.com



جبلِ رحمت پر حجاج کرام کا اجتماع

Marfat.com

آئے تو فرشتوں نے آپ کا شاندار استقبال کیا اور عرض کی اے آدم ہم دو ہزار سال سے اس گھر کا طواف کر رہے ہیں۔ سیدنا آدم علیہ السلام نے پوچھا طواف میں کونسی دعا پڑھتے ہو تو فرشتوں نے عرض کی۔ سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر چنانچہ آپ نے بھی یہی دعا پڑھی اخبار مکہ ص ۴۵، تاریخ مکہ ص ۱۷، ج ا۔ شفا ء ص ۱۸۲ ج ا۔ کتاب الاعلام ص ۳۲)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## زیارت کعبہ سے گناہ جھڑتے ہیں

ایمان وایقان کی نگاہ کے ساتھ بیت اللہ شریف کی زیارت کرنے سے گناہ اس طرح جھڑ جاتے ہیں جیسے موسم خزاں میں درختوں کے پتے گر جاتے ہیں۔

کعبہ شریف کی زیارت سے ایک سال کی عبادت کا ثواب ملتا ہے۔

کعبہ شریف کی زیارت گناہوں سے ایسے پاک کر دیتی ہے جیسے آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا۔

کعبہ شریف کی زیارت قیامت میں امن کی ضمانت ہے۔

خدا اور مصطفیٰ کی خوشنودی کے لیے کعبہ شریف کی زیارت سے حج اور عمرہ کا ثواب ملتا ہے۔

(القریٰ ص ۳۰۵۔ جامع اللطیف ص ۵۰۔ تاریخ مکہ ص ۱۴ ج ا)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## کعبہ کی زیارت روزی میں برکت

صاحب اخبار مکہ علامہ ازرقی نے نقل فرمایا ہے۔ سیدنا آدم علیہ السلام نے

Marfat.com

ملتزم شریف کے پاس کھڑے ہو کر دعا فرمائی جس میں اپنی کمزوری عجز اور ایمان کے بارہ میں عرض کیا۔ اس پہ اللہ تعالیٰ جل مجدہ نے وحی فرمائی۔ آدم تو نے ایسی دعا کی ہے جسے مسترد کرنا میری رحمت سے بعید ہے۔ میں تیری اولاد کی یہی دعا قبول کروں گا دعا کرنے والے کے مال میں برکت دوں گا اس کی روزی میں وسعت بخشوں گا اس کے دل کو فقر سے پاک کروں گا اُسے غنی کروں گا۔ دعا یہ ہے اللّٰھم انک تعلم سِرّی وعلانیتی فاقبل معذرتی و تعلم ما فی نفسی وما عندی فاغفر لی ذنوبی و تعلم حاجتی فاعطنی سؤلی اللھم انی اسئلک ایمانا یباشر قلبی و یقینا صادقاً حتی اعلم انہ لا یصیبنی الا ما کتبت لی والرضا بما قضیت علیّ۔ (تاریخ مکہ ص۱۶)

وَصلی اللہ و تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد والہ وصحبہ وسلم

## جنّت کا خیمہ

وہب بن منبہ فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے جب آدم علیہ السلام کی توبہ قبول فرمائی تو مکہ مکرمہ کی جانب چلنے کا حکم دیا۔ آپ جہاں قدم رکھتے سبزہ پیدا ہو جاتا۔ زمین پر پہنچ کر آدم علیہ السلام زار و قطار روتے تھے۔ فرشتے شریک غم بنے۔ اللہ تعالیٰ نے سکون آدم علیہ السلام کے لیے جنت سے خیمہ بھیجا جسے عین کعبہ کی جگہ پر نصب کیا گیا جو آدم علیہ السلام کے سکون کا سبب بنا۔ (اخبار مکہ ازرقی ص۳۶ ج ۱)

## کعبہ شریف کے تعمیری و اصلاحی مراحل

پہلا مرحلہ: سیّدنا آدم علیہ السلام کی تخلیق سے ۲ ہزار سال پہلے فرشتوں نے تعمیر کیا۔

Marfat.com

## سب سے پہلے طواف فرشتوں نے کیا

صاحب اخبار مکہ علامہ ازرقی فرماتے ہیں۔ سیدنا زین العابدین رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا طواف بیت اللہ شریف کا آغاز کیسے ہوا تو آپ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے تخلیق آدم علیہ السلام کا ارادہ فرمایا اور فرشتوں سے اس کا ذکر کیا تو فرشتوں نے کہا یا اللہ ہم زیادہ حق دار ہیں۔ بارگاہ قدس سے جواب ملا انی اعلم مالا تعلمون۔ میں وہ کچھ جانتا ہوں جس کا تمہیں علم نہیں ملائکہ نے محسوس کیا کہ اللہ تعالیٰ ناراض ہو گیا ہے تین ساعات تک عرش کا طواف کیا اور عجز و انکساری میں مصروف رہے پھر ان پر نظر رحمت فرمائی اور انہیں بیت المعمور کے طواف کا حکم دیا پھر فرشتوں سے فرمایا

گھر بناؤ جس طرح فرشتے بیت معمور کا طواف کرتے ہیں اسی طرح زمین پر میرے بندے بھی اس گھر کا طواف کریں۔ (تاریخ مکہ ص ۲۸ شفاء الغرام ص ۹۱، ج ۱)

دوسرا مرحلہ: حضور سیدنا آدم علیہ السلام نے تعمیر فرمائی۔ شفاء ص ۹۱ ج ۱)

تیسرا مرحلہ: سیدنا شیث علیہ السلام نے تعمیر فرمائی۔ (شفاء)

چوتھا مرحلہ: سیدنا ابراہیم و اسمٰعیل علیہ السلام نے تعمیر فرمائی (شفاء)

پانچواں مرحلہ: قوم عمالقہ نے تعمیر فرمائی

چھٹا مرحلہ: قبیلہ جرہم نے حصہ لیا

ساتواں مرحلہ: قصی بن کلاب نے تعمیر کی

آٹھواں مرحلہ: قریش مکہ نے مشترکہ طور پر تعمیر کی۔ ولید بن مغیرہ کو ناظم تعمیرات مقرر کیا۔ حلال مال خرچ کرنے کا اہتمام کیا گیا۔

نواں مرحلہ: سیدنا ابن زبیر نے تعمیر کی ہے یہ ۶۴ھ کا واقعہ ہے جب یزیدی

Marfat.com

فوج نے کعبہ شریف پر حملہ کیا آگ برسائی جس سے کعبۃ اللہ کا غلاف جل گیا۔ دیواروں کو نقصان پہنچا۔ سیدنا عبداللہ بن زبیر نے کعبہ شریف کو شہید کر کے از سرِ نو تعمیر کیا۔ حطیم کا حصہ بیت اللہ شریف میں شامل کیا۔ دوسرا دروازہ پہلے کے مقابلہ میں سیدھا بنایا تاکہ لوگوں کو آمد و رفت میں سہولت رہے۔ یہ تعمیر جمادی الثانی ۶۴ھ میں شروع ہوئی۔ رجب ۶۴ھ یا ۶۵ھ میں مکمل ہوئی۔ اس تکمیل کی خوشی میں سیدنا عبداللہ بن زبیر نے بڑے پیمانے پر ضیافت کی اور ایک سو اونٹ ذبح کیا گیا۔

**دسواں مرحلہ** حجاج بن یوسف کے ہاتھوں تعمیر ہوئی۔

**گیارھواں مرحلہ:** عبداللہ بن زبیر کی شہادت کے بعد عبدالملک بن مروان کے حکم سے حجاج نے پھر کعبہ شریف کو پہلی حالت میں کر دیا۔ سیدنا امام مالک رضی اللہ عنہ کے زمانہ میں ہارون الرشید نے چاہا کہ بیت اللہ شریف کو پھر ایک مرتبہ عبداللہ بن زبیر والی طرز پر تعمیر کر دیا جائے مگر امام مالک نے شدت سے منع فرمایا کہ آنے والے حکمران اپنی شہرت کے لیے توڑ پھوڑ کرتے رہیں گے جو عظمتِ کعبہ کے منافی ہے۔

**بارھواں مرحلہ:** ۸۱۴ھ میں بعض مقامات سے چھت خراب ہو گئی۔ پانی ٹپکنے لگا لکڑیاں بوسیدہ ہو گئیں تو اس صورت حال کی اصلاح کی گئی۔

**تیرہواں مرحلہ:** ۸۲۶ھ میں امیر سودون المحمد نے چھت کو بدلا اور چاروں طرف چونے کی تہ جما دی۔

**چودہواں مرحلہ:** ۸۴۳ھ میں پیش آیا جب ملک اشرف برسبائی کے حکم سے اسی امیر المحمدی نے چھت کو چونہ گچ کیا۔ چھت کے سنگ مرمر کی مرمت

Marfat.com

کی چاروں روشندان نکال دیے۔

**پندرہواں مرحلہ:** سنہ ۸۴۰ھ میں کعبہ انور کی غربی دیوار میں مرمت لگائی گئی۔

**سولہواں مرحلہ:** سنہ ۹۳۱ھ میں والی مصر ابراہیم پاشا کے حکم امیر جدہ کی نگرانی میں چھت بدلی گئی یا لکڑی کے پھٹوں کو لوہے کی پتریوں سے مضبوط کیا گیا۔

**سترھواں مرحلہ:** سنہ ۹۵۹ھ میں پھر ایک مرتبہ مرمت کی ضرورت محسوس ہوئی تو سلطان سلیمان خاں نے یہ کام سرانجام دیا۔

**اٹھارھواں مرحلہ:** سنہ ۱۰۲۰ھ میں سلطان احمد خاں نے کعبہ شریف کے چاروں طرف طوق بنوایا کہ دیواریں مضبوط رہیں۔

**انیسواں مرحلہ:** سنہ ۱۰۴۵ھ میں امیر مکہ کے مطالبہ پر خلیفہ کی طرف سے ایک معمار مرمت کے لیے بھیجا گیا اور چھت پر سنگِ مرمر لگایا۔

**بیسواں مرحلہ:** سنہ ۱۰۴۳ھ میں چھت کی ایک لکڑی ٹوٹ گئی تو سلیماں بک گورنر جدہ نے اپنی نگرانی میں یہ کام کرایا بوسیدہ چھت بدل دی گئی۔

**اکیسواں مرحلہ:** سنہ ۱۰۹۹ھ میں رضوان معمار نے جدہ سے لکڑی کے بڑے بڑے تختے منگوائے اور فریم بنا کر کعبہ شریف کی منڈیر کے ساتھ نصب کرائے کہ غلافِ کعبہ باندھنے میں مضبوطی رہے۔

**بائیسواں مرحلہ:** سنہ ۱۱۰۶ھ سے سنہ ۱۱۰۹ھ تک چھت کی لکڑیاں بدل دی گئیں سیڑھی بنائی گئی یہ سیڑھی ساگوان کی لکڑی اور سنگ مرمر کی سلوں سے تیار ہوئی۔

**تیئسواں مرحلہ:** سنہ ۱۱۹۵ھ میں چھت پر نیا سنگ مرمر لگوایا گیا بعض دروازوں کی میں مرمت کی گئی۔

**چوبیسواں مرحلہ:** سنہ ۱۳۱۶ھ میں بعض مقامات سے چھت خراب ہوجانے پر

Marfat.com

مرمت کی گئی، چونا، سیمنٹ اور انڈوں کی سفیدی سے پلستر تیار کر کے مرمتیں لگا دی گئیں۔

**پچیسواں مرحلہ:** ۱۳۷۷ھ میں سعودی حکمران سعود بن عبدالعزیز نے چھتیں تبدیل کروائیں۔ نور کمیٹی کی نگرانی میں یہ کام مکمل ہوا تکمیل کے بعد شاہ فیصل نے معائنہ کیا سرخ اینٹوں کا فرش لگوایا۔

**نوٹ:** اس عنوان پر مزید معلومات کے لیے (شفاء الغرام ص۹۱ ج ۱، العقد الثمین ص۲۷ ج ۱، کتاب الاعلام ص۴۹ تا ۵۶۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ و صحبہ وسلم

## طوافِ کعبہ

بیت اللہ شریف کا طواف بہترین عبادت ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے کعبہ شریف کے سات چکر لگائے۔ آنکھ کی حفاظت کی، بات کم کی، ذکر اللہ میں مصروف رہا۔ حجر اسود کو بوسہ دیا اور کسی کو تنگ نہ کیا۔ اللہ تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں ہر قدم پر ستر ہزار نیکی لکھ دیتا ہے وہ شخص قیامت کے دن ستر ہزار کی سفارش کر سکے گا (اگرچہ اس حدیث شریف کو بعض حضرات نے ضعیف کہا مگر فضائل میں معتبر ہے۔) شفاء الغرام ص۲۶، ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## طواف محبوب ترین عمل ہے

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کان احب الاعمال الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا قدم مکہ الطواف بالبیت۔ حضور صلی اللہ علیہ

Marfat.com

وسلم جب بھی مکہ مکرمہ تشریف لاتے آپ کا محبوب ترین عمل بیت اللہ شریف کا طواف تھا نیز سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ہے حضور علیہ السلام نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے حضور سب سے زیادہ معزز وہ ہے جو بیت اللہ شریف کا طواف کرتا ہے۔ (شفاء ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد واٰلہ وصحبہ وسلم

## پہلا انسان اور پہلا گھر

حضرت عبداللہ بن عمر بن عاص سے روایت ہے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ جل مجدہ نے سیدنا جبرئیل علیہ السلام کو آدم علیہ السلام کی طرف بھیجا اور حکم دیا کہ میرے لیے گھر تیار کرو۔ جبرئیل علیہ السلام نے خط کھینچ کر حدود قائم کیں۔ آدم علیہ السلام مٹی کھودتے تھے حضرت حوا مٹی اٹھاتی تھیں پھر آواز دی گئی آدم بس کرو کافی ہے تو پہلا انسان ہے یہ پہلا گھر ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد واٰلہ وصحبہ وسلم

## دورِ جاہلیت میں بھی کعبہ محترم رہا

اگرچہ دورِ جاہلیت میں بے شمار ناپسندیدہ اعمال تھے مگر بیت اللہ شریف کے بارے میں پھر بھی عمدہ جذبات رکھتے تھے۔ قریش کہا کرتے تھے اکرموا زوّار بیتہ یا توکم لوگو خدا کے زائرین کا احترام کیا کرو وہ دور دراز سے سفر کر کے تمہارے ہاں پہنچتے ہیں۔ (اخبار مکہ)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد واٰلہ وصحبہ وسلم

## جبریل علیہ السلام اور زیارت کعبہ شریف

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایک دن جبریل علیہ السلام دربار

Marfat.com

رسالت میں حاضر ہوئے ان پر سُرخ رنگ کی پٹی تھی۔ گرد و غبار پڑا ہوا تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے جبریل یہ گرد و غبار کیسا ہے۔ عرض کی حضور زیارت کعبہ شریف کے لیے حاضری دی تھی۔ فرشتوں کی بے پناہ بھیڑ کی وجہ سے ان کے پروں سے رکھا ہوا گرد و غبار جم گیا ہے۔ (اخبار مکہ صـ۳۵ ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## ملائکہ بھی احرام باندھتے ہیں

جیسے مؤمن پر لازم ہے کہ وہ جس سمت سے بھی حرم مکہ میں داخل ہو۔ احرام باندھے داخل ہو یہ کعبہ شریف کی عظمت ہے۔ کوئی آفاقی بغیر اس ضابطہ احرام کے داخل نہیں ہو سکتا۔ سیدنا عثمان بن یسار فرماتے ہیں اگر اللہ تعالیٰ کسی فرشتے کو زمین پر بھیجتا ہے تو وہ احرام باندھے تلبیہ کرتا ہوا حاضر ہوتا ہے۔ (اخبار مکہ ازراقی صـ۳۵ ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## کشتی نوح علیہ السلام نے طواف کیا

سیدنا عکرمہ ابن عباس سے نقل کرتے ہیں نوح علیہ السلام کی کشتی میں ۸۰ آدمی سوار تھے اور وہ ایک سو پچاس دن تک کشتی میں سوار رہے۔ اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ نے کشتی کو مکہ مکرمہ کی طرف متوجہ کر دیا اور پھر چالیس دن تک بیت اللہ شریف کے گرد گھومتی رہی پھر جودی پہاڑ کی طرف متوجہ کر دی۔ (اخبار مکہ صـ۵۲ ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

**حجر اسود**: کعبہ شریف کے ایک کونہ میں حجر اسود شریف نصب ہے۔ اسی کونے

Marfat.com

سے ہی طواف شروع ہوتا ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے چوما ہے فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا۔ اے حجر اسود میں جانتا ہوں تو پتھر ہے نفع و نقصان کا مالک نہیں اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے چومتے نہ دیکھا ہوتا تو تجھے کبھی نہ چومتا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حجر اسود جنت سے اتارا گیا۔ دودھ سے زیادہ سفید تھا۔ انسانوں کے گناہوں نے اسے سیاہ کر دیا۔ یہ آدم علیہ السلام کے ساتھ ہی اتارا گیا آدم علیہ السلام حجر اسود سے مانوس تھے۔ (شفاء ص ۱۹۱ ج ۱، العقد الثمین ص ۶۷)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## حجر اسود دست قدرت ہے

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حجر اسود اللہ تعالیٰ جل مجدہ کا دست قدرت ہے جس کے ساتھ اپنی مخلوق سے مصافحہ فرمایا ہے۔ مسلمان اس کے پاس جو بھی سوال کرتا ہے اللہ تعالیٰ نواز دیتا ہے۔ (شفاء ص ۱۹۳)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## حجر اسود کی کعبہ سے علیحدگی

حرم کعبہ میں قرامطہ کی خونریز تباہی میں یہ واقعہ بھی پیش آیا۔ ابوطاہر قرامطی نے ابو حلاج سے کہا کہ وہ حجر اسود کو دیوار کعبہ سے نکال دے چنانچہ اس نے ۳۱۷ھ ۱۴ ذی الحجہ کو پتھر نکالا اور مقام ہجر لے گیا۔ ۲۲ سال تک یہ مبارک پتھر وہاں رہا فاطمی خلیفہ منصور بن قاسم نے اسے لکھا کہ پتھر واپس کر دے مگر وہ نہ مانا پھر ۵۰ ہزار کی رقم کی پیشکش کی مگر نہ مانا ابوطاہر بیمار ہوا جسم خراب ہوگیا۔ کیڑے پڑ گئے۔ اس کی موت پر یہ گروہ ناکام ہوگیا تو ۳۳۹ھ میں حسین کرامطی اس پتھر کو واپس لایا اور امیر مکہ

Marfat.com

ابو جعفر کو پیش کیا۔ حسن بن مرزدق نے اس پتھر کو اس کی جگہ پر لگا دیا۔ (علم الاعلام مطبوعہ مصر ص۱۰۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## حجرِ اسود کی خصوصیتیں

● پانی میں ڈالا جائے تو ڈوبے گا نہیں ● آگ میں ڈالا جائے تو گرم نہیں ہوگا ● اس کا مس کرنا گناہوں کو مٹاتا ہے ● اعلانِ نبوت سے پہلے بھی یہ پتھر حضور کو سلام کہتا تھا ● اس پتھر کو پھر ایک مرتبہ اپنی اصلی شکل پر کر دیا جائے گا ● قیامت کے دن اس کا حجم جبل ابی قبیس جتنا ہوگا۔ (جامع اللطیف خواص الحجر ص۳۷)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## حجرِ اسود قیامت کو گواہی دے گا

دارمی نے سیدنا ابن عباس سے نقل کیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن حجرِ اسود کو اٹھائے گا۔ اس کی دو آنکھیں ہوں گی جس سے دیکھے گا۔ زبان ہوگی جس سے بولے گا اور اپنے استلام کرنے والے کے حق میں گواہی دے گا۔ (شفاء ص۱۰۱ ج۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## کعبہ میں نشاناتِ قدرت

کعبہ انور کا صدیوں سے جوں کا توں چلے آنا۔ حوادثِ زمانہ کا ختم کرنے میں ناکام رہنا نشانات میں سے ہے۔

پرندوں کا دیوار کعبہ پر نہ بیٹھنا اور احترام کعبہ کو ملحوظ رکھنا بھی عجائبات میں سے ہے۔

Marfat.com

- اگر کوئی جانور دیوار کعبہ پہ بیٹھتا ہے تو وہ اپنے جسم کو دیوارِ پاک سے مس کرکے بیماری سے شفاء کی غرض سے بیٹھتا ہے جیسا صاحب شفاء الغرام نے تفصیل سے لکھا ہے۔
- شروع سے آج تک اہلِ مکہ میں یہ بات متعارف رہی ہے اگر کوئی بچہ بات کرنے میں دقت محسوس کرتا ہے یا عمر بڑھ رہی ہے بولنا نہیں سیکھ سکا تو ورثاء خانہ کعبہ کے کنجی بردار کے پاس لے جاتے اور کنجی بردار خانہ کعبہ کی کنجی اس کے منہ میں رکھ دیتا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے وہ بچہ بہت جلد بولنے لگ جاتا۔
- کسی نئی مشکل کے پڑنے پر اہلِ مکہ کعبہ شریف کے اندر داخل ہوکر دعا مانگتے۔ جس قدر بھی لوگ داخل ہوجاتے یہ جگہ کافی ثابت ہوتی اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے اس مصیبت کو ٹال دیتا
- شروع سے آج تک کسی وقت بھی مطاف طواف کرنے والوں سے خالی نہیں رہا اگر کسی وقت انسان طواف نہیں کر رہے تو فرشتے اور جن مصروف طواف ہوتے ہیں۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

## کعبۃ اللہ کی مرکزیّت

اگرچہ کعبہ شریف دعوتِ حنیفی کا مرکز رہا تاہم اس کی مرکزیت ہمیشہ مسلمہ رہی ہے دنیا نے ہمیشہ اسے بین الاقوامی مرکز قرار دیا ہے اور ہمیشہ تعظیم وتکریم کی ہے۔ کعبۃ اللہ کے لیے اقوام نے ہدایا وتحائف بھیجے اور اس کے ادب واحترام کو فخر سمجھا۔ علامہ ابنِ خلدون اپنی کتاب کے مقدمہ میں بڑی تفصیل سے ان حکومتوں کا ذکر کیا ہے، جنہوں نے قدیم زمانہ میں کعبۃ اللہ کو مرکز مانا اور اس کی مرکزیت پر فخر کیا۔ علامہ ابن فضل اللہ عمری نے مسالک الابصار میں وضاحت کی ہے جہاں بیت اللہ شریف کی عظمت واحترام کا ذکر ہے

Marfat.com

وہاں یہ بھی ملتا ہے کہ اس مقدس گھر کے خلاف کئی بغاوتیں بھی ہوئیں جو بالآخر ناکام ہوگئیں۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمدٍ وّاٰلہٖ وصحبہٖ وسلم

## کعبہ شریف کے خلاف پہلی بغاوت

کعبۂ اطہر کی مرکزیت کے خلاف پہلی ناکام تدبیر جو تاریخ میں ملتی ہے وہ تبع اول حمیری کی ہے یہ یمن کا بادشاہ تھا بنی لحیان کے قبیلے ہذیل کے افراد نے اِسے بھڑکایا کہ کعبہ گرادے اور اس کی جگہ ایک گھر تیار کرے تاکہ حجاج کرام تیری طرف متوجہ ہوجائیں۔ ان کی اس تحریک پر تبع نے کعبہ شریف کو گرانے اور نیا مکان بنانے کا ارادہ کرلیا۔ اس ارادہ کے ساتھ ہی اچانک اس پر اور اس کے لشکر پر اندھیرا چھا گیا سخت آندھی نے آگھیرا۔ علماء یہود و نصاریٰ کو اکٹھا کیا۔ اس ناگہانی آفت کے بارہ میں پوچھا۔ علماء نے کہا کہیں تو نے بیت اللہ شریف کے خلاف کوئی منصوبہ تو نہیں بنایا تبع نے کہا مجھے ہذلیوں نے کہا ہے کہ کعبہ گرا دوں اور نیا گھر تعمیر کردوں۔ علماء نے کہا قبیلہ ہذل کے لوگ تیری ہلاکت چاہتے ہیں۔ اس مصیبت سے بچ نکلنے کا صرف یہی ایک طریقہ ہے کہ کعبہ کے خلاف ایسے ارادہ کو ختم کرو۔ اور کعبہ انور کی عظمت کو ملحوظ رکھو، کعبہ کو غلاف پہناؤ۔ وہاں قربانی دو۔ کعبہ والوں سے حسنِ سلوک کرو۔ علماء کے اس مشورہ پر تبع نے نیت بدل لی تو ساتھ ہی حالات بدل گئے۔ اندھیرا ختم ہوگیا۔ آندھی رُک گئی۔ چنانچہ تبع کئی دنوں تک روزانہ ایک سو جانور ذبح کرتا رہا اور اس نے غلاف بھی پہنایا۔

- جعفر بن محمد نے اس واقعہ تبع کو اس طرح بیان کیا ہے کہ تبع نے جب کعبۃ اللہ گرانے کا ارادہ کیا۔ رات امن سے سویا صبح اٹھا تو آنکھیں رخساروں پر لٹکی ہوئی تھیں

Marfat.com

علمار سے پوچھا تو انھوں نے بتایا کعبہ شریف کے ساتھ برے ارادہ سے توبہ کرو۔ توبہ کرنے پر صحت یاب ہوگیا اور کعبہ شریف کو غلاف پہنایا۔ (الاخبار بالبلد الحرام ص۸۷ ج ۱۔ کتاب الاعلام ص۶۹ تاریخ مکہ ص۶۶ ج ۱)

اس کے بعد حضور علیہ السلام نے غلاف پہنایا۔ پھر خلفار راشدین نے یہ کام کیا۔ خلفار عباسی نے سعادت حاصل کی۔ سلاطین ترک نے شرف حاصل کیا۔

(العقد الثمین ص۵۷، ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## دوسری بغاوت

تبع اول کی ناکامی و نامرادی کے بعد تبع ثانی نے اپنے پیشرو تبع اول کے مشن کو کامیاب کرنے کی کوشش کی تو اس کے مقابلہ میں اللہ تعالیٰ نے بنو خزاعہ کو مقابلہ کی قوت بخشی اور تبع ثانی بھی ناکام ہو گیا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## تیسری بغاوت

تبع ثانی کی ناکامی کے بعد تبع ثالث کو کعبہ انور گرانے کا جنون پیدا ہوا اور بنو خزاعہ سے اپنے پیشرو کا بدلہ لینا چاہا مگر بنو خزاعہ نے بھرپور طاقت سے دفاع کیا اور یہ بری طرح پسپا ہوا۔ (الاخبار بالبلد الحرام ص۸۷ ج ۱) وصلی اللہ علے حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## چوتھی بغاوت

ابی القاسم زمخشری نے لکھا ہے ابرہہ بن الصباح الاشرم یمن کے بادشاہ نے

Marfat.com

کعبہ پر چڑھائی کی اور اس کی مرکزیت کو نقصان پہنچانا چاہا۔ مگر وادی محسر میں چھوٹی چھوٹی چڑیوں سے مار کھائی اور ذلیل ہو گیا۔ ابرہ کو عظمتِ کعبہ سے دکھ پہنچا اور چاہا کہ یمن میں ایک خوبصورت مکان بنا دے تاکہ لوگ کعبہ کی بجائے یمن آئیں چنانچہ مقام صنعا میں ایک خوبصورت گرجا تعمیر کرایا۔ یہ خبر مشہور ہونے پر کنانہ کے ایک شخص نے اس گرجا میں گندگی پھیلا دی یا کسی نے آگ لگا دی جس سے گرجا جل گیا گرجا جلنے کے ساتھ ابرہ بھی جل بھن گیا اور فیصلہ کیا کہ کعبہ گرا کر ہی دم لے گا چنانچہ مست ہاتھیوں کے ساتھ حرم مکہ پہنچا لشکر کے ساتھ ۱۳ یا ۸ یا ایک ہزار ہاتھی تھے جن کا سر براہ ہاتھی "محمود" تھا۔ جناب عبدالمطلب نے کوشش کی کہ ارادہ بدل لے مگر وہ نہ مانا۔

(الاخبار بالبلاد الحرام ص۱۴۹ ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد والہ وصحبہ وسلم

## ابرہ کی آمد اور عبدالمطلب کا اعلان

ابرہ کی آمد کی خبر مشہور ہوتے ہی حرم مکہ میں کہرام مچ گیا۔ جناب عبدالمطلب نے قریشِ مکہ کو جمع کیا اور فرمایا "گھبراؤ نہیں کعبہ کو مٹایا نہیں جا سکتا"۔ ابرہ نے آتے ہی قریش کے اونٹوں پر قبضہ کر لیا جن میں ۲۰۰ اونٹ جناب عبدالمطلب کے بھی تھے آپ ابرہ کے ہاں گئے ابرہ ہیبت زدہ ہو کر پوچھتا ہے کیسے آنا ہوا فرمایا تیرے سپاہیوں نے میرے اونٹوں پر قبضہ کر لیا ہے وہ لینے آیا ہوں۔ ابرہ نے کہا حیرت ہے اونٹوں کی بات کر رہے ہو اور کعبہ کا ذکر تک نہیں جو تمہارا مرکز ہے۔ جناب عبدالمطلب نے فرمایا انا رب الابل وللبیت ربٌ میں اونٹوں کا مالک ہوں اس لیے میں نے اونٹوں کا مطالبہ کیا ہے کعبہ کا مالک خدا ہے وہ خود اس کی حفاظت فرمائے گا۔ ابرہ نے اونٹ واپس کر دیے جناب عبدالمطلب نے اونٹ لیے اور واپس آ کر کعبہ کی

Marfat.com

نذر کر دیے۔ پھر چند آدمیوں کو لے کر کعبہ شریف میں آئے اور یہ دعا فرمائی۔

## عبدالمطلب کی دُعا

۱۔ اللھم ان المرء یمنع رحلہٗ فامنع رحالک

ترجمہ اے رب پاک بندہ اپنی جگہ کی حفاظت کرتا ہے تو اپنے گھر کی حفاظت فرما۔

وانصر علیٰ اٰل الصلیب وعابدیہ الیوم لک

نصاریٰ کے مقابلہ میں اپنے نام لیواؤں کی مدد فرما۔

لا یغلبن صلیبھم ومحالھم ابداً محالک

ان کی صلیب پرستی تیری تدبیروں پر غالب نہیں ہو سکتی

جبر وجمیع بلادھم والفیل لیسبو عیالک

ہاتھی اور بے تحاشا لشکر لے آئے ہیں تاکہ تیرے نام لیواؤں کو قیدی بنا لیں

عبدوا حماک بکیدھم جھلاً وما رقبو جلالک

جہالت کی بنا پر تیرے حرم کی بربادی چاہتے ہیں اور تیرے جلال کو ملحوظ نہیں رکھا

یارب لا ارجولھم سواک یارب فامنع منھم حماک

اے اللہ تیرے بغیر ان کا مقابلہ مشکل ہے اے اللہ ان سے اپنے حرم کی حفاظت فرما

ان عدو البیتِ من عاداک امنعھم ان یخربوا قراک

اس گھر کا دشمن تیرا دشمن ہے ان کو روک وہ تیری بستی کو ویران نہ کریں

(ضیاء القرآن ص۶۶۴ ج ۵، سیرۃ المصطفیٰ ص۳۷ ج ۱، اخبار مکہ ازرقی ص۱۳۶)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

**ابرہ کی ہلاکت**: جناب عبدالمطلب یہ دعا کر کے اپنے ساتھیوں کو لے کر

Marfat.com

پہاڑ پر چڑھ گئے۔ ابرہ مکہ پر حملہ کرنے کے لیے بڑھا جب ہاتھیوں کو کعبہ کی جانب ہانکتا تو وہ بیٹھ جاتے کسی دوسری سمت چلاتا تو خوشی سے چل پڑتے (الاخبار بالبلاد الحرام ص۱۸۹ ج۱) اللہ تعالیٰ جل مجدہ نے چھوٹی چھوٹی چڑیوں کے ذریعہ اس کی یلغار کو ناکام کیا۔ ان پرندوں کی چونچ اور پنجوں میں کنکریاں تھیں جسے کنکری لگ جاتی ہلاک ہو جاتا اسی طرح یہ سارا لشکر تباہ ہو گیا۔ ابرہ کے جسم پر چیچک نمودار ہوئی جس سے سارا بدن گل سڑ گیا جسم سے لہو بہنے لگا۔ ایک ایک عضو کٹ کٹ کر ضائع ہوتا رہا سینہ پھٹا دل باہر نکل آیا اور وہ اس طرح ہلاک ہو گیا۔ العیاذ باللہ (زرقانی ص۸۵ ج۱)


اس واقعہ کو قرآن مقدس نے سورہ الفیل میں بیان فرمایا اور ابرہ کی ہلاکت کا ذکر کر کے محبوب کریم صلی اللہ علیہ وسلم کو تسلی دلائی ہے کہ محبوب جس طرح کعبہ کی حفاظت کی گئی ہے تیری بھی حفاظت ہو گی کہ وہ کعبہ اجسام ہے اور تو کعبہ ارواح ہے وہ کعبہ قرآن ہے مصطفیٰ کعبہ ایمان ہے وہ سروں کا کعبہ ہے مصطفیٰ دلوں کا۔ باطل کا شور زیادہ ہوتا ہے عمر کم۔ کعبہ انور کے خلاف اس سازش کا ذکر علامہ ابن رستہ نے اپنی کتاب الاطلاق النفیسہ میں تفصیل سے کیا ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## پانچویں بغاوت


کعبۃ اللہ کی مرکزیت کے خلاف پانچویں سازش عباسی خلیفہ مقتدر باللہ کے زمانے میں ہوئی۔ ملحدین کا ایک گروہ اٹھا جو قرامطہ کے نام سے مشہور ہوا۔ انتہائی غلط عقائد کا حامل تھا یہ لوگ بظاہر مسلمان ہی کہلاتے تھے مگر مسلمانوں کا خون حلال جانتے تھے حضرت محمد حنفیہ ابن علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کو اپنا امام مانتے تھے۔ ان کا عقیدہ تھا امام محمد بن حنفیہ رضوی پہاڑ میں چھپے ہوئے ہیں دوبارہ جلوہ گر ہوں گے۔ ان کا


Marfat.com



حجاج کرام خانہ کعبہ کا طواف کرتے ہوئے۔

Marfat.com





▲ محلہ بنی ہاشم، پرانے مکانات




▲ مولد الرسول ﷺ

وہ جگہ جہاں شعب ابی طالبؓ تھی ▼






Marfat.com




حضور پاکؐ کی جائے پیدائش

ابوقبیس کی پہاڑی پر مسجدِ بلالؓ



Marfat.com



حجاج کرام میدان عرفات میں

Marfat.com

قائد ابوطاہر قرامطی تھا۔ اس نے مرکزیت کعبہ کے خلاف مقام ہجر میں ایک گھر دار الہجرہ کے نام سے تیار کروایا کہ لوگ حج کے لیے بجائے کعبہ کے وہاں جائیں مگر ایسا نہ ہو سکا۔ حج کے راستے مسدود کیے بے شمار قتل وغارت کا ارتکاب کیا۔ ۳۱۷ھ کے آخر میں قرامطہ کی قوت بڑھ گئی۔ ۸ ذی الحجہ کو لوگ مصروفِ عبادت تھے کہ اچانک ابوطاہر قرامطی اپنے لشکر کے ساتھ حرم کعبہ میں حملہ آور ہوا۔ طواف، نماز میں مصروف، احرام میں ملبوس لوگوں کو تہ تیغ کیا۔ مسجد حرام شریف اور مکہ مکرمہ کی گلیوں میں ۳۰ ہزار سے زائد لوگوں کو شہید کیا۔ صرف مطاف کے اندر ایک ہزار سات سو حاجی شہید ہوئے۔

(علم الاعلام باعلام بیت اللہ الحرام ص ۱۰۱)

## ظالم حکمران کے سامنے کلمۂ حق

جب ابوطاہر قرامطی کی سفاکی خونریزی حد سے بڑھ گئی تھی۔ عین اس وقت بھی کچھ لوگ سکون و امن سے مصروفِ عبادت تھے۔ شیخ الصوفیہ علی بن بویہ نے یہ سارا منظر دیکھ کر فرمایا تری المحبین صرعیٰ فی دیارھم: اے کعبہ تو اپنے عشاق کو دیکھ رہا ہے کس طرح پچھاڑے ہوئے پڑے ہیں۔ علی بن بویہ شدید خونریزی کے دوران بھی اطمینان سے مصروف طواف رہے۔ ابوطاہر نے مستی میں یہ بھی کہا انا باللہ - و باللہ انا۔ یخلق الخلق و یفنیھم انا (معاذ اللہ) ترجمہ: میں اللہ ہوں اور اللہ ہی سے ہوں - میں وہ اللہ ہوں جو دنیا کو پیدا کرتا ہے اور مارتا ہے (معاذ اللہ) پھر بقیہ حجاج سے مخاطب ہو کر کہا تم کہتے ہو۔ من دخلہ کان امنا۔ جو بھی کعبہ میں داخل ہو گیا امن والا ہے بتاؤ اب امن کہاں ہے یہ سن کر علی بن بویہ نے یا کسی دوسرے مردِ مومن نے ظالم قرامطی کے گھوڑے کی باگ پکڑ کر اسے جھنجوڑا اور کہا تو ظالم ہے تو نے معنی نہیں سمجھا تیرا دعویٰ غلط ہے اس کا معنیٰ یہ ہے "جو کعبہ

Marfat.com

میں داخل ہو اسے امن دو" چنانچہ قرامطی اس مردمومن کے جواب پر ہیبت زدہ ہو کر خاموشی سے الگ چلا گیا۔ اس خونریزی میں کام آنے والوں میں امیر مکہ ابن محارب، حافظ ابو الفضل محمد بن حسن، امام ابوسعید احمد بن حسین ابوبکر بن عبدالرحمٰن، شیخ الصوفیہ علی بن بویہ، شیخ محمد بن خالد بن زید بردعی نامی شامل تھے۔ اس ظالم گروہ نے قتل پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ لوٹ کھسوٹ کا بازار بھی گرم کیا۔ قاضی مکہ یحییٰ بن عبدالرحمٰن نے بھاگ کر جان بچائی۔ اس خوفناک تباہی کے بعد بھی لوگ مسلسل حرم کعبہ کی حاضری دیتے رہے جو عظمتِ کعبہ کی زبردست دلیل ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ صحبہ و بارک وسلم

## چھٹی بغاوت

یکم محرم الحرام ۱۴۰۰ھ ۲۰ نومبر ۱۹۷۹ء کی صبح کو یہ ہنگامہ اچانک نمودار ہوا اس دن اسلامی ممالک میں پندرھویں صدی ہجری کا جشن منایا جارہا ہے مجھے بھی اس ہنگامہ کو قریب سے دیکھنے کا اتفاق ہوا۔ جونہی امام کعبہ نے نماز صبح کا سلام پھیرا اچانک دروازے بند کر دیے گئے۔ باغیوں نے پہنے ہوئے توپ (لمبے کرتے) اتار دیے۔ یہ لوگ مسلح تھے اور اس ہنگامہ کرنے کے لیے کوشش کر رہے تھے چارپائیوں پر میّت کی شکل میں اسلحہ اندر لے آئے تھے۔ ریوالوروں، سٹین گنوں، رائفلوں سے حجاج گھبرا گئے۔ ان کی تعداد سے ۲۰۰ کے لگ بھگ تھی ان کا سرغنہ لیڈر محمد بن عبداللہ قحطانی تھا یہ دیر تک مکہ یونیورسٹی اسلامی قانون کا مطالعہ کرتا رہا۔ اس کا دستِ راست جہیمان بن یوسف تھا اس کو حطیم کعبہ پر کھڑا کیا گیا۔ اس نے اعلان کیا میں مہدی ہوں میرے ہاتھ پر بیعت کر لو۔ حجاج میں سے جب کسی نے بھی اس کی بیعت نہ کی تو اس کے گروہ کے افراد ہی نے یہ سلسلہ شروع کر دیا تاکہ عوام پر اس

Marfat.com

کا اثر ہوا اور وہ بھی بیعت کر لیں۔ امام کعبہ نے ہوشیاری سے کام لیتے ہوئے اپنا جبہ اتارا اور عام حاجیوں میں مل کر جان بچائی۔ باغیوں نے حرم شریف کے میناروں پر قبضہ کر لیا۔ مسلسل ۱۴ دن تک حرم انور میں انسانوں کی جماعتیں طواف نہ کر سکیں۔ باغیوں کی یہ جماعت ۶۳ افراد پر مشتمل تھی جن میں سعودی عرب کے ۴۱ مصر کے ۱۰۔ جنوبی یمن ۳۔ کویت ۱۔ شمالی یمن ۱۔ سوڈان ۱۔ عراق ۱۔ گرفتار کر لیے گئے۔ فرد جرم عائد کر دی گئی سب کو سزائے موت کا فیصلہ سنایا گیا۔ مندرجہ ذیل شہروں میں قتل کر دیے گئے۔ مکہ مکرمہ میں ۱۵۔ مدینہ منورہ میں سات۔ ریاض میں ۱۰۔ دمام میں ۷۔ بریدہ میں ۷۔ حائل میں ۵۔ ابہا میں ۷۔ تبوک میں ۵۔ ان کی اس عبرتناک سزا پر یہ ہنگامہ ختم ہو گیا۔

اس بغاوت کے تفصیلی واقعات کے لیے ۱۰۔ ۱۱۔ جنوری ۱۹۸۰ء کے نوائے وقت کا مطالعہ مزید مفید ہوگا۔ استغفر اللہ ربی من کل ذنب واتوب الیہ۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

## پاکستانیوں کی حرم کعبہ سے وابستگی

کعبہ انور پر باغیوں کے قبضہ کی خبر نشر ہوتے ہی پاکستان کا ہر گلی کوچہ عجیب نقشہ پیش کر رہا تھا۔ لاکھوں افراد نے صیہونی طاقتوں کے خلاف نعرے لگانے شروع کر دیے۔ ایسے عظیم جلوس کسی بڑی سے بڑی تحریک میں بھی نہیں دیکھے گئے۔ یہ خالصتاً دین و ایمان کا مسئلہ تھا ایسا ہونا ہی چاہیے تھا۔ عشاق کی نیند حرام ہو گئی۔ کھانا پینا چھوٹ گیا۔ کاروبار تعطل کا شکار ہو گیا۔ یہ ایسی تحریک تھی جس میں جذبہ جنون کے ساتھ آہ و فغاں اور آنسوؤں کے سیلاب بھی شامل تھے۔ امریکہ دشمنی کا عام چرچا ہو گیا۔ ان جلوسوں میں دل دہلا دینے والا نعرہ یہ تھا۔ کعبہ ہمارا چھوڑ دو۔ حاجی

Marfat.com

ہمارے موڑ دو۔ انہیں دنوں امریکہ کا سفارت خانہ جلا دیا گیا کہ یہودیوں کی سازش کا چرچا ہوگیا۔ گذشتہ دنوں پاکستانی اخبارات کے مطابق کئی کروڑ روپے پاکستان نے ادا کیے۔ صدر کے اعلان کرنے پر معلوم ہوا یہ صہیونی سازش نہیں بلکہ سعودی عرب کی اندرونی بغاوت تھی۔ ٹی وی پر اعلان ہو جانا کہ یہ صہیونی سازش نہیں بلکہ ملک کے اندر ہی باغی تھے میرے نزدیک قوی دلیل نہیں کہ لوگ اندر سے ہی خریدے جاتے ہیں جو دوسروں کا کام کرتے ہیں۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## سعودی ڈرائیور کی لاعلمی

راقم اس حادثہ کے دوسرے دن جدہ جانے کے لیے ٹیکسی پر سوار ہوا تو ڈرائیور مصر کی مشہور مغنیہ ام کلثوم کی دھن پرست تھا۔ میں نے گانے اور ڈرائیور میں مداخلت کرتے ہوئے ڈرائیور سے پوچھا کہ حرم کعبہ پر باغیوں کے قبضہ کا کیا بنا اس نے اس واقعہ سے قطعی لاعلمی کا اظہار کیا اور کہا جس نے کعبہ کو ابرہہ سے بچایا وہ باغیوں سے بھی بچا لے گا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## حرم مکہ تاریخ کے آئینے میں

قرآن مقدس نے تو متعدد مقامات پر حرم کعبہ کا واضح اور کھلا اعلان کیا ہے جیسے کہ پہلے صفحات میں گزر گیا۔ زبور۔ توراۃ۔ انجیل میں بھی حرم مکہ کا ذکر موجود ہے۔ سیدہ ہاجرہ کا ذکر اس طرح درج ہے۔

" اور اس نے پانی کا ایک کنواں دیکھا اور جا کر اپنی مشک کو پانی سے بھر لیا اور لڑکے کو پلایا اور خدا اس لڑکے کے ساتھ تھا اور وہ لڑکا بیابان میں رہا اور تیر انداز ہو گیا۔

Marfat.com

اور وہ فاران کے بیابان میں رہا کرتا تھا۔" تورات کتاب پیدائش باب ۲۱، درس ۲۱"۔

نوٹ: فاران مکہ شریف کا نام ہے جس کی تائید متعدد مقامات سے ہوتی ہے۔ فاران وہی خطہ ہے جو آج سے کچھ سال پہلے حجاز کے نام سے مشہور تھا اور آج سعودی عرب کے نام سے مشہور ہے۔

توراۃ میں اس طرح ذکر ہے وہ کوہ فاران سے جلوہ گر ہوا۔ اور لاکھوں قدسیوں میں سے آیا۔ (کتاب استثناء ۲۳/۲) یہاں بھی فاران کا ذکر ہے جو مکہ مکرمہ کا نام ہے اس جگہ فاران بن عوف بن عوف نے قبضہ کیا تھا۔ (آئینہ حق ص۱۱۴)

توراۃ اس مقدس شہر مکہ کی مشہور پہاڑی مروہ کا ذکر موجود ہے جو اس شہر کی تاریخی حیثیت کو واضح کرتا ہے۔ ابراہیم علیہ السلام کو حکم ہوتا ہے۔

"اپنے اکلوتے بیٹے کو لو اور موریاہ کی زمین میں جاؤ" پیدائش ۲۲/۲۔

نوٹ: اس دور میں مروہ کا ذکر بلفظ موریاہ موجود ہے جیسے ابراہیم علیہ السلام کو ابراہام کے لفظ سے ذکر کیا گیا ہے۔ یہی لفظ مورہ پیدائش ۲۲/۲ میں ملتا ہے۔

تاریخ مکہ ص ۱۳۱، ج ۱۔ اس حوالہ سے بھی سرزمین مکہ کی تاریخی حیثیت نمایاں ہو رہی ہے۔

زبور نے بھی اس جگہ کی تاریخی حیثیت کو واضح کیا ہے وہ وادی بکا سے گزر کر چشموں کی جگہ پناہ لیتے ہیں۔ یہ بکا، وہی وادی ہے جسے قرآن مقدس نے للذی ببکۃ مبارکاً کے الفاظ سے بیان کیا۔

"جرہم بنی اسماعیل کے بعد حجاز کے حکمران ہوئے۔ انہیں کے پاس کعبہ کی چابی تھی اور یہ ولادت مسیح سے پہلے تھے۔ (النصرانیہ ص۱۱۶ تاریخ مکہ ص۱۵ ج ۱)

مسیح سے ڈیڑھ ہزار سال پہلے یہود رومانی حکام سے تنگ آ کر وہاں سے بھاگ کر مکہ، مدینہ اور طائف میں آباد ہوئے"۔ (تاریخ مکہ ص۱۴ ج ۱)

Marfat.com

● اسماعیل اپنی والدہ کے ہمراہ فاران یعنی مکہ میں قیام پذیر ہوئے۔ عرب قبل الاسلام صفحہ ۱۵، ج ۱۔ تاریخ مکہ صفحہ ۱۳۱، ج ۱۔

● مسیحی مورخ جرجی زیدان نے لکھا ہے۔ جب ہمیں معلوم ہوگیا جبال مکہ یا حجاز دونوں کو فاران کہا جاتا ہے۔ (تاریخ مکہ صفحہ ۱۳۱، ج ۱)

● ہاجرہ عرب کا کوہ سینا ہے اور آج کے عرب کا جواب ہے۔ گلیتون ۴/۲۴ (یہ انجیل کی ایک کتاب ہے)۔

● "ابراہیم علیہ السلام باپ کے گھر سے نکل کر پہلے مورہ کے پاس اور بعد میں اور بیت ایل کے درمیان معبد تیار کیا" پیدائش ۱۲/۶ مورہ اور مروہ ایک ہی جگہ کا نام ہے۔

● دیودروس نے مسیح علیہ السلام سے ایک ہزار سال پہلے نبطی قوم کے متعلق لکھا ہے۔

● "حجاز میں ایک معبد ہے جس کا احترام سارے عرب کرتے ہیں"۔ عرب قبل اسلام صفحہ ۲۳

● لوبس شیحو لیسوعی لکھتا ہے" دنیا کے تمام معبدوں میں سب سے زیادہ مشہور معبد حجاز کا کعبہ ہے۔ (النصرانیہ بحوالہ تاریخ صفحہ ۱۳۸، ج ۱)

● ہسٹری آف دی عرب کا مؤلف حتی لکھتا ہے۔" اس شہر کی بنا مذہبی تعلق کی وجہ سے وجود میں آئی تھی اور یقیناً حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی ولادت سے پہلے یہ مذہبی مرکز بن چکا ہوگا"۔ تاریخ مکہ صفحہ ۱۴۰۔

● "جرہم یمن سے ہجرت کر کے مکہ میں آئے اور بنو اسمٰعیل سے معاہدہ کر کے وہاں آباد ہوئے"۔ تاریخ عرب العالم صفحہ ۵۔

● "عربستان میں کعبہ کے نام سے ایک عبادت گاہ تھی جسے قدیم روایات کے مطابق ابراہیم نے تعمیر کیا تھا"۔ تمدن عرب صفحہ ۱۹۔

Marfat.com

ان حوالہ جات کو بغور دیکھیں۔ مکہ مکرمہ، کعبہ، حجاز، عرب، مور، فاران، مروہ کے الفاظ سے تاریخی حیثیت نمایاں ہو رہی ہے۔ وصلی اللہ علی حبیبہ محمد واٰلہ وسلم

## آبادیٔ مکہ کے سبب اوّل

ابوالانبیاء سیدنا ابراہیم علیہ السّلام کا سال پیدائش جدید ترین اثری تحقیقات کے پیشِ نظر ۲۱۶۰ ق م ہے۔ تورات میں آپ کی عمر شریف ۱۷۵ سال ہے۔ آپ کا آبائی وطن بابل ہے جسے آج کل عراق کہتے ہیں جس شہر میں آپ کی ولادت ہوئی۔ اس کا نام ثورات" اور" (UR) ہے اور مدتوں یہ شہر نقشہ سے غائب رہا۔ اب از سرِ نو نمودار ہو گیا ہے۔ کھدائی کے کام کی داغ بیل ۱۸۵۴ء میں پڑ گئی تھی۔ ۱۹۲۲ء میں برطانیہ اور امریکہ کے ماہرین اثریات کی ایک ٹیم مہم عراق کو روانہ ہوئی۔ اور کھدائی کا کام پورے سات سال تک جاری رہا۔ رفتہ رفتہ پورا شہر نمودار ہو گیا۔ (تفسیر ماجدی، ضیاء القرآن (و اذا بتلی ابراھیم ربہ) جب ابراہیم علیہ السلام نمرود کے ہاتھ سے محفوظ ہو گئے اور اس کے مظالم سے نجات حاصل کر لی۔ بابل والوں کے ایمان لانے سے مایوس ہو گئے تو وہاں سے ہجرت فرما کر اپنے چچا ہاران کے ہاں مقام حرّان میں پہنچ گئے۔ ہاران نے آپ کی سعادت مندی سے متاثر ہو کر اپنی بیٹی سارہ کا نکاح ان سے کر دیا۔ سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی تبلیغ سے حضرت سارہ، حضرت لوط علیہ السلام متاثر ہو گئے۔ ہاران کو یہ بات ناگوار گزری تو لوط علیہ السلام اور اپنی بیٹی و داماد کو گھر سے نکال دیا۔ سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے اپنی بیوی سارہ سے معاہدہ کیا تم میری فرمانبردار رہنا۔ میں تیری بات مانوں گا۔ یہ تینوں حضرات حرّان سے مصر چلے گئے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و اٰلہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

# آپ کا شجرہ نسب اور فضائل و خصائل

آپ تارخ ابن ناخور کے بیٹے ہیں ابو الفیضان لقب ہے۔ آپ کا سلسلہ نسب یہ ہے۔ ابراہیم بن تارخ بن ناخور بن سارو غ بن رعو بن عابر بن شالح بن زرفخشار بن سام بن نوح (نعیمی ص۶۲ ، ج ۱) آپ نے یادِ الٰہی کے شوق میں جان و مال، اولاد اور وطن سب کچھ چھوڑ دیا

- سب سے پہلے آپ نے اپنی اولاد کا ختنہ کیا۔
- سب سے پہلے آپ ہی کے بال سفید ہوئے۔
- آپ ہی نے ناخن کٹوائے۔
- اور زیرِ ناف بال دور کیے۔
- سب سے پہلے آپ ہی نے سلا ہوا پاجامہ پہنا۔
- آپ ہی نے خضاب استعمال کیا۔
- آپ ہی نے ممبر پر خطبہ پڑھا۔
- سب سے پہلے آپ ہی نے عصا لیا
- اور مہمان نوازی کی۔
- آپ ہی نے ثرید پکوایا۔
- آپ ہی نے پراٹھے پکوائے۔
- آپ ہی نے سب سے پہلے معانقہ کیا۔
- آپ ہی اپنے بعد انبیاء کے باپ ہیں۔
- اور ہر آسمانی دین آپ ہی کی اطاعت ہے۔
- اور ہر دین والا آپ کی تعظیم کرتا ہے۔

Marfat.com

- حج کے ارکان آپ ہی کی یادگار ہیں
- آپ ہی معمارِ کعبہ ہیں
- آپ ہی کے قدموں سے لگنے والا پتھر مقامِ ابراہیم کہلاتا ہے۔
- قیامت میں آپ ہی کو لباس فاخرہ پہنایا جائے گا۔
- مسلمانوں کے مردہ بچوں کی آپ اور حضرت سارہ پرورش کرتے ہیں

(تفسیر نعیمی ص۶۳ ، ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## حضرت سارہ کی کرامت

مصر کا بادشاہ ظالم تھا سرکش تھا مغرور تھا جب کوئی خوبصورت عورت دیکھتا شوہر کو قتل کروا دیتا عورت پر قبضہ کرلیتا جب یہ مختصر قافلہ مصر پہنچا تو ظالم کے دلالوں نے خبر دی کہ مصر میں ایک حسینہ خاتون آئی ہیں۔ بادشاہ نے گرفتار کر کے لانے کا حکم دیدیا۔ سیدنا ابراہیم اس ظالم کے اس ضابطہ سے واقف تھے۔ آپ نے حضرت سارہ سے فرمایا بادشاہ کے پاس جاکر یہ نہ کہنا کہ ابراہیم میرے شوہر ہیں بلکہ کہنا وہ میرے بھائی ہیں اللہ تمہیں اس کے ظلم سے محفوظ رکھے گا۔ حضرت سیدنا خلیل علیہ السلام کا اپنی بیوی کو بہن فرمانا سے مراد دینی بہن ہے نہ کہ نسبی۔ اخوۃ کا اطلاق اخوۃ دینی نسبی دونوں پر ہوتا ہے۔ قرآن مقدس فرماتا ہے۔ انما المومنون اخوۃ۔ ابراہیم علیہ السلام کے بارہ میں حدیث ثلثہ پر مفصل بحث ہماری کتاب فیوضات میں دیکھیں بہت مفید ہوگا آپ کا حضرت سارہ کو بہن فرمانا توریہ ہے توریہ کا معنیٰ یہ ہے کہ سمجھنے والے کی مراد کچھ اور ہو اور کہنے والے کی کچھ اور۔ اسی لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیوی کو بہن کہنے سے دینی بہن مراد لیا اور دوسروں نے نسبی سمجھا۔

Marfat.com

اسی دوران سپاہیوں نے بھی گھیرا ڈال لیا اور حضرت سارہ کو ظالم کے ہاں لے گئے۔ سیدنا ابراہیم علیہ السّلام اس صورتِ حال سے پریشان ہو گئے اور نماز شروع کر دی۔ ظالم نے چاہا کہ حضرت سارہ کی بے ادبی کرے۔ حضرت سارہ نے فرمایا مجھے اتنی مہلت دے کہ میں غسل کر کے کچھ عبادت کر لوں۔ ظالم نے اجازت دے دی۔ آپ نے غسل فرمایا۔ وضو کیا نماز میں مصروف ہو گئیں۔ دیر ہو جانے پر ظالم آگے بڑھا کہ عین حالتِ نماز میں زیادتی کرے۔ ارادہ کرنے کے ساتھ ہی اس کے دونوں ہاتھ شل ہو گئے۔ بے ہوش ہو کر گر پڑا۔ سانس پھول گئی۔ منہ سے جھاگ نکلنے لگی۔ حضرت سارہ نے دعا کی اے اللہ اگر یہ مر گیا تو مجھ پر قتل کا الزام لگ جائے گا۔ عرض کرنا تھا اسے ہوش آ گئی۔ پھر وہی ارادہ کیا پھر ویسا ہی ہوا پھر ارادہ کیا۔ پھر کہنے لگا یہ انسان نہیں کوئی جن ہے۔ ایسی ہی کوئی ایک اور عورت ہے جسے قبطیوں سے حاصل کیا گیا (یہ خاتون حضرت ہاجرہ تھیں) کہا ان دونوں عورتوں کو مصر سے نکال دو۔ چنانچہ حضرت سارہ حضرت ہاجرہ کو لے کر سیدنا ابراہیم علیہ السلام کے پاس آ گئیں آپ اس وقت نماز میں ہی مصروف تھے۔ حضرت سارہ سے پوچھا خیر ہے آپ نے عرض کی خیر ہے۔ رب نے ظالم کو ذلیل کیا اور مجھے خادمہ دی جس کا نام ہاجرہ ہے۔ سیدنا ابراہیم علیہ السلام بہت خوش ہوئے اور چاروں مسافر سیدنا ابراہیم، سیدنا لوط، حضرت ہاجرہ۔ حضرت سارہ وہاں سے فلسطین آ گئے اہل فلسطین نے ان کا خیر مقدم کیا۔ ان کے قدوم میمنت لزوم سے ان کے کاروبار میں قدرت نے برکت دی۔ سیدنا خلیل علیہ السّلام نے وہاں مسافر خانے بنائے لنگر جاری کیے۔ سیدنا لوط علیہ السلام کو تبلیغ دین کے لیے روم روانہ فرمایا۔ ایک دن حضرت سارہ نے عرض کی اللہ تعالیٰ نے ہمیں بے شمار انعامات سے نوازا ہے مگر اولاد سے محروم ہیں آپ ہاجرہ سے نکاح کر لیں کیا بعید اللہ تعالیٰ ان کے بطن سے

Marfat.com

بچہ عطا فرمادے۔ آپ نے نکاح فرمالیا۔ اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا۔ سیدہ ہاجرہ سے حضرت حضرت اسمٰعیل علیہ السلام پیدا ہوئے۔ حضرت سارہ رضی اللہ عنہا حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے بے پناہ محبت فرماتیں۔ حضرت ہاجرہ صرف دودھ پلاتیں۔ سیدنا خلیل علیہ السلام احتیاط فرماتے تھے کہ کہیں سارہ ہاجرہ کے ہاں بچے کا ہونا محسوس نہ کریں ایک دن تنہائی میں سیدنا ابراہیم علیہ السلام، اسماعیل علیہ السلام سے پیار فرما رہے تھے کہ حضرت سارہ آگئیں اور اس قدر غیرت غالب ہوئی کہ ابراہیم علیہ السلام سے کہا ابھی ہاجرہ کو اور اس بچے کو میرے گھر سے نکال دو۔ آپ نے کوشش کی کہ معاملہ ختم ہو جائے مگر ایسا نہ ہوسکا۔ ادھر آپ کے سامنے حرّان والا معاہدہ بھی تھا جس کے آپ پابند تھے۔ اتنے میں خلیل علیہ السلام پر وحی نازل ہوئی کہ سارہ کی بات مانو اس میں راز ہے۔ بڑوں کی لڑائی میں رازِ الٰہی ہوتا ہے۔

وَصَلَّی اللہ تعالیٰ علیٰ حَبِیبِہٖ مُحَمَّد وَّ اٰلِہٖ وصحبہٖ وسلّم

## ابراہیم علیہ السلام پہلی بار حرم کعبہ میں

ابراہیم علیہ السلام اور حضرت سارہ کے درمیان حرّان میں طے پائے جانے والے معاہدہ کے پیش نظر سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے حضرت ہاجرہ اور حضرت اسمٰعیل کو ساتھ لیا اور خانہ کعبہ کی جگہ پر پہنچ گئے۔ بارگاہ اقدس سے حکم ملا ان دونوں کو ہمارے پسرد کر جاؤ۔ یہاں صرف ایک ہی درخت تھا باقی سارا جنگل نہ سایہ ہے نہ پانی۔ آپ نے کچھ کھجوریں۔ روٹی کے چند ٹکڑے۔ پانی کا ایک مشکیزہ حضرت ہاجرہ کے حوالے کر کے لوٹ پڑے۔ حضرت ہاجرہ نے عرض کی اے ابراہیم آپ مجھے کہاں چھوڑے جا رہے ہیں نہ مکان ہے نہ سامان یہ بے آب وگیاہ جنگل اور ہم ساتھ ہی پوچھا ایسا کرنے کا حکم آپ کو رب العالمین کی طرف سے ہے۔ خلیل علیہ السلام نے سر ہلا کر فرمایا ہاں تب سیدہ ہاجرہ

Marfat.com

نے کہا اب مجھے کوئی فکر نہیں میرا رب مجھے ضائع نہ کرے گا بس پھر کچھ نہیں کہا اپنے پیارے بیٹے اسماعیل علیہ السلام کو گود میں لیا اور بیٹھ گئیں۔ سیّدنا ابراہیم علیہ السلام کچھ دور جا کر پہاڑ کی آڑ میں رکے اور عرض کی ربنا انی اسکنت من ذریتی بواد غیر ذی ذرع: اے اللہ میں نے اپنے اہل وعیال کو بے آب و دانہ جنگل میں چھوڑ دیا ہے۔ دعا کے بعد آپ واپس فلسطین چلے گئے جب تک کھجور اور پانی رہا حضرت ہاجرہ اطمینان سے رہیں بیٹے کو دودھ پلاتی رہیں مگر پانی ختم ہونے پر پیاس نے ستایا لخت جگر نے رونا شروع کیا۔ نور نظر کی بے قراری دیکھی نہ گئی اور صفا سے پہاڑی پر چڑھ گئیں کہ کہیں پانی نظر آئے مگر نہ ملا مروہ پر گئیں مگر پانی نہ ملا نگاہ فرزند ارجمند پر رہتی۔ راستہ کے کچھ حصہ میں سیدہ ہاجرہ اور اسمٰعیل علیہ السلام کے درمیاں آڑ ہوگئی آپ دوڑ کر گئیں اس آڑ کے نکل جانے پر آہستہ ہوگئیں یہاں تک کہ مروہ تک گئیں وہاں چڑھ کر بھی پانی نہ دیکھا پھر صفا پہ آئیں اسی طرح سات چکر لگائے ہر دفعہ درمیان میں دوڑ لگاتیں۔ حج میں صفا اور مروہ کی سعی انہیں کی یادگار ہے۔ اللہ تعالیٰ کو اپنے خلیل کی اہلیہ کی یہ ادا پسند آئی حج میں لازم قرار دے دی۔ سیدہ ہاجرہ نے یکایک ایک مہیب آواز سنی اور بیٹے کی طرف دوڑ پڑیں دیکھا سیدنا اسمٰعیل رو رہے ہیں اور ایڑیاں زمین پر رگڑ رہے ہیں جس سے ایک ٹھنڈا میٹھا چشمہ جاری ہے۔ آپ دیکھ کر بہت خوش ہوئیں اور اس کے گرد بنی بنا کر فرمانے لگیں ما، زم "زم" زم" پانی میٹھا ہے۔ بعض نے کہا ما، زم" پانی بہت کافی ہے۔ بعض نے کہا بنّی بناتے فرما رہی تھیں زم زم ٹھہر جا بعض نے کہا زمزمۃ زمزمۃ ہمہمہ گن گنا کر بولنے کو کہتے ہیں۔ آپ خوشی میں گنگناتی تھیں اسلئے نام مشہور زمزم ہوگیا اب آپ اطمینان سے رہنے لگیں اور یوں آبادی مکہ کا سبب بنیں۔ نعیمی ص۴۸۱، ج ا

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد والہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

# چشمۂ زمزم پر جرہم کی آمد

قبیلہ جرہم یمن کا باسی تھا۔ یمن میں قحط سالی ہوئی۔ تلاش معاش کے سلسلہ میں یہ قبیلہ یمن سے نکلا اور مقام کدی میں مقیم ہوا۔ دیکھا کچھ فاصلے پر پرندے اُڑ رہے ہیں معلوم ہوتا ہے یہاں پانی ہوگا کہ پہلے کبھی یہاں پرندے اُڑتے دکھائی نہیں دیتے تحقیق کے لیے ایک نمائندہ بھیجا جو وہاں پہنچا اور دیکھا کہ ایک غیبی چشمہ ہے جس کے پاس ایک خاتون ایک معصوم بچے کو لیے بیٹھی ہے اس کی اطلاع پر قبیلے کے سارے لوگ حضرت ہاجرہ اور اسمٰعیل علیہم السلام کے پاس پہنچے اور درخواست کی اگر اجازت ہو تو وہ بھی یہاں ڈیرہ لگالیں۔ حضرت ہاجرہ بھی تنہائی سے پریشان رہتی تھیں اجازت دے دی کہ صرف رہ سکتے ہیں پانی استعمال کر سکتے ہیں مگر حق صرف ہمارا ہی ہوگا۔ اس قبیلے نے یہ شرط منظور کر لی اور رہائش پذیر ہو گئے۔ اپنے دوسرے عزیزوں اور رشتہ داروں کو بھی بلا لیا یہاں پر بھی خاصی بستی آباد ہوگئی۔ سیدنا اسماعیل علیہ السلام نے اسی قبیلۂ جرہم سے زبان عربی سیکھی۔ نہایت زکی، قابل ہونہار جوان ہوئے۔ قبیلہ جرہم کے سردار نے اپنی بیٹی کو حضرت اسمٰعیل کے نکاح میں دے دیا۔ حضرت ہاجرہ کی وفات پر سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کی عمر ۱۴ سال کی ہوگئی تھی۔ اس دوران اللہ تعالیٰ کا فضل ہوا حضرت سارہ کے بطن سے بھی ایک فرزند پیدا ہوئے جن کا نام حضرت اسحٰق رکھا گیا۔ حضرت سارہ اپنے اس بیٹے کی دیکھ بھال میں مصروف ہوگئیں اس عرصہ میں کچھ جوش غیرت بھی کم ہوگیا تب ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارہ سے فرمایا اگر محسوس نہ کرو تو اسمٰعیل کو دیکھ آؤں۔ حضرت سارہ نے کہا آپ چلے جائیں اپنے بیٹے سے ملاقات کریں مگر شرط یہ ہے کہ آپ زمین پر قدم نہ رکھیں اور بہت دیر وہاں نہ ٹھہریں۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

## ابراہیم علیہ السلام دوسری بار حرمِ مکہ میں

حضرت سارہ کی طرف سے اجازت ملنے پر سیدنا خلیل علیہ السلام پھر دوبارہ مکہ تشریف لے گئے یہاں آ کر معلوم ہوا صاحبزادہ سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام جوان ہیں شادی ہو چکی ہے اور حضرت ہاجرہ وفات پا چکی ہے۔ تلاش کرتے ہوئے اسمٰعیل علیہ السلام کے دروازہ پر آئے۔ آپ اس وقت شکار کھیلنے جنگل گئے ہوئے تھے۔ گزر اوقات گوشت اور زمزم پر تھی۔ ابراہیم علیہ السلام نے اپنی بہو کو دروازہ پہ بلایا۔ گھر کے حالات اور گزر اوقات کے متعلق پوچھا اسمٰعیل علیہ السلام کی بیوی نے کہا ہم پریشان حال ہیں گذر اوقات مشکل ہوتا ہے۔ بہو کی ان شکایات پر ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا اپنے شوہر سے ہمارا اسلام کہنا اور یہ کہنا دروازہ کی چوکھٹ بدل لو۔ ایسے ذی شان گھر کے لیے ایسی چوکھٹ مناسب نہیں۔ شام کے وقت سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام گھر آئے تو مکہ مکرمہ کی گلیوں میں نبوت کے برکات وانوار دیکھے سمجھ گئے میرے والد گرامی تشریف لائے ہوں گے۔ بیوی سے پوچھا کوئی مہمان آیا تھا۔ اس نے سارا واقعہ عرض کر دیا۔ فرمایا وہ بزرگ میرے والد تھے اور تو میرے گھر کی چوکھٹ ہے مجھے حکم دے گئے ہیں کہ تجھے طلاق دے دوں تو اس گھر کے اہل نہیں۔

(نوٹ) خاندانِ نبوت میں ناشکری کرنے والی خاتون موزوں نہیں۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## اسمٰعیل علیہ السلام کا دوسرا نکاح

بیوی کو طلاق دینے کے بعد سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام نے بنوجرہم میں دوسرا نکاح فرمایا۔ پھر ایک مدت کے بعد ابراہیم علیہ السلام نے حضرت سارہ سے اُسی پہلی

Marfat.com

شرط پر مکہ آنے اور اسمٰعیل علیہ السلام سے ملنے کی اجازت چاہی۔ آپ پھر تیسری مرتبہ مکہ مکرمہ پہنچے۔ اسمٰعیل علیہ السلام کے دروازہ پر پہنچ کر اسمٰعیل علیہ السلام کے بارہ میں معلوم کیا گھر سے پتہ چلا شکار پر ہیں۔ نئی بہو نے دیکھتے ہی بسم اللہ پڑھی اور اندر آنے کی درخواست کی۔ اندر تشریف لانے کی درخواست کی۔ غریب خانہ میں قیام کی خواہش کی عرض کی باباجی آپ کے سر مبارک میں گرد و غبار ہے۔ اجازت فرمائیں دھو دوں۔ آپ نے فرمایا مجھے سواری سے اترنے کی اجازت نہیں یہ مقدس خاتون اُن کی بہو ایک پتھر اٹھا لائیں (اسے ہی مقام ابراہیم کہا جاتا ہے) اور سواری کے رکاب کے پاس رکھ کر عرض کی یہاں قدم رکھ دیں سر مبارک نیچے جھکا دیں اس طرح آپ اپنے معاہدہ پر بھی قائم رہ سکیں گے اور مجھے خدمت کا موقع بھی مل جائیگا۔ سیّدنا خلیل علیہ السلام اپنی بہو کی ذکاوت سے بہت متاثر ہوئے۔ بہو نے غسل کرایا۔ نیاز مندی کا مظاہرہ کیا خلیل علیہ السلام متاثر ہوئے۔ اس دوران آپ نے اپنی بہو سے گھر کے حالات پوچھے۔ انہوں نے کہا بہت اچھی زندگی گزر رہی ہے۔ قدرت نے ہمیں کسی کا محتاج نہیں کیا۔ میرے مقدس شوہر شکار لے آتے ہیں کھا لیتے ہیں۔ زمزم پی لیتے ہیں۔ آپ نے دعا فرمائی اللہ تمہارے گوشت اور پانی میں برکت دے۔ اس دعا کا اثر دیکھنے کے لیے منیٰ شریف سے قربان گاہ جائیے تو لاکھوں جانور ذبح شدہ پڑے ہیں۔ گوشت لینے والا کوئی نہیں۔ آپ نے فرمایا اپنے شوہر سے ہمارا سلام کہنا اور کہنا "تمہاری چوکھٹ اچھی ہے" اسے غنیمت جانو محفوظ رکھو۔ سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام شام واپس آئے۔ اہلیہ نے سارا ماجرا سنایا۔ آپ نے فرمایا وہ میرے والد سیدنا ابراہیم علیہ السلام تھے جو تیرے بارہ میں حکم دے گئے ہیں کہ تجھ سے حسن سلوک کروں تیرا ساتھ دوں۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

## ابراہیم علیہ السلام تیسری بار حرم مکہ میں

حرم مکہ میں دو مرتبہ حاضری تو ہوئی مگر لخت جگر سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام سے ملاقات نہیں ہو سکی۔ محبت پدری نے پھر جوش مارا۔ حضرت سارہ سے فرمایا میں پھر اسمٰعیل علیہ السلام کو ملنے جانا چاہتا ہوں۔ پہلی دونوں مرتبہ ملاقات نہیں ہوئی۔ حضرہ سارہ نے غیر مشروط اجازت دے دی۔ آپ نے پھر فلسطین سے حرم مکہ کا رُخ کیا۔

(سیرۃ المصطفٰی ص۲۶، ج۱۔ تاریخ مکہ ص۴۲، ج۱)

سیدنا ابراہیم علیہ السلام مکہ مکرمہ پہنچے۔ سیدا اسمٰعیل علیہ السلام کو دیکھا۔ زمزم کے پاس ایک درخت کے نیچے تیروں کو درست فرما رہے تھے۔ اس قدر طویل فراق کے بعد باپ بیٹے کی ملاقات کا انداز کچھ عجیب و غریب ہی ہو گا۔ باپ بیٹے نے ایک دوسرے کو پہچانا۔ فرزند بے اختیار اٹھے۔ باپ نے گلے لگایا۔ ماتھا چوما۔ اس قدر روئے کہ پرندے ہوا میں رونے لگے اور وہاں کچھ قیام فرمایا۔ ایک دن فرمایا اے اسمٰعیل رب قدوس نے مجھے حکم دیا ہے کہ میں اس جگہ خانہ کعبہ کی تعمیر کروں۔ چاہتا ہوں کہ یہ کام صرف اپنے ہاتھ سے کروں اور تم اس میں میری مدد کرو۔ آپ نے عرض کی بسر و چشم حاضر ہوں۔ ابراہیم علیہ السلام نے پہلی ذیقعد کو تعمیر کعبہ شروع کی اسی ماہ کی ۲۵ تاریخ کو ختم فرما دی پھر آٹھویں ذی الحجہ کو خواب میں فرزند ذبح کرنے کا حکم ملا۔ دسویں ذی الحجہ کو ذبح کا واقعہ پیش آیا۔ (تفسیر عزیزی، نعیمی ص۳۴۳، ج۱)

اس روایت سے معلوم ہوتا ہے ذبح کے وقت عمر ۱۳ سال نہیں تھی بلکہ زیادہ تھی واللہ اعلم۔ ایک سو بیس برس کی عمر میں سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کا وصال ہوا۔ والدہ ماجدہ حضرت ہاجرہ کے پہلو میں حطیم کعبہ میں دفن ہوئے۔ سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام

Marfat.com



حج کے دوران باب عمرہ کے باہر نماز کے وقت کا ایک روح پرور منظر

Marfat.com




حضرت خدیجہ رضؓ
کا مکان

جنت المعلیٰ کا قبرستان




Marfat.com




حرم شریف کا دروازہ باب عمرہ

Marfat.com




مکّہ معظّمہ کے راستے میں حدودِ حرم




Marfat.com

کے بیٹے قیدار نے تولیت کعبہ سنبھالی۔ خدمت کعبہ کا اعزاز اولاد اسمٰعیل علیہ السلام میں رہا۔ زمانہ گزر جانے پر بنو جرہم اور بنو اسمٰعیل میں اختلافات بڑھ گئے تو کسی طرح بنو جرہم نظام مکہ پر قابض ہو گئے اور بنو اسمٰعیل مکہ سے نکل کر قرب وجوار میں مقیم ہو گئے بنو جرہم کے مظالم سے لوگ تنگ آ گئے۔ ان کے خلاف تحریک چلی اور بنو جرہم کو مکہ سے نکال دیا گیا یہ لوگ مکہ مکرمہ کو چھوڑتے ہوئے چاہ زمزم کو تباہ کر گئے۔ مکانات منہدم کر دیے۔ تبرکات کو ضائع کیا۔ اس انقلاب کے ساتھ بنو اسمٰعیل کا مکمل غلبہ ہو گیا اور پھر نظام مکہ کو سنبھال لیا۔ (البدایہ والنہایہ صفحہ ۲۴ ج ۲۔ شہر المصطفیٰ صفحہ ۲۶ ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## چشمۂ زمزم کا دوبارہ ظہور

زمزم کو بند پڑے عرصہ گزر گیا تھا۔ جناب عبد المطلب کا زمانہ آیا۔ آپ کو بذریعہ خواب زمزم شریف کھولنے کا حکم دیا گیا۔ نشانات بتا دیے گئے۔ خواب میں کسی نے کہا احفر برّہ برّہ کھودو تو آپ نے پوچھا برہ کیا ہے تو خواب میں آنیوالا غائب ہو گیا۔ دوسری رات پھر کسی نے کہا احفر مضنونہ مضنونہ کھودو جناب عبد المطلب نے پوچھا وہ کیا ہوتا ہے وہ شخص پھر غائب ہو گیا تیسرے روز پھر یہی شخص ملا اور کہا احفر طیبہ طیبہ کھودو عبد المطلب نے کہا وہ کیا ہے۔ خواب میں آنے والا شخص پھر غائب ہو گیا۔ اگلے دن خواب میں پھر وہی شخص آیا اور کہا احفر زمزم زمزم کھودو۔ عبد المطلب نے پوچھا زمزم کیا ہے تو اس نے جواب دیا لا تنزف ابداً وہ کنواں ہے جس کا پانی ختم نہیں ہو گا تسقی الحجیج الاعظم لاتعداد حاجیوں کو سیراب کرتا ہے۔ جب عبد المطلب نے یہ خواب قریش کو سنائی تو انہوں نے مخالفت کی۔ آپ نے مخالفت کی پروا کیے بغیر بتائی گئی جگہ کو کھودنا شروع کر دیا۔ تین دن کی محنت شاقہ کے بعد کنوئیں کا

Marfat.com

کنارہ مل گیا۔ عبد المطلب نے اپنا مقصود پالیا۔ یہیں سے بنو جرہم کا خزانہ بھی مل گیا جو انہوں نے مکہ مکرمہ سے جاتے ہوئے یہاں پھینک دیا تھا۔ یہ خزانہ سونے کے دو ہرنوں متعدد تلواروں اور قیمتی زرہوں پر مشتمل تھا۔ قریش نے پھر جھگڑا کیا کہ ہمیں بھی حصہ دار بنایا جائے مگر عبد المطلب نہ مانے۔ متفقہ طور پر طے ہوا کہ بنی سعد کی کاہینہ کا فیصلہ سب کو تسلیم ہوگا۔ حسبِ اتفاق عبد المطلب سمیت متعدد افراد اس خاتون کے ہاں چلے راستہ طویل تھا۔ عبد المطلب کے ہاں اپنا پانی ختم ہوگیا۔ ان سے پانی مانگا انہوں نے زمزم میں حصہ دار بناتے نہیں ہو اور یہاں ہم سے پانی مانگتے ہو۔ آپ پریشان ہوئے چلنے کے لیے اپنی اونٹنی کو اٹھایا تو نیچے سے چشمہ ظاہر ہوگیا اس کمال کو دیکھ کر قریش نے ہتھیار ڈال دیے

## زمزم کے اسمائے گرامی

زمزم، ہزمۃ جبریل، سقیا اللہ، برکۃ، سیّدہ، نافعہ، مضنونہ، عونہ، بشریٰ، صافیہ، دبوہ، عصمہ، سالمہ، میمونہ، مبارکہ، کافیہ، عافیہ، مغذیہ، طاہرہ، مفداۃ حرمیہ، مرویہ، مونسہ، طعام طعم، شفاء سقم، طیبہ، تکتم، شباعۃ العیال، شراب الابرار، قریۃ النمل، نقرۃ الغراب، ہزمۃ اسماعیل، حفیرۃ العباس (شفاء الغرام ص۲۵۱ ج ۱، جامع اللطیف ص۲۷۲)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## فضائل زمزم شریف

★ ابن حبان نے ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا روئے زمین کے پانیوں سے بہتر پانی زمزم ہے۔

Marfat.com

★ زمزم کا پانی ۱۵ شعبان کی رات کو کسی وقت بھی میٹھا اور ٹھنڈا ہو جاتا ہے ۔

★ زمزم کا پینا سکون روح کا باعث ہے اور مقوی قلب بھی ، اس کے پینے کے بعد کی گئی دعا قبول ہوتی ہے ۔"

★ سیدنا ابن عباس نے فرمایا نیکوں کی شراب پیا کرو عرض کی وہ کیا ہے فرمایا زمزم کا پانی

★ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر کوئی کسی کو تحفہ دے تو زمزم کا پانی پلایا جائے سیّدہ عائشہ صدیقہ اس پانی کو توبل میں لے جاتی تھیں ۔حضور صلی اللہ علیہ وسلم مشکیزے میں یہ پانی لے کر بیماروں پر اُنڈیلتے ۔ (شفاء الغرام ص۲۵۵)

★ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا زمزم جس غرض کے لیے پیا جائے وہ پوری ہو گی ۔

★ زمزم کے پانی کو دیکھنا نظر کو تیز کرتا ہے ۔ گناہوں کو دور کرتا ہے ۔ تین چُلّو سر سر پر ڈالنے والا رسوائی سے محفوظ رہتا ہے ۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد والہ وصحبہ وسلم

★ عکرمہ بن خالد فرماتے ہیں میں ایک رات زمزم پر بیٹھا تھا ۔سفید لباس پہنے ایک جماعت آئی انہوں نے طواف کیا پھر زمزم شریف پر آئے پانی پیا ۔ میں نے ارادہ کیا پوچھوں یہ کون ہیں کہاں سے آئے ہیں تو وہ اسی لمحہ غائب ہو گئے ۔

★ سیدنا ابو ذر فرماتے ہیں میں مسلسل چودہ دن مکہ مکرمہ رہا ۔میرے پاس زمزم کے علاوہ کوئی شے نہ تھی ۔ یہی مقدس پانی پیتا رہا اور قطعی طور پر کسی قسم کی کمزوری ، بھوک محسوس نہیں ہوئی ۔

★ صاحب جامع اللطیف نے ایک شخص کا واقع نقل کیا ہے کہ وہ مسلسل تین دن مکہ مکرمہ رہا ۔ زمزم پر ہی اکتفا کرتا رہا اور وہ زمزم پیتے تازہ دودھ کی کیفیت محسوس کرتا رہا جب پیتا تو دودھ ہوتا وضو کرتا تو پانی ۔

Marfat.com

- حافظ ذہبی طبقات میں نقل کرتے ہیں کہ خطیب بغدادی نے حج کے موقع پر تین مرتبہ زمزم پیا اور تین ہی دعائیں کیں ۔ دعائیں حسب ذیل تھیں ۔

۱۔ تاریخ بغداد پر عبور ہو

۲۔ جامع منصور میں استاد حدیث ہو جاؤں ۔

۳۔ بشر حافی کے پہلو میں دفن کیا جاؤں یہ ان کی تینوں دعائیں قبول ہوئیں ۔

- علامہ سبکی علیہ الرحمۃ فرماتے ہیں ۔ محمد بن اسحاق بن خزیمہ سے کہا گیا اس قدر علم کیسے حاصل کیا ۔ انہوں نے کہا حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ زمزم جس مقصد کے لیے پیا جائے پورا ہوتا ہے ۔ میں نے جب بھی پیا علم نافع کی دعا کی ۔

- شیخ الاسلام ابن حجر فرماتے ہیں میں نے زمزم شریف پی کر دعا کی اے اللہ مجھے علم حدیث میں ذہبی جیسی ذہانت عطا فرما ۔ الحمد للہ میں اپنے اندر کہیں زیادہ فضل محسوس کرتا ہوں ۔ یہ زمزم کی برکت ہے ۔

- امام شافعی فرماتے ہیں میں نے زمزم شریف تین مقاصد کے لیے پیا ہے ۔ (۱) علم کے لیے (۲) تیراندازی کے لیے (۳) جنت کے لیے ۔ دو مقاصد پورے ہو گئے ہیں جنت مل جائے گی ۔ انشاء اللہ ۔

- ابو عبداللہ الہروی فرماتے ہیں میں سحری کے وقت حرم شریف میں تھا ۔ ایک بزرگ آئے انہوں نے زمزم پیا ان کا بچا کھچا میں نے بھی پی لیا وہ مجھے مزیدار ستو محسوس ہوئے ۔ دوسری رات پھر وہ آئے میں بھی ان کے پیچھے چلا گیا ۔ انہوں نے ڈول کھینچا پانی پیا میں نے بھی بچا ہوا پی لیا جو مجھے شہد جیسا محسوس ہوا تیسری رات وہ پھر آئے انہوں نے زمزم پیا پھر میں نے ان کا بچا ہوا پی لیا جو مجھے دودھ جیسا محسوس ہوا ۔ میں نے پوچھا آپ کون ہیں تو کہا اگر میری زندگی تک یہ راز نہ بتائے تو بتا سکتا ہوں میں نے یہ شرط تسلیم کر لی ۔

Marfat.com

انہوں نے کہا مجھے سفیان ثوری کہتے ہیں۔

- زمزم کا پینا بخار کو دور کرتا ہے۔
- دردِ سر کو زائل کرتا ہے۔
- شعبان کی ۱۵ کو یہ پانی معمول سے کہیں زیادہ بڑھ جاتا ہے۔
- علامہ فاسی فرماتے ہیں ایک مکی آدمی روم میں جا کر گرفتار ہو گیا اسے بادشاہ کے سامنے پیش کیا گیا۔

بادشاہ ـــ تو کس جگہ سے آیا ہے

مکی ـــ میں مکہ مکرمہ سے آیا ہوں

بادشاہ ـــ تو ہزمہ جبریل کو جانتا ہے

مکی ـــ جی ہاں اچھی طرح سے

بادشاہ ـــ تو برہ کو جانتا ہے

مکی ـــ جی ہاں اچھی طرح سے

بادشاہ ـــ ان ناموں کے علاوہ بھی اس کا کوئی نام ہے

مکی ـــ جی ہاں اسے زمزم کہتے ہیں

بادشاہ ـــ ہاں ٹھیک ہے اس کا ذکر کتابوں میں بھی ہے اگر کوئی شخص اس پانی کے تین چلو سر پہ ڈال لے تو وہ ذلیل و رسوا نہیں ہو گا۔

- زمزم کا پانی اور جہنم کی آگ اکٹھے نہیں ہوں گے جس کے پیٹ میں زمزم گیا آگ نہیں جلائے گی۔ (جامع اللطیف ص۲۶۳ تا ۲۸۲)

وَصَلَّی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

**میرے والد گرامی کو شفا ملی:** میرے والد گرامی حضرت پیر شاہ چراغ

Marfat.com

علیہ الرحمۃ گھٹنوں ہیں درد کے مریض تھے ۔ میں عرض کیا کہ تا آپ حج پر حاضری دیں تو فرماتے گھٹنوں کے درد میں مبتلا ہوں طواف کیسے ہوگا ۔ اتنا لمبا سفر کس طرح کرونگا منیٰ ۔ عرفات ۔ مزدلفہ کی حاضری کیسے ہوگی ۔ میں نے عرض کی آپ حاضری دیں درد ختم ہو جائے گی ۔ مان گئے درخواست دیدی گی جو منظور ہوگئی ۔ حج کے دن قریب تھے ۔ سیدھے حرم شریف میں حاضری ہوئی ۔ طواف اور سعی میں پہلی مرتبہ خاصی دشواری ہوئی ۔ عمرہ سے فارغ ہو کر مکان میں صبح شام زمزم کا استعمال کیا مجھے یقین تھا شفا ہو گی کہ سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے شفا فرمایا ۔ منیٰ ۔ عرفات ۔ مزدلفہ کے سفر سے پہلے ہی قدرت نے والدِ گرامی کو شفا فرما دی ۔ تمام امورِ حج بآسانی خود انجام دے کر واپس سا ہی وال پہنچ کر ۱۵ سال تک حیات رہے مگر یہ درد نہیں ہوئی ۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## مومنین کی روحیں اور چشمۂ زمزم

مجاہد بن یحییٰ بلخی فرماتے ہیں کہ مکہ مکرمہ میں ایک خراسان کا باشندہ رہتا تھا وہ بڑا عابد زاہد شب زندہ دار شخص تھا ۔ دن کو قرآن پاک پڑھتا ساری رات طواف کرتا ساٹھ سال سے مقیم تھا ایک اور صالح اور اس خراسانی کے درمیان دوستی تھی ۔ اس صالح مرد نے اپنے خراسانی دوست کو دس ہزار دینار بطور امانت دیے اور سفر پر چلا گیا یہ سفر سے واپس پہنچا تو پتہ چلا اس کا خراسانی دوست فوت ہو چکا ہے یہ اس کے وارثوں کے پاس گیا اور اپنی امانت مانگی ۔ انہوں نے لاعلمی کا اظہار کیا اس صالح شخص نے فقہاء مکہ سے اس واقعہ کا ذکر کیا انہوں نے کہا ہمیں امید ہے تیرا خراسانی دوست جنتی ہوگا تو آدھی رات کے بعد چشمہ زمزم پر جا کر اندر جھانک کر آواز دینا او خراسانی میں امانت والا ہوں وہ تجھے جواب دے دے گا اس نے

ایسا ہی کیا مگر چشمہ زمزم سے جواب نہ آیا سارا واقعہ علماء مکہ سے ذکر کیا۔ انہوں نے افسوس کیا اور کہا ڈر ہے تیرا دوست جہنمی ہے اگر وہ جنتی ہوتا تو اس کی روح بھی یہاں ہوتی اب تو یمن میں بیئرہوت کنوئیں پر جاکر اسی طرح بلا۔ تیرا دوست جواب دے گا وہ کنواں جہنم کے کنارے پر ہے وہاں جہنمیوں کی روحیں اکٹھی ہوتی ہیں چنانچہ یہ یمن گئے وہ بیر ہہوت پر پہنچ کر آواز دی اے خراسانی میں صاحب امانت ہوں تو وہاں روحوں کو چیختے سُنا ایک سے پوچھا کیوں عذاب میں مبتلا ہے اس نے کہا میں ظالم تھا حرام کھاتا تھا ملک الموت نے مجھے یہاں پھینک دیا ہے۔ دوسری روح نے کہا میں عبد الملک بن مروان کی روح ہوں ظلم کی وجہ سے یہاں عذاب میں ہوں۔ یہ مرد صالح کہتے ہیں میں نے تیسری آواز سنی یہ میرے دوست کی تھی میں نے پوچھا یہاں کیسے تو عابد و زاہد تھا۔ خراسانی نے کہا میری ایک معذور بہن تھی جس سے میں نے لاپرواہی اور قطع رحمی کی اسی وجہ سے ساری عبادات تباہ ہوگئیں اور مبتلاء عذاب ہوں اس نے پوچھا میری امانت کہاں ہے۔ خراسانی نے کہا میرے مکان کے فلاں کونے میں مدفون ہے جاکر نکال لو یہ مرد صالح صبح کو خراسانی کے مکان پر گیا وہاں سے دفینہ نکالا اور پھر یمن میں اس کی بہن کے پاس پہنچا۔ اس کی ضروریات پوری کیں وہ خوش ہوگئی یہ مرد صالح واپس مکہ شریف آیا پھر زمزم پر گیا آواز دی خراسانی نے جواب دیا کہ میں اب امن میں ہوں اور بیئرہوت سے نجات مل گئی اب چشمہ زمزم پر ہوں۔

(جامع اللطیف ص۲۷)

وصلی اللہ تعالیٰ علی محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## نتائج

اس واقعہ سے مندرجہ ذیل نتائج اخذ کیے جاسکتے ہیں۔

Marfat.com

- مومنین کی روحیں چشمۂ زمزم پہ کفار کی بیئر بہوت پہ اکٹھی ہوتی ہیں۔
- عالم خلق اور عالم برزخ میں رابطہ رہتا ہے
- عالم خلق میں رہنے والا عالم برزخ کے باسی سے بات کر لیتا ہے۔
- قطع رحمی سے اعمال بے کار ہو جاتے ہیں۔
- حقوق العباد سے لاپرواہی عذاب کا سبب بنتی ہے
- موت فنا کا نام نہیں بلکہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونے کا نام ہے۔
- برزخ والوں سے خلق کے مسائل حل ہوتے ہیں۔
- پچھلوں کے کام میّت کو فائدہ دیتے ہیں۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد والہ وصحبہ وسلم

## زمزم پینے کے آداب

- برتن دائیں ہاتھ میں لے قبلہ رُخ ہو کر تین سانس میں پیئے
- سیدنا عبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا آپ کھڑے ہو کر پانی پی رہے تھے۔
- سیدنا عبداللہ ابن عباس زمزم پیتے وقت یہ دعا پڑھا کرتے اَللّٰھُمَّ اِنی اسئلك علما نافعا و رزقا واسعا وشفاء من کل داءٍ۔
- سیدنا علی المرتضٰے رضی اللہ عنہ سے ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم زمزم کے کنوئیں پہ تشریف لائے آپ کو زمزم پیش کیا گیا آپ نے وضو فرمایا۔
- حضرت طاؤس رضی اللہ عنہ سے ہے۔ آپ نے زمزم شریف کے ڈول سے کچھ پانی پیا۔ کچھ کلی پھینک کر چاہ زمزم میں ڈلوا دیا۔

Marfat.com

◆ سیدعبداللہ ابن عباس فرماتے ہیں ہم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چاہ زمزم پہ آئے آپ نے پانی طلب فرمایا میں نے ڈول نکال کر سامنے رکھ دیا۔ حضور علیہ السلام نے بسم اللہ شریف پڑھ کر پیا پھر سر اٹھایا الحمد للہ پڑھا تیسری مرتبہ پھر ایسے ہی کیا۔
(تاریخ مکہ صد ۲۰۲، ج ۲)

◆ حضرت سوید فرماتے ہیں کہ عبداللہ بن مبارک نے زمزم پیا پھر کعبہ شریف کی طرف منہ کر کے دعا کی اے اللہ میں نے زمزم اس نیت سے پیا ہے کہ میدان قیامت میں پیاس سے نجات مل جائے تو میرے اس مقصد کو پورا فرما دے۔
(جامع اللطیف صد ۱۷۱)

◆ زمزم شریف دنیا بھر میں لے جایا جاتا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سہیل بن عمر کو پیغام دیا کہ زمزم شریف جلد پہنچا دیں (تاریخ مکہ صد ۲۰۳)

◆ ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا حج پہ جائیں تو زمزم لائیں۔

◆ حضرت کعب زمزم شریف پیتے اور کچھ جسم پہ ڈال لیتے۔ سیدنا امیر معاویہ زمزم شریف پیتے اور بچا ہوا کپڑوں پہ ڈال لیتے۔ (تاریخ مکہ صد ۲۰۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## ملتزم کی فضیلت

حجر اسود اور کعبہ شریف کے دروازہ کی درمیانی جگہ کا نام ملتزم ہے یہ بھی ان مقدس مقامات میں سے ایک ہے جہاں دعا قبول ہوتی ہے یہ حصہ قریباً چھ فٹ ہے

◆ ابن عباس رضی اللہ عنہ سے ہے۔ سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول مادعا أحد بشیٔ فی ھذا الملتزم الا استجیب لہ۔ کوئی ایسی دعا نہیں جو ملتزم کے پاس کی جائے اور وہ قبول نہ ہو۔ (جامع اللطیف صد ۴۴)

Marfat.com

- عمر بن دینار فرماتے ہیں ملتزم کے پاس میں نے جو بھی دعا کی قبول ہوگئی۔ حمیدی ابو الحسن، محمد بن حسن، ابو اسامہ، حسن بن رشیق، ابو علی، جار اللہ سبھی نے اپنا تجربہ بتایا ہے کہ یہاں پر کی گئی دعا قبول ہوتی ہے (جامع اللطیف ص۴۲)
- یاقوت حموی کہتے ہیں اسے ملتزم کہنے کی وجہ یہ ہے یہاں پر دعا لزوم کے ساتھ قبول ہوتی ہے۔ (اللطیف ص۴۴)
- سیدنا آدم علیہ السلام نے طواف سے فارغ ہو کر یہاں پر کھڑے ہو کر دعا مانگی
- سیدنا عبداللہ ابن عباس نے اپنا سینہ دیوار اطہر سے لگائے ہاتھ پھیلائے اور فرمایا اس طرح میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## زمزم کا پانی آب کوثر سے افضل ہے

شیخ الاسلام سراج الدین بلقیسی نے فرمایا زمزم کا پانی آب کوثر سے افضل ہے کہ معراج کی شب شق صدر کے موقع حضور علیہ السلام کا سینہ مبارک زمزم سے دھویا گیا اور یہ غسل تمام پانیوں سے افضل پانی سے ہی دیا جا سکتا تھا (جامع اللطیف ص۲۶۸)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## زمزم سے شفا ہوئی

حمزہ بن واصل اپنے والد گرامی سے ایک واقعہ نقل کرتے ہیں حرم انور میں ایک آدمی نے ستو کھلائے ان میں سوئی تھی وہ حلق میں چبھ گئی۔ یہ آدمی موت و حیات کی کشمکش میں ہے لاکھ جتن کیے گئے آرام نہ ہوا۔ اس نے کہا اس کا آخری علاج یہ ہے زمزم پلاؤ صحت ہو جائے گی چنانچہ زمزم پینے کی برکت سے اسے شفا ملی۔

Marfat.com

وہ کہتے ہیں میرے والد نے اس آدمی کو کئی دن بعد دیکھا۔ حرم میں مزے سے رہ رہا ہے اور مکمل صحت یاب ہے۔ (شفاء الغرام ص ۲۵۶، ج ۱۔ کتاب الاعلام ص ۴۴، جامع اللطیف ۲۶۵)

ایک یمنی جو استسقاء کے مرض میں مبتلا تھا اسے یمن کے طبیبوں نے لاعلاج قرار دے دیا مکہ مکرمہ پہنچا یہاں کے طبیبوں نے معذرت کر دی اور اللہ تعالیٰ نے اس کے دل میں زم زم پینے کی خواہش پیدا کر دی اس نے پیٹ بھر کر زم زم پیا قدرت نے شفا بخش دی۔ (شفاء الغرام ص ۲۵۵، ج ۱، جامع اللطیف ص ۲۶۵)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## حطیم شریف

سیدنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہے الحطیم الجدار حطیم کا معنی دیوار کا ہے یعنی کعبہ کی دیوار۔ ابتداءً کعبہ شریف کی وسعت یہاں تک تھی پھر قریش نے مالی کمزوری کے باعث کم کر دی۔ امام ازرقی فرماتے ہیں سیدنا ابراہیم علیہ السلام نے حضرت ہاجرہ کو اسی مقام پہ بٹھایا تھا۔ ام المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس دیوار کے بارے میں حضور علیہ السلام سے سوال کیا کہ یہ حصہ بیت اللہ شریف میں شامل ہے؟ فرمایا ہاں شامل ہے۔ ام المؤمنین نے عرض کی اسے داخل کعبہ کیوں نہ کر لیا گیا جواباً فرمایا حلال طیب رقم ناکافی ہونے کے باعث اس حصہ کو چھوڑ کر باقی تعمیر کر لی گئی۔

● ایک موقعہ پر ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے دربار رسالت میں عرض کی حضور کعبہ شریف کے اندر نماز پڑھنا چاہتی ہوں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ام المؤمنین کو حطیم میں لا کھڑا کیا اور فرمایا جب جی چاہے یہاں نماز پڑھ لیا کرو۔ یہ کعبہ کا ہی حصہ ہے۔

(ترمذی شریف ص: ۲۲۱، ج ۱)

Marfat.com

◆ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور علیہ السلام نے فرمایا حطیم کے دروازہ پر ایک فرشتہ اعلان کر رہا ہے جس نے حطیم کعبہ میں دو نفل پڑھے اس کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں ۔ (تاریخ مکہ ص ۲۳۳)

◆ ایک مرتبہ سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ میزابِ رحمت کے نیچے کھڑے ہو کر حاضرین سے فرمایا میں اب جنت کے دروازہ پر کھڑا ہوں ۔

◆ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میزاب کے نیچے کھڑے ہو کر کی گئی دعا قبول ہوتی ہے ۔

◆ سیدنا عمر بن عبد العزیز رضی اللہ عنہ نے حطیم میں کھڑے ہو کر فرمایا ایک مرتبہ سیدنا اسمٰعیل علیہ السّلام نے شدید گرمی کا شکوہ کیا وحی آئی اسمٰعیل میں تیرے لیے جنّت کے دو دروازے حطیم میں کھول دوں گا ۔ (اخبار مکہ ص : ۲۲۱)

◆ اعلیٰ حضرت مولانا احمد رضا خاں علیہ الرحمۃ نے اپنے مشہور قصیدہ معراجیہ میں میزاب اور حطیم کا اس طرح ذکر فرمایا ہے ۔

یہ جھوما میزابِ زر کا جھومر آ رہا کان پہ ڈھلک کر
پھوہار برسی تو موتی جھڑ کر حطیم کی گود میں بھرے تھے

◆ حطیم شریف کی مرمت و تجدید میں مندرجہ ذیل خوش نصیبوں نے اپنے اپنے وقت میں حصہ لیا ۔

◆ خلیفہ ابو جعفر منصور ۔ خلیفہ المہدی العباسی ۔ خلیفہ المتوکل علی اللہ ۔ خلیفہ المعتضد باللہ ۔ وزیر جمال الدین جواد ۔ خلیفہ الناصر العباسی ۔ خلیفہ المستنصر ۔ ملک منظفر ۔ ملک الناصر ۔ ملک اشرف علی ۔ ملک الظاہر ۔ القائد علاء الدین ۔ امیر زین الدین سودون المحمدی ۔ سلطان جقمق ۔ سلطان قائتبائی ۔ سلطان الغوری ۔ سلطان سلیمان خاں ۔ سلطان مراد خاں ۔ سلطان محمد خاں ۔ سلطان عبد المجید خاں ۔ سلطان عبد العزیز

Marfat.com

شریف حسین ابن علی ۔ شاہ خالد بن سعود ۱۴۰۱ ہجری سے لے کر ۱۳۹۶ ہجری تک یہ تعمیر و تجدید جاری رہی ۔ (تاریخ مکہ ص ۲۳۸)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## حرّیتِ ہاجرہ رضی اللہ عنہا

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ سیدنا ابراہیم سیدنا اسمٰعیل علیہم السلام سیدہ سارہ رضی اللہ عنہا، آبادی مکہ مکرمہ ، زم زم شریف کے ذکرِ خیر کے ساتھ ہی سیدہ ہاجرہ رضی اللہ عنہا پر یہودیوں کی طرف سے ہونے والے بے جا اعتراض کا بھی تجزیہ کر لیا جائے ۔ متعصب قسم کے یہود نے محض تعصب کی بنا پر سیدہ ہاجرہ رضی اللہ عنہا کو لونڈی کہا ہے ۔ اس مسئلہ پر یہود نے زور اس لیے دیا ہے کہ سیدنا اسماعیل علیہ السلام کو کنیز زادہ ثابت کر کے حضور سید عالم علیہ السلام کی شخصیت کو مطعون کر سکیں اور یہ بتایا جائے کہ سیدنا اسمٰعیل وراثتِ ابراہیمی میں برابر کے شریک نہیں ۔ اسلامی کتب تو حرّیتِ ہاجرہ کے عنوان سے بھری پڑی ہیں یہاں مخالفین کے ہی چند حوالہ جات پر اکتفا کیا جاتا ہے ۔

- عربی توراۃ پراشہ ۱۶ پشوق ۳ میں واضح موجود ہے کہ ہاجرہ ابراہیم علیہ السلام کی بیوی تھیں نہ کہ لونڈی کہ ہاجرہ کی نسبت وہی لفظ آیا ہے جو حضرت سارہ کی نسبت تھا ۔ ایشیا، (بیوی)

- عبرانی صحیفہ بریشلات ۱۶ میں ہاجرہ کی نسبت لفظ "شفحہ" موجود ہے جس کا معنیٰ خاندانی شخص ، شہزادہ یا شہزادی کے ہیں ۔

- تفسیر مسٹر ہارون جلد ۳ صفحہ ۴ میں ہے آپ کی دوسری بیوی ہاجرہ حرم کہلائیں یہودیوں کے عظیم مفسر توریت "ابی شلوملو" کتاب پیدائش کی تفسیر میں حضرت

Marfat.com

ہاجرہ کی نسبت لکھتے ہیں بث بوعه هايشا كثيرًا نسيم شنعته سارہ مرتاب شيتها بئ شفحه بيت زہ ولو كبيرہ بيت اخيرہ وہ شہزادی تھی جب بادشاہ نے سارہ کی کرامت دیکھی تو بولا کہ میری بیٹی کا اس گھر میں خادمہ ہونا دوسرے گھر میں ملکہ ہونے سے بہتر ہے (البراہین الباہرہ فی حریت الہاجرہ ص۲۲۲) آئینہ حق ص۱۱۱۔ مفسر توراۃ کی اس واضح تحریر کے بعد اعتراض کی گنجائش تو نہیں تاہم قدرے مزید وضاحت ہے۔ عبرانی زبان میں غلام لونڈی کے لیے مختلف الفاظ موجود ہیں جو غلام یا لونڈی جنگ سے بطور غنیمت ملے اسے "شیبوت" کہتے ہیں جو رقم سے خریدا جائے اسے "مقنت کستف" کہتے ہیں۔ جو بچے غلام لونڈی سے پیدا ہوں انہیں "یلید بایت" کہتے ہیں۔ تمام عبرانی توراۃ میں سیدہ سارہ کے لیے کوئی ایک لفظ بھی استعمال نہیں کیا گیا۔

یکذ قال قاضی منصور پوری فی کتابہ المشہور رحمۃ للعالمین۔

سوال: عبرانی تورات میں موجود ہے حضرت سارہ نے حضرت ہاجرہ سے "اُمتی" میری کنیز کہا ہے۔

جواب: متعدد بیویوں کا ایک دوسری کو ایسے لفظ استعمال کرنا حجت نہیں بن سکتا کہ ایک سوکن، دوسری کو ناراضگی میں یہی کہہ سکتی ہے۔

● علامہ ابن ہشام نے کتاب التیجان میں، ابن قتیبہ نے کتاب المعارف میں لکھا ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام اور حضرت سارہ حران سے چل کر سرزمین اردن پہنچے تو یہاں صادق نامی بادشاہ تھا جب اس نے بی بی سارہ پر دست درازی کا ارادہ کیا اور ناکام رہا تو اس نے سیدہ سارہ کی کرامت دیکھ کر اپنی بیٹی ہاجرہ کو ابراہیم کے حوالے کر دیا' آئینہ حق ص۱۱۲۔

Marfat.com

◆ اس عنوان پر مزید تحقیق مطلوب ہو تو ہماری کتاب آئینہ حق کا مطالعہ مفید رہے گا لفظ ہاجرہ عبرانی لفظ" ہاغاز" ہے ، اجنبی بیگانہ کے معنی میں بولا جاتا ہے یہ فرعونِ مصر کی شاہزادی تھی۔ بادشاہ نے سارہ کی کرامت سے متاثر ہو کر حضرت ہاجرہ کو ابراہیم علیہ السلام کی ذریت کے لیے وقف کر دیا۔ یہود کی معتبر تاریخ سفر ایشیا میں ہے کہ ہاجرہ فرعون کی بیٹی تھی۔ سید سلیمان اور کتاب الہدیٰ کے مؤلف نے بھی یہی لکھا ہے۔ امام سہیلی نے ارض الانف میں لکھا ہے سیدہ ہاجرہ مصر کے قبطی بادشاہوں میں سے ایک بادشاہ کی شہزادی تھیں۔ ارض القرآن ص ۲۸ ۔کتاب الہدیٰ ص ۴۷ ۔ ارض الانف ص ۱۱ بحوالہ تاریخِ مکہ ص ۸ ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## رکن یمانی

ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حجرِ اسود اور رکن یمانی کا استلام کبھی ترک نہیں کیا۔ رکن عراقی اور شامی کا استلام نہیں فرمایا (بخاری شریف ص ۲۱۶ ، ج ۱ ۔ مسلم ص ۴۱۲ ، ج ۱)

◆ بیت اللہ شریف کے چاروں کونے ارکان کہلاتے ہیں۔ حجر اسود ۔ رکن عراقی رکن شامی ۔ رکن یمانی ۔ امام کیتھلی فرماتے ہیں یہ کونہ تعمیر کرنے والا ابی بن سالم یمانی تھا اس لیے یہ یمانی مشہور ہوا۔ سیدنا خلیل علیہ السلام نے جو تعمیر فرمائی وہ ان چاروں ارکان پر مشتمل تھی اور آپ ہر کونے کا استلام فرماتے تھے۔ تعمیر قریش میں مالی کمی کے باعث یہ کونے شامل بیت اللہ نہ ہو سکے اور دیوار کر کے نشان قائم کیا گیا اسی دیوار کو حطیم کہتے ہیں۔

◆ حضور سید عالم نے فرمایا رکن یمانی پر ستر فرشتے مقرر ہیں جو شخص رکن

Marfat.com

یمانی پر پہنچ کر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھم انی اسئلک العفو و العافیۃ فی الدنیا والاخرۃ ربنا آتنا فی الدنیا حسنۃ و فی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار۔ تو یہ ستر فرشتے اس کی دعا پر آمین کہتے ہیں۔ ۵۵۹ھ میں زلزلہ کے باعث رکنِ یمانی کو نقصان پہنچا جسے بعد میں مرمت کر دیا گیا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہٖ وصحبہ وسلم

## میزابِ رحمت


بیت اللہ شریف کی چھت کے پرنالہ کو میزاب رحمت کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ چھت کا پانی حطیم میں گرتا تھا۔ اس پرنالے کو متعدد مرتبہ تبدیل کیا گیا۔ ولید بن عبد الملک نے اولاً لکڑی پر چاندی چڑھائی پھر باہر اور سونا چڑھا دیا۔ ۵۲۰ھ میں ابو القاسم نے میزاب نصب کیا۔ ۵۴۱ھ میں خلیفہ المکتفی باللہ نے خدمات انجام دیں۔ ۱۰۲۱ھ میں سلطان احمد خاں نے چاندی کا میزاب بھیجا۔ اس کے بعد سلطان عبد المجید خان نے قسطنطنیہ میں سونے کا میزاب بنوایا۔ ۱۲۷۶ھ میں رضا پاشا کے ہاتھ بھیج کر کعبہ شریف میں نصب کر دیا۔ یہی آج تک موجود ہے۔ (تاریخ مکہ ص ۲۳۸، ج ۲۔) حطیم کا ذکر گزر چکا ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہٖ وصحبہ وسلم

## عظمتِ سیّدنا اسمٰعیل علیہ السلام


مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان یہ مسئلہ بھی اختلافی پہلو رکھتا ہے کہ اسحاق و اسمٰعیل علیہم السلام میں عظمت کسے حاصل ہے اور اکلوتا بیٹا کون ہے۔ ہم تو قائل ہیں ہی۔ عظمت اسماعیل علیہ السلام کا ذکر توراۃ و زبور سے بھی ملتا ہے مثلاً

Marfat.com




عرفات کے میدان میں مسجدِ نمرہ

Marfat.com




مسجد عائشہؓ، یہ مسجد تنعیم میں ہے

Marfat.com




منیٰ کے راستہ میں "جبل نور"

منیٰ میں مسجد خیف



Marfat.com




جبلِ نور پر واقع "غارِ حرا" کے سامنے عقیدت مند نفل ادا کر رہے ہیں

Marfat.com

- اور خداوند کے فرشتہ نے اس سے کہا کہ تو حاملہ ہے اور تیرے بیٹا ہوگا اس کا نام اسمٰعیل رکھنا۔ اس لیے کہ خداوند نے تیرا دکھ سن لیا۔ پیدائش ۱۶/۱۱
اس درس میں جہاں سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کی عظمت کا ذکر ہے وہاں سیدہ ہاجرہ کا شرف بھی واضح ہے کہ آپ کی گفتگو فرشتہ سے ہوئی تھی اور فرشتہ عموماً حاضری میں رہتا تھا۔

- دوسری جگہ اس طرح ذکر ہے " اور خداوند نے اس لڑکے کی آواز سنی اور خدا کے فرشتہ نے آسمان سے ہاجرہ کو پکارا اور اس سے کہا اے ہاجرہ تجھ کو کیا ہوا مت ڈر"۔ ۲۱/۱۷۔

- تیسری جگہ اس طرح ذکر ہے " اسمٰعیل علیہ السلام کا نام فرشتہ کے ذریعہ ان کی والدہ نے رکھا" پیدائش ۱۶/۱۱۔ یہ شرف سیدنا اسحاق علیہ السلام کو حاصل نہیں۔

- چوتھی جگہ اس طرح ہے " اسمٰعیل کے حق میں نے تیری دعا سنی دیکھ میں اسے برکت دوں گا اور اسے آبرومند کروں گا اور اسے بہت بڑھاؤں گا اور اس سے بارہ سردار ہوں گے اور میں اسے بڑی قوم بنا دوں گا"۔ پیدائش ۱۷/۲۰۔

- پانچویں جگہ پر سیدنا اسمٰعیل علیہ السلام کا ذکر اس طرح موجود ہے اور " ابیجیل سے عماسا پیدا ہوا اور عماسا کا باپ اسمٰعیل تھا" تواریخ ۲/۱۷۔ اس درس کو بغور دیکھنے سے واضح ہوتا ہے اسحاقیوں کی بیٹیاں اسمٰعیلیوں کے گھر تھیں۔

- پانچویں جگہ پر اسحاق و اسمٰعیل علیہما السلام دونوں کا ذکر خیر اس طرح ہے" اور اس کے بیٹے اسحاق اور اسمٰعیل علیہما السلام نے مکفیلہ کے غار میں جو مرے کے سامنے حتی صخر کے بیٹے عفرون کے کھیت میں ہے اسے دفن کیا۔ پیدائش ۲۵/۹۔ اس درس سے ثابت ہے دونوں بیٹے باپ کی تجہیز و تکفین میں شریک تھے۔

Marfat.com

بنی اسرائیل کا اسمٰعیل علیہ السلام کو الگ کرنا عظیم ظلم ہے۔ اس عنوان پر مزید معلومات مطلوب ہوں تو ہماری کتاب آئینہ حق کا مطالعہ مفید رہے گا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ و بارک وسلم

## ذبیح اسمٰعیل علیہ السلام ہیں

ہمارے اور عیسائیوں کے درمیان یہ ایک مسئلہ بھی متنازعہ فیہ ہے کہ ذبیح اسمٰعیل ہیں یا اسحٰق علیہ السلام۔ عیسائیوں کا دعویٰ ہے کہ ذبیح اسحاق ہیں مگر ہمارا موقف ہے کہ ذبیح حضرت اسماعیل علیہ السلام ہیں۔ اس عنوان پر صرف توراۃ ہی کے حوالوں پر اکتفا مناسب سمجھتا ہوں۔

- ایک جگہ پر اس طرح درج ہے "خداوند کریم فرماتا ہے چونکہ تو نے یہ کام کیا کہ اپنے بیٹے کو جو تیرا اکلوتا ہے۔ دریغ نہ رکھا اس لیے میں نے بھی اپنی ذات کی قسم کھائی ہے کہ میں تجھے برکت پر برکت دوں گا (پیدائش ۲۲/۱۶) اس درس سے واضح ہے کہ ابراہیم علیہ السلام نے اپنے اکلوتے بیٹے کی قربانی پیش کی۔ اب اکلوتا بیٹا کون ہے اسمٰعیل یا اسحٰق علیہما السلام آنے والے دو درسوں سے یہ واضح ہے۔
- دوسری جگہ پر ہے "جب ابراہام سے اسمٰعیل پیدا ہوا تب ابراہام کی عمر چھیاسی برس کی تھی (پیدائش ۱۶/۱۶)
- تیسری جگہ پر یوں ہے "اور اس کا بیٹا اسحٰق اس سے پیدا ہوا تو ابراہام سو برس کا تھا۔ (پیدائش ۲۱/۲۵)

دوسرے اور تیسرے حوالے کو بغور دیکھنے سے مسئلہ واضح ہو جاتا ہے کہ اکلوتے اسمٰعیل ہیں جو ۸۶ برس کی عمر میں سیدنا ابراہیم کو عطا ہوئے اور اسحاق سو برس کی

Marfat.com

عمر میں ملے۔ نیز ذبیح کے نشانات بھی مکہ میں ہی پائے جاتے ہیں۔ قربانی کی سنت بھی یہی دلالت کر رہی ہے کہ مذبح مکہ تھا۔

● چوتھی جگہ پر اس طرح ہے مدیاں اور عیفا کی سانڈنیاں آ کر تیرے گرد بے شمار ہوں گی۔ قیدار کی سب بھیڑیں تیرے پاس جمع ہوں گی۔ نیابوت کے مینڈھے تیری خدمت میں حاضر ہوں گے اور میں اپنے شوکت والے گھر کو جلال بخشوں گا۔ یعیاہ ۶۰/۷ شوکت کے گھر سے مراد بیت اللہ شریف ہے۔ مدیان اور عیفا اسماعیل علیہ السلام کے بھائی ہیں۔ قیدار اسماعیل علیہ السلام کی اولاد ہے جو بڑھ کر قبیلے ہو گئے اور قربانی کے وقت مکہ مکرمہ میں جمع ہوتے ہیں۔ اس درس سے واضح ہے کہ ذبیح اسمٰعیل علیہ السلام تھے جن کی یادگار ان کی اولاد میں آج تک قائم ہے۔

● یہ قصہ مقام موریاہ میں ہوا۔" پیدائش ۲۲/۲۔ موریاہ مروہ کا دوسرا نام ہے۔ پانچویں جگہ پر اس طرح ہے اور تیری اولاد اپنے دشمنوں کے پھاٹک کی مالک ہوگی۔" پیدائش ۲۲/۱۷۔

یہ واضح ہے بنی اسرائیل ہمیشہ دشمنوں سے مغلوب رہے۔ فرعون نے عذاب میں رکھا۔ فقح بن املیا نے ایک لاکھ ۲۲ ہزار اسرائیلی قتل کیے۔ ۲ تواریخ ۲۸/۶۔ بخت نصر نے توراۃ جلائی۔ طیطس نے یروشلم میں ۳۰ لاکھ اسرائیلی تباہ کیے، دقیانوس نے تباہی مچائی۔ بحمدہ تعالیٰ اسماعیلی ہمیشہ غالب رہے۔ تاریخ میں ہونے والی جنگوں کا جائزہ لیں۔ اس عنوان پر مزید وضاحت مطلوب ہو تو ہماری کتاب "آئینہ حق" کا مطالعہ مفید رہے گا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

# سنہ ۸ھ سے سنہ ۱۳۴۳ھ تک مکہ کے حکمران

- سیدنا عتاب بن اسید رضی اللہ عنہ
- سیدنا معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ
- ہبیرہ بن سہل ثقفی رضی اللہ عنہ
- قنفقہ ابن عمیر بن جدعان التیمی
- نافع بن الحارث الخزاعی
- طارق بن الحارث عبدالرحمن بن ابزی

علی بن عدی حارث بن نوفل، عبداللہ ابن خالد عبداللہ ابن عامر الحضرمی۔
ابو قتادہ انصاری، قثم ابن عباس، معبد ابن عباس، الحارث ابن الربیع۔
عتبہ ابن ابی سفیان، خالد بن العاص المخزومی، مروان بن الحکم۔
عمر بن سعید بن عاص، عبدالرحمن بن ابی بکر، خالد بن السعید ابن ابی العیص۔
عمر بن سعید، ولید بن عتبہ، عثمان بن محمد، حارث بن خالد، عبدالرحمن بن زید۔
یحیٰی بن حکیم، عبداللہ بن زبیر، حجاج بن یوسف الثقفی، حارث بن خالد مخزومی۔ خالد بن عبداللہ القسری۔ عبداللہ بن سفیان المخزومی۔ عبدالعزیز بن عبداللہ۔ نافع بن علقمہ، یحیٰی بن حکیم، عمر بن عبدالعزیز۔ خالد بن عبداللہ۔
خالد بن عبداللہ، طلحہ بن داؤد، عبدالعزیز بن خالد، عبدالعزیز بن عبداللہ اموی
محمد بن طلحہ۔ عروہ بن عیاض۔ عبداللہ بن قیس۔ عثمان بن عبداللہ۔ عبدالعزیز بن عبداللہ۔ عبدالرحمن بن ضحاک، عبدالواحد بن عبداللہ النصری۔ عبدالواحد بن عبداللہ، ابراہیم بن ہشام، محمد بن عبداللہ، یوسف بن محمد ثقفی، عبدالعزیز بن عمر، عبدالواحد بن سلیمان، ابو حمزہ الخارجی، ولید بن عروہ، عبدالملک بن محمد

Marfat.com

الولید بن عروہ السعدی، محمد بن عبدالملک، محمد بن علی، داؤد بن علی، العباس بن عبداللہ
زیاد بن عبداللہ الحارثی ۔ الہیثم بن معاویہ العتکی، محمد بن حسن بن معاویہ، السیدی
بن عبداللہ ۔ عبدالصمد بن علی، محمد بن ابراہیم ۔ ابراہیم بن یحییٰ ۔ جعفر بن سلیمان، عبداللہ
بن قثم ۔ محمد بن ابراہیم الامام، عبداللہ بن قثم، حسین بن علی، محمد بن عبدالرحمٰن سفیانی
احمد بن اسماعیل ۔ محمد بن ابراہیم حمادی، سلیمان بن جعفر، عباس بن موسیٰ ۔ عباس بن
محمد، عبداللہ بن محمد ۔ عبداللہ بن قثم، عبداللہ بن محمد ۔ علی بن موسیٰ، فضیل بن عباس، محمد بن
عبداللہ، موسیٰ ابن عیسیٰ، داؤد بن عیسیٰ ۔ حسین بن علی، محمد بن جعفر،
عبداللہ بن حسن، صالح بن عباس، حمدون بن علی، منیر بن محمد، ابراہیم بن موسیٰ،
سلیمان بن عبداللہ ۔ محمد بن سلیمان، عبیداللہ بن عبداللہ، محمد بن سلیمان زینبی، صالح
بن عباس، محمد بن داؤد ۔ محمد بن علی المنصور، علی بن عیسیٰ، عبداللہ ابن محمد ۔ عبدالصمد
بن موسیٰ ۔ شہزادہ العباس، جعفر بن فضیل ۔ اسمٰعیل بن یوسف ۔ اسمٰعیل بن یوسف ۔
عیسیٰ بن محمد ۔ علی بن حسن ہاشمی ۔ ابو احمد طلحہ ۔ ابراہیم بن محمد ۔ محمد بن عیسیٰ بن ابو مغیرہ
الفضل ابن عباس ۔ محمد بن عیسیٰ ۔ محمد بن اسماعیل، محمد بن ابی ساج ۔ احمد بن
طولون ۔ یوسف ابن ابی ساج ۔ ابو عیسیٰ محمد بن یحییٰ ۔ محمد بن المتوکل ۔ ابن محارب
محمد بن طغج ۔ محمد بن عبداللہ العلوی ۔ جعفر بن محمد ۔ ابو الفتوح حسن بن جعفر، شاکر بن
الفتوح، محمد بن جعفر، علی بن محمد، ابن ابی ہاشم، قاسم بن محمد، اصبہید بن سارتکین ۔
فلیقہ بن قاسم، ہاشم بن خلیقہ، قاسم بن ہاشم، عیسیٰ بن خلیقہ، مالک بن خلیقہ ۔
۵۶۶ھ کو صرف آدھا دن برسر اقتدار رہا) داؤد بن عیسیٰ ۔ مکثر بن عیسیٰ، طغتکین
بن ایوب ۔ قتادہ بن ادریس ۔ حسن بن قتادہ ۶۱۹ھ ۔ ملک مسعود ۔ اقباشی ناصری،
نورالدین ۔ عمر بن علی طغتکین الترکی، باجح ابن قتادہ، حسن بن علی بن قتادہ ۔
ابوسعید علی بن قتادہ، جماز بن حسن، راجح بن قتادہ، غاظم، ادریس بن قتادہ ۔

Marfat.com

ابونمی ابن ابی سعد، ظفر بن برطاس، حماز بن شیخہ، حمیضہ، رمیثہ، ابوالغیث عطیفہ۔ عجلان، ثقبہ، احمد بن ثقبہ۔ طفیل بن مبارک۔ علی بن عجلان۔ محمد بن عجلان حسن بن عجلان۔ برکات بن حسن۔ رمیثہ بن محمد۔ حسن بن عجلان۔ زین الدین۔ علی بن عنان۔ ۸۴۵ھ سے ۱۳۴۳ھ تک حکمرانوں کی تفصیل مراۃ الحرمین میں اس طرح ہے۔ علی بن حسن۔ برکات بن حسن۔ ابوالقاسم بن حسن۔ برکات بن حسن۔ محمد بن برکات۔ برکات بن محمد۔ ہزاع بن محمد۔ احمد بن محمد۔ حمیضہ بن محمد۔ ابوطالب بن حسن۔ ادریس بن حسن۔ فہیم۔ محسن بن حسین۔ احمد بن عبدالمطلب۔ سعود بن ادریس عبداللہ بن حسن۔ محمد بن عبداللہ۔ زید بن محسن، نامی بن عبدالمطلب۔ سعید بن زید۔ احمد بن زید۔ برکات بن محمد المتوفی ۱۰۹۴ھ۔ سعید بن برکات۔ احمد بن زید۔ احمد بن غالب۔ سعید بن سعد۔ محسن بن حسین۔ مساعد بن سعد۔ سعید بن سعد۔ سعد بن زید ۱۱۰۵ھ عبداللہ بن ہاشم۔ سعد بن زید۔ عبدالمحسن بن احمد۔ عبدالکریم بن یعلیٰ۔ سعد بن زید۔ سعید بن سعد۔ عبداللہ بن سعید ۱۱۳۰ھ علی بن سعید۔ یحییٰ بن برکات۔ مبارک بن احمد۔ یحییٰ بن برکات۔ برکات بن یحییٰ۔ عبداللہ ابن سعید۔ محمد بن عبداللہ۔ مسعود بن سعید۔ مسعود بن عبداللہ۔ مساعد بن سعد۔ جعفر ابن سعید ۱۱۷۳ھ۔ مساعد بن سعید۔ عبداللہ بن سعید۔ عبداللہ بن حسین۔ احمد بن سعید۔ سرور بن مساعد، غالب بن مساعد۔ یحییٰ بن سرور۔ عبدالمطلب بن غالب۔ محمد بن عبدالمعین، عبداللہ پاشا بن محمد۔ عبدالمطلب بن غالب ۱۲۹۹ھ عون الرفیق پاشا بن محمد ۱۳۲۳ھ علی پاشا۔ حسین بن علی۔ یہ دولت عثمانیہ ترکیہ کے آخری گورنر تھے۔ اس کے بعد سلطان عبدالعزیز بن سعود کے دورِ حکومت میں پہلے گورنر خالد بن معری مقرر ہوئے۔

نوٹ: یہ تفصیلات۔ امراء حکام۔ شفاء الغرام۔ مراۃ الحرمین۔ تاریخ مکہ کے

Marfat.com

مختلف مقامات سے حاصل کی گئیں ۔ وہ حکمران جو وقتی طور پر نامزد کیے گئے حج کے موقعہ پر یا کسی جنگ کے وقت وہ ان سے الگ ہیں ۔ ان کی تفصیلات معلوم کرنے کے لیے تاریخ مکہ ص ۳۱۶ ج ا کا مطالعہ موزوں رہے گا ۔

# حرم انور کے دروازوں کے نام

## سمت مشرق

باب دارارقم ۔ باب بنی ہاشم ۔ باب علی ۔ باب عباس ۔ باب النبی صلی اللہ علیہ وسلم ۔ باب السلام ۔ باب بنی شیبہ ۔ باب الحجون ۔ باب منیٰ ۔ باب المصلیٰ ۔ باب المدعیٰ ۔ باب عرفہ ، باب مروہ ، باب المحصب ۔ باب المراد ۔

## سمت مغرب

باب بلال ۔ باب شبیکہ ۔ باب ابراہیم ۔ باب ابوبکر صدیق ۔ باب الہجرہ ۔ باب الوداع ۔ باب اجہانی ۔ باب عبدالعزیز

## سمت جنوب

باب جیار ۔ باب بلال ۔ باب حنین ۔ باب اسماعیل ۔ باب ابوقبیس ۔ باب الصفا ۔

## سمت شمال

باب الفتح ۔ باب عمر فاروق ۔ باب الندوۃ ۔ باب الشامیہ ۔ باب القریش ۔ باب المدینۃ المنورہ ۔ باب الحدیبیہ ۔ باب عمرہ ۔

نوٹ : چند دروازے ایسے بھی ہیں جو بند ہیں اور نام درج نہیں ۔ تین عدد الیکٹرک سیڑھیاں ہیں جو بالائی منزلوں تک پہنچاتی ہیں ۔

---

Marfat.com

## نہر زبیدہ

خلیفہ ہارون الرشید کی بیوی جعفر بن منصور کی صاحبزادی امۃ العزیز جنہیں ان کے دادا پیار سے زبیدہ کہتے تھے پھر یہی نام مشہور ہو گیا۔ آپ نے خواب دیکھی کہ انسان درند پرند اس کے اوپر سے گزر رہے ہیں اور اسے روند رہے ہیں۔ صبح اٹھیں تو پریشان ہو گئیں۔ معبرین سے پوچھا اطمینان نہ ہوا۔ ایک صاحب معبر نے کہا اللہ تعالیٰ تجھ سے کوئی ایسا کام لے گا جس سے انسان۔ حیوان۔ درند چرند۔ پرند سبھی فائدہ اٹھائیں گے۔ اسی سوچ و بچار میں سفر حج پر گئیں۔ وہاں پر حجاج کرام کے لیے پانی کی تکلیف محسوس کر کے ایک نہر جاری کرنے کا منصوبہ بنایا چنانچہ وادی حنین کے پہاڑوں سے یہ نہر نکالنے کا فیصلہ ہو گیا۔ مختلف ممالک سے قابل انجینئر بلائے گئے۔ اس عظیم الشان صدقہ جاریہ کی تکمیل کے بعد کارکنان نہر کے اخراجات کی تفصیل ملکہ کو پیش کی تو ملکہ نے وہ تمام دستاویزات ضائع کر دیں اور کہا یہ کام صرف اللہ کی خوشنودی کے لیے کیا ہے مجھے حسابات کی ضرورت نہیں اور کہا اگر رقم بچ گئی ہے تو اسے فقراء میں تقسیم کر دیا جائے اگر مجھ سے رقم لینا ہے تو وصول کر لی جائے اللہ تعالیٰ ملکہ کو اس صدقہ جاریہ کے بدل میں کوثر و سلسبیل کی نہریں عطا فرمائے جس نے حجاج کیساتھ عظیم حسن سلوک کیا۔ افسوس زمانہ گزرنے کے ساتھ ساتھ امراء کی بے توجہی کے باعث یہ نہر ضائع ہوتی جا رہی ہے۔ (کتاب الاعلام ص۸۶۔ سفر نامہ حرمین ص$\frac{۳۵}{۱ج}$ تاریخ مکہ ص$\frac{۳۷۰}{۱ج}$)

۱۹۶۳ء میں اور اس کے بعد بھی کئی سال اس نہر میں پانی جاری دیکھا جاتا تھا۔ لوگ کہیں کہیں سے ڈول کے ذریعہ پانی لے لیتے۔ شہر مکہ مکرمہ کے اندر اس سے پانی لینے کے انتظامات تھے۔ پاکستانی کرنسی کے مطابق اس نہر پہ

Marfat.com

اربوں روپے خرچ ہوئے۔ ساتویں صدی ہجری اس نہر کو نقصان پہنچا۔ مکہ والوں کے لیے پانی کی شدید قلت ہوگئی تو تاتاریوں کے بادشاہ ابی سعید نے اسے مرمت کروایا اور یہ دقت دور ہوئی۔ اس مرمت کے بعد پھر ناصر بن قلادون نے مرمت کروائی۔ خواجہ بیرم ملک قائتبائی کی توجہ سے بھی کام چلا۔ پھر ایک وقت ۹۶۹ھ میں اہل مکہ نے پریشانی اٹھائی۔ پانی کی قلت ہوئی تو سلطان سلیمان خان کی بیوی مسماۃ جہرماہ نے ذاتی خرچ سے اسے مرمت کروایا تھا۔

(تاریخ مکہ ص ۳۷۲۔ ج ۱)

وصلی اللہ تعالٰی علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## مکہ مکرمہ کے بعض مشہور حوض

حوض ملک الناصر بن قلادون ۷۲۸ھ میں وقف ہوا

حوض الامیر ۷۴۵ھ میں وقف ہوا

حوض الامیر غتمش ناصری ۷۶۹ھ میں وقف ہوا

حوض ملک الاشرف ۷۷۶ھ میں وقف ہوا

حوض ام سلیمان التصوفہ ۷۹۰ھ میں وقف ہوا

حوض امیر زین الدین ۸۱۰ھ میں وقف ہوا

حوض الامیر الطنیقار

وَصَلَّی اللہ تعالٰی عَلٰی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## مکہ مکرمہ کے مشہور کنوئیں

شیخ ازرقی نے بہت سے کنوؤں کا ذکر کیا ہے جو دور قدیم میں بہت مشہور تھے۔ ان دنوں ان کی تلاش بے سود ہوگی تاہم چونکہ تاریخ کا حصہ ہیں اس لیے

Marfat.com

ذکر کیا جارہا ہے۔

بیئر رباط سدر، بیئر مدرسہ افضلیہ، بیئر میضاۃ، بیئر رباط ام الخلیفہ، بیئر منصوریہ، بیئر مدرسہ مجاہدیہ، بیئر رباط کلال، بیئر المطہرہ الناصرہ، بیئر میضاۃ الملک، بیئر الحام، بیئر سماطیہ۔ یہ حضور علیہ السلام کی ولادت گاہ کے قریب تھا بیئر ابی مفامس، بیئر البستان، بیئر ام فاغیہ، بیئر رباط الزیت، بیئر رباط الغزی بیئر ام الزین، بیئر الواسعہ، بیئر عفرار، بیئر ام حجر، بیئر حزامیہ، بیئر بستیتہ، بیئر رباط ربیع، بیئر الوردیہ، بیئر عکرمہ۔ بیئر خوش، بیئر مسعود، بیئر المعلم، بیئر بنت التاج بیئر اجیاد، بیئر رباط الدمشقیہ، بیئر النبی صلی اللہ علیہ وسلم، بیئر خلف بن وہب بیئر ہوت عرفطہ، بیئر الاشراف، بیئر زقاق۔ بیئر بستان، بیئر مجازیہ، بیئر التجاد بیئر میمون بن حضرمی، بیئر ملک المنصور، بیئر الشعب۔

**نوٹ**: ان کنوؤں کے محل وقوع اور دیگر تفصیلات کے لیے شفاء الغرام کا مطالعہ مفید رہے گا۔ علامہ خامنی علیہ الرحمۃ نے ان کے علاوہ منیٰ، عرفات، مزدلفہ کے کنوؤں کا بھی ذکر کیا ہے جو خوفِ طوالت سے نقل نہیں کیے گئے۔ منیٰ میں دس کنوئیں تھے۔ مزدلفہ میں تین۔

وصلے اللہ تعالےٰ علےٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

## قدیم دور میں مکہ مکرمہ کے مشہور مسافر خانے

رباط السدرۃ، رباط المراغی، رباط الامیر۔ رباط ام الخلیفہ الناصر العباسی۔ رباط الشیخ ابی حفص۔ رباط الحافظ بن مندہ اصفہانی، رباط الفقاعیہ۔ رباط المیانشی شارع السویقہ۔ رباط القریہ۔ رباط صالحہ۔ رباط القزدینی۔ رباط الزنجیلی، رباط الخوزی رباط الشیخ ابی القاسم ۵۲۹ھ۔ رباط الشریف بن عجلان۔ رباط الجمال محمد بن فرج

Marfat.com

۷۸۷ھ میں وقف ہوئی۔ رباط بادل زقاق اجیات۔ رباط علی۔ رباط السلطان شاہ شجاع (فارسی) ۷۷۱ھ میں وقف ہوئی۔ ربالبانیاسی۔ رباط الخیزران۔ رباط العباس رباط ابی القاسم ابن کلالہ۔ رباط المروہ بہ ابوالعباس احمد نے بنوائی۔ رباط الاجلاتی۔ رباط عطیہ بن خلیفہ۔ رباط ابی سماحہ ۵۷۸ھ میں وقف ہوئی۔ رباط سیدہ ام حسین۔ رباط العزیز ابراہیم بن محمد اصفہانی ۴۲۹ھ میں وقف ہوئی۔ رباط سعید الہندی۔ رباط قبالہ۔ رباط ابی فتیہ۔ رباط بیت الموزنین۔ رباط الدریہ۔ بیمارستان۔ رباط زاویہ ام سلیمان ۷۶۲ھ میں وقف ہوئی۔ رباط غزنی۔ رباط ربیع۔ رباط بنت التاج رباط السکینہ۔ رباط الحزامیہ۔ رباط الدوری۔ رباط السبتیہ۔ رباط الوزاق۔ رباط بیت الحزالی۔ رباط للنسوہ۔ رباط ابی رقیبہ۔ رباط العفیف۔ رباط الطویل۔ رباط جہنیہ۔ رباط ابن سوداء رباط ابن غنائم۔ (العقد الثمین ص ۱۱۸ ج ۱ شفاء الغرام ص ۳۳ ج ۱)۔ وصلی اللہ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## مکہ مکرمہ کے بعض مشہور مدارس

مدرسہ الملک الافضل حرم شریف کے شرقی جانب۔ مدرسہ بدار العجلہ حرم شریف کے بائیں جانب۔ مدرسۃ الامیر الزنجیلی باب عمرہ کی جانب۔ مدرسہ الملک المنصور عمر بن علی ۶۴۱ھ۔ مدرسہ طالب الزمان الجشینہ ۵۸۰ھ۔ مدرسہ الملک المنصور غیاث الدین ۸۱۳ھ۔ مدرسہ الملک المجاہد ۶۳۹ھ۔ مدرسہ ابی علی ابن ذکری ۶۳۵ھ مدرسہ الارسوفی العفیف، مدرسۃ المکی۔ مدرسہ ابن الحداد۔ مدرسہ النہاوندی۔ مدرسہ صولیتہ[1]۔ (العقد الثمین ص ۱۱۷، ج ۱ شفاء ص ۳۳۰ ج ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

---

[1] یہ مدرسہ محلہ حارۃ الباب میں واقع ہے۔ معلم عمر اکبر مرحوم کے دفتر سے متصل ہے۔

## مکہ مکرمہ کی بعض مشہور سبیلیں

سبیل عطیۃ ابن ظہیرہ مکہ کی بالائی جانب۔ سبیل سیدہ ام حسین۔ صفا مروہ کے قریب۔ سبیل قاسم الزنکی مسجد رایۃ کے قریب۔ سبیل لا ابن بعلجد۔ سبیل ام سلیمان۔ سبیل سیدنا قاضی زین الدین حجون کے قریب۔ سبیل لعطیہ المطیر۔ سبیل سعد الدین۔ سبیل ابن عنداد۔ سبیل عامرہ۔ سبیل سید شریف حسن۔ سبیل قاضی الدین۔ سبیل سعد الدین۔ سبیل معلم عبدالرحمٰن بن عقبہ۔ سبیل الزنجیلی۔ سبیل بنت القاضی۔ سبیل الملک المنصور یمنی۔ سبیل الجوحی۔ شفاء الغرام ص ۳۳۰، ج ۱۔ مزید تفصیلات مطلوب ہوں تو شفاء الغرام کا مطالعہ مفید رہے گا۔

وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

## دعا قبول ہونے کے مقاماتِ مقدسہ

**ولادت گاہ:** سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم۔ ویستجابُ الدعاء فی مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم (کتاب الاعلام ص ۳۵۵

**میزابِ رحمت:** بیت اللہ شریف کے پرنالہ کے نیچے۔ ایک مرتبہ سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا لوگو تم جانتے ہو میں کہاں سے آیا ہوں۔ عرض کی گئی امیرالمومنین آپ فرمائیں۔ فرمایا میں اب تک جنت میں رہا اور آپ میزاب کے نیچے رہے تھے۔

**ملتزم شریف:** حجر اسود اور کعبہ شریف کی درمیانی جگہ۔ دعا کے التزام کی وجہ سے ہی اس کا نام ملتزم ہے۔

**رکنِ یمانی:** حجرِ اسود پر پہنچنے سے پہلا کونہ رکن یمانی کہلاتا ہے کہ یمن کی جانب ہے۔

Marfat.com

**صفاومروہ:** دونوں مقدس پہاڑیاں جن کے درمیان سعی ہوتی ہے۔ قرآن مقدس نے نمایاں ذکر فرمایا ہے۔ ان الصفاء والمروۃ من شعائر اللہ۔ صفا اور مروہ شعائر اللہ ہیں۔

کعبہ شریف کے اندر

منٰی شریف میں

مزدلفہ شریف میں

عرفات شریف میں

باب بنی شیبہ

باب النبی

باب ابراہیم

باب الصفا

زمزم

مقام ابراہیم

حجر اسود

رکن شامی

حطیم شریف

رکن عراقی

شفاء الغرام ص ۱۸۰، ج ۱۔ کتاب الاعلام۔ ص ۳۵۵

Marfat.com

# مکہ مکرّمہ کی مشہور مساجد

## مسجد حرام

پہلی مسجد مقدس ہے جس کا ذکر قرآن حکیم نے اس طرح فرمایا:

سبحان الذی اسریٰ بعبدہ لیلاً من المسجد الحرام ط

پاک ہے وہ ذات جس نے سیر کرائی اپنے بندہ خاص کو مسجد حرام سے مسجد اقصیٰ تک"

اس مسجد مبارک کو حرم شریف بھی کہا جاتا ہے۔ دوسری جگہ قرآن مقدس نے اس طرح ذکر فرمایا:

فول وجھک شطر المسجد الحرام ط

(نماز میں) اپنا چہرہ مسجد حرام کی طرف (یعنی کعبہ) کی طرف پھیر لیں"

اس جگہ مسجد حرام کعبہ شریف کے معنی میں استعمال ہے۔ تیسری جگہ پر قرآن مقدس نے اس مسجد مقدس کا ذکر اس طرح فرمایا:

لتدخلن المسجد الحرام ط

حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ارشاد ہے آپ سرزمین مکہ میں ضرور داخل ہوں گے"

اس مقام پر مسجد حرام شہر مکہ کے معنی میں استعمال ہے۔

چوتھی جگہ پر قرآن مقدس نے اس مسجد مبارک کا ذکر اس طرح فرمایا:۔

Marfat.com

إِلَّا الَّذِينَ عَاهَدتُّم مِّنَ الْمُشْرِكِينَ
عِندَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ط

اس آیۃ مبارکہ میں صلح حدیبیہ کا واقع ذکر ہے، لہٰذا یہاں مسجد الحرام سے مراد مقام حدیبیہ ہوگا۔

**مسجد جن** یہ مسجد مبارک مکہ مکرمہ کے بالائی حصہ میں حجون کے مقابل واقع ہے بعض نے اسے مسجد خرس بھی کہا ہے۔ اسی مقام پر جنات کی ایک جماعت دربار رسالت میں حاضر ہو کر مشرف بہ اسلام ہوئی۔ بے شمار مخلوقات الٰہیہ میں سے جن بھی ایک مخلوق کا نام ہے ان کے جسم بھی ہیں روح بھی، انسانوں کی طرح عقل و شعور بھی رکھتے ہیں۔ صحاح ستہ کی کتب میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت موجود ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم صحابہ کرام کے ساتھ بازار عکاظ کی طرف جا رہے تھے یہ اس وقت کی بات ہے جب جنوں کا آسمان پر جانا روک دیا گیا تھا اور انہوں نے اس کا سبب معلوم کرنے کے لئے مختلف مقامات پر جنات کے وفود بھیجے جو وفد حجاز میں بھیجا گیا وہ مقام نخلہ پر پہنچا تو وہاں حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کے ساتھ نماز فجر ادا فرما رہے تھے، جنات کے اس وفد نے جب قرآن حکیم سنا تو کہنے لگے: واللہ! یہی کلام ہے جو ہمارے اور آسمانی خبروں کے درمیان رکاوٹ بنا ہے۔ انا سمعنا قرانا عجبا ط اسی حقیقت کی طرف اشارہ ہے اس مقام پر ان آیات کا نزول ہوا۔

وَصَلَّى اللهُ تَعَالَىٰ عَلَىٰ حَبِيْبِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَسَلَّمَ

**ایک صحابی جن** ابن جوزی رح نے کتاب الصفوہ میں اپنی سند کے ساتھ

Marfat.com

سہل بن عبد اللہ سے نقل کیا ہے اُنہوں نے ایک بوڑھے جن کو دیکھا جو بیت اللہ شریف کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ رہا ہے اس پر ایک خوبصورت قیمتی جبہ ہے۔ اس کے سلام پھیرنے پر انہوں نے اُسے سلام کیا، اُس نے جواب دیا اور کہا تو اس جبّہ پر تعجب کر رہا ہے یہ جبہ سات سو برس سے میرے پاس ہے اسی جبّہ میں میں نے سیّدنا عیسیٰ علیہ السلام کو دیکھا ہے، اسی میں پیارے محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے۔ اور کہا میں انہیں جنّات میں سے ہوں جن کے بارہ میں سورۃ جن نازل ہوئی۔

(مظہری سورۃ الجن) (معارف القرآن جلد ۸)

وَصَلَّی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلّم

## جنّوں کی دربارِ رسالت میں حاضری

قاضی ثناء اللہ پانی پتیؒ، سیّد آلوسی بغدادیؒ، علامہ قرطبیؒ اور دیگر مفسرین فرماتے ہیں، جنّات نے دربارِ رسالت میں چھ مرتبہ وفود کی شکل میں حاضری دی، اسی وجہ سے احادیث میں تعارض نہیں، مختلف احادیث میں مختلف ملاقاتوں کے حالات ہیں۔ پہلی حاضری وہ ہے جس کا ذکر قرآن مقدس نے ان آیات میں فرمایا: نخلہ کے مقام پر سورۃ اقراء یا طٰہٰ کی تلاوت ہو رہی تھی جنّات کا گروہ جب گزرا تو سوز وگداز میں ڈوبی ہوئی آواز سُن کر رُک گیا بس کیا تھا غفلت کے پردے چاک ہو گئے دل کی دُنیا بدل گئی نورِ ایمان سے سینے روشن ہو گئے۔


سورۃ الاحقاف میں جن جنّات کا ذکر ہے وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے پیرو تھے اور اہلِ کتاب تھے اس لئے اس واقعہ اور اُس واقعہ میں نمایاں

Marfat.com




عرفات میں "جبل رحمت" کے دامن میں

Marfat.com




مکہ مکرمہ کی ایک حسین عمارت




مشعر الحرام

Marfat.com



مکہ مکرمہ کی کھلی سڑکوں کے پلوں کا منظر

Marfat.com



حرم شریف کا دروازہ باب فتح

Marfat.com

فرق ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

## رافع بن عمیر کا دلچسپ واقعہ

سیدنا رافع بن عمیر اپنے اسلام لانے کا دلچسپ واقعہ خود بیان فرماتے ہیں کہ میں نے ایک مرتبہ عالج کے جنگل میں رات ٹھہرا، دور جاہلیت کے مطابق میں سونے سے پہلے یہ کہا:

" اعوذ بعظیم ھذا الوادی من الجن "

جنات کے شر سے میں اس وادی کے سردار کی پناہ مانگتا ہوں۔"

سو گیا خواب میں دیکھا کوئی شخص میری اونٹنی کو ذبح کرنا چاہتا ہے، گھبرا گیا، جاگا تو کوئی موجود نہ تھا، پھر سو گیا پھر ایسا ہی ہوا پھر جاگا کسی کو نہ پایا، تیسری مرتبہ سو گیا تو پھر دیکھا کہ ایک جوان میری اونٹنی ذبح کرنا چاہتا ہے اور اسے ایک بوڑھے نے روک رکھا ہے اور کہتا ہے اس اونٹنی کے بدلے ان جنگلی جانوروں میں سے کسی ایک کو ذبح کر لو، اسے نہ چھیڑو۔ پھر وہ بوڑھا مجھے کہتا ہے آئندہ کے لئے کسی جنگل سے گزرنے کا اتفاق ہو تو کسی جن سے پناہ لینے کی ضرورت نہیں، یہ کہہ لیا کرو:۔

" اعوذ باللہ رب محمد من ھول ھذا الوادی "

میں اللہ تعالیٰ سے جو محمد رسول اللہ کا رب ہے اس وادی کے خوف سے پناہ مانگتا ہوں۔"

میں نے بوڑھے سے پوچھا وہ محمد کون ہیں؟ اس نے کہا، محمد عربی ہے، نہ شرقی ہے نہ غربی ہے بلکہ پوری کائنات کے لئے ہے)۔

Marfat.com

میں نے پوچھا وہ رہتے کہاں ہیں؟ بوڑھے نے کہا یثرب میں جہاں کھجوروں کے درخت بہت زیادہ ہیں۔ میں صبح اُٹھا اور مدینہ طیبّہ کی راہ لی، وہاں پہنچا تو حضور علیہ السلام نے میرے بتانے سے پہلے ہی رات کا واقعہ سُنادیا اور میں نے اسلام قبول کر لیا۔

تفسیر مظہری، ضیاء القرآن، معارف القرآن (یہی مقام)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## لیلۃ الجن

روایات حدیث میں جو لیلۃ الجن کا واقعہ مذکور ہے جس میں سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کے ساتھ تھے اس میں آپ کا وادی جنّات میں جانا، انہیں حق کی تبلیغ کرنا، دعوتِ اسلام دینا منقول ہے وہ اس مشہور واقعہ کے بعد کا ہے جس کا ذکر سورہ جن میں آتا ہے۔ علامہ خفاجی کے قول کے مطابق جنّات کے وفود چھ مرتبہ حاضر ہوئے، بریں مختلف روایات میں تضاد قطعی نہیں۔"

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## جنّات کی حقیقت

جن واحد ہے جنّی جمع ہے، جیسے روم کا واحد رومی ہے۔ علامہ راغب اصفہانی فرماتے ہیں: اصل الجن ستر الشئ عن الحاسۃ کسی شئ کا حواس سے پوشیدہ رہنے کو جن کہتے ہیں۔ ج۔ ن کے مادہ میں چھپنے کا مفہوم ملتا ہے۔ جنین حمل کو کہتے ہیں کہ ماں کے پیٹ میں چھپا ہے۔

Marfat.com

جنان : دل کو کہتے ہیں کہ سینہ میں چھپا ہوتا ہے۔

جُنّہ : ڈھال کو کہتے ہیں کہ دشمن کے وار سے چھپا لیتی ہے۔

جُنون : وہ مرض ہے جو عقل کو ڈھانپ لیتی ہے۔

جنت : باغ کو کہتے ہیں کہ اسکی شاخوں سے زمین چھپی ہوتی ہے۔

ان کی تخلیق کا غالب مادہ آگ ہے انسانوں کی طرح ان میں بھی نر مادہ ہیں۔ توالد و تناسل کا سلسلہ جاری ہے۔ جنّات کا وجود قرآن مقدس سے ثابت ہے۔ سورہ الجن کا وجود شہادت کے لئے کافی ہے۔

قرآنِ مقدس نے فرمایا :

وماخلقت الجن والانس الا لیعبدون ط

"میں نے جنّوں اور انسانوں کو عبادت ہی کے لئے پیدا کیا ہے"۔

دوسری جگہ پر ارشاد ہے :

وخلق الجان من مارجٍ من نارٍ ط

اور جنوں کو آگ کے شعلے سے پیدا کیا۔

اگر جن نوع انسانی کے بعض افراد ہوتے تو ان کی پیدائش بھی خاک سے ہوتی۔ انسان کو ٹھیکری کی طرح بجنے والی مٹی سے بنایا۔ ارشاد ہوتا ہے :

وخلق الانسان من صلصالٍ

معلوم ہوا جن و انس دونوں کا مادہ الگ الگ ہے۔ جنّات کی تخلیق انسان سے بہت پہلے ہوئی تھی۔ شیطان جنوں ہی کا فرد تھا جو سیّدنا آدم علیہ السلام کی تخلیق کے وقت موجود تھا اور آدم علیہ السلام کو سجدہ نہ کر کے بارگاہ قدس سے مردود ہوا۔ قرآن مقدس نے جنات کے بارہ میں ان کے ایک وصف کا ذکر کر کے انسانوں سے الگ قرار دیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے :۔

Marfat.com

انہ یراکم ھو وقبیلہ من حیث لا ترونھم

(ترجمہ) شیطان اور اس کا قبیلہ تمہیں دیکھتا ہے لیکن تم انہیں نہیں دیکھ سکتے۔"

جنّات کے وجود کے منکرین کا یہ کہنا کہ جو حواس کی گرفت سے باہر ہو وہ شئ ہی نہیں غلط استدلال ہے۔ اس ضابطہ کے پیش نظر تو رُوح، فرشتے وحی الٰہی کا بھی انکار ہوگا۔ کہ یہ سب کچھ حواس سے بالاتر ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد والہٖ وصحبہٖ وسلّم

## مسجد ابراہیم یا مسجد ہلال

یہ مسجد مقدس جبل ابی قبیس پر واقع ہے۔ علاّمہ ازرقی فرماتے ہیں: میں نے اس کے بارہ میں متعدد علماء سے پوچھا کہ یہ مسجد سیّدنا خلیل اللہ علیہ السلام نے بنوائی تھی تو انہوں نے کہا نہیں بلکہ ایک دوسرے شخص ابراہیم قبیسی نے تیار کروائی تھی جو یہیں کا باشندہ تھا۔ صاحبِ اخبارِ مکّہ نے بھی اسی مضمون پر یہی فرمایا ہے۔

علاّمہ محب الدین طبریؒ نے اپنی کتاب ام القرای میں، ابن ظہیرہ نے جامع اللطیف میں اس مسجد کا نام مسجد ابراہیم ہی لکھا ہے۔ عوام کے زبان زد نام مسجد ہلال ہے۔ حرم انور میں میزابِ رحمت کی طرف بیٹھے سامنے دیکھیں تو زیارت ہوتی ہے۔ اہلِ مکّہ سے میں نے یہی سُنا ہے۔ یہ مسجد ہلال ہے کہ شق القمر کا معجزہ یہیں پر ہوا ہے۔ ہلال عربی میں چاند کو کہتے ہیں۔

(تاریخ مکّہ ص۳۴۱ جلد ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمدٍ واٰلہٖ وصحبہٖ وسلم

**مسجد جعرانہ** حضور سیّد عالم صلّی اللہ علیہ وسلّم فداہ وابی وامی نے اس

Marfat.com

مقام سے عمرہ کا احرام بھی باندھا تھا۔ طائف کی سمت سے آنے والے لوگ عمرہ کا احرام یہیں سے باندھتے ہیں۔ عرب ڈرائیوروں کی زبان میں اسے "براعمرہ" بڑا عمرہ بھی کہا جاتا ہے۔ کہ حرم شریف سے بہ نسبت تنعیم کے دُور ہے، مقامِ تنعیم سے بھی عمرہ کا احرام باندھا جاتا ہے جو حرم شریف سے تقریباً ۴ کلومیٹر کے فاصلہ پر ہے بہ نسبت جعرانہ کے بہت قریب ہے۔ عرب ڈرائیور اسے "چھوٹا عمرہ" کہہ کر پکارتے ہیں۔ حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہاں سے احرام باندھ کر مکہ مکرمہ تشریف لے گئے، عمرہ ادا فرمایا واپس تشریف لائے اور نماز فجر وہیں ادا فرمائی۔

(اخبار مکہ صفحہ ۲۷۴، تاریخ مکہ صفحہ ۳۴۳)

ابن ظہیرہ نے لکھا ہے: مقام جعرانہ سے سینکڑوں انبیاء علیہم السلام نے عمرہ کا احرام باندھا ہے۔ اس جگہ کا کنواں حضور سیدِ عالم نے اپنے ہاتھ سے ہاتھ مبارک سے کھودا تھا۔ اس جگہ کی نسبت قریش کی ایک عورت کی طرف ہے جس کا لقب جعرانہ تھا یہ اسد کی بیوی تھی۔

وصلی اللہ تعالےٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلّم

## مسجد رایہ

حضور سیدِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن اس جگہ اپنا جھنڈا مبارک لگایا تھا اور سیدنا جبیر بن مطعم کے کنویں کے قریب آپ نے نماز ادا فرمائی، پھر یہیں پر مسجد شریف بنا دیگئی۔ جھنڈے مبارک کی نسبت سے مسجد رایہ مشہور ہوئی۔ رایہ عربی زبان میں جھنڈے کو کہا جاتا ہے۔

(تاریخ مکہ صفحہ ۳۴۰، اخبار مکہ صفحہ ۴۲۵)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وبارک وسلّم

Marfat.com

## مسجد تنعیم

سنہ ۹ھ میں جب حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم حج کے لئے تشریف لائے، ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا ساتھ تھیں، اپنی بیماری کے باعث طواف ادا نہ کرسکیں، حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو انہیں مغموم پایا۔ فرمایا! عائشہ پریشان نہ ہوں یہ عارضہ بنات آدم پر لکھا گیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بھائی عبدالرحمٰن بن ابی بکر کو فرمایا، عائشہ کو ساتھ لیجائیں اور مقام تنعیم سے احرام باندھ کر عمرہ کرلیں۔
(بخاری شریف جلد ۱، "تاریخ مکہ صد ۴۴۳)

## سنگ باری

ابن جبیر نے اپنے سفرنامہ میں لکھا ہے، تنعیم کے کچھ دور بائیں طرف ابولہب اور اسکی بیوی ام جمیل کی قبریں ہیں جن پر پتھروں کے ڈھیر لگے ہوئے ہیں۔ اب تک لوگ آتے جاتے ان منحوس قبروں پر سنگ باری کر رہے ہیں۔
(والعیاذ باللہ) "تاریخ مکہ صد ۴۴۵

نوٹ: یہ رسوائی حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے بغاوت کے نتیجہ میں ہے، خدا پناہ دے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ سیدنا محمد وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

## مسجد تنعیم کے تعمیری مراحل

سب سے پہلے محمد بن علی شافعیؒ نے مسجد تعمیر کی، پھر ابوالعباس

Marfat.com

امیر مکہ نے قبہ بنوایا۔ بعد ازاں ایک بوڑھی خاتون نے خوبصورت مسجد بنوائی۔ (اخبار مکہ) پھر ۶۱۹ھ میں ملک مسعود نے بنوائی۔ ۱۱۱۱ھ میں سلطان محمود غزنوی نے سعادت حاصل کی۔ ۹۷۸ھ میں سنان پاشا عمرہ ادا کرنے آئے تو یہاں پانی کی دقت کو دیکھ چشمہ بنوایا، کہ انسانوں کے ساتھ جانور بھی فائدہ اٹھائیں۔ چنانچہ قاضی حسین الحسینی نے پوری توجہ اور محنت سے اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچایا۔ اس مسجد کا طول ۱۶ میٹر ہے جبکہ عرض ۱۵ میٹر، اونچائی ۴ میٹر۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

## مسجد صولتیہ اور اُس کا پس منظر

اگرچہ اس مسجد کی تعمیر قدیم زمانہ سے متعلق نہیں ہے تاہم مکہ کی مساجد میں اس کا نام بھی مذکور ہے۔ یہ مسجد محلہ حارۃ الباب میں واقع ہے۔ معلّم عمر اکبر مرحوم کے دفتر سے بالکل متصل ہے۔ اس مسجد کو عالم اسلام کے عظیم مبلغ حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی نے تعمیر کرایا۔ حضرت مولانا کی شخصیت اہلِ علم حضرات میں مسلّم تھی۔ ہندوستان میں مولانا ممتاز حیثیت کے مالک تھے۔ سرزمین ہندوستان میں جب انگریز نے تسلط کیا تو اپنے عقائد باطلہ کا چرچا بھی ساتھ ہی شروع کرایا۔ مولانا کو یہ شرف حاصل تھا کہ کھل کر مسیحی نظریات کی تردید کی۔ اسوقت کا مشہور زمانہ پادری فنڈر "جس سے اہل علم لرزتے تھے آپ نے اسے للکارا، مولانا کے علم وفضل سے پادری فنڈر خائف تھا جہاں جاتا آپ اس کا تعاقب کرتے۔ چنانچہ فنڈر کو مناظرہ کے لئے مجبور کر دیا گیا۔ آگرہ میں یہ مناظرہ ہوا۔ طے ہوا جو شکست کھا جائے دوسرے

Marfat.com

کا مذہب قبول کرے گا۔

- مندرجہ ذیل عنوانات پر مناظرہ ہوا۔

۱۔ انجیل میں نسخ اور تحریف

۲۔ الوہیۃ المسیح

۳۔ التثلیث

۴۔ اثبات الرسالت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

بحث کے آغاز میں ہی مولانا نے انجیل کو محرف کتاب ثابت کر دیا، اور آٹھ مقامات سے مضبوط دلائل پیش کئے۔ پادری فنڈر پریشان ہوگیا۔ اور دوسری نشست میں شامل ہونے سے انکار کر دیا، پھر آپ کا سامنا نہیں کیا۔ مولانا بے شمار کتب کے مصنف ہیں۔ عربی، فارسی اور اُردو میں قلم چلایا ہے۔ ان کی شہرۂ آفاق کتاب "اظہار الحق" ہے۔ جس سے میں نے خاصہ استفادہ کیا اور کم و بیش ۱۲-۱۵ مناظروں میں یہ کتاب میرے کام آئی۔ انگریز نے مولانا سے انتقامی کاروائی شروع کی، تو آپ ہجرت کر کے مکہ مکرمہ آگئے۔ ان دنوں مسجد الحرام شریف کے امام اور خطیب شیخ احمد زینی دحلان تھے۔ ایک دن شیخ دحلان کے درس میں مولانا نے چند سوالات کئے احمد زینی دحلان سمجھ گئے یہ کوئی طالب علم نہیں بلکہ فاضل ہے سینے سے لگایا ملے اور اپنے گھر لے گئے مہمان رکھا اور پھر مولانا نے اپنی زندگی کا سارا ماجرہ سنایا، پادری فنڈر کی شکست سے شیخ احمد زینی مولانا کی شخصیت سے مزید متاثر ہوئے۔ اور حرم شریف کے مدرسین میں نام رجسٹرڈ فرمایا۔ انہیں دنوں سلطان عبد العزیز خان کا ایک خط والی مکہ کو ملا کہ ہندوستان سے آنے والے حجاج کے حالات سے آگاہ کریں، شیخ احمد دحلان نے لکھا

Marfat.com

ہندوستان کا بہت بڑا عالم ہمارے ہاں موجود ہے۔ چنانچہ ۱۸۶۴ء میں سلطان عبدالعزیز نے مولانا کو فوراً ترکی تشریف لانے کی درخواست کی۔

◆ مولانا کے حجاز پہنچنے کے بعد عیسائیوں نے پھر چرچہ شروع کر دیا کہ مسلمان علماؑ پادری فنڈر سے شکست کھا کر بھاگ چکے ہیں، ہندوستان کی مساجد کو گرجاؤں میں بدل دیا گیا ہے، عیسائیوں نے اسلام پر غلبہ پالیا ہے۔ پادری فنڈر ترکی پہنچا، چونکہ ترکی اسلام کا مضبوط قلعہ رہا ہے۔ فنڈر نے قسطنطنیہ میں اڈا جمایا۔

◆ ادھر سلطان عبدالعزیز نے مکہ مکرمہ سے مولانا کو بُلانے کا پروگرام بنایا ہوا تھا۔ جونہی مولانا حجاز سے ترکی پہنچے، پادری فنڈر بھاگ گیا، مولانا نے بڑے بڑے عظیم اجتماعات میں ہندوستان کے مناظروں کی صورت حال واضح کی۔ سلطان عبدالعزیز نے مولانا کی انہی خدمات سے متاثر ہو کر شاہی لباس دیا اور مکہ مکرمہ میں مجلس انتظامیہ کا رکن بنایا۔ سلطان عبدالعزیز نے درخواست کی کہ آپ ردّ عیسائیت میں ایک جامع کتاب لکھیں جس میں فنڈر سے کی گئیں تمام بحثیں درج ہوں۔ چنانچہ آپ نے اپنی شہرۂ آفاق کتاب "اظہار الحق" لکھی، اور واپس مکہ مکرمہ پہنچ کر باقاعدہ درس و تدریس کا کام شروع کیا۔ اس سے قبل حجاز مقدس میں درس نظامی کا کوئی انتظام نہ تھا۔ ۱۲۸۵ھ میں تدریس کا آغاز کیا۔ ۱۲۸۹ھ میں ہندوستان سے آئی ہوئی ایک خاتون صولۃ النساء نے مولانا سے جگہ خرید کر مسجد بنانے کی درخواست کی، اسی وجہ سے آپ نے مسجد کا نام صولتیہ قرار دیا۔ (اور پھر تعلیم و تدریس کا بندوبست کیا۔) (اظہار الحق صـ ۱ تا ۳۰ جلد ۱)

وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس ادارہ میں بھی کئی تبدیلیاں رونما ہوئیں۔

Marfat.com

اب یہ جگہ مدرسہ صولتیہ کے نام سے زیادہ مشہور ہے۔ حضرت مولانا رحمت اللہ کیرانوی علیہ الرحمۃ کو پایۂ حرمین کا بھی لقب تھا۔ اور آپ حضرت حاجی امداد اللہ مہاجر مکی علیہ الرحمۃ کے ممتاز خلفاء میں سے ہیں۔ آپ عمر بھر اپنے شیخ کے عقائد و نظریات کے نہ صرف امین رہے بلکہ اسکی شرح کرتے رہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے مولانا غلام دستگیر قصوری علیہ الرحمۃ کی کتاب "تقدیس الوکیل" پر دستخط ثبت فرمائے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ اصحابہ اجمعین ؕ

## مسجد نمرہ شریف

یہ مسجد مبارک مقدس میدان عرفات کے مغربی کنارے واقع ہے، اسے مسجد عرفہ بھی کہتے ہیں، مسجد ابراہیم بھی کہا جاتا ہے، بعض مصلیٰ عرفہ کہہ دیتے ہیں۔ انداز تعمیر نہایت خوبصورت ہے۔ ۸۰ میٹر عرض اور ۹۰ میٹر طول، محراب شریف کی بلندی قریباً ۳ میٹر ہے۔ اور چوڑائی ۱۵ میٹر، اس مسجد مبارک کے منبر کی دس سیڑھیاں ہیں۔ ۸۴۳ھ میں سلطان جقمق نے اسے تعمیر کرایا۔ ۸۵۳ھ، ۸۷۴ھ ۱۵۷۲ھ میں مختلف تعمیری مراحل طے ہوئے۔

(مرأۃ الحرمین ص ۳۴۳، تاریخ مکہ ص ۲۷۴ جلد ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## مسجد سیدنا صدیق رضی اللہ عنہ

یہ مسجد شریف سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف منسوب ہے یہ مقدس مسجد محلہ مسفلہ میں واقع ہے۔ اسی مقام پر حضور سیدنا صدیق اکبر

Marfat.com

رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا رہائشی مقام تھا۔ ہجرت کی اجازت مل جانے پر حضور پُر نور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسی مکان میں تشریف لائے۔ اور صدیق اکبر سے اجازت کا ذکر فرمایا۔ فوراً صدیق اکبر نے عرض کی حضور! میں بھی، فرمایا تو بھی، اسی مکان کو مسجد میں بدل دیا گیا۔

- علامہ ابن جبیرؒ نے بھی اپنی کتاب میں اس مسجد، مکان اور محل وقوع کا ذکر فرمایا ہے کہ بہت بڑے سرسبز علاقہ میں واقع ہے۔ آجکل یہ مسجد شریف دو منزلہ ہے۔ مدرسہ فرقانیہ بھی یہیں قائم ہے۔

(ابن جبیر صہ ۹۶، تاریخ مکہ صہ ۳۴۲)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## مسجد ذی طویٰ

حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عمرہ یا حج کے سفر مقدس میں اسی مسجد مقدس کو نوازا، یہاں رات بھی قیام فرمایا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں سیّدنا ابن عمر رضی اللہ عنہ نے بھی اپنے اسفار مقدسہ میں ایسا ہی کیا۔

(بخاری شریف صہ ۲۳۶ جلد ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## مسجد خیف

یہ مسجد مقدس میدان منیٰ کی عظیم مسجد ہے۔ سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اگر میرا قیام مکہ معظمہ میں ہوتا

Marfat.com

تو میں ہفتہ کے دن مسجد خیف کی زیارت کو جاتا۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسجد خیف شریف میں ۷۵ انبیاء علیہم السلام کا ورود ہوا ہے اور انہوں نے نماز پڑھی ہے۔ (اخبار مکہ ص ۸۰)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## مسجد کبش

یہ مسجد شریف کوہ بثیر کے پہلو میں ہے۔ اسی مقدس مقام پر سیدنا ابراہیم علیہ السلام کو حکم ہوا :-

قد صدقت الرؤیا انا کذالک نجزی المحسنین ط

بیشک تو نے اپنی خواب سچی کر دکھائی اسی طرح ہم محسنین کو اجر دیتے ہیں۔"

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## بلد الامین کے بعض مشہور محلے

حارۃ الباب، جیاد، مسفلہ، سلیمانیہ، شامیۃ، الغزہ قشاشیہ، القرارہ، المعابدہ، جرول، انتعا، شبیکیہ، شعب علی، الفلق، سوق اللیل، حی الششہ، حی الزاہرہ، الرضیفہ، المشعلیہ، محلۃ النزہہ، العتیبہ، الہنداویہ۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

# مکہ مکرّمہ میں بُت پرستی کا آغاز

عرب میں بُت پرستی کا بانی عمر بن یحییٰ تھا۔ اس نے جنگ کر کے بنو جرہم کو مکّہ سے نکال دیا، اور خود متولی بن گیا۔ عرب کا مشہور قبیلہ خزاعہ اسی کی نسل سے ہے۔ یہ شام گیا وہاں لوگوں کو بُت پرستی کرتے دیکھا اور شیطانی حرکات سے متأثر ہو گیا۔ وہاں سے چند بُت خرید کئے اور واپس آکر کعبہ اطہر کے گرد سجائے۔ چونکہ کعبہ اطہر ہمیشہ سے ہی مرکز رہا ہے لہذا لوگوں کی آمد و رفت سے رواج پھیل گیا۔ (شفاء الغرام صہ ۲۷۸ جلد ۲)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

# مکّہ مکرمہ کے مشہور بُت

لات : یہ طائف کے لوگوں کا مرجع بنا ہوا تھا، قبیلۂ ثقیف کے لوگ اس کے پرستار تھے۔

عزّیٰ : یہ مکہ مکرمہ میں قریش اکنانہ کا مرکز تھا۔

منات : مدینہ منورہ میں غسان، خزرج اور اوس کا معبود تھا۔

وُدّ : یہ قبیلۂ کلب کا مرکز تھا، دومۃ الجندل میں رکھا گیا تھا۔

سواع : یہ قبیلۂ ہذیل کا مرکز تھا۔

یغوث : یہ یمن کے مختلف قبائل کا مرکز تھا۔

اساف : یہ بُت صفا پہاڑی پر رکھا ہوا تھا جسے سعی کے دوران لوگ مَس

Marfat.com

کرتے تھے۔

نائلہ : یہ بت مروہ پہاڑی پر تھا، سعی کے دوران اسے مس کرتے ۔ اسلام نے آکر انہیں اٹھوا دیا۔

ہُبل : ان سب بتوں کا بڑا تھا جو کعبہ کی چھت پر نصب تھا۔

(سیرۃ النبی صـ۱۸ جلد ۱ ، شفاء الغرام صـ۲۴۸ جلد ۲)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

# مکّہ مکرمہ کے مشہور قبائل

عتیبہ : یہ قبیلہ مکہ مکرمہ کے مشرق میں مدینہ منورہ کی راہ پر آباد تھا۔

قریش : یہ قبیلہ منیٰ ، عرفات ، طائف ، میں باسی تھا۔

ھذیل : یہ قبیلہ مکہ مکرمہ اور طائف کے درمیان آباد تھا۔

ثقیف : یہ قبیلہ طائف کے جنوب مشرق میں رہتا تھا۔

بنی حارث : یہ بھی طائف کے جنوب مشرق میں آباد تھا۔

بنی فہم : مکہ مکرمہ کے جنوب میں باسی تھے۔ (تاریخ بکہ صـ۱۸۲ جلد ۱)

اب بہت سے قبائل مختلف ناموں سے مشہور ہیں جن کا احاطہ مشکل ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

# مکّہ مکرمہ میں نازل ہونیوالی سورتیں

الفاتحہ ، آل عمران ، الانعام ، الاعراف ، یونس ، ہود ، یوسف ،

Marfat.com

ابراہیم ۔ الحجر ، النحل ، بنی اسرائیل ، الکہف ، مریم ، طٰہٰ ، الانبیاء المؤمنون ، الفرقان ، الشعراء النمل ، القصص ، العنکبوت ، الروم لقمٰن ، السجدۃ ، سباء ، فاطر ، یٰس ، الصّٰفّٰت ، صٓ ، الزمر المؤمن ، حٰم السجدہ ۔ الشوریٰ ، الزخرف ، الدّخان ، الجاثیہ الاحقاف ، قٓ ، الذاریات ، الطور ، النجم ، القمر ، المجادلہ ، الملک القلم ، الحاقہ ، المعارج ، نوح ، الجن ، المزمل ۔ المدثر ، القیامہ المرسلٰت ، النباء ، النازعٰت ، التکویر ، انفطار ، المطففین ، البروج ، الطارق ، الاعلیٰ ، الغاشیہ ، الفجر ، البلد ، الشمس ، اللیل ، الضحیٰ ، الم نشرح ، التین ، العلق ، القدر ، العٰدیٰت القارعہ ، التکاثر ، العصر ، الھمزہ ، الفیل ، قریش ، الماعون ، الکافرون ، لہب ، الاخلاص ، الفلق ، الناس ، یہ کل ۸۸ سورتیں سرزمین مکہ مکرمہ میں نازل ہوئیں ۔

## مکہ مکرّمہ کے چند انقلاب آفرین واقعات

یوں تو مکّہ مکرمہ کا ہر واقعہ ہی عظیم واقعہ ہے تاہم تاریخ میں ایسے واقعات بھی ہیں جنھیں زبردست تاریخی حیثیت ملی اور اسلامی عظمت و ہیبت کے انمٹ نقوش بن گئے ۔ ان تمام واقعات میں سب سے بڑا سب سے اہم واقعہ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت ہے ۔

### ولادت باسعادت

طبری و ابن خلدون کے مطابق یہ واقعہ ۱۲ ربیع الاول

Marfat.com

شریف صبح صادق ۴ بجکر ۲۰ منٹ پر ظہور پذیر ہوا۔

(رحمۃ للعالمین صـ ۴۳ جلد ۱)

یہ ظہور پُر نور پوری کائنات کے لئے ایک عظیم انقلاب کا آغاز تھا۔

◆ — یہی مقدس ظہور تھا جس سے ایوان کسریٰ کے ۱۴ کنگرے گر گئے
ارتجس ایوان کسریٰ و سقطت اربعۃ عشر شرفہ

(طبری صـ ۱۳۱ جلد ۲، عیون الاثر صـ ۲۹ جلد ۱)

◆ — یہی مقدس ظہور تھا جس سے دریائے ساوہ خشک ہوگیا،
وغاضت بحیرۃ ساوہ

◆ — یہی مقدس ظہور تھا جس کے باعث فارس کا ہزار سال سے جلنے والا آتش کدہ بجھ گیا۔ (سیرۃ المصطفٰی صـ ۴۳ جلد ۱)

(فتح الباری صـ ۲۲۶ جلد ۶) (البدایہ والنہایہ صـ ۲۶۸ جلد ۲) (خصائص کبریٰ صـ ۵۱ ج ۱)

(بالفاظ متفارقہ)

◆ — یہی مقدس ظہور تھا جس پر تمام گھر نور سے بھر گیا، آسمان کے تارے جھک گئے، فاطمہ بنت عبداللہ کو گمان ہوا کہیں یہ ستارے مجھ پر نہ گر جائیں۔


(فتح الباری صـ ۴۲۶ ج ۲ علامات النبوۃ فی الاسلام)

◆ — یہی مقدس ظہور تھا کہ بُصریٰ کے محل روشن ہوگئے۔ (طبقات ابن سعد صـ ۶۳ ج ۱)

◆ — اسی مقدس ظہور پر نظر کرنے سے "قد جاءکم من اللہ نور وکتٰب مبین" کی تفسیر سمجھ میں آجاتی ہے۔

◆ — یہی وہ ظہور تھا جس سے قبل ہی دادا عبدالمطلب کو خواب کے ذریعہ آگاہ کر دیا گیا تھا، آپ نے خواب میں دیکھا کہ اُن کی پشت سے ایک زنجیر ظاہر ہوئی جس کا ایک کونہ آسمان پر تھا دوسرا زمین پر ایک شرق میں


Marfat.com



باب کعبہ پر غلافِ کعبہ

Marfat.com





Marfat.com




مکہ مکرمہ میں ایک خوبصورت چوک

Marfat.com



منیٰ میں جمرات کا ایک منظر



ٹریفک کی سہولت کے لئے سڑک کا ایک پُل

Marfat.com

دوسرا مغرب میں، پھر یہ زنجیر درخت بن گئی جس کے ہر پتہ کا نور آسمان کے نور سے ستر گنا زیادہ تھا، معبرین نے آپ کو بتایا کہ آپ کی اولاد میں بچہ ہوگا جس کا ذکر مشرق سے مغرب تک زمین سے آسمان تک ہوگا۔ لوگ اس کی اتباع کریں گے۔ (سیرۃ المصطفیٰ ص ۸۴ جلد ۱)

- یہی مقدس ظہور تھا جس پر سطیح پادری نے اپنے بھانجے عبدالمسیح کو کہا: "آنے والی شئی آہی گئی"۔
- یہی مقدس ظہور تھا جس پر یہودی تاجر کہہ اٹھا تھا: آج کی شب اُمّت کا نبی پیدا ہوگیا۔ جس کے شانوں کے درمیان مہر نبوت ہے۔

(سیرۃ المصطفیٰ ص ۴۳ ج ۱)

## شام کے محلات دکھائی دینے کی وجوہات

حضرت سیدہ آمنہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضور علیہ السلام کی ولادت باسعادت کے موقع پر مجھے شام کے محلات نظر آگئے، اس عظمت کی کئی وجوہ سامنے آتی ہیں۔

- چالیس ابدالوں کا مرکز و مستقر سرزمین شام ہے۔
- شام کے علاقہ بصریٰ میں سب سے پہلے نور اسلام پہنچا۔
- مسجد اقصیٰ شام میں واقع ہے۔
- حضور علیہ السلام کے سفر معراج کی ایک منزل شام ہے۔
- تمام انبیاء علیہم السلام نے حضور علیہ السلام کی اقتدا میں نماز شام میں پڑھی۔
- آل انبیاء کانفرنس شام میں ہوئی، جہاں انبیاء علیہم السلام کے

Marfat.com

خطابات بھی ہوئے۔

- سیدنا خلیل علیہ السلام نے عراق سے شام کی طرف ہجرت فرمائی۔
- سیدنا عیسیٰ علیہ السلام قیامت کے قریب آسمان سے اتریں گے تو شام میں۔ وصلی اللہ تعالےٰ علی حبیبہ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

## فتح مکّہ

اسلام کے انمٹ نقوش میں فتح مکّہ مکرمہ بھی ہے جسے زبردست تاریخی حیثیت حاصل ہے اپنے تو اپنے بیگانے بھی اعتراف حقیقت کے بغیر نہیں رہ سکے۔ تاکہ اس اہم واقعہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ کے مختلف پہلو بھی نمایاں ہوتے جائیں۔ ابتدائی چند سطور اس کے پس منظر کے طور پر لکھی جارہی ہیں۔

## اُمِ حبیبہ کا عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم

معاہدہ حدیبیہ ختم ہو جانے پر تجدید صلح کے لئے ابوسفیان مدینہ منورہ روانہ ہوئے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے مل کر اس کام کو انجام تک پہنچائیں۔ ابوسفیان نے مدینہ منورہ پہنچ کر سب سے پہلے اپنی بیٹی ام المؤمنین حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنہا کے ہاں حاضری دی۔ حضور علیہ السلام کا بستر بچھا تھا ابوسفیان نے وہاں بیٹھنے کا ارادہ ہی کیا کہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے فوراً بستر لپیٹ دیا۔ باپ بیٹی سے پوچھتا ہے کیا یہ بستر میرے قابل نہیں تھا اس لئے لپیٹ دیا گیا ہے۔ بیٹی جھنجھلا کر بولی نہیں نہیں تو اس قابل نہیں کہ اس بستر پہ بیٹھے یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ کا بستر ہے یہ سید الانبیاء کا بستر ہے۔ یہ حبیبِ خدا کا بستر ہے۔ باپ نے غصہ سے کہا: اے بیٹی تو گمراہ ہو گئی۔

Marfat.com

ام حبیبہ نے کہا نہیں میں تو شرک کے اندھیرے سے نکل کر اسلام کی روشنی میں چلی گئی ہوں۔ ابا آپ پر تعجب ہے کہ آپ قریش کے سردار ہو کر بھی پتھروں کو پوجتے ہیں۔ (زرقانی ص ۲۸۳ ج ۲، سیرۃ ابن ہشام)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## ابوسفیان کی محرومی

ام المؤمنین سیدہ ام حبیبہ کے اندازِ گفتگو سے مایوس ہو کر دربارِ رسالت میں حاضر ہو کر تجدید معاہدہ کی درخواست کی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب نہ دیا۔ پھر ابوبکر رضی اللہ عنہ سے سفارش کی درخواست کی۔ آپ نے معذرت کر دی، پھر یہی سفارش سیدنا عمر بن الخطاب سے عرض کی، آپ نے انکار کر دیا۔ پھر یہی درخواست سیدنا علی المرتضیٰ سے کی۔ آپ نے فرمایا اس ضمن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کوئی فیصلہ کر چکے ہیں پھر یہی درخواست سیدہ فاطمۃ الزہرہ سے کی اور کہا کہ آپ حسن رض سے فرماویں کہ وہ سفارش کریں۔ سیدہ نے فرمایا حسن رض بچے ہیں پناہ کے مسائل سے انہیں کیا دلچسپی، آخر خود ہی مسجد شریف میں حاضر ہوئے اور تجدید عہد کی بات کی، مگر بغیر جواب لئے واپس لوٹے۔

نوٹ: حضور علیہ السلام کے دربار سے محروم کہیں سے فیضیاب نہیں ہو سکتا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## روزہ توڑ دیا مگر قضائی یا کفارہ کا حکم نہیں دیا

۱۰ رمضان المبارک ۸ھ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ سے

Marfat.com

روانہ ہوئے، دس ہزار فوج کی قیادت فرمائی۔ اس فتح کا ذکر کتاب استثنا
۳۳ اور غزل الغزلات باب ۵ میں بھی درج ہے:۔

- "خداوند! سینا سے آیا فاران کے پہاڑ سے جلوہ گر ہوا
دس ہزار قدسیوں کے ساتھ۔"

- اس مبارک سفر میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم جب مقام کدید پہنچے تو صحابہ کرام کے چہروں پر سفر، تکان اور مشقت دکھائی دی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کی مشقت کے پیشِ نظر روزہ افطار فرمایا، صحابہ نے ایسا ہی کیا۔ اگر اس شدت میں روزہ رکھا جاتا تو جہاد فی سبیل اللہ کا فریضہ ادا ہونے میں تساہل پیدا ہوتا، اسی وجہ سے حدیث پاک میں ہے:

لیس من البرّ الصیام فی السفر

ترجمہ: سفر میں روزہ بھلائی نہیں۔

- مریض اور مسافر کے لئے اگرچہ افطار جائز ہے لیکن روزہ رکھنا افضل ہے۔ مقام کدید پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور دس ہزار صحابہ کرام کے روزہ کھولنے کا ذکر تو بخاری شریف میں بھی ملتا ہے مگر قضائی یا کفارہ کا ذکر کہیں نہیں۔ سفر میں روزہ رکھنا اور ہے مگر روزہ رکھ کر نبھانا اور ہے یہاں روزہ رکھ کر افطار کیا گیا ہے۔

- (نوٹ) یہ ہے اختیارِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم جن پر اعتراض نہیں کیا جاسکتا۔ بخاری شریف کی مشہور حدیث ہے، صحابی روزہ توڑ کر حاضر ہوا فرمایا کفارہ دو غلام آزاد کر دو، عرض کی طاقت نہیں۔ فرمایا ۶۰ روزے رکھو معذرت کی فرمایا ۶۰ مساکین کو کھانا کھلاؤ معذرت کر دی، تھوڑی دیر بعد کچھ کھجوریں آئیں صحابی کو بلا کر فرمایا یہ کھجوریں مساکین مدینہ منورہ میں بانٹ دو

Marfat.com

تمہارا کفارہ ادا ہو جائے گا۔ عرض کی! مجھ سے زیادہ کوئی مسکین نہیں فرمایا تمہیں کھا لو کفارہ ادا ہو جائے گا۔ یہ ہیں اختیارات نبوت۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و الہ وصحبہ وسلم

## ابوسفیان دربارِ رسالت میں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم مقام کدید سے چل کر مرّالظہران پہنچے وہاں پڑاؤ کیا۔ ہر خیمہ کے آگے آگ جلانے کا حکم دے دیا گیا۔ یہ عرب کا رواج بھی تھا مگر دشمن پر ہیبت ڈالنا بھی تھا۔ کہ آگ دیکھ کر دشمن مرعوب ہو جائے۔ ابوسفیان اور ان کے ساتھی حالات کا جائزہ لینے کے لئے مرّالظہران پہنچے، سیدنا عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آواز پہچان لی اور فرمایا ابوسفیان آج تو بچ کر نہیں جا سکتا۔ ابوسفیان نے رہائی کی صورت پوچھی، آپ نے فرمایا بس ایک ہی صورت ہے کہ دربارِ رسالت میں حاضر ہو کر معافی کا خواستگار ہو جا۔ حضرت عباس نے اپنے خچر پہ سوار کر لیا۔ جونہی خیمہ فاروق سے گزر ہوا تو حضرت فاروق اعظم نے ابوسفیان کو پہچان لیا تعاقب کیا، دربارِ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کی حضور! ابوسفیان قابو آگیا ہے، اجازت فرمائیے گردن اڑا دوں۔ جناب عباس رض نے عرض کی حضور میں پناہ دے چکا ہوں۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا: عباس! ابوسفیان کو اپنے خیمے میں لیجاؤ، صبح میرے ہاں لے آنا۔ صبح ہوتے ہی حضرت عباس رض نے سراپا جرم کو سراپا کرم کے حضور پیش کر دیا، خطا کا پتلا، عطا، کے سامنے حاضر ہے۔ ابوسفیان محسوس کر رہے ہیں میری زیادتیوں کے انتقام کا مسئلہ دکھائی نہیں دیتا۔ شرم کے مارے پسینے چھوٹ رہے ہیں یہ شرم کے آنسوؤں کے قطرات ہی ہیں جو درجات کو بلند کر دیتے ہیں۔

Marfat.com

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لیے ہیں
قطرے جو تھے میرے عرقِ انفعال کے (اقبال)

گردن خم ہے آنسو ٹپ ٹپ گر رہے ہیں کریم ہیں جو کرم فرما رہے ہیں۔ غصّہ کا نام نہیں، انتقام کا تصور نہیں۔ جرائم کو یاد دلانے کی طرف توجہ بھی نہیں۔ مجرم مانگ رہا ہے کریم دے رہا ہے۔ ؎

میرے کریم سے گر قطرہ کسی نے مانگا
دریا بہا دیئے ہیں دُر بے بہا دیئے ہیں

(مولانا احمد رضا خاں علیہ الرحمۃ)

ابوسفیان امن رحمت میں آجاتے ہیں حلقہ بگوش اسلام ہو گئے، ؎

نہ کہیں جہاں میں اماں ملی جو اماں ملی تو کہاں ملی
میرے جُرم ہائے سیاہ کو ترے عفو بندہ نواز میں

## ابوسفیان کی عزّت افزائی

ابوسفیان کے قبول اسلام کے بعد سیّدنا عباس رضی اللہ عنہ عرض کرتے ہیں حضور ابوسفیان مکہ کا سردار ہے فخر کو پسند کرتا ہے کوئی ایسا تحفہ بھی عطا فرماویں جس سے یہ فخر کرسکے اور مطمئن ہو، حضور علیہ السلام نے فرمایا، جو حرم شریف کے اندر ہوگا اسے امن ہوگا ——— ابوسفیان عرض کرتے ہیں حضور مسجد حرام شریف بھی تھوڑی سی ہے اس میں کسقدر لوگ سما سکیں گے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو دروازہ بند کرے گا، ہماری فوجیں اسے بھی کچھ نہیں کہیں گی۔ عرض کی اس میں وسعت ہے۔ حضرت عباس ابوسفیان کو لے کر پہاڑ پر کھڑے ہو گئے کہ لشکر کی عظمت کا

Marfat.com

اندازہ لگایا جاسکے۔ ابوسفیان اس عظیم منظر کو دیکھ کر ہیبت زدہ ہو گئے۔ اور کہا عباسؓ تمہارے بھتیجے کا ملک بہت بڑا ملک ہے۔ عباسؓ فرماتے ہیں یہ بادشاہت نہیں بلکہ نبوت ہے۔ ابوسفیان کے سامنے سے فوجی دستے گزرتے گئے، ان کی حیرت بڑھتی گئی، مختلف فوجی دستوں نے اپنے اپنے قبائل کے جھنڈے اُٹھائے ہوئے تھے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## سعد بن عبادہ کا نعرہ

مہاجرین و انصار کے گروہ مسلح گزر رہے ہیں، مہاجرین کا جھنڈا سیدنا زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہاتھ میں ہے اور انصار کا سیدنا سعد بن عبادہ کے، سعد بن عبادہ نے ابوسفیان کو دیکھا تو جوش میں آکر نعرہ لگایا: الیوم یوم الملحمہ آج کا دن لڑائی کا دن ہے۔ الیوم نستحل الکعبہ آج کعبہ میں قتل و قتال جائز ہوگا۔ ابوسفیان نے حضرت عباسؓ سے تفصیل لی، یہ لوگ کون ہیں؟ حضرت عباسؓ نے فرمایا یہ مہاجرین یہ انصار ہیں۔ یہ نعرہ لگانے والے سعد بن عبادہ ہیں۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا گزر ہوا تو ابوسفیان نے سعد بن عبادہ کے جذباتی نعرہ کا ذکر کیا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یا ابا سفیان الیوم یوم المرحمہ "اے سفیان! آج کا دن رحمت و محبت کا دن ہے۔ لیعز اللہ فیہ قریشا: اس دن میں اللہ تعالےٰ قریش کو عزت بخشے گا۔ ابوسفیان کی اس شکایت پر حضور سید عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کہ جھنڈا سعد بن عبادہ سے لے کر اُن کے بیٹے قیس کو دے دیا جائے۔

Marfat.com

◆ ابوسفیان کی حوصلہ افزائی کے لئے جھنڈا حضرت سعد سے لے لیا۔ مگر حضرت سعد کی دل شکنی کے خیال سے انہیں کے بیٹے قیس کو دے دیا۔ گویا حضور علیہ السلام نے حکمت عملی سے کام کیا۔ ابوسفیان کی شنوائی ہوگئی، حضرت سعد کو تنبیہ ہوگئی، حضرت قیس کو جھنڈا دینے میں اس خاندان کا وقار بھی بحال رہا۔

وصلی اللہ علی حبیبہٖ محمدٍ والہٖ وصحبہٖ وسلم

## عجز وانکساری

جب ۲۰ رمضان ۸ھ حضور سید عالم فاتحانہ انداز میں مکہ مکرمہ کے اندر داخل ہوئے تو دیدنی منظر تھا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کعبۃ اللہ کا احترام بھی ہے اور فاتحانہ جذبات بھی، مگر دونوں کیفیتیں ایسا حسین امتزاج ہے جس کی مثال نہیں۔

◆ سیدنا عبداللہ بن مغفل فرماتے ہیں کہ محبوب پاک اونٹنی پر سوار ہیں۔ اور پُر سوز لہجہ میں انا فتحنا لک فتحا مبینا ط کی تلاوت فرما رہے ہیں۔ فتح مکہ کی خوشی میں چہرہ مبارک چمک رہا ہے مگر عجز وانکساری کی انتہا گردن جھکی ہوئی ہے ریش مبارک کجاوہ سے لگ رہی ہے آنسوؤں سے داڑھی مبارک تر ہے۔

◆ ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں اس موقعہ پر آپ نے یہ سورۃ بھی تلاوت فرمائی۔ "اذا جاء نصر اللہ والفتح"

(زرقانی ص ۳۲۵ جلد ۲، سیرۃ المصطفیٰ ص ۲۰۰)

◆ کبھی وہ وقت تھا اسی مقدس شہر سے ہجرت پر مجبور کر دیا گیا تھا آج وہی شہر ہے جس میں کل کا مہاجر آج فاتح کی حیثیت سے داخل ہو رہا ہے۔

Marfat.com

ذالک فضل اللہ یؤتیہ من یشاء

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام جب مکہ مکرمہ کے اندر داخل ہوئے تو سب سے پہلے حضرت ام ہانی رضی اللہ عنہا کے گھر تشریف لے گئے، آٹھ رکعت نماز ادا فرمائی یہ چاشت کا وقت تھا اسے صلوٰۃ الفتح کہا جاتا ہے۔ اسی سنّت پر عمل کرتے ہوئے سعد بن ابی وقاص نے مدائن کی فتح پر نماز ادا فرمائی،

● پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم شعب ابی طالب پر تشریف لے گئے یہیں آپکا خیمہ لگایا گیا تھا اسی مقام پر کبھی بنی ہاشم کو محصور کیا گیا تھا۔ اور ان سے سوشل بائیکاٹ کر دیا گیا تھا۔ (زرقانی صہ ۳۲۴ جلد ۱)

## بُت شکنی کا مظاہرہ

سیّدنا عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم فاتحانہ انداز میں مسجد حرام شریف میں داخل ہوئے تو کعبہ شریف کے گرد سجائے تین سو ساٹھ بتوں کو خاک میں ملا دیا، اس طرح سے دُنیا میں بسنے والوں کو ایک خدائے قدوس جل مجدہ وحدہ لاشریک لہ کا تصوّر دیا جس بُت کی طرف چھڑی کا اشارہ فرماتے وہی الٹا گر جاتا اس وقت آپ اس آیۃ کی بھی تلاوت فرما رہے تھے۔ قل جاء الحق وزھق الباطل ؕ

(خصائص کبریٰ صہ ۲۶ جلد ۱)

● فتح الباری صہ ۱ جلد ۸ میں سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی اِس روایت کو صحیح قرار دیا گیا ہے۔ اس بُت شکنی کے بعد حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عثمان بن طلحہ کو لے کر کعبہ شریف کے اندر داخل ہوتے دیکھا کہ وہاں تصویریں ہیں۔ تمام تصاویر کو مٹانے کا حکم دیا، مٹانے کے بعد انہیں آب زمزم سے دھلوایا

Marfat.com

گیا، اور نماز ادا فرمائی۔ ( زرقانی صـ ۳۳۶ جلد دوم ، فتح الباری صـ ۱۴ / ۸۷ )

آپ بیت اللہ شریف کے تمام کونوں میں پھرے توحید و تکبیر کی آوازیں بلند فرمائیں۔ کعبہ شریف کے اندر باہر کو بتوں سے پاک کرنے کے بعد حضور پرنور صلی اللہ علیہ وسلم نے بیرون مقامات پر بت شکنی کا اہتمام فرمایا۔ ۸ھ خالد بن ولید کو جمعیت کے ساتھ سواع کو توڑنے بھیجا، ۲۶ رمضان ۸ھ کو سعد بن زید اشیلی کو مناۃ تباہ کرنے بھیجا۔ ( سیرۃ مصطفٰے صـ ۲۲۵ جلد ۲ )

سیّدنا بلال، سیّدنا اسامہ خدام خاص ساتھ حاضر تھے۔ فراغت کے بعد دروازہ کھولا تو باہر عظیم اجتماع تھا یہ رمضان المبارک کی ۲۰ تاریخ تھی اسی جگہ کھڑے ہو کر آپ نے عظیم تاریخی خطبہ فرمایا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم

## کعبہ کے دروازہ پر تاریخی خطبہ

یہ مقدس خطبہ زبردست تاریخی حیثیت کا حامل ہے اس خطبہ شریف کے ایک ایک فقرہ پر مبسوط کتابیں لکھی جاسکتی ہیں۔ اسجگہ پر اُس عربی خطبہ کا اُردو ترجمہ پیش کیا جارہا ہے۔ تفصیلی طور پر عربی خطبہ پڑھنا مقصود ہو تو البدایہ والنہایہ صـ ۳۰۰ جلد ۲ کا مطالعہ مفید رہے گا۔

اللہ تعالیٰ کے بغیر کوئی عبادت کے لائق نہیں، اُس نے اپنا وعدہ سچا کر دکھایا، اپنے بندے کی مدد کی، دشمنوں کی تمام قوتوں کو اُس نے تنہا شکست دی، آگاہ ہو جاؤ جو دیت جانی ہو یا مالی جس کا دعوے ہو سکے وہ تمام میرے قدموں کے نیچے ہیں ( باطل ہیں ) ہاں بیت اللہ شریف کی دربانی اور حاجیوں کو پانی پلانے کا معاملہ حسبِ معمول رہے گا، آگاہ ہو جاؤ جو شخص غلطی سے قتل کیا جائے

Marfat.com

کوڑے یا لاٹھی سے اسکی دیت مغلظہ ہوگی ، (سو اونٹ) جس میں ۴۰ حاملہ اونٹنیاں ہوں گی ۔ اے گروہ قریش ! اللہ تعالےٰ نے جاہلیت کی نخوت اور غرور اور اباؤ اجداد پر فخر کرنے کو باطل کر دیا ، سب لوگ آدم سے ہیں اور آدم مٹی سے ، اس کے بعد یہ آیۃ شریفہ تلاوت فرمائی :-

یا ایھا الناس انا خلقناکم من ذکر وانثیٰ وجعلناکم
شعوبا وقبائل لتعارفوا ان اکرمکم عند اللہ
اتقاکم ان اللہ علیم خبیر

پھر فرمایا اے قریش تم میرے متعلق کیا خیال کرتے ہو کہ میں تمہارے ساتھ کیا معاملہ کروں گا ، لوگوں نے کہا آپ ہم سے بھلائی کریں گے ، کہ آپ شریف بھائی ہیں اور شریف بھائی کے بیٹے ۔ آپ نے فرمایا :- میں تم سے وہی کہتا ہوں جو یوسف علیہ السلام نے اپنے بھائیوں سے کہا تھا آج تم پر کوئی عتاب نہیں چاہیئے ، آپ سب آزاد ہیں ۔

(زاد المعاد ، سیرۃ ابن ہشام ، زرقانی ، البدایہ والنہایہ ص۳۰۰ ج۴)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد والہ وصحبہ وسلم

## نصیحت

جو لوگ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات والا صفات پر دنیوی بادشاہ ہونے کا الزام لگاتے ہیں ، وہ ذرا سوچیں ! اگر آپ دنیوی بادشاہ ہوتے تو آج عفو و کرم کے بجائے انتقام انتقام کا نعرہ بلند ہوتا ۔ خون کی ندیاں بہتیں ۔ دشمنوں کا قلع قمع کیا جاتا ، لاشیں مسخ ہوتیں ۔ دنیوی بادشاہوں کے اس انداز کو خود قرآن مقدس نے بھی اس طرح بیان فرمایا :-

Marfat.com

ان الملوك اذا دخلوا قريه افسدوها وجعلوا اعزة اهلها اذلة

• بادشاہوں کا معمول ہے جب کسی ملک میں داخل ہوتے تو وہاں فساد برپا کر دیتے ہیں۔ وہاں کے معزز لوگوں کو رسوا و ذلیل کر دیتے ہیں۔ اچھوں سے تو سبھی نبھا لیتے ہیں، بروں سے نبھا لینا یہ کمال ہے یہاں اسی وصفِ جمیل کا ظہور ہو رہا ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## ابو محذورہ کی تقرری

تاریخی خطبہ کے بعد سیدنا بلال رضی اللہ عنہ نے اذان پڑھی، ابو محذورہ جمحی نے سیدنا بلال رضی اللہ عنہ کی نقل اُتاری، حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بُلالیا ابو محذورہ فرماتے ہیں مجھے ڈر تھا اس نقل کی وجہ سے قتل کیا جاؤں گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اذان سناؤ ڈر گئے حوصلہ دیا گیا تو اذان سُنا دی — رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشانی پر بوسہ دیا اور دُعا فرمائی، ابو محذورہ فرماتے ہیں بس دُعا کا فرمانا — اور میرے سینے پر ہاتھ کا پھرنا تھا ساری نفرت محبت میں، سارا بغض پیار میں، ساری دوریاں قرب میں بدل گئیں ابو محذورہ فرماتے ہیں میری درخواست پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے مکہ مکرمہ کا مؤذن مقرر فرما دیا تقرری کے وقت ان کی عمر ۱۶ برس تھی۔ تا زیست مؤذن رہے آپ کی اذان لوگوں میں اذان بلالی کے بعد متعارف ہو گئی۔

• ایک شاعر کہتا ہے ؎

والنغمات من ابی محذورة　　لا فعلن فعلة مذكورة

Marfat.com

نوٹ : اس واقعہ میں بھی درگذر و عفو کا پہلو نمایاں ہو رہا ہے ۔طنز یہ نقل کرنے والے کو نوازکر مؤذن بنا دیا گیا ہے ۔

## صحابہ کا جھرمٹ اور موتیوں کی برسات

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم طواف سے فارغ ہو کر صفا کی طرف بڑھے دیر تک دعا میں مصروف رہے ، انصار کا جم غفیر ہے ۔صحابہ خوشی سے پھولے نہیں سماتے زبانوں پر حمد و شکر کے نغمے ہیں ۔ پیشانیاں عجز و انکساری سے سجدہ ریز ہیں ۔ مجمع سے بعض نے کہہ دیا حضور اللہ کا کرم ہوگیا ، مکہ فتح ہوگیا ہے ، یہ آپ کا آبائی وطن ہے آپ یہاں نہ رک جائیں اور مدینہ منورہ کو نظر انداز کر دیا جائے ۔ یہ سننا تھا زبانِ رسالت سے ارشاد جاری ہوا ۔ "اے صحابہ سن لو ، یہ ہرگز نہیں ہوسکتا ، سن لو " تمہاری زندگی میری زندگی تمہاری موت ، میری موت"۔

● یہ سن کر جان نثار صحابہ کی آنکھوں سے موتیوں کی برسات شروع ہوگئی کہ ہم پر محبوب پاک علیہ السلام کا اس قدر کرم ہے ، صحابہ نے عرض کی حضور ہمیں خطرہ ہوگیا تھا کہیں ہم اس شمع روشن کے استفادہ سے محروم نہ ہوجائیں اور یہ شمع مقدس ہماری محفل سے اٹھا نہ لیجائے ۔ اے اللہ کے محبوب ہم جان نثار خدام حاضر ہیں ، اور ہر قسم کے ایثار کے لئے تیار ہیں ۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلّم

## تحمل و بردباری کا عجیب مظاہرہ

حضور صلی اللہ علیہ وسلم مردوں سے بیعت لے کر فارغ ہوئے تو خواتین کی

Marfat.com

بیعت شروع فرمائی، عورتوں سے بیعت کا یہ طریقہ تھا۔ زبانی اعتراف و توبہ کرواتے کسی غیر محرم کے ہاتھ کو حضور علیہ السلام کے ہاتھ نے کبھی مس نہیں فرمایا۔ کپڑے کے ذریعے بیعت فرماتے یا پھر پانی کا پیالہ منگوا کر اسمیں اپنا ہاتھ ڈالتے پھر خاتون کو ہاتھ ڈالنے کا حکم دیتے۔ اسی ضمن میں ہندہ بنت عتبہ ابوسفیان کی اہلیہ حاضر ہوئیں، چہرے پر نقاب تھا اور یہ شرم کے باعث تھا کہ ہندہ نے میدان اُحد میں سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ کا کلیجہ چبایا تھا، جھجک تھی کہ مجھے پہچانا نہ جائے۔

ہندہ: حضور آپ ہم سے کیا عہد لے رہے ہیں۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم: خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرانا، چوری نہ کرنا۔

ہندہ: کبھی کبھار شوہر کے مال سے لے لیتی ہوں، نہ معلوم وہ چوری ہے یا نہیں؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم: ضرورت کے مطابق شوہر کے مال سے اتنا لے سکتی ہے جو تیرے بچوں کو کفایت کر سکے۔

ہندہ: کوئی اور بات ہے تو فرما دیجئے؟

حضور صلی اللہ علیہ وسلم: زنا سے بچتے رہنا۔

ہندہ: بھلا شریف عورت زنا کر سکتی ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم: اولاد کو قتل نہ کرنا۔

ہندہ: ہم نے تو بچوں کو پالا آپ نے انہیں بدر میں مار ڈالا۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم: کسی پر بہتان نہ لگانا،

ہندہ: خدا کی قسم بہتان باندھنا بڑا ہی جرم ہے۔

حضور صلی اللہ علیہ وسلم: کسی کار خیر کا انکار نہ کرنا۔

Marfat.com

ہندہ : آپ کی نافرمانی کا کوئی ارادہ نہیں۔
حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے عمر بن الخطاب سے بیعت لینے کا حکم فرمایا اور بیعت کے بعد آپ نے ہندہ کے لئے دعا فرمائی۔ (کامل ابن اثیر ص ۹۷ جلد ۲)

● قبول اسلام کے بعد ہندہ نے عرض کی حضور قبول اسلام سے پہلے آپ سے زیادہ کسی کو دشمن نہیں جانتی تھی قبول اسلام کے بعد آپ سے زیادہ کسی کو پسندیدہ نہیں سمجھتی۔ اس کے بعد گھر گئیں اور تمام بتوں کو توڑ ڈالا، اور کہا خدا کی قسم تمہاری وجہ سے ہی دھوکہ میں تھے۔

(زرقانی ص ۳۱۶ جلد ۳) (اصابہ ص ۴۰۲ جلد ۴)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## نہ کہیں جہاں میں اماں ملی

اس عنوان کے تحت چند ایسے افراد کا ذکر کرنا مقصود ہے جو فتح مکہ کے بعد از خود ہی ڈر کر مکۃ مکرمہ سے بھاگ گئے انہوں نے اسلام اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف بہت کچھ کہا تھا عفو عام کے بعد خاص مجرموں کو بھی معاف فرمایا۔ ان میں چار خواتین تھیں باقی مرد جن کی تفصیل یہ ہے۔

● حویرث بن نقید، عبداللہ بن زبعریٰ، کعب بن زہیر، وحشی بن حرب، عبداللہ بن خطل، مقیس بن صبابہ، عبداللہ بن سعد، عکرمہ بن ابی جہل، ہبار ابن اسود، ہبیرہ بن ابی رہب۔

● خواتین یہ ہیں :-

سارہ، قریبہ، فرتنیٰ، ہندہ بنت عتبہ

● ان میں سے جو بھی حاضر ہوا، اور معذرت کی معاف فرما دیا گیا۔ ان میں

Marfat.com

سے چند افراد کے واقعات درج کیے جا رہے ہیں جنہیں بالآخر دربارِ رسالت میں ہی پناہ ملی۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد والہ وصحبہ وسلم

## عکرمہ بن ابی جہل کی حاضری

یہ اُنہیں افراد میں سے ایک ہیں جن کا خون مباح کر دیا گیا تھا، فتح مکہ کے بعد بھاگ کر یمن چلے گئے تھے ان کی بیوی بنت حارث سلام لے آئیں اور دربارِ رسالت میں حاضر ہو کر اپنے شوہر کی امان چاہی، حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی بیوی کی درخواست کو قبول فرما لیا۔ عکرمہ مکہ مکرمہ سے بھاگ کر یمن کے ساحل پر پہنچ چکے تھے ابھی کشتی میں سوار ہی ہوئے تھے کہ طوفان میں پھنس گئے۔ عکرمہ نے لات وعزیٰ کو پکارا مگر بات نہ بنی، کشتی والوں نے کہا "عزیٰ" کام نہیں دے سکیگا۔ ایک خدا کو پکارو تو عکرمہ نے کہا:۔


اللھم لك عهد ان عافیتنی مما انا فیه ان اٰتی محمدًا حتی اضع یدی فی یده۔"

اے اللہ! اگر تو اس مصیبت سے بچالے تو میں تیرے حضور عہد کرتا ہوں (حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاں) حاضر ہو کر مسلمان ہو جاؤنگا۔

ادھر بیوی نے اپنے شوہر عکرمہ سے کہا اپنے آپکو ہلاک مت کرو، میں نے تیرے لیے دربارِ رسالت سے امان حاصل کر لی ہے، چلو دربارِ رسالت میں حاضری دو۔ عکرمہ بیوی کے ساتھ روانہ ہو گئے اُدھر حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ سے پہلے ہی فرما دیا:۔

"یاتیکم عکرمة مومنًا"

Marfat.com



جمرات کا منظر



غلافِ کعبہ کی بُنائی کا ایک منظر

Marfat.com



صفا ومروہ میں سعی کرنے کا منظر

Marfat.com




مکہ شریف سے منیٰ کے راستہ میں واقع ایک پل




سعودیہ کا ایک ہوائی جہاز

Marfat.com



مکہ مکرمہ میں ایک فوارے کا منظر



مسجد حرام کی عمارت کا بیرونی منظر

Marfat.com

عکرمہ مومن ہو کر حاضر ہو رہا ہے۔

◆ میاں بیوی نے حاضری دی اور حلقہ بگوش اسلام ہوئے، برملا صداقتِ مصطفٰی کا اعلان کیا پھر دُعا کی درخواست کی، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دُعا مغفرت فرمائی، بس گزر گیا جو گزر گیا، اس کے بعد ساری زندگی دین متین کی خدمت کیلئے کمربستہ رہے۔ روحانی انقلاب کا عالم یہ تھا کہ تلاوت قرآن کریم کرتے تو غشی طاری ہو جاتی اور فرماتے یہ میرے رب کا کلام ہے۔

◆ جب حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مرتدین کے خلاف صف آرائی فرمائی تو سیّدنا عکرمہ ایک جماعت کے سالار قافلہ کی حیثیت سے بڑھ رہے تھے جنگ اجنادین میں شہید ہوئے جسم اطہر پر ستّر سے زیادہ زخم لگے تھے۔

(الاستیعاب لابن عبدالبر ص ۱۵۰ ج ۳)

◆ فتح مکّہ کے موقعہ پر حضرت عکرمہ کے ہاتھوں ایک شخص شہید ہوا تھا حضور نے خبر ملنے پر فرمایا، قاتل اور مقتول دونوں جنتی ہیں۔ (مدارج النبوہ ص ۳۹۳ ج ۲) حضرت عکرمہ کے قبول اسلام اور ایمان پر موت کی طرف اشارہ ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## ہبار بن اسود سے حسن سلوک

ہبار وہ شخص تھا جس نے مسلمانوں کو مبتلائے عذاب رکھنے میں کوئی کمی نہ کی تھی۔ اسی نے ہی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بیٹی حضرت زینب کو نیزہ مار کر اونٹ سے گرا دیا، اسی صدمہ سے حمل گر گیا اسی تکلیف میں آپ کا انتقال ہوا، جب ہبار کو کہیں بھی پناہ نہ ملی تو آخر دربار رسالت میں حاضر ہوئے۔ صحابہ نے حیرت میں کہا حضور ہبار آگیا ہے۔ فرمایا مجھے پتہ ہے۔ حاضرین میں سے ایک قتل

Marfat.com

کے لئے اٹھا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے روک دیا، ہبار حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اس حسنِ سلوک سے اور متاثر ہوا عرض کی حضور میں بھاگ کر چلا گیا تھا، غیروں سے تعلقات استوار کئے مگر بات نہیں بنی، میں پھر واپس آ گیا ہوں :۔

فاصفح عن جهلي وعما كان بلغك عني فاني مقر بسوء فعلي معترف بذنبي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم قد عفوت عنك ۔"

حضور میری جہالت پر درگذر فرمائیے اور اُسے معاف کیجئے۔ جو کچھ مجھ سے آپکو تکالیف پہنچی، میں اپنی بُری حرکات اور گناہوں کا اقرار کر رہا ہوں، تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میں نے تجھے معاف کر دیا۔ اللہ تعالٰی نے تجھ پر احسان کیا تجھے اسلام کی ہدایت فرما دی اور اسلام پہلے سارے گناہوں کو مٹا دیتا ہے۔ (زرقانی ص ۳۱۵ جلد ۲)

وصلى الله على حبيبه محمد وآله وصحبه وسلم

## وحشی بن حرب کی ندامت

یہ بھی ان لوگوں سے تھے جن کا خون مباح قرار دیا گیا تھا۔ یہی وحشی تھے جنہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مقدس چچا سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ کو شہید کیا۔ یہ جبیر بن مطعم کا حبشی غلام تھا۔ جنگ بدر میں جبیر کا چچا طعیمہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے ہاتھوں قتل ہوا تھا۔ جبیر اپنے چچا کا بدلہ لینا چاہتا تھا، وحشی سے کہا اگر تو حمزہ کو قتل کر دے تو تجھے آزادی ہوگی۔ فتح مکہ کے بعد طائف کے لوگوں کے ساتھ دربارِ رسالت میں حاضر ہوئے لوگوں نے عرض کی حضور وحشی آگیا ہے جس نے آپ کے چچا کو قتل کیا تھا آپ نے فرمایا چھوڑ دو ایک شخص کا مسلمان ہونا

Marfat.com

میرے نزدیک ہزار کافروں کے قتل سے کہیں زیادہ اچھا ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت وحشی سے حضرت حمزہ کی شہادت کا واقعہ دریافت فرمایا، حضرت وحشی نے نہایت ندامت و شرمندگی سے سنایا اور یہ محض تعمیل حکم تھی۔ ؎

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لئے
قطرے جو تھے میرے عرقِ انفعال کے
(اقبال)

قبول اسلام کے بعد حضور علیہ السلام نے حضرت وحشی سے فرمایا تم میرے سامنے نہ آیا کرو تمہیں دیکھ کر مجھے اپنے عم محترم حضرت حمزہ کا صدمہ تازہ ہو جاتا ہے۔ حضرت وحشی اسی وقت محفل سے اٹھ کر باہر آگئے اور پھر ساری زندگی سامنے نہ جا سکے۔ چونکہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایذا دینے سے بچتے تھے جب کبھی محفل میں حاضر ہوتے تو پس پشت بیٹھ جاتے اور ہمیشہ کسی ایسے موقعہ کی تلاش میں رہتے کہ اس گناہ کا کفارہ ادا کر سکیں، حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد جب مسیلمہ کذاب نے نبوت کا دعوے کیا تو سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالے عنہ نے اس سے ٹکر لی، آپ کی کمان میں یہ حضرت وحشی بھی تھے اچانک حضرت وحشی کی نظر مسیلمہ پر پڑی جو ایک دیوار سے ٹیک لگائے کھڑا تھا، گویا ایک بھورے رنگ کا اونٹ کھڑا تھا۔ آپ نے فوراً حملہ کر کے ہلاک کر دیا۔ آپ فرمایا کرتے تھے دورِ جاہلیت میں مجھ سے خیر الناس شہید ہوا، تو دورِ اسلام میں میں نے شر الناس کو بھی ہلاک کیا ہے جس طرح حضرت وحشی نے حضرت حمزہ کو نیزہ مارا تھا اسی طرح اسے بھی مارا۔

(ابن ہشام صـ۸۱ ج۲، زرقانی صـ۲۱۶ ج۲، سیرۃ المصطفٰے صـ۲۱۹ ج۲)

حضرت وحشی فرمایا کرتے تھے :-

Marfat.com

الحمد للہ الذی اکرمہ بیدی ولم یھنی بیدہٖ"

اللہ کا شکر ہے جس نے حضرت حمزہ کو میرے ہاتھوں شہادت کی عزت بخشی، اور مجھے اُن کے ہاتھوں ذلیل نہیں کیا، اس لئے اگر وحشی سیدنا حمزہ کے ہاتھوں مارے جاتے تو کفر کی موت تھی جو ذلت ہے رسوائی ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علےٰ حبیبہٖ محمدٍ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم

## کعب بن زہیر دربار رسالت میں

یہ بھی اُن افراد میں سے ایک ہیں جن کا خون مباح کر دیا گیا تھا، حضرت کعب عرب کے فخر الشعراء تھے آپکی تصنیف قصیدہ بانت سعاد مشہور تالیف ہے اس کا ایک ایک لفظ موتی سے آبدار اور ایک ایک مصرع مطلع الانوار ہے۔ حضرت کعب کو اپنے دادا ابی سُلمیٰ سے شاعری ورثہ میں ملی تھی۔ قبولِ اسلام سے پہلے حضور علیہ السلام کے زبردست مخالف تھے شاعری کے زور میں لوگوں کو اسلام میں آنے سے روکتے تھے فی البدیہہ شعر کہنے کا زبردست ملکہ تھا۔ کیسی بھی مشاعرہ میں ان کا کلام وجد طاری کر دیتا تھا، للہ درک کے نعروں سے آسمان گونج جاتا۔

◆ شاعری میں حضرت کعب کی قدر و منزلت کا اس بات سے اندازہ ہو سکتا ہے حطیئہ جو عرب کے مشہور شعراء سے ہے وہ حضرت کعب سے درخواست کرتا ہے کہ وہ اُسے مشہور کرنے کے لئے اپنی شاعری میں اس کا تذکرہ کرے۔ چنانچہ ایک موقعہ پر حضرت کعب نے اس کا ذکر اس طرح کیا :-

Marfat.com

فمن للقوافی شانها من یحوکها
اذا ما مضیٰ کعب وفوّز جرول

شاعری کی سرپرستی کون کرے گا جب کعب چل بسے گا اور جرول حطیبہ وفات پا جائے گا۔

● یہ کہا جائے تو بالکل صحیح و درست ہے عرب کے گلستان شعراء کے انتہائی خوبصورت مہکتے ہوئے پھول حضرت کعب ہی ہیں۔ آپ بچپن سے ہی شعر سے لگاؤ رکھتے تھے ان کے والد انہیں روکتے تھے کہیں غلط اشعار کیطرف نہ چل جائے، مگر نہ رُکے۔ ایک دن والد نے انتہائی سخت امتحان لیا ردیف قافیہ، زمین کا بغور جائزہ لیا اور کامیاب پایا، تو باقاعدہ شاعری کی اجازت دے دی۔ چنانچہ آپ نے شاعری کی نگری میں داخل ہو کر مختلف گلیوں، کوچوں کا چکر لگایا، نہایت عمدہ اور پُرزور شاعری میں ماہر ہو گئے۔

● حضرت کعب فرماتے ہیں میں نے بہت سے دوستوں سے تعاون چاہا مگر سبھی نے انکار کر دیا:

وقال کل خلیل کنت امله
لا الھینك انی عنك مشغول

ترجمہ: ایک دوست نے جس سے میں نے امداد چاہی جواب دیا کہ مجھ سے کسی امداد کی توقع نہ رکھ میں خود اپنی مصیبت میں مبتلا ہوں تجھے کیا کر دوں"۔

فقلت لھم خلوا سبیلی لا ابالکم
فکل ما قدر الرحمٰن مفعول

ترجمہ: جب میرے احباب نے میری امداد سے انکار کر دیا تو میں نے کہا مجھے خدا کے حوالے کر دو جو قدرت کو منظور ہے وہ ہو جائے گا۔

Marfat.com

اُنبئتُ ان رسول اللہ اوعدنی
والعفو عند رسول اللہ ماءمول

ترجمہ: مجھے پتہ چلا ہے رسول اللہ نے (فتح مکہ کے بعد) میری گرفتاری کا حکم دے رکھا ہے اور رسول اللہ کی درگاہ سے مجھے بخشش کی اُمید ہے۔

نقد اتیت رسول اللہ معتذراً
والعذر عند رسول اللہ مقبول

ترجمہ: میں رسول اللہ کی بارگاہ میں عذرخواہ آیا ہوں اور آپ کی درگاہ معلیٰ میں عذر قبول ہوتا ہے۔

● حضرت کعب مدینہ منورہ کے ایک جہنی دوست کے ذریعہ بارگاہِ رسالت میں حاضر ہوئے۔ حاضر ہو کر دست بوسی کی اور عرض کی حضور کعب تائب ہو کر آنا چاہے تو معافی مِل سکتی ہے۔ فرمایا کیوں نہیں۔ عرض کی حضور کعب حاضر ہے ؎

بر در آمد بندۂ بگریختہ
ابروئے خود زعصیاں ریختہ

● ایک انصاری نوجوان نے عرض کی حضور مجھے اس کے قتل کی اجازت فرمائیے حضور علیہ السلام نے فرمایا، جو شخص تائب ہو کر ہمارے ہاں پناہ لیتا ہے اسلام قبول کرتا ہے ہم اس کو پناہ دیتے ہیں، اور زمرۂ اسلام میں داخل کرتے ہیں۔ کعب اخلاق کریمانہ سے مزید متاثر ہوئے اور اپنا نعتیہ کلام قصیدہ بانت سعاد پڑھنا شروع کیا بس کیا تھا صحابہ پر سکوت کا عالم طاری تھا، حضور علیہ السلام کبھی کعب کو دیکھتے کبھی صحابہ کو، جب حضرت کعب نے یہ شعر پڑھا ؎

ان الرسول لنورٌ یستضاء بہ
مھند من سیوف اللہ مسلول

Marfat.com

- رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نور ہیں جن سے کائنات جگمگا رہی ہے، ہر طرف سے جزاک اللہ، للہ درک کے نعرے بلند ہوئے۔ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے صلہ میں چادر مبارک جو اس وقت اوڑھے ہوئے تھے عطا فرمائی، حضرت کعب نے یہ چادر چوم کر سر پہ رکھ لی، کس قدر خوش نصیبی ہے یہ چادر مبارک تاج شاہی سے بڑھ کر ہے۔ سیّدنا معاویہ رضی اللہ عنہ نے سیّدنا کعب کو اس چادر کے بدلے دس ہزار درہم پیش کئے مگر آپ نے معذرت کر دی۔ حضرت کعب کے وصال کے بعد امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے آپ کے وارثوں سے بیس ہزار درہم میں یہ چادر حاصل کر لی اسی چادر کو خلفاء عباسیہ تاج پوشی کے وقت سر پہ رکھتے تھے۔ (صادق الارشاد شرح بانت سعاد ص۱۲، تاریخ ادب عربی ص۲۳۵ ۲۳۹)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ صحبہ وسلم

## خوش قسمت بوڑھا

فتح مکہ سے لوگ جوق در جوق حلقہ بگوش اسلام ہونے لگے تو ایک دن سیّدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اپنے بوڑھے والد ابو قحافہ کو لے کر حرم شریف حضور سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے حضور پیش کیا اور درخواست کی کہ میرے والد کو دامنِ رحمت میں جگہ دی جائے حلقہ اسلام میں داخل کیا جائے۔ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم فداہ ابی وامی نے صدیق اکبر سے فرمایا :-

- ھلا ترکت الشیخ فی بیتہ حتی اکون اتیہ فیہ

ابوبکر تو نے بوڑھے کو گھر ہی کیوں نہ رہنے دیا میں خود وہاں چلا جاتا،

صدیق اکبر عرض کرتے ہیں: ھو احق ان یمشی الیک۔ حضور اس کا زیادہ حق بنتا ہے کہ وہ چل کر آئے۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ابو قحافہ کے سینے پر ہاتھ پھیرا۔ بس ہاتھ کا پھیرنا تھا تمام قسم کے اختلافات، کدورتیں ختم

Marfat.com

ہوگئیں، بڑھاپے کے باعث حضرت ابو قحافہ کے بال سفید ہو چکے تھے فرمایا خضاب لگا لیا کرو مگر سیاہ خضاب ہرگز استعمال نہ کرنا۔ (روض الانف ص ۲۷۰ ج ۲)

ابو قحافہ کے قبول اسلام کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جناب ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کو ان کے والد کے قبول اسلام پر مبارک دی۔

(سیرۃ حلبیہ ص ۲۱۲ ج ۲)

وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہٖ محمدٍ وآلہٖ وصحبہٖ وسلم ط

## جذبہ رحم کی عجیب مثال

مکہ مکرمہ میں داخل ہونے سے پہلے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فوج کو جو ہدایات جاری کی ہیں انہیں پڑھنے سے وہ تمام شک وشبہات جو غیر مسلم اقوام کی طرف سے اسلام پر ظاہر کئے جاتے ہیں سب ختم ہو جاتے ہیں۔

۱۔ ہتھیار ڈال دینے والے کو قتل نہ کیا جائے۔

۲۔ خانہ کعبہ کے اندر داخل ہو جانے والے کو قتل نہ کیا جائے۔

۳۔ ابو سفیان کے گھر پناہ لینے والے کو قتل نہ کیا جائے۔

۴۔ حکیم بن حزام کے گھر جانے والے کو قتل نہ کیا جائے۔

۵۔ بھاگ جانے والے کا تعاقب نہ کیا جائے۔

۶۔ زخمی کو قتل نہ کیا جائے۔

۷۔ قیدی کو قتل نہ کیا جائے۔

۸۔ اپنے گھر کے اندر بیٹھنے والے کو قتل نہ کیا جائے۔ (رحمۃ للعالمین ص ۱۵۳ ج ۱)

غیر مسلم پریس کو سوچنا چاہیئے کہ اس قسم کے مشفق ومہربان قائد، سراپا رحمت قائد، عفو ودرگزر کرنے والے قائد پر بے جا الزامات تشدد عائد

Marfat.com

کرنا کہاں تک صحیح ہے۔

وصلی اللہ تعالےٰ علی حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم ط

## صُلح حدیبیہ

سرزمین مکہ مکرمہ پر رونما ہونے والے واقعات میں اہم واقعہ صلح حدیبیہ بھی ہے یہ اسلام کی تمام آئندہ کامیابیوں کا دیباچہ ہے، یہی وجہ ہے کہ اِسے فتح کے لقب سے نوازا گیا حالانکہ یہ ایک معاہدہ صلح ہے وہ بھی بظاہر مغلوبانہ"۔ اس کا سیرت طیبہ اور تاریخ اسلام سے گہرا ربط ہے۔ مکہ مکرمہ سے قریبًا ۸ – ۹ میل کے فاصلہ پر ایک گاؤں مشہور ہے اور وہ گاؤں ایک کنوئیں کے سبب مشہور ہوا۔ چونکہ مسلمانوں اور کفار کے درمیان اسی مقام پر ایک معاہدہ طے ہوا تھا جو اسی مقام پر لکھا گیا اسی وجہ سے اس واقعہ کو صلح حدیبیہ کہتے ہیں۔ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم ۶ ھ کو ۱۵۰۰ افراد کے ساتھ عمرہ کرنے کی غرض سے مدینہ منورہ سے روانہ ہوئے۔ مقام ذوالحلیفہ پر احرام باندھا، یہ تمام صحابہ غیر مسلح تھے کہ جنگ کا ارادہ نہیں بلکہ عمرہ کا ہے۔ (طبقات ابن سعد صہ ۷۰ جلد ۲)

حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی روانگی کی خبر سے قریش نے منصوبہ بنالیا کہ مکہ مکرمہ میں داخل نہ ہونے دیا جائے اور مقابلہ کا فیصلہ کرلیا۔ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حکمتِ عملی اختیار فرمائی اور دوسرے راستہ پر چل کر حدیبیہ کے مقام پر پہنچ گئے۔ اور اونٹنی مبارک یہیں بیٹھ گئی۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اونٹنی کو اللہ تعالیٰ نے یہاں روک لیا ہے۔ گرمی کا موسم تھا پیاس شدت کی تھی اس کنوئیں کا پانی ختم ہوگیا۔ پندرہ سو (۱۵۰۰) صحابہ پھر جانوروں کی تعداد، پانی نہ ملنے پر شدید دقت ہوئی۔ صحابہ کرام نے دربارِ رسالت میں حاضر ہو کر عرض کی، یا رسول اللہ

Marfat.com

پانی نہیں پیاس شدت کی ہے۔ گڑھے کا پانی ختم ہوگیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تیر نکالا اور گڑھے میں گاڑھ دیا بس پانی کے چشمے ابل پڑے۔

(فتح الباری ص۵۴۲ جلد ۵)

مدینہ منورہ سے روانگی کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک خواب آئی۔ آپ نے خواب میں دیکھا کہ آپ اور صحابہ نے مکہ مکرمہ داخل ہو کر عمرہ کیا ہے۔ اسی خواب پر عمل ہوا، یاد رہے نبی کی خواب بھی وحی ہوتی ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## نبی کی خواب بھی وحی ہے

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواب دیکھی کہ آپ اور صحابہ کرام انتہائی خوش اسلوبی کے ساتھ عمرہ ادا کر رہے ہیں، اور امن کے ساتھ مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے ہیں۔ (زرقانی ص ۱۸۰ جلد ۲)

اس مقدس خواب پر صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین ۱۵ سو کے قریب تیار ہو گئے کہ انہیں یقین تھا کہ نبی کی خواب بھی وحی ہے۔ نبی کے خواب کے وحی ہونے کی دلیل میں قرآن مقدس کا یہ ارشاد کافی ہے۔ ابراہیم علیہ السلام نے بیٹے سے فرمایا:۔

یا بنیّ انی اریٰ فی المنام انی اذبحک فانظر ماذا تریٰ

قال یا ابت افعل ما تؤمر ؕ

اے بیٹے میں نے خواب دیکھی ہے میں تجھے ذبح کر رہا ہوں اب تو بتا، بیٹے نے عرض کی اباجان آپ وہی کچھ کر گزریئے جس کا آپ کو حکم دیا گیا ہے۔

سیدنا ابراہیم علیہ السلام کا خواب دیکھ کر اسکی عملی تدبیر پہ بڑھنا خواب کے

Marfat.com

وحی ہونے کی دلیل ہے۔ بیٹے کا یہ فرمانا کہ آپ وہی کچھ کر گزریئے جس کا آپکو حکم ہے بھی نبی کے خواب کے وحی ہونے کی دلیل ہے۔

الوحی ھو فی الاصل الاعلام فی خفاء والالهام والکلام الخفی۔ (بخاری، بدء الوحی)

لغت میں وحی ہر مخفی اطلاع الہام اور کلام مخفی کو کہا جاتا ہے۔ مگر اصطلاحِ شریعت میں وحی اس کلام کا نام ہے جو اللہ تعالےٰ جل مجدہٗ کیطرف سے نبی پر نازل ہو۔

## وحی کی ۷ قسمیں

### پہلی قسم

خواب کے ذریعے جیسے بخاری شریف کی پہلی حدیث بدء الوحی میں، اول ما بدی بہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من الوحی الرؤیا الصالحہ۔ وحی کا آغاز جو ہوا تو خواب میں سچی خوابوں کا آنا تھا۔

### دوسری قسم

گھنٹی بجنے کی شکل میں وحی کا اترنا، جیسے اسی حدیث شریف میں ہے۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا: احیاناً یاتینی مثله صلصلة الجرس" گاہے بگاہے وحی گھنٹی بجنے کی صورت میں مجھ پر آتی ہے۔

### تیسری قسم

نبی کے قلبِ انور پر کلام اُتار دیا جاتا ہے۔ جیسے حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

نے فرمایا :-

ان روح القدس نفث فی روعی اے نفسی ۔"

جبریل علیہ السلام نے میرے دل میں القا کیا ۔"

## چوتھی قسم

فرشتہ انسانی شکل میں متمثل ہو کر نبی کے حضور حاضری دیتا ہے اور پیغام پہنچاتا ہے ۔ جیسا کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے خود فرمایا :-

- واحیانا یتمثل لی الملک رجلا ۔"

## پانچویں قسم

جبرئیل علیہ السلام اپنی اصلی شکل میں حاضر ہوں اور پیغام پیش کریں ۔ سیدنا جبرائیل علیہ السلام کی اصلی شکل کے بارہ میں آتا ہے کہ آپ کے چھ سو پر ہیں اور ہر پر سے موتی یا قوت بکھرتے ہیں ۔

## چھٹی قسم

اللہ تعالیٰ جلّ مجدہٗ نبی سے پسِ پردہ کلام فرمائے ، جیسے قرآنِ مقدس فرماتا ہے : الا وحیًا او من وراء حجاب (سورۃ شوریٰ)

سورۂ شوریٰ کی اس آیتہ مبارک میں وحی کی مختلف صورتوں کا واضح ذکر موجود ہے ۔

## ساتویں قسم

حضور علیہ السلام پر اسرافیل کا وحی لانا ، جیسے کہ شعبی نے بیان کیا ہے ، کہ نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم پر اسرافیل وحی لاتے رہے اور یہ سلسلہ تین سال تک

Marfat.com

جاری رہا ۔ پھر جبرئیل علیہ السلام مقرر کر دیئے گئے ۔

نوٹ : یہ اقسام وحی ، بخاری ج ۲ کے حاشیہ کے علاوہ بھی متعدد کتب سے ملتی ہیں ۔" وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## سیّدنا عثمان غنی مکّہ مکرّمہ میں

حدیبیہ میں قیام کے بعد حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی طرف سے اپنے ایک غلام فراش بن امیہ کو مکہ مکرمہ بھیجا کہ اہل مکہ سے بتا دیا جائے کہ ہم جنگ کے لئے نہیں آئے بلکہ صرف عمرہ کے لئے آ رہے ہیں ۔ اہلِ مکہ نے ان سے سخت مزاحمت کی اور قتل کی دھمکی دی تو آپ واپس آ گئے ، سیّدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کی معذرت کے بعد سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو سفیر کی حیثیت سے مکّہ مکرمہ روانہ فرمایا کہ بتائیں ہمارے جنگی عزائم نہیں صرف عمرہ کا مقصد ہے ۔ معذور مسلمانوں کو فتح کی خوش خبری سنائیں ۔ سیّدنا عثمان غنی رضہ نے پیغام پہنچایا مگر اہل مکہ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے مکّہ داخل ہونے پر اعتراض کیا اجازت نہ دی ۔ عثمانِ غنی سے کہا آپ چاہیں تو عمرہ کر لیں ۔ سیّدنا عثمان غنی نے فرمایا : حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بغیر طواف نہیں کروں گا ۔ قریش نے آپکو روک لیا ۔ خبر مشہور ہو گئی عثمان شہید کر دیئے گئے ہیں ۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وعلیٰ آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## بیعت رضوان

سیّدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت کی خبر تیزی سے پھیل گئی ۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام سے اسی سلسلہ میں بیعت لی ، سبھی نے یقین دلایا کہ کفار کے ساتھ آخر دم تک لڑیں گے ۔ سب سے پہلے ابو سنان رضی اللہ عنہ

Marfat.com

نے بیعت کے لئے پیشقدمی کی۔ سلمہ بن اکوع نے تین مرتبہ بیعت کی۔ صحابہ کرام سے فراغت کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بائیں ہاتھ کو اپنے دائیں ہاتھ پر رکھ فرمایا یہ بیعت عثمان کی طرف سے ہے۔ (بخاری شریف)

◆ سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بایاں ہاتھ میرے دائیں ہاتھ سے کہیں زیادہ بہتر ہے۔ (زرقانی ص ۲۰۶ جلد ۲)

اسی بیعت مبارکہ کا ذکر قرآن مقدس نے فرمایا :۔

لَقَدْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذْ یُبَایِعُوْنَکَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَعَلِمَ مَا فِیْ قُلُوْبِهِمْ فَاَنْزَلَ السَّکِیْنَةَ عَلَیْهِمْ وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِیْبًا ۙ

◆ بے شک اللہ تعالیٰ ایمان داروں سے راضی ہو گیا جب وہ اس پیڑ کے نیچے بیعت کر رہے تھے۔ ان کے دلوں میں جو کچھ ہے وہ اللہ تعالےٰ کو معلوم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر خاص رحمت و طمانیت کو اتار دیا۔ انہیں قریبی فتح عطا فرمائی۔

وَّمَغَانِمَ کَثِیْرَةً یَّاْخُذُوْنَهَا وَکَانَ اللّٰہُ عَزِیْزًا حَکِیْمًا ۝

◆ اور بھی بہت سی غنیمتیں حاصل کریں گے۔ اللہ تعالیٰ غالب و حکمت والا ہے۔ (پارہ ۲۶، سورۃ فتح، آیت ۱۸ تا ۱۹)

وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## نتائج

۱۔ بیعت رضوان میں شامل سبھی مومن تھے۔

۲۔ ان سب پر اللہ تعالےٰ راضی ہو گیا۔

Marfat.com

۳۔ دوسری جگہ پر "رضوا عنہ" سے ثابت ہے کہ صحابہ خدا پر راضی ہو گئے۔

۴۔ انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پر بیعت کرنے کا شرف نصیب ہوا۔

۵۔ ان کے دلوں کی کیفیت جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے وابستہ ہے، اللہ تعالیٰ جانتا ہے۔

۶۔ عشق رسول کے باعث ان پر سکینت اُتاری۔

۷۔ مستقبل قریب کی فتح کی یعنی خیبر عطا فرمائی۔

۸۔ اس کے علاوہ اور بھی فتوحات کا مژدہ فرما دیا گیا۔

وصلّی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلّم

## صُلح کے لئے پیش رفت

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم کی اس جاں نثاری اور بیعت کی خبر تیزی سے پھیل گئی تو قریش مکہ انتہائی مرعوب ہو گئے اور صُلح کے لئے پیغامات کا سلسلہ شروع کرایا۔ اس ہونے والی پیش رفت میں قبیلہ خزاعہ کے سردار بدیل بن ورقہ عروہ بن مسعود، مغیرہ بن شعبہ، کلیس بن عنقہ کنانی، مکرز بن حفص، سہیل بن عمر، کی کاوشوں کو خاصہ دخل ہے۔ سہیل بن عمر جب حاضر ہوا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "قد سہل لکم من امرکم" تمہارا کام کچھ سہل ہو گیا، سہیل سے سہل کی فال لی۔ مِن تبعیضیہ ہے۔ نیز سہیل سہل کی تصغیر ہے جو قلت پر دلالت کرتی ہے۔ سہیل کے ساتھ دیر تک صلح کے معاملہ میں بات ہوتی رہی۔ سہیل نے صاف صاف بتا دیا کہ قریش صلح پر مائل ہو چکے ہیں۔ چنانچہ شرائط طے ہو جانے پر حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سیدنا علی المرتضیٰ کو فرمایا کہ معاہدہ کی تحریر لکھو اور فرمایا سب سے پہلے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھو۔ اس پر سہیل نے کہا یہ تحریر قدیم

Marfat.com

دستور کے مطابق لکھی جائے گی۔ رحمٰن و رحیم کا ذکر نہیں ہوگا۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اچھا عرب کے قدیم دستور کے مطابق "باسمک اللھم" سے ہی شروع کرلو۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ لکھو:۔

ھذا ما قاضیٰ علیہ محمد رسول اللہ

یہ وہ معاہدہ ہے جس پر محمد رسول اللہ نے صلح کی۔

سہیل پھر بگڑ گیا اور کہا جب ہم آپ کو رسول مانتے ہی نہیں تو تحریر کیوں ہو۔ یہاں پر لکھو: "محمد بن عبداللہ" حضور نے فرمایا واللہ! میں اللہ کا رسول ہوں"۔ حضرت علی المرتضیٰ سے فرمایا صرف میرا نام ہی رہنے دو رسول اللہ قلم زد کردو۔ عرض کی یا رسول اللہ! مجھ سے تو ایسا نہیں ہو سکے گا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خود "رسول اللہ" کا لفظ مٹا کر "ابن عبداللہ" لکھ دیا۔

(سیرت النبی ص ۴۳۳ جلد ۱ بالفاظ متفارقہ، سیرۃ المصطفیٰ ص ۸۳/۳۶)

## ابوجندل کی آمد اور جذبات کا تلاطم

سیدنا ابوجندل سہیل بن عمر کے بیٹے تھے۔ اسلام لاچکے تھے۔ کفار کے نرغے میں پھنسے ہوئے تھے۔ موقعہ پاکر کسی طرح ان کی قید سے بھاگ نکلے اور مقام معاہدہ پر آکر سب کے سامنے گر گئے ابوجندل کو کفار نے اسقدر مارا تھا کہ زخم ہو گئے مار کے نشانات پڑ گئے جونہی انہوں نے صحابہ کرام کو اپنے زخموں کے نشانات دکھائے کہرام مچ گیا۔ اس کہرام پر آپ کے ان الفاظ نے مزید تلاطم پیدا کیا۔ "کیا آپ صحابہ مجھے اس حالت میں دیکھنا پسند کرتے ہو، کیا مجھے پھر کفار کی قید میں رہنا تمہیں اچھا لگتا ہے۔ سیدنا عمر فاروق کا جوش دیدنی تھا۔ حضور علیہ السلام سے عرض کرتے ہیں حضور ہم حق پر ہیں۔ ہم

Marfat.com



حرم شریف کا صفا و مروہ کی جانب کا منظر



باب کعبہ

Marfat.com




میدان عرفات میں حجاج کی آمد

Marfat.com



ملتزم پر حجّاج کرام

Marfat.com



حرم کعبہ اور اس کے تمام دروازوں کے میناروں کا منظر



مکہ مکرمہ میں کاروں کا نیا اڈا

Marfat.com

دین میں ذلت کیوں برداشت کریں۔ ابو جندل کو واپس نہیں کیا جائے گا۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میں اللہ کا رسول ہوں اور اُس کے حکم کی نافرمانی نہیں کر سکتا۔ خدا میری مدد کرے گا۔ سہیل کا موقف تھا کہ ابو جندل کا واپس نہ کرنا خلاف ورزی ہے۔ صحابہ کرام کا موقف تھا ابھی معاہدہ مکمل نہیں ہوا۔ ابو جندل کا واقعہ تکمیل معاہدہ سے پہلے ہے۔ سیدنا ابو جندل بیڑیاں پہنے صحابہ کے سامنے حاضر ہیں۔ صحابہ کو ذرا اشارہ ہو جاتا تو خون کی ندیاں بہہ جاتیں مگر نہیں! معاہدہ ہو چکا ہے معاہدہ کی شرائط میں ایک شرط یہ بھی تھی جو کفار کی قید سے بھاگ کر مسلمانوں میں آجائے اُسے واپس کرنا ہوگا۔ سیدنا ابو جندل کو واپس کرنے کا دردناک منظر تھا۔ محبوب پاک علیہ السلام کے اس عظیم کارنامے، حوصلے پر ملائکہ بھی ششدر ہوئے ہونگے۔ ایفاء عہد کی ذمہ داری ہے حضور علیہ السلام نے ابو جندل کی طرف دیکھا اور فرمایا:

یا ابا جندل اصبر واحتسب فان اللہ جاعل لک ولمن معک من المستضعفین مخرجًا۔

- ابو جندل صبر اور ضبط سے کام لے تمہارے لئے اور مظلوموں کے لیے اللہ تعالیٰ کوئی راہ نکالے گا۔

چنانچہ ابو جندل کو اسی طرح پا بجولاں واپس جانا پڑا، ابو بصیر رضی اللہ عنہ کو مدینہ منورہ سے واپس فرمایا۔ ابو جندل اور ابو بصیر دونوں نے مدینہ منورہ سے باہر ڈیرہ لگایا اور فروغ کا باعث بنے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## صُلح کی شرائط

- مسلمان اس سال واپس چلے جائیں۔

Marfat.com

- اگلے سال آئیں اور صرف تین دن ٹھہر کر واپس ہو جائیں۔
- مسلح ہو کر نہیں آئیں گے صرف تلوار ساتھ ہو وہ بھی نیام میں اور نیام بھی جلبان میں،
- مکہ مکرمہ میں مقیم مسلمانوں کو ساتھ نہیں لیجائیں گے اور مسلمانوں سے کوئی مکہ رہے تو رکاوٹ نہیں بنیں گے۔
- کفار سے کوئی مدینہ منورہ چلا جائے تو واپس کرنا ہوگا اگر کوئی مسلمان مکہ چلا گیا تو واپس نہیں کیا جائے گا۔
- قبائل عرب میں سے جو جس کے ساتھ چاہے، معاہدہ میں شریک ہو جائے۔

(سیرۃ النبی ص ۴۵۰ جلد ۱)

- اس معاہدہ کے بعد حضور علیہ السلام نے صحابہ کو سر منڈانے اور احرام کھولنے کا حکم دیا تو صحابہ کرام نے ذرا توقف کیا۔ ام المؤمنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور علیہ السلام سے مشورۃً عرض کیا کہ حضور آپ فوراً احرام کھول دیں صحابہ نے بھی یہ دیکھ کر احرام کھول دیئے۔

سوال: حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے بذریعہ خواب عمرہ کرتے دیکھا مگر امسال عمرہ نہ ہو سکا؟

جواب: یہی سوال سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ السلام سے کیا، آپ نے فرمایا میں نے اس سال کا ذکر تو نہیں کیا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## ایفاء عہد کی اہمیت

صلح حدیبیہ کے واقعہ میں حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت طیبہ

Marfat.com

کا ایک نمایاں پہلو ایفاءِ عہد بھی ہے اسی مناسبت سے ضروری محسوس ہوتا ہے کہ اس عنوان پر بھی چند سطور لکھ دی جائیں۔

● عہد کے معنی کسی چیز کی مسلسل حفاظت اور خبرگیری کرنا، عہد و پیمان لے کر ایفاء کی تاکید کرنا کے آتے ہیں۔ عہد کا استعمال پختہ وعدہ کے لئے بھی آتا ہے، ذمہ داری اور امان کو بھی عہد کہتے ہیں اور وفاداری کے معنوں میں بھی آتا ہے۔ عہد کی پابندی صفات خداوندی میں سے ایک صفت ہے۔ قرآن مقدس فرماتا ہے۔

لَا یُخْلِفُ اللّٰہُ الْمِیْعَادَ

"اللہ تعالیٰ وعدہ کے خلاف نہیں کرتا۔"

● اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ اپنے بندوں سے بھی چاہتا ہے کہ وہ عہد پورا کیا کریں۔ ارشاد ہوتا ہے:-

وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا

عہد پورا کیا کرو کہ عہد کے متعلق (قیامت کے دن) باز پرس ہوگی۔"

● ایک اور مقام پر قرآن کریم نے اللہ تعالیٰ کے نیک بندوں کا ذکر اس طرح فرمایا ہے:

وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عَاهَدُوْا (البقرہ)

(نیک بندے وہ ہیں) جو عہد کر کے پورا کریں۔

● ایک مقام پر قرآن مقدس نے عہد کی پابندی کی صفت امانت کے ساتھ ذکر فرما کر اس کی اہمیت کو واضح کیا ہے۔ جس طرح امانت کی ادائیگی اللہ تعالیٰ کی طرف سے لازم کر دی گئی ہے۔

● اِنَّ اللّٰهَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا

اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ حکم فرماتا ہے کہ امانتوں کو ان کے اہل کے سپرد کرو۔"

Marfat.com

عہد کو امانت کے ساتھ ذکر کر کے بھی اسی اصول کا پابند رہنے کا حکم دیا گیا ہے۔ ارشاد ہوتا ہے۔

● والذین ھم لامٰنٰتِھِم وَعَھدِھِمْ رٰعُونَ ط (المؤمنون)

وہ جو اپنی امانتوں اور عہد کا پاس رکھتے ہیں"۔

اسی ایفاء کے عنوان کو قرآن مقدس نے اس طرح بھی فرمایا ہے۔

الذین یوفون لعھد اللہ ولا ینقضون المیثاق ط (الرعد)

اور وہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ اپنا عہد پورا کرتے اور اُسے مضبوطی کے بعد توڑ نہیں ڈالتے"۔

● اس آیت مبارکہ میں ایفاء عہد کے سلسلہ میں یہ بات بھی واضح ہو رہی ہے کہ سب سے پہلے اللہ تعالیٰ سے کئے گئے وعدوں کی ایفاء ہے جو ازل میں لیے گئے ہیں۔

● حضور سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی حیات طیبہ میں ایفاء عہد، دیانت اور امانت کے اصولوں کو اس قدر اُجاگر و نمایاں فرمایا ہے جس کی مثال ناپید ہے۔ یہی وہ تین اوصاف ہیں جو اصلاحِ معاشرہ کے لیے مرکزی حیثیت رکھتی ہیں۔ ناپ تول، قرض کی ادائیگی، مالی اخلاقی انداز بھی عہد کی مختلف صورتیں ہیں۔

● امام بخاری علیہ الرحمۃ نے اپنی کتاب صحیح بخاری کُتاب الادب" میں "حسن العہد من الایمان" کا باب باندھا ہے۔ "عہد کی پابندی ایمان سے ہے"۔

● سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ، سے روایت ہے کہ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے خطبہ میں فرمایا کرتے تھے:۔

لا دین لمن لا عھد لہٗ (مشکوٰۃ کتاب الایمان)

جس میں عہد نہیں اس میں ایمان نہیں"۔

Marfat.com

• حضور سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی صفت ایفاء عہد ایک ایسی عظیم صفت ہے کہ دشمن کو بھی اعتراف کرنا پڑا۔ جب روم کے بادشاہ قیصر نے ابوسفیان سے سوالات کئے تو ان میں ایک سوال یہ بھی تھا کہ ابوسفیان یہ بتاؤ محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) نے کبھی تم سے بدعہدی بھی کی ہے۔ تو ابوسفیان کو اس وقت مجبوراً یہ کہنا پڑا کہ ایسا کبھی نہیں ہوا۔

• ابورافع قریش مکہ کی طرف سے سفیر بن کر مدینہ منورہ آئے۔ حضور سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر نظر پڑی تو فریفتہ ہو گئے اور آپ کے سچے رسول ہونے کا یقین ہو گیا۔ عرض کرتے ہیں حضور میں اب کفار میں نہیں جاؤں گا۔ حضور علیہ السلام نے فرمایا میں عہد شکنی نہیں کرتا اور نہ سفیروں کو اپنے پاس روک سکتا ہوں تم واپس جاؤ اگر دل کی یہی حالت رہے تو پھر آجانا۔ چنانچہ واپس آگئے اور پھر بحالتِ اسلام آئے۔ (ابن ہشام)

• سیدنا عبداللہ بن ابی الحمسا فرماتے ہیں۔ اعلان نبوت سے پہلے میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی معاملہ طے کیا تھا کہ کچھ معاملہ باقی تھا میں نے وعدہ کیا پھر آؤں گا۔ آپ فرماتے ہیں میں گھر جا کر یہ وعدہ بھول گیا تین دن تک یاد نہ آیا تیسرے دن جب جائے وعدہ پر پہنچا تو حیران ہوا حضور صلی اللہ علیہ وسلم اسی جگہ منتظر تھے۔ کہ میں نے آنا تھا ناراضگی نہیں فرمائی صرف اس پر اکتفا کیا میں کئی دن سے یہاں منتظر ہوں۔

(سنن ابی داؤد ص ۶۸۰ جلد ۲، کتاب الادب)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

**صلح حدیبیہ اور مسائل**: اس عظیم واقعہ سے مندرجہ ذیل مسائل معلوم ہوئے

Marfat.com

- صلح کی طے شدہ شرائط میں کسی ایک شرط کی خلاف ورزی بھی بدعہدی ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوجندل اور ابوبصیر کو واپس فرما دیا۔
- عورتوں سے مشورہ کرنا جائز ہے حضور علیہ السلام نے اس موقع پر ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے مشورہ پر عمل فرمایا۔
- کسی بھی معاہدہ پر فریقین کے دستخط ہوں اور یہ دستاویزی ثبوت دونوں کے ہاں ہونا چاہیئے۔ جیسے اس معاہدہ کی ایک نقل حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تھی دوسری سہیل بن عمر کے پاس۔
- زبانی کلامی صلح سے کہیں زیادہ عمدہ بہتر مضبوط بات یہ ہے کہ تحریر ہو، جیسے جہاں ہوں۔
- اسلام اور کفر کے درمیان کسی بھی اصلاحی پہلو پر صلح ہو جائے تو قباحت نہیں۔
- سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ کے فعل سے ثابت ہو رہا ہے اس معاہدہ پر سیدنا فاروق اعظم پریشان تھے جبکہ صدیق اکبر مطمئن تھے۔
- اگر صلح میں اسلام کا فائدہ نہ ہو تو مرعوب ہو کر صلح کرنا درست نہیں اور اس صلح حدیبیہ میں بے شمار فوائد تھے۔
- معاہدہ میں طے شدہ مقامات کے علاوہ مقامات مستثنیٰ ہوں گے۔ ابوجندل اور ابوبصیر کا مدینہ سے باہر ڈیرا لگانا معاہدہ کے خلاف نہیں۔
- امام احمد بن حنبلؒ فرماتے ہیں حضور علیہ السلام کا قیام توحل میں تھا مگر نمازیں "حد حرم" میں ادا فرماتے۔ اس سے معلوم ہوا لاکھ کا ثواب مسجد حرام سے ہی نہیں بلکہ حرم کی حد میں جہاں بھی پڑھے لاکھ کا ثواب ہوگا۔
- حد حرم میں نماز پڑھنے کو حد حل پر ترجیح دی جائے جیسے صلح حدیبیہ میں ہوتا رہا۔

Marfat.com

- قیام امن کے لئے اپنے کسی ایسے موقف سے ہٹ جانا جس میں قباحت نہ ہو جائز ہے حضور علیہ السلام نے سہیل بن عمر کے اصرار پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی بجائے "باسمک اللّٰھم" پر اکتفا فرمالیا۔
- حضور علیہ السلام سے صحابہ کا بیعت کرنا در اصل خدا سے معاہدہ ہے۔ جیسے دوسری جگہ "انما یبایعون اللّٰہ" سے واضح ہے۔
- حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے مختلف امور پر بیعت لی، کبھی اسلام پر، کبھی برائیوں سے بچنے پر، کبھی شرک نہ کرنے پر، کبھی زنا اور چوری سے الگ تھلگ رہنے پر، کبھی اولاد قتل نہ کرنے پر، کبھی بہتان نہ لگانے پر، کبھی فرائض کی ادائیگی پر، کبھی والدین کے ساتھ حسن سلوک پر، کبھی اطاعت امیر پر، کبھی جہاد پر، اس جگہ جہاد پر بیعت لی گئی۔ اس مضمون پر مزید معلومات کے لئے "فتح الباری ص ۶۰ ج ۱۱ اور کنز العمال ص ۲۵ ج ۱" کا مطالعہ مفید رہے گا۔
- حضور علیہ السلام کا اپنے ہاتھ کو عثمان غنی کا ہاتھ قرار دینا سیدنا عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شان ہے۔
- عثمان غنی کا مکہ مکرمہ ہونا اور حضور علیہ السلام کا مقام حدیبیہ میں ان کی بیعت لینے سے پتہ چلا کہ غائبانہ بیعت درست ہے۔
- بیعت رضوان میں شامل سبھی جنتی ہیں ان کے متعلق غلط وہم و گمان گمراہی ہے جیسا کہ

"لقد رضی اللّٰہ"

سے ظاہر ہے۔

وصلی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

# مکہ مکرمہ کے چند مقدس مقامات

یوں تو حرم مکہ کا ذرہ ذرہ ہی رشکِ طور ہے۔ کوئی پہاڑ ہو یا وادی، مکان ہو یا صحرا، ارض سنگلاخ ہو یا گلستان سبھی ہی نورٌ علیٰ نور ہیں۔ تاہم ان مقامات میں چند ایسے اہم مقامات بھی ہیں جن کا ذکر نہ کیا جائے تو سرزمین مکہ مکرمہ کے تاریخی واقعات کو مکمل نہیں کہا جا سکتا۔

## ولادت گاہِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم

یہ وہ مقدس مقام ہے جہاں سید الانبیاء حبیب کبریا، آفتابِ نبوت حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی شعاع پڑی۔ یہی وہ مقام ہے جسے سب سے پہلے چہرۂ مصطفیٰ دیکھنے کا شرف ملا۔ یہ مکان آپ کا آبائی مکان تھا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم سفرِ ہجرت پر روانہ ہوئے تو یہ مکان اپنے چچا زاد بھائی عقیل بن ابی طالب کو دیدیا۔ ان سے یہ مکان محمد بن یوسف ثقفی نے خرید لیا، خلیفہ ہارون الرشید کے دور میں ان کی والدہ نے محمد بن یوسف سے خرید کر یہاں مسجد بنوا دی۔

(اخبار مکہ ازرقی مولد النبیؐ وشفا ص ۲۶۹ ج ۱)

- یہ مسجد مبارک مختلف ادوار سے گزرتی رہی، خلیفہ الناصر عباسی، ملک مظفر، حفیدہ المجاہد، ملک اشرف، سلطان سلیمان خان نے اپنے اپنے زمانوں میں اس مسجد کی خدمت میں نمایاں حصہ لیا۔ ۱۰۰۹ھ میں مراد خان نے اسے از سرِ نو تیار کیا۔ دولت عثمانیہ میں یہاں درس گاہ بنا دی گئی۔ (مرآۃ الحرمین ص ۱۹۰ جلد ۲)

Marfat.com

(تاریخ مکہ صہ ۳۵۴ جلد ۱)

- عباس بن یوسف قطان نے ۱۳۷۰ھ میں بہترین مکان تعمیر کرنے کا منصوبہ کیا۔ جسے ان کے بیٹے شیخ امین نے مکمل کیا۔ جس میں عوام کے استفادہ کے لیے قیمتی کتب کا ذخیرہ رکھا گیا۔ آج اس مکان پر "المکتبہ" کا جلی بورڈ لکھا ہوا نظر آتا ہے۔ یہ مقدس جگہ سوق اللیل میں واقع ہے حرم پاک کی صفا کی سمت سے غزہ بازار کو جائیں تو دائیں آتی ہے۔ اس جگہ کا نام اہلِ مکہ کی زبان پر "ردم نبی" رہا۔ عسفان بھی اس کا نام "ردم" عبداللہ بن جراد کی روایت سے ملتا ہے،

"ولد رسول اللہ بالردم" (شفاء صہ ۳۶۹)

- علامہ قطب الدین اپنی کتاب "کتاب الاعلام" میں فرماتے ہیں:۔

"ویستجاب الدعاء فی مولد النبی صلی اللہ علیہ وسلم" حضور کی ولادت گاہ پر دعا قبول ہوتی ہے۔" ہر پیر کی رات کو وہاں محفل ذکر ہوا کرتی تھی۔

(کتاب الاعلام صہ ۳۵۵)

نوٹ: اب حالات بدل گئے ہیں۔

## اُم المومنین خدیجۃ الکبریٰ کا مکان

مکہ مکرمہ کی اہم جگہوں میں ام المومنین سیدہ خدیجۃ الکبرےٰ کا مکان بھی ہے، حرم شریف کے مروہ کی سمت سے بالائی جانب جائیں تو اس مکان کی زیارت ہو جاتی ہے۔ آج کل چھتہ بازار کے نام سے یہ علاقہ مشہور ہے، حضور سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی اولاد اطہار میں سوائے سیدنا ابراہیم کے سبھی یہاں پیدا ہوئے پرورش پائی۔ سیدہ خدیجۃ الکبرےٰ کا وصال بھی اسی مکان میں ہوا۔ ان دنوں اس میں درس قرآن حکیم کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی مکان

Marfat.com

میں جبریل علیہ السلام کی حاضری ہوا کرتی ۔ ہجرت کے موقعہ یہ مکان بھی عقیل ابن ابی طالب نے لے لیا تھا۔ اس مکان میں تین مشہور مقامات بتائے گئے ہیں۔

۱۔ مولد الفاطمہ

۲۔ قبۃ الوحی

۳۔ المختبئی (جہاں حضور علیہ السلام چھپ کر بیٹھے اس کا نام المختبئی ہوا)

محب طبری فرماتے ہیں: مسجد حرام کے بعد تمام مکانات سے اعلیٰ خدیجۃ الکبریٰ کا مکان ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی احبیبہ محمد وآلہ وسلم

## صدیق اکبر کا مکان

یہ مکان بھی مکہ مکرمہ کے متبرک مکانات سے ایک ہے اس کے دروازہ پر پتھر پر کندہ ہے:

"ھذہ الدار لرفیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی الغار و رفیقہ فی الاسفار" یہ مکان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے یار غار اور سفر کے ساتھی صدیق اکبر کا ہے۔"

- اس مکان کے سامنے کی دیوار پر پتھر تھا جسے لوگ احترام سے دیکھتے تھے اسے ہاتھ لگا کر برکت حاصل کرتے تھے۔ مشہور ہے جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم یہاں سے گزرتے تو یہ پتھر آپکو سلام کیا کرتا ہو سکتا ہے یہی پتھر ہو جس کے متعلق حضور علیہ السلام کا ارشاد ہے:

- "انی لاعرف حجرا بمکۃ کان یسلم علی"

میں اس پتھر کو پہچانتا ہوں جو مکہ مکرمہ میں مجھے سلام کیا کرتا تھا۔"

وصلی اللہ تعالے علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

Marfat.com

## دارارقم

یہ مشہور مقام صفا کے قریب واقع ہے۔ شروع اسلام میں حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اسی میں رہا کرتے تھے، مشورے ہوتے تبلیغی نظام کو پروان چڑھاتے کے منصوبے بنتے۔ فاروق اعظم اسی میں حاضر ہو کر ایمان لائے۔ سیدہ خدیجۃ الکبریٰ کی حویلی کے بعد اسے شرف حاصل ہے کہ حضور علیہ السلام دیر تک اس میں رہے اور سب سے بڑی وجہ شرف حضور علیہ السلام کی نسبت ہے۔ خلیفہ ہارون الرشید کی والدہ نے اس جگہ پر مسجد تعمیر کروائی۔ بعد ازاں امین الملک مصلح، وزیر الجواد، المستنصر عباسی، جمال الدین، شرف الاسلام، ابوجعفر، سلطان مراد خاں، ابراہیم کلب نے اپنے اپنے دور میں اس کی مرمت و تزئین میں حصہ لیا۔

(شفا ص ۳۶ جلد ۱، تاریخ مکہ ص ۳۶۰ جلد ۱)

حرم شریف کی توسیع کے پروگرام میں یہ جگہ شامل کر لی گئی اب دارارقم کا نشان نہیں ملتا۔"

وصلی اللہ تعالٰی علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کا مکان

سرزمین مکہ مکرمہ کے مقدس مکانات میں سے سیدنا علی المرتضیٰ کا مکان بھی شامل ہے۔ یہ مکان بھی حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت گاہ کے قریب واقع تھا۔ اس سلسلہ میں متعدد تاریخی کتب کا مطالعہ کیا مگر نمایاں راہنمائی نہ مل سکی۔ یہ جگہ بھی سوق اللیل میں ہی واقع ہے۔ علامہ طاہر کردی کہتے ہیں یہ خالی میدان تھا جس پر سعودی حکومت نے مدرسہ حفظ القرآن جاری کیا جس کی عمارت کے تمام

Marfat.com

اخراجات جدّہ کے رئیس حسن شربتلی نے برداشت کئے۔

(تاریخ القویم صہ ۱۷۴ جلد ۱، تاریخ مکّہ صہ ۳۵۸ جلد ۱)

## سیّدنا ابوسفیان رضی اللہ عنہ کا مکان

سرزمین حرم میں ہونے کے علاوہ اس مکان کی عظمت حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد سے بھی نمایاں ہو رہی ہے جب بارگاہ رسالت میں حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ! ابوسفیان مکّہ کے سرداروں میں سے ایک ہے فخر کو پسند کرتا ہے اس کے لئے کوئی ایسی صورت پیدا فرما دی جائے جس کے باعث یہ اپنے کو باعث عزت سمجھے اور ممتاز ہو سکے۔ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اعلان کر دو!

من دخل دار ابی سفیان فھو اٰمن

جو ابوسفیان کے گھر میں پناہ لے لے اسے امن ہوگا۔"

ابوسفیان عرض کرتے ہیں حضور میرا گھر تو مختصر ہے سارے آدمی کہاں سما سکتے ہیں۔ فرمایا: جو شخص مسجد حرام میں داخل ہو جائے وہ بھی مامون ہے۔

(سیرت المصطفٰی صہ ۱۹۷ جلد ۳)

محمد شریف پاشا نے اسجگہ ہسپتال بنوایا، پھر سلطان عبدالمجید کی والدہ نے توسیع کروائی اور وزارت صحت کا دفتر بنوایا۔ سعودی حکومت نے اسجگہ لائبریری بنوائی اب بازار ہے۔ (تاریخ مکہ صہ ۳۵۹ جلد ۱)

وصلی اللہ تعالٰے علی حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلّم

## سیّدہ اُمّ ہانی رضی اللہ عنہا کا مکان

آپ حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلّم

Marfat.com

کی چچا زاد بہن ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم آپ کے ہاں آیا کرتے تھے۔ فتح مکہ پر بھی آپ تشریف لائے اور نوافل ادا فرمائے۔ معراج کی رات بھی اسی مکان سے سفر کا آغاز ہوا۔ ۱۹۶۰ء میں یہ جگہ جدید حرم میں داخل کیجا چکی تھی۔ تاہم وہاں کے ایک دوست نے مجھے بھی اسجگہ کی نشان دہی کی جو اس وقت تک یاد ہے۔ بر بنا یہ بھی ایک مبارک جگہ ہے جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی آمد و رفت رہی۔

وصلی اللہ تعالے علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

# مکہ مکرمہ کے چند مشہور پہاڑ

یوں تو سرزمین حجاز مقدس خصوصاً مکہ مکرمہ پہاڑوں میں بسا ہوا شہر ہے۔ چھوٹے بڑے سب پہاڑوں کا ذکر تو مشکلات سے ہے تاہم وہ چند ایک پہاڑ جن کا ذکر تاریخ اسلام میں موجود ہے ان کا ذکر درج ذیل سطور میں کیا جا رہا ہے کہ حاضری دینے والا ان اہم پہاڑوں سے واقفیت حاصل کر سکے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## جبل ابی قبیس

● ایک روایت کے مطابق سیّدنا آدم علیہ السلام کی قبر بھی اسی پہاڑ کے غار غار الکنز میں ہے یہ اس کے شرف کا باعث ہے کہ نبی کی قبر اس پر واقع ہے۔ سیّدنا آدم علیہ السلام کی قبر کے متعلق مختلف دوسری روایات یہ ہیں:۔ ۱۔ مسجد خیف منیٰ میں ۲۔ مسجد خیف کے سامنے ۳۔ ہندوستان میں جہاں اتارے گئے مستند روایت یہ ہے کہ مسجد خیف میں ہے۔ عروہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ،

Marfat.com

نے اسے پسند فرمایا۔ حافظ عمادالدین ابن کثیر کا ہندوستان والی روایت کو ترجیح دینا باعث تعجب معلوم ہوتا ہے کہ سرزمین عرب میں پہنچ کر جبل رحمت پر دُعا کے بعد واپسی کا ذکر کہیں نہیں ملتا۔

● اسی پہاڑ پر شق القمر کا مشہور معجزہ ظاہر ہوا۔ سیدنا عبداللہ بن مسعودؓ فرماتے ہیں میں نے چاند کو پھٹتے دیکھا ہے اس کا ایک حصہ جبل ابی قبیس پر تھا دوسرا کدی پر۔ (شفا صہ ۲۷۶ جلد ۱)

● قطب حلبی کہتے ہیں شق القمر کا معجزہ جبل ابی قبیس پر ظاہر ہوا۔ سیدنا عبدالرزاق نے معمر سے انہوں نے قتادہ سے اُنہوں نے سیدنا انس سے یہی روایت لی ہے۔ قاضی عیاض علیہ الرحمۃ نے اسے شفا میں بیان کیا ہے۔ مسروق نے ابن مسعود سے، ابویعلیٰ نے اپنی مُسند میں اسے لیا ہے۔ ابن مسہر نے اعمش سے سیدنا علی المرتضیٰ، جبیر ابن مطعم، حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ نے اسی روایت کو بیان کیا ہے۔ کہ معجزہ شق القمر جبل ابوقبیس پر ظاہر ہوا۔ اسی موقعہ پر قرآن مقدس کی آیت مبارکہ "اقتربت الساعۃ وانشق القمر" نازل ہوئی۔

● مشرکین مکہ ولید بن مغیرہ، ابوجہل، عاص بن وائل، عاص بن ہشام، اسود بن عبد یغوث، اسود بن مطلب، زمعہ بن اسود، نضر بن حارث کے متفقہ مطالبہ پر یہ معجزہ دکھایا گیا۔" مزید تفصیل کے لئے حافظ ابن کثیر کی مشہور کتاب البدایہ والنہایہ صہ ۱۱۸/۳ بخاری کی شرح فتح الباری صہ ۱۳۸ جلد ۷، باب انشقاق القمر کا مطالعہ فرمائیں۔

● اس پہاڑ کو الامین بھی کہا گیا ہے کہ طوفانِ نوحی میں حجر اسود کو اس پہاڑ نے محفوظ رکھا، سیدنا خلیل علیہ السلام کو کعبہ تعمیر کرتے وقت اس نے ندا دی تھی حجرِ اسود ادھر ہے۔

● اس پہاڑ پر دُعا قبول ہوتی ہے اہلِ مکہ قحط سالی کے موقعہ پر یہاں دُعا مانگا کرتے تھے۔

Marfat.com

- دنیا پر سب سے پہلا پہاڑ جو رکھا گیا یہی ہے۔
- بعض علماء نے اسے کوہ حرا سے بھی افضل کہا ہے کہ کعبہ سے قریب ہے مگر یہ دلیل بہت ہی کمزور ہے۔ اگر جسمانی قرب افضلیت کا سبب قرار دیا جائے تو وہ مکانات جو اس پہاڑ سے بھی زیادہ قریب ہیں افضل ہونے چاہئیں حالانکہ ایسا نہیں۔ دار ارقم، دار عباس، صفا، مروہ، سیدہ امِ ہانی کا گھر، یہ افضل ہونے چاہئیں۔
- اس پہاڑ کے متعلق اہل مکہ کی ایک عادت کا پتہ چلتا ہے وہ کہا کرتے اگر اس پہاڑ کی چوٹی پر شکار کا بھنا ہوا سر کھایا جائے تو سر کی بیماریوں سے امن ملتا ہے۔ اور یہ عجیب ہے۔ "وہذہ من توہمات القدیمۃ لا اصل لہا قط" یہ محض توہمات ہیں جن کی کوئی حقیقت نہیں۔ (شفا صد ۲۷۹ جلد ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلّم

## جبلِ حراء

اسی مقدس پہاڑ پر غارِ حراء ہے جس میں سب سے پہلی وحی اقراء باسم ربک الذی خلق نازل ہوئی۔ اسی غار مقدس کا ذکر حدیث پاک میں ہے "فجاءالحق وہو فی غار حراء" حضور علیہ السلام غارِ حراء میں تھے کہ ان پر وحی نازل ہوئی اس جبل حراء کو بارہا آنے جانے کی صورت میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے قدم چومنے کا شرف حاصل ہوا۔ یہ مقدس پہاڑ مکہ مکرمہ سے مشرقی جانب تین میل کے فاصلہ پر ہے اسی پہاڑ کو جبل نور کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ اس سارے پہاڑ پر غارِ حراء کی عظمت کی مہر لگی ہوئی ہے۔ اس کی شہرت اسی غار کی نسبت سے ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا عبادت کے لئے اس غار کا انتخاب کرنا

Marfat.com

بھی حکمت پر مبنی ہے ۔تاریخ کے مؤلف علامہ ازرقی نے تین حکمتیں بیان کی ہیں ۔ پہلی حکمت یہ کہ یہ غار بلندی پر واقع ہے ۔ یہاں پر لوگوں کے اختلاط سے زیادہ محفوظ رہا جاسکتا ہے ۔ دوسری حکمت یہ کہ اس غار سے باہر کھڑا ہو کر بیت اللہ شریف کی زیارت کی جاسکتی تھی ۔ تیسری حکمت یہ کہ غار بجانب مشرق ہے اور مادی آفتاب سمت مشرق سے طلوع ہوتا ہے لہذا روحانی آفتاب محمد رسول اللہ کا اعلان حق بھی اُسی سمت سے بُلند ہونا مناسب تھا کہ توافق بین السمتین ہو جائے ۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## غار حرا اور علامہ اقبالؒ

مصطفیٰ اندر حرا خلوت گزید ! ✣ مدتے جز خویشتن کس را ندید

نقش مارا در دل او ریختند ✣ امتے از خلوتش انگیختند

مے توانی منکر یزداں شدن ✣ منکر از شان نبی نتواں شدن

گرچہ داری جان روشن چوں کلیم ✣ ہست اِنکار تو بے خلوت عقیم

از کم امیزی تخیل زندہ تر ✣ زندہ تر جوئندہ تر تابندہ تر

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## غار حرا اور عشاقؔ

اس مقدس غار کی زیارت کے لئے صبح ہو یا شام، دن ہو یا رات، گرمی ہو یا سردی آپ دیکھیں گے کہ عشاق قطار در قطار، موج در موج آ رہے ہیں حکومت کی طرف سے اعلانات عشاق کو روکنے میں ناکام ہیں ۔پہلی حاضری کے موقعہ پر زیارت کے لئے گیا ۔ جوان تھا خون گرم تھا جا پہنچا ۔ راستہ میں ایک بوڑھی اماں

Marfat.com




پاکستان ہاؤس کی عمارت

Marfat.com




مسجدِ رایتہ



مسجدِ جنّ

Marfat.com


الحرم
شارع الملك
شارع الملك
شارع الملك
شارع المسجد الحرام
ميدان الحرم
طريق الحفائر
مقام ابراهيم
حجر اسماعيل
بئر زمزم
الكعبة
فندق مكة
فندق افريقيا
شمال

Marfat.com



۸ - ذی الحجہ منیٰ کو روانگی

منیٰ کا ایک رُوح پرور منظر



Marfat.com

سے ملاقات ہوگئی جو بڑی مشکل سے پتھروں کو پکڑ پکڑ کر چڑھ رہی تھی۔ میں نے کہا اماں گر جاؤ گی مر جاؤ گی، کیا کر رہی ہو۔ اماں نے ٹھنڈی سانس لی اور کہا "بیٹے مر گئی تو مصطفےٰ کی تلاش ہی میں مروں گی نہ یا میرے لئے یہی نجات ہے۔ یہی وہ غار ہے جسمیں آج بھی محبوب کبریا کے قدموں کی چاپ سنائی دیتی ہے۔ یہی غار مقدس محبوب کبریا کی تنہائیوں کا نشیمن ہے۔ اسی غار کو جی بھر کر چہرۂ رسول صلے اللہ علیہ وسلم دیکھنے کا شرف حاصل ہے۔ اسی غار کے سامنے عشاق کی جبینِ نیاز جھکی دکھائی دیتی ہے۔ کہ محبوب پاک کا پیارا غار ہے۔ یہی غار مقدس جبریل علیہ السلام کے اترنے کا مقام ہے۔ یہی غار ہے جس نے جبریل علیہ السلام کے پیروں کی آواز اور پروں کی پھڑپھڑاہٹ سنی ہے۔ یہی غار ہے جس کے اندر حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے آنسوؤں کے موتی بکھرے ہوئے ہیں۔ اسی مقدس غار میں حاضری دے کر آنسوؤں کی دھاریں دامن کا زادِ راہ بن جاتی ہیں۔

وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## جبلِ ثور

اس پہاڑ کے غار میں ہجرت کی رات حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے قیام فرمایا۔ اسی پہاڑ کے غار کا ذکر قرآن مقدس نے فرمایا :-

ثانی اثنین اذ هما فی الغار

ترجمہ: دونوں کا دوسرا جب دونوں غار میں تھے۔

• سیدنا ابوہریرۃ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے :- ان ابا بکر الصدیق قال لابنہ یا بنی ان حدث فی الناس حدث فات الغار الذی اختباءت فیہ سیاتیك رزقك غدوۃ وعشیّۃ۔

Marfat.com

● سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے کو فرمایا اگر کبھی کوئی حادثہ پیش آئے تو اس غار میں چلے جانا جہاں میں چھپا رہا، صبح و شام تجھے رزق ملتا رہے گا۔ اس حدیث کو بزاز نے نقل کیا ہے۔

● صاحب شفاء الغرام نے اس روایت کو بھی نقل کیا ہے۔ اس غار نے حضور صلے اللہ علیہ وسلم کو خود اپنی طرف بلایا:۔ الی یا محمد فقد آویت قبلک سبعین نبیاً ط اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم میری طرف آیئے آپ سے پہلے ستّر انبیاء کو میں نے اپنے ہاں بلایا ہے ٹھہرایا ہے۔

● اس پہاڑ کو اطحل کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ جبل تور مشہور ہونے کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے عبد مناف کے بیٹے تور نے یہاں ڈیرہ لگایا تھا اسی وجہ سے جبل تور مشہور ہوا۔ یہ بھی کہا گیا ہے قابیل نے ہابیل کو قتل بھی اسی جگہ کیا تھا اس میں ایسی قسم کی بوٹی پائی جاتی ہے جس کے استعمال کے بعد کسی زہر کا اثر نہیں ہوتا۔

(شفاء الغرام ص۱۲۸ ج۱)

● ثور نام سے مشہور ایک پہاڑ مدینہ منورہ میں بھی ہے۔ یہ پہاڑ ۷۵۹ کلومیٹر اونچا ہے۔ حرم شریف سے تقریباً ۴ کلومیٹر ہے۔ غار ثور کی لمبائی ۱۳ – ۶" فٹ ہے۔ منہ تنگ تھا جسے شریف عون مکہ نے منہ کشادہ کرایا۔ اور غار تک پہنچنے کے لئے راستہ میں کئی پتھر بنائے گئے تھے۔ امام ابن ظہیر نے جامع اللطیف میں وضاحت کی ہے۔ سن ۱۲۹۰ھ میں عثمان پاشا نوری نے راستہ مزید کھلا کر دیا۔

## جبل ثبیر

محمد القزوینی نے اپنی کتاب "عجائب المخلوقات" میں وضاحت کی ہے۔ یہ پہاڑ مکہ مکرمہ میں منیٰ کے قریب ہے، لوگ اسکی زیارت کا بھی اشتیاق رکھتے ہیں۔

Marfat.com

اسی پر حضرت اسماعیل علیہ السلام کے بدل میں دُنبہ اُتار اگیا۔ حدیث شریف میں ہے حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے عرفات کا سفر اسوقت شروع فرمایا جب کوہِ ثبیر کی چوٹی دھوپ سے چمک اُٹھی تھی۔ جن مؤرخین نے کوہ ثبیر کو مزدلفہ میں بتایا ہے وہ تحقیق کے خلاف ہے۔ عرفات شریف کو جاتے وقت بائیں جانب واقع ہے۔ ابوبکر نقاش فرماتے ہیں اس پہاڑ پر بھی دُعا قبول ہوتی ہے۔ حضور علیہ السلام نے اعلان نبوت سے قبل اس پہاڑ پر بھی عبادت فرمائی ہے۔ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ورود مسعود بھی ثابت ہے۔ جہاں سیّدہ عائشہ رض نے قیام فرمایا اس پتھر کو صخرۂ عائشہ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

● سیّدنا انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے ہے حضور پُر نور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ جل مجدہٗ نے پہاڑ پر تجلّی فرمایا۔ تو اُس کے چھ ٹکڑے ہو گئے تین مدینہ منورہ میں جا پڑے جن کے نام یہ ہیں۔ احد۔ ورقان، رضوی تین مکہ مکرمہ میں گرے جن کے نام یہ ہیں: حرا۔ ثبیر۔ ثور۔

(شفا الغرام صـ ۲۸۲ جلد ۱)

وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

## غار المرسلات

وہ پہاڑ جو مسجد خیف شریف سے ملتا ہے اس میں غار ہے جسے غار المرسلات کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ اس غار مبارک میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے سر مبارک کا نشان موجود ہے۔ جب آرام کی غرض سے بیٹھے تو وہاں سے پتھر پگھل گیا اور نشان بن گیا لوگ حصول تبرک کے لئے اپنے سروں کو اس مقدس جگہ پر مس کرتے ہیں کہ اس پاک نسبت کی وجہ سے اللہ تعالےٰ انہیں جہنم کی آگ

Marfat.com

سے بچائے گا۔ یہیں پر سورۃ المرسلات نازل ہوئی۔ سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہما کی اس روایت سے اسکی تائید ملتی ہے۔ آپ فرماتے:

نحن مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فی غار بمنیٰ

اذ نزلت علیہ والمرسلات"

● ہم حضور علیہ السلام کے ساتھ منیٰ کے ایک غار میں تھے کہ سورۃ المرسلات نازل ہوئی۔" حضور صلی اللہ علیہ وسلم تلاوت فرما رہے تھے کہ اچانک ایک سانپ نمودار ہوا۔ حضور علیہ السلام نے ہمیں اُس کے مارنے کا حکم فرمایا۔ مگر وہ چھُپ گیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

وقیت شرکم کما وقیتم شرّھا"

وہ تمہارے شرّ سے بچ گیا تم اس کے شر سے۔

یہ غار شریف مسجد خیف شریف کے پچھلے پہاڑ میں ہے۔

(شفاء الغرام ص ۲۵۳ ج ۱)

## جبل البکاء

بعض حضرات نے اس کا نام جبل المقلع بھی کہا ہے۔ یہ وہ پہاڑ ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے فراق میں رویا تھا اسی باعث اس کا نام جبل البکاء مشہور ہوا۔ یہ پہاڑ تنعیم سے حرم شریف کو جاتے ہوئے راستہ میں واقع ہے۔ (شفاء الغرام ص ۲۸۶ جلد ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وبارک وسلم

**جبل عُمر رضی اللہ عنہ**: سرزمین مکہ مکرمہ میں محلہ مسفلہ سے شروع ہو کر محلہ شبیکہ

Marfat.com

تک پھیلے پہاڑ کو "جبل عمر" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے اس مقدس نام کے ساتھ اسکی شہرت کا باعث یہ ہے کہ اسی کے دامن میں خلیفۃ المسلمین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا مکان تھا۔ اسی باعث جبل عمر مشہور ہوا۔

(تاریخ مکہ صہ ۳۲۶ جلد ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

● جبل البرم، جبل البرود، جبل ابن عمر، جبل ابی الفیط، جبل ابی یزید، جبل تفاحہ جبل الحبش، جبل الحازمین، جبل حصن، جبل الجزل، جبل خلیفہ، جبل القط، جبل الدیلمی جبل الرقمتین، جبل زرذر، جبل الفرع، جبل الاحمر، جبل الابیض، جبل الاذاخر، جبل زیقیا، جبل شیبہ، جبل الصفا، جبل المروہ، جبل الصفائح، جبل عرفہ، جبل العیرہ، جبل فلفل، جبل کنانہ، جبل کراء، جبل لعلع، جبل مزارم، جبل المغش، جبل المشاۃ، جبل السطر، جبل نبہان، جبل نفیع، جبل سندی۔ ان پہاڑوں کی تفصیلات مطلوب ہوں تو تاریخ مکہ ازرقی جلد ثانی کے آخر کا مطالعہ مفید رہے گا۔

وصلی اللہ تعالےٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

# جنّتُ المعلّیٰ

● مکہ مکرمہ کے مقدس قبرستان کو "جنت المعلّیٰ" کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

من اقبر فی ہذہ المقبرۃ بعث امنا یوم القیمۃ

جو شخص مکہ مکرمہ کے قبرستان میں دفن کیا گیا وہ قیامت کو امن سے اٹھے گا"

Marfat.com

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے حضور سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین قبرستان مکہ مکرمہ کا قبرستان ہے۔"

● حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس مقدس قبرستان کے ستر ہزار افراد بلاحساب جنت میں جائیں گے۔ اور ہر ایک ستر ہزار کی سفارش کرے گا۔ (شفاء الغرام صہ ۲۸۴ جلد ۱)

● ابا نصر ابن الفخار کہتے ہیں کہ انہوں نے خواب میں دیکھا جنت المعلٰی سے کسی مدفون آدمی کو نکالا جا رہا ہے اور کسی دوسری جگہ لیجایا جا رہا ہے۔ انہوں نے نکالنے والوں سے پوچھا اسے کیوں نکالا جا رہا ہے۔ جواب ملا یہ قبرستان تو پاکیزہ لوگوں کی جگہ ہے۔ یہ شخص دین کا دشمن ہے اس لئے یہ جگہ اس کے لئے نہیں۔ (شفاء الغرام صہ ۲۸۵ جلد ۱)

● حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی پہلی زوجہ محترمہ ام المومنین سیدہ خدیجۃ الکبرٰے رضی اللہ عنہا نے حضور علیہ السلام کی شرافت دیانت پاکدامنی سے متاثر ہو کر حضور علیہ السلام کو پیغام نکاح بھیجا تھا۔ ان کی موجودگی میں حضور علیہ السلام نے کوئی دوسرا نکاح نہیں فرمایا۔ ہجرتِ نبوی سے تین سال پہلے انتقال فرمایا، اسی جگہ آپ کی قبر شریف ہے وصال کے وقت آپ کی عمر ۶۵ برس تھی۔ (زرقانی ص ۲۲۶ ج ۱، مدینۃ الرسول صہ ۱۹۷، سیرۃ ص ۳۱۲ ج ۱)

● سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے وصال کے وقت وصیت فرمائی کہ میری نماز جنازہ حجاج بن یوسف نہ پڑھائے۔ ان دنوں حجاج مکہ کا گورنر تھا۔ وصال پر آپ کے دوست عبداللہ بن خالد نے رات کو نماز جنازہ پڑھائی۔ ۷۴ھ میں ۸۴ برس کی عمر میں وصال فرمایا۔ آل اسید آل سفیان کی قبروں کے ساتھ اسی مقدس قبرستان میں مدفون ہوئے۔ (شفاء ص ۲۸۶ ج ۲)

Marfat.com

● ام المؤمنین سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا ۷ھ حضور علیہ السلام کے نکاح میں آئیں۔ آپ حضور علیہ السلام کی آخری بیوی ہیں۔ آپ سے ۷۶ احادیث نبوی روایت ہیں۔ آپ نے ۵۱ھ میں مقام سرف میں وصال فرمایا۔ سیدنا عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے نماز جنازہ پڑھائی۔ عبداللہ بن سلام، یزید بن اصم، عبداللہ ابن شداد، عبداللہ خولانی، نے قبر میں اتارا۔" (مدینۃ الرسول صـ ۲۱۷)

نوٹ: جوار مکہ مکرمہ میں مدفون ہونے کے پیش نظر تبرکاً ذکر کر دیا گیا ہے۔

● اس قبرستان میں دعا قبول ہوتی ہے۔ (شفاء صـ ۲۸۵ جلد ۱)

● سرزمین مکہ مکرمہ میں ایک قبرستان مقبرۂ مہاجرین کے نام سے مشہور ہے۔ (شفاء صـ ۲۸۶ جلد ۱)

● مقبرۂ شبیکیہ بھی مشہور ہے۔

وصلی اللہ تعالے علی حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

# مناسکِ حج سے متعلقہ مقامات

یوں تو مکہ مکرمہ کے سبھی مقامات مقدسہ ہی ہیں، اور ہر جگہ باعثِ برکت ہے۔ کہ حرم انور ہے تاہم بعض مقامات ایسے بھی ہیں جن کا کسی نہ کسی طرح سے مناسکِ حج سے تعلق ہے۔

## باب بنی شیبہ

محرم کے لئے مستحب ہے کہ حرم شریف کو داخل اس دروازہ سے ہو کہ

Marfat.com

نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بابِ بنی شیبہ سے داخل ہوئے اور باب بنی مخزوم سے نکلے۔

## التنعیم

یہ مقدس جگہ حرم شریف سے تین میل کے فاصلہ پر ہے۔ اسی جگہ سے حضور علیہ السلام نے ام المؤمنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو احرام باندھنے کا حکم دیا اور اُن کے بھائی حضرت عبدالرحمٰن کو ساتھ جانے کا ارشاد فرمایا۔ مدینہ منورہ روڈ پر یہ جگہ واقع ہے۔ اب یہاں ایک خوبصورت مسجد تعمیر ہو چکی ہے جسے مسجدِ عائشہ رضؓ کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

وصلی اللہ تعالےٰ علےٰ حبیبہٖ محمدٍ وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم

## الجعرانہ

اس جگہ پر بھی حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکّہ کے بعد طائف شریف سے واپسی پر احرام باندھا تھا۔ اب بھی طائف کی سمت سے آنے والے لوگ اسی جگہ سے احرام باندھتے ہیں حرم مکّہ سے قریباً ۱۱ میل ہے۔ مجھے بھی ایک مرتبہ طائف سے واپسی پر اسی مقام سے احرام باندھنے کی سعادت نصیب ہوئی۔ حرم شریف کے سامنے ڈرائیور حضرات آوازیں دیتے ہیں۔ "بڑا عمرہ" "چھوٹا عمرہ"، بڑے سے مراد جعرانہ سے عمرہ ہے۔ "چھوٹے" سے مراد تنعیم سے عمرہ ہے۔ سہیلؔ کہتے ہیں یہ جگہ ایک عورت ریطہ بنت سعد کی تھی۔ اس عورت کا لقب جُعرانہ تھا اِسی باعث یہ جگہ جعرانہ مشہور ہوئی۔ سیدنا ابن عباس فرماتے ہیں۔ جب حضور علیہ السلام نے طائف سے واپسی پر یہاں قیام فرمایا تو

Marfat.com

اس وقت یہیں پر مالِ غنیمت بھی تقسیم فرمایا تھا۔ آپ نے ۲۸ شوال کو یہاں سے عمرہ کا احرام باندھا تھا۔

• یوسف بن مالک فرماتے ہیں اس مقام جعرانہ سے تین سو انبیاء علیہم السلام نے احرام باندھا تھا۔ اور مسجد خیف میں ستر نبیوں نے نماز ادا کی۔ جعرانہ پر حضور علیہ السلام نے اپنا عصا گاڑا، جس سے پانی کا چشمہ اُبلا جو نہایت ٹھنڈا اور میٹھا تھا۔ (شفاء الغرام صہ ۲۹۳ جلد ۱)

• مشہور ہے اسی جگہ پر کنواں ہے اُسی نسبت سے لوگ پانی پیتے ہیں، یہاں سے پیاس بجھانے کا مجھے بھی شرف ملا ہے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

## الجمار

یہ جگہ بھی منیٰ شریف میں ہے۔ رمی جمار کی اصطلاح بڑی متعارف ہے۔ جمرہ اولیٰ، جمرہ وسطیٰ، جمرہ عقبیٰ۔ حج کے دنوں انہیں کنکریاں ماری جاتی ہیں "شیطانوں کو کنکریاں مارنا" حاجیوں میں متعارف ہے۔ دس ذی الحجہ کو صرف جمرہ عقبہ کو کنکریاں ماری جاتی ہیں۔ ۱۱، ۱۲ ذی الحجہ کو تینوں کو بالترتیب رمی کی جاتی ہے۔ اگر ۱۲ ذی الحجہ کو شام منیٰ میں ہی ہو جائے تو ۱۳ کو رمی کرنے کے بعد جانا ہوگا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلم

## الحجون

جنت المعلیٰ کے پہلو میں پہاڑ ہے یا اس پہاڑ کے پہلو میں جنت المعلیٰ ہے۔

Marfat.com

مکہ مکرمہ کو داخل ہوتے بائیں اور نکلتے دائیں جانب پر ہے مشہور ہے کہ سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی قبر اسی پہاڑ پر ہے مگر یہ بات خلاف تحقیق ہے۔

"یستحب للمحرم دخول مکہ منہا"، محرم کو مستحب ہے، کہ مکہ مکرمہ کو یہیں سے داخل ہو"۔ (شفاء صہ ۲۹۵ جلد ۱)

## الحدیبیہ

یہ وہی مقدس جگہ ہے جہاں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ سے آتے وقت قیام فرمایا۔ آپ محرم تھے۔ یہاں بیر شمسی بھی مشہور ہے۔ جدہ سے آتے ہوئے حدہ دوسرا مقام ہے۔ اس مقام کے متعلق تفصیلات کے لئے اسی کتاب میں صلح حدیبیہ کا عنوان پڑھیئے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

## کوہ ثبیر

منیٰ شریف میں یہ پہاڑ ہے جس کا ذکر جبالِ مکہ میں تفصیل سے آگیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ سے عرفات کو اسوقت چلتے جب اس کی چوٹی دھوپ سے چمک جاتی۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## ذوطویٰ

ہو سکے تو محرم یہاں غسل کرے مستحب ہے، نووی کہتے ہیں یہ مکہ مکرمہ کی نچلی جانب ہے۔ طریق عمرہ پر واقع ہے۔ چاروں مسالک کے آئمہ یہاں غسل کو

Marfat.com

مستحب کہتے ہیں۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

## طریق ضبّ

یہ منیٰ وعرفات کے درمیان مقام ہے مستحب ہے کہ حاجی عرفات کو جاتے وقت اس پر چلے۔ منیٰ سے عرفات کو جاتے دائیں جانب واقع ہے۔ تاریخ مکہ میں علامہ ارزقی کہتے ہیں حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس راستہ سفر فرمایا اور عرفات پہنچے۔ عطاء کہتے ہیں موسیٰ بن عمران بھی اسی راستہ گئے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

## منیٰ

سرزمین مکہ کا مقدس مقام ہے جسے حج مناسک سے گہرا تعلق ہے۔ ۸ ذی الحجہ کو حجاج سے عظیم شہر آباد ہو جاتا ہے۔ ۱۲ ذی الحجہ تک حجاج ٹھہرتے ہیں۔ جو ۱۲ ذی الحجہ کو غروب آفتاب سے پہلے نہ جاسکیں انہیں ۱۳ کو بھی ٹھہرنا ہوتا ہے۔

- ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں حضور علیہ السلام سے عرض کی گئی آپ کے لیے منیٰ میں مکان بنوا دیا جائے آپ نے منع فرما دیا۔
- حضور علیہ السلام نے اس میدان کو وادی سرر فرمایا۔
- یہ میدان چھوٹا ہونے کے باوجود لاکھوں کے اجتماع کو کافی ثابت ہوتا ہے۔
- ابن عباس فرماتے ہیں یہ میدان حجاج کو یوں سما لیتا ہے جیسا رحم بچے کو۔

Marfat.com

- اللہ تعالیٰ نے اس میدان کے لئے فرشتے مقرر کر رکھے ہیں۔ جو اس کی حفاظت کرتے ہیں۔
- حامد تبریزی کہتے ہیں کہ میرا مشاہدہ ہے یہاں کی کنکریاں غیبی قوت دیتی ہیں۔
- تبریزی کہتے ہیں میں نے کبھی کسی چیل کو یہاں سے گوشت اچکتے نہیں دیکھا۔
- مچھر کی کثرت کے باوجود منیٰ میں مچھر انتہائی کم۔ (شفاء صـ۲۲۳/۳ ج۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## عرفات

یہی وہ مقدس میدان ہے جہاں دنیا بھر کے حجاج کرام کا وقوف کرنا بڑا ہی ضروری ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: الحج عرفہ حج عرفہ میں قیام ہے۔ باقی احکام حج رہ جانے سے تلافی ہوسکتی ہے مگر وقوفِ عرفہ رہ جائے تو کوئی بدل نہیں۔ اسی میدان میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ حجۃ الوداع فرمایا۔ ایک لاکھ ۲۵ ہزار کا عظیم اجتماع تھا اور آوازِ مبارک ہر ایک کو سُنی جا رہی تھی۔

- عرفہ اس لئے کہا جاتا ہے کہ سیدنا آدم علیہ السلام اور حضرت ہوا کا یہاں تعارف ہوا کہ آدم علیہ السلام ہندوستان سے اور حضرت ہوا جدہ سے یہاں ملے۔ یا اس لئے کہا جاتا ہے کہ جبریل علیہ السلام نے حضرت آدم علیہ السلام کو مناسکِ حج سے متعارف کرایا۔ یا اس لئے کہ سیدنا ابراہیم علیہ السلام ۹ ذی الحجہ کو سیدنا اسماعیل علیہ السلام سے ملے۔ یا اس لئے کہ آدم علیہ السلام اور حوا علیہا السلام نے یہاں اعترافِ عجز کیا۔ یا اس لئے کہ لوگ یہاں حاضر

Marfat.com

ہو کر گناہوں کا اعتراف کرتے ہیں۔ یا اس لئے کہ عرف بمعنی خوشبو بھی ہے۔ جیسے اللہ تعالیٰ کو روزہ دار کے منہ کی مہک خوشبو سے زیادہ پسند ہے۔ اسی طرح عرفات میں حاجی کا پسینہ پسند ہے۔

(شفاء صہ ۳۰۴ جلد ۱، نعیمی صہ ۱۷۴ ج ۲)

کتب میں اس یوم عرفہ کے کئی نام ہیں۔ یوم عرفہ، یوم اساس، یوم اکمال، یوم اتمام، یوم رضوان، یوم حج اکبر، شفع، وتر، شاہد و مشہود وغیرہ۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## خطبہ حجۃ الوداع

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی امت کو جو آخری خطبہ فرمایا اسی مقدس میدان عرفات میں ہی تھا۔ قارئین کرام کے لئے اس مقدس خطبہ کے اقتباسات نقل کئے جا رہے ہیں۔

### پہلا ارشاد

یا ایھا الذین انی لا ارانی وایاکم نجتمع فی ھذہ المجلس۔ ترجمہ: لوگو میرا خیال ہے میں اور تم پھر کبھی اس مجلس میں اکٹھے نہیں ہوں گے۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

### دوسرا ارشاد

ان دماءکم واموالکم واعراضکم حرام علیکم کحرمۃ یومکم ھذا فی بلدکم ھذا فی شہرکم ھذا ستلقون ربکم فیسئلکم عن اعمالکم الا فلا ترجعوا بعدی ضلالاً یقتل بعضکم

Marfat.com

رقاب بعض (بخاری باب حجۃ الوداع) ترجمہ: تمہارے خون تمہارے مال اور تمہاری عزتیں ایک دوسرے پر ایسی ہی حرام ہیں جیسا کہ تم آج کے دن کی، اس شہر کی، اس مہینہ کی حرمت کرتے ہو۔ لوگو تمہیں عنقریب خُدا کے سامنے حاضر ہونا ہے اور وہ تم سے تمہارے اعمال کی بابت سوال کرے گا۔ خبردار میرے بعد گمراہ نہ بن جانا کہ ایک دوسرے کی گردنیں کاٹنے لگو۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

**تیسرا ارشاد** اَلاکل شئٍ من امر الجاھلیۃ تحت قدمي موضوع ترجمہ: لوگو جاہلیّت کی ہر بات میں اپنے قدموں کے نیچے پامال کرتا ہوں۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

**چوتھا ارشاد** دماء الجاھلیۃ موضوعۃ وان اول دم اضع من دمائنا دم ابن ربیعہ بن الحارث کان مسترضعًا فی بنی سعد فقتلہ ھذیل۔ ترجمہ: جاہلیّت کے قتلوں کے تمام جھگڑے ملیا میٹ کرتا ہوں۔ پہلا خون جو میرے خاندان کا ہے یعنی ابن ربیعہ بن حارث کا خون جو بنی سعد میں دُودھ پیتا تھا اور ہذیل نے اُسے مار ڈالا تھا میں چھوڑتا ہوں۔

وصلی اللہ تعالےٰ علی حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

**پانچواں ارشاد** وربا الجاھلیۃ موضوعۃ واول ربا اضع

Marfat.com

ربانا ربا عباس بن عبد المطلب فانه موضوع کله" ترجمہ: جاہلیت کے دَور کا سود مٹا دیا گیا۔ پہلا سود اپنے خاندان کا جو میں مٹاتا ہوں وہ عباس بن عبد المطلب کا سود ہے۔ وہ سارے کا سارا چھوڑ دیا گیا ہے۔"

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

**چھٹا ارشاد** فاتقوا اللہ فی النساء فانکم اخذتموھن بامان اللہ واستحللتم فروجھن بکلمۃ اللہ ولکم علیھن الا یوطئن فرشکم احد تکرھونہ فان فعلن ذالک فاضربوھن ضربًا غیر مبرح (ترجمہ) لوگو اپنی بیویوں کے متعلق اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو۔ خُدا کے نام سے ذمہ داری سے تم نے ان کو بیوی بنایا اور خدا کے کلام سے تم نے اُن کا جسم اپنے لئے حلال بنایا ہے۔ تمہارا حق عورتوں پر اتنا ہے کہ وہ تمہارے بستر پر کسی غیر کو نہ آنے دیں اگر وہ ایسا کریں تو انہیں ایسی مار ماریں جو ظاہر نہ ہو۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

**ساتواں ارشاد** ولھن علیکم رزقھن وکسوتھن بالمعروف وقد ترکت فیکم ما لن تضلوا بعدہ اعتصمتم بہ کتاب اللہ۔ ترجمہ: عورتوں کا حق تم پر یہ ہے کہ تم ان کو اچھی طرح کھلاؤ اچھی طرح پہناؤ۔ لوگوں میں تم میں وہ چیز چھوڑے جا رہا ہوں اگر اُسے مضبوط پکڑ لوگے تو کبھی گمراہ نہ ہوگے۔"

Marfat.com

**آٹھواں ارشاد** ایہا الناس انہ لا نبی بعدی و لا امۃ بعدکم الا فاعبدوا ربکم وصلوا خمسکم وصوموا شہرکم وادّوا زکوٰۃ اموالکم طیبۃ بہا انفسکم و تحجون بیت ربکم واطیعوا ولات امرکم تدخلوا جنۃ ربکم۔


(معدن الاعمال) ترجمہ: لوگو میرے بعد نبی نہیں تمہارے بعد کوئی اُمت نہیں۔ اچھی طرح سُن لو اپنے رب کی عبادت کرو۔ پنجگانہ نماز ادا کرو سال بھر میں ایک مہینہ رمضان کے روزے رکھو۔ مالوں کی زکوٰۃ ادا کرو۔ بیت اللہ شریف کا حج کرو۔ اور اپنے حکمرانوں کی اطاعت کرو جس کی جزا یہ ہے کہ تم اپنے رب قدوس کی جنت میں داخل ہوگے۔

وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلّم

**نواں ارشاد** وانتم تسألون عنی فما انتم قائلون قالوا نشہد انک قد بلغت وادیت ونصحت فقال باصبعہ السبابۃ یرفعہا الی السماء وینکتہا الی الناس اللّٰہم اشہد اللہم اشہد اللّٰہم اشہد ثلاث مرات۔ (مسلم باب حجۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم)


ترجمہ: لوگو قیامت کے دن تم سے میری بابت بھی پوچھا جائے گا۔ مجھے بتاؤ تم کیا جواب دو گے سب نے کہا ہم اس کی شہادت دیتے ہیں کہ آپ نے اللہ تعالےٰ کے احکام ہمیں پہنچا دیئے۔ آپ نے رسالت اور نبوت کا حق ادا

Marfat.com




مقام ابراہیمؑ پر نفل ادا کئے جا رہے ہیں - سامنے ملتزم ہے

Marfat.com



حجّاج صفا مروہ کی سعی کرتے ہوئے

Marfat.com




حرم کعبہ کا بابُ الفتح




بلدیہ مکہ مکرمہ

Marfat.com



شیطانوں کو کنکریاں ماری جارہی ہیں

Marfat.com

کر دیا۔ آپ نے اچھی طرح ہمیں نصیحت فرمائی۔ اسوقت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی شہادت کی انگلی آسمان کی طرف اٹھائی اور لوگوں کی طرف جھکاتے فرمایا اے اللہ سن لے۔ (گواہ ہو جاؤ) یہ تین مرتبہ فرمایا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وسلم

## دسواں ارشاد

الا لیبلغ الشاھد الغائب فلعل بعض من یبلغہ ان یکون اوعیٰ لہ من بعض من سمعہ۔ ترجمہ: دیکھو جو لوگ موجود ہیں وہ اُن لوگوں کو پہنچا دیں جو موجود نہیں۔ تبلیغ کرتے رہو ہو سکتا ہے بعض سامعین سے وہ لوگ زیادہ تر اس کلام کو یاد رکھنے اور حفاظت کرنے والے ہوں جن پر تبلیغ کی جائے۔ (رحمۃ للعالمین ص ۳۰۱ جلد ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ وبارک وسلم

## الوداعی خطاب کی جامعیت

بظاہر اس مختصر خطبہ میں حضور سیدِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بیشمار اہم معاملات کو سمو دیا ہے اگر آپ اس مبارک خطبہ کو غور سے پڑھیں اور بار بار پڑھیں تو حقائق منکشف ہوتے چلے جائیں گے۔ مسلمانوں کے باہمی حقوق کا ربط ایک دوسرے کے مال و جان کی حفاظت، تبلیغ اسلام کی ذمہ داری، بیویوں کے حقوق کی پاسداری، خدا خوفی، سود کی حرمت، ناحق قتل کی مذمت، خون بہا کو معاف کرنا، کتاب اللہ سے مضبوط وابستگی، ختم نبوت کا مسئلہ، عبادات کی تاکید، حقوق اللہ کا خیال، ایماندار حکمرانوں کی اطاعت، بیویوں کی اصلاح

Marfat.com

کا طریق کار، قیامت کے دن جوابدہی کے لئے تیاری، اپنے وصال کی خبر ایسے اہم واقعات کا ذکر موجود ہے۔

وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلّم

## عُرنہ

حاجی کو حکم ہے کہ اس جگہ وقوف نہ کرے یہ میدان عرفات کی حد ہے۔
اُنّ الوقوف ببطن عرنہ مکروہ" (شفاء صفحہ ۳۰۶ جلد ۱) وادی عرنہ میں وقوف مکروہ ہے۔" دوسری روایت بھی اسی عنوان کی تائید ہے۔" عرفۃ کلّھا موقف الاعرنہ" میدان عرفات سارے کا سارا موقف ہے مگر وادی عُرنہ"

وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وسلّم

## المشعر الحرام

اس جگہ پہ حاجی کے وقوف کو مستحب فرمایا گیا ہے۔ یہ وقوف دس ذی الحجہ کو صبح کے وقت ہے۔ یہ جگہ میدان مزدلفہ میں ہے۔ یہی جگہ ہے جہاں حجاج دُعا کے لئے اکھٹے ہوتے ہیں اور مشعر الحرام کے نام سے ہی متعارف ہے۔
ابو عمر بن صلاح فرماتے ہیں اسے قزح بھی کہتے ہیں۔ یہ مزدلفہ کی انتہا پر ہے۔
قرآن مقدّس نے اس مقام کو وضاحت سے ذکر فرمایا۔

فاذا افضتم من عرفات فاذکروا اللہ عند المشعر الحرام۔

جب میدان عرفات سے لوٹو تو مشعر الحرام کے پاس خُدا کا ذکر کرو۔"
اسی مقام کو میقدہ بھی کہا جاتا ہے۔ زمانہ جاہلیت میں لوگ عرفات سے واپسی

Marfat.com

پر ساری رات یہاں آگ جلاتے۔" اسلام نے اس بیہودہ رسم کو ختم کر کے اللہ اللہ کرنے کا حکم دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے عرفات میں حاجیوں کی بخشش کی دُعا فرمائی تو حقوق اللہ معاف کر دیئے گئے پھر مزدلفہ میں دُعا فرمائی تو حقوق العباد بھی بخشش دیئے گئے۔ (مشکوٰۃ بحوالہ نعیمی ص۱۷۵ جلد۲)

## کداء

مکہ مکرمہ کے چند مقدس مقامات میں سے یہ بھی ایک مقدس جگہ ہے محرم کے لئے مستحب ہے کہ اس جگہ سے مکہ مکرمہ کے اندر داخل ہو۔ اسے حجون ثانی بھی کہتے ہیں۔ اس وادی کا ذکر سیدنا حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اپنے کلام میں بھی کیا ہے۔ ؎

عدمت ثنیتی ان لم تر وہا
تثیر النقع عن کتفے کداء

حدیث شریف میں ہے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب حج کے لئے مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو مقام کداء سے اندر تشریف لے گئے۔ علامہ ازرقی فرماتے ہیں حضور علیہ السلام حجۃ الوداع کے موقعہ پر یہیں سے اندر تشریف لے گئے۔
(شفاء الغرام ص۳۱۰ جلد ۱)

## المازمان

یہ مقام مزدلفہ اور عرفات کے درمیان واقع ہے۔ حاجی کو مستحب ہے، جب عرفہ سے لوٹے تو اس جگہ چلے۔ ابن شعبان کہتے ہیں مازمان مکہ مکرمہ کی ۲ دو مشہور پہاڑیاں ہیں۔ علامہ نووی نے اپنی تحقیق کے مطابق ان پہاڑیوں کو

Marfat.com

مزدلفہ اور عرفات کے درمیان بتایا ہے۔ مازم لغت میں تنگ راستے کو کہتے ہیں۔ یہی وجہ ہے اہلِ مکہ اب بھی المضیق کے نام سے یاد کرتے ہیں کہ یہ راستہ دُو پہاڑوں کے درمیان ہے اور تنگ ہے۔ (شفاء صہ ۳۱۱ جلد ۱)

وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وسلم

## محسر

: یہاں سے تیز گزرنا مستحب ہے۔ یہ جگہ منیٰ اور مزدلفہ کے درمیان واقع ہے۔ اسے وادیٔ نار بھی کہا جاتا ہے۔ بعض نے کہا محسر اس لئے کہا جاتا ہے یہاں پر پہنچ کر لوگ تہلیل پڑھتے ہوئے تیزی سے گزر جاتے ہیں۔ محب طبری اور ابن خلیل کہتے ہیں اس وادی کو وادی محسر اس لئے کہا جاتا ہے کہ ابرہہ جب کعبہ ڈھانے کے لئے مست ہاتھیوں کو لایا اُن بدمست ہاتھیوں کی قیادت محمود نامی ہاتھی کر رہا تھا وہ سارے کے سارے یہاں تھک کر بیٹھ گئے آگے بڑھنے کی ہمت نہ رہی۔ سنگ باری بھی یہیں ہوئی۔ اس لئے حجاج سے کہا گیا کہ تیزی سے گزر جاؤ عذاب کی جگہ سے تیزی سے نکل جاؤ۔ علامہ ازرقی فرماتے ہیں یہ وادی ۵۴۵ × ۵۰۰ گز ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اس جگہ سے تیزی سے گزر گئے۔ (شفاء الغرام صہ ۳۱۳)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## مُحَصَّب

مستحب ہے حاجی جب منیٰ سے لوٹے تو یہاں کچھ قیام کرے اس جگہ کو محصب اس لئے کہا جانے لگا کہ پانی کا بہاؤ اس مقام پر کنکر پتھر اکھٹے کر دیتا ہے۔ بعض نے کہا وادی محصب اور ابطح ایک ہی شئی ہے۔

وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

Marfat.com

## صفا و مروہ

مناسک حج سے متعلق مقامات میں سے یہ دونوں مقام بہت اہم ہیں۔ خلاق کائنات جل مجدہٗ نے ان کی عظمت کو اس طرح ارشاد فرمایا :-

ان الصفا والمروۃ من شعائر اللہ ط

ان دونوں پہاڑیوں کے درمیان سعی کی جاتی ہے۔ صفا سے مروہ تک ایک چکر شمار ہوتا ہے اور اس طرح سات چکروں میں سعی مکمل ہوتی ہے۔ جعفر ابن محمد فرماتے ہیں آدم علیہ السلام کا نزول صفا پر ہوا۔ اور حضرت حوّا مروہ پر اتاری گئیں۔ سیدنا آدم علیہ السلام کے نام المصطفیٰ کی نسبت سے یہ پہاڑی صفا کہلائی، امرأۃ عورت کو کہا جاتا ہے۔ یہاں پہلی خاتون کا نزول ہوا لہٰذا مروہ کہلائی۔

صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنا واجب ہے۔ اس کے رہ جانے سے قربانی واجب ہو جاتی ہے۔ ایک زمانہ میں اساف نامی ایک آدمی اور نائلہ نامی عورت نے کعبہ شریف میں ایک دوسرے کو بدنیتی سے ہاتھ لگایا۔ دونوں پتھر ہو گئے۔ انہیں عبرت کے طور پر اساف کو صفا اور نائلہ کو مروہ پر رکھ دیا کہ لوگ گناہ کے خیال سے بچیں۔ پھر دَور جاہلیت شروع ہوا۔ تو ان بتوں کی تعظیم شروع کر دی گئی۔ صفا پر اساف کو مَس کرتے مروہ پر نائلہ کو۔ مسلمانوں کو مدینہ منورہ پہنچ کر صفا و مروہ کے درمیان دوڑنا پسند نہ ہوا کہ یہ بُت پرستی سے مشابہت تھی۔ اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرما کر صفا و مروہ کو نشانات قدرت قرار دیا۔ بتوں کو مٹا دیا گیا۔ اصل عبادت جاری رکھی گئی۔ (نعیمی ص ۵۲ ج ۲)

میلان اخضران اس سعی کے درمیان واقع ہیں یہ سبز ستون ہیں جن کے درمیان

Marfat.com

حاجی کو تیز چلنا ہوتا ہے۔ عورتیں مستثنیٰ ہیں۔

(نکتہ) اساف اور نائلہ کے واقعہ سے معلوم ہوا توہین کعبہ سے عذاب نازل ہوتا ہے۔ یہ بھی معلوم ہوا کسی مبارک مقام پر بُرا کام شروع ہو جائے تو اس بُرائی کو ختم کیا جائے نہ کہ مقدس مقام کو، صفا و مروہ کی سعی باقی رکھی گئی اساف اور نائلہ اٹھا دیئے گئے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## مزدلفہ

مکہ مکرمہ کے مقدس مقامات میں سے ایک مقام مزدلفہ بھی ہے۔ عرفات سے واپسی پر حجاج کا یہاں ٹھہرنا واجب قرار دیا گیا ہے۔ مزدلفہ کو مزدلفہ اس لئے کہا جاتا ہے لوگ یہاں اکٹھے ہو کر ایک دوسرے کے قریب ہو جاتے ہیں۔ یا اس لئے کہ آدم و حوا علیہما السلام یہاں اکٹھے ہوئے تھے یا اس لئے یہاں مغرب اور عشاء کی دو نمازیں اکٹھی پڑھی جاتی ہیں۔ وقوف مزدلفہ رہ جانے پر دم لازم آتا ہے۔

وصلی اللہ تعالےٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وسلم

## مشعر حرام

اس مقدس مقام پر بھی حاجی کا ٹھہرنا مستحب ہے، یہاں دُعا کرے عبادت کرے نماز صبح یہاں ادا کرے۔ مشعر حرام مزدلفہ میں ایک پہاڑ کا نام ہے اسی کو قزح اور میقدہ بھی کہتے ہیں۔ زمانہ جاہلیت میں لوگ عرفات سے واپسی پر تمام رات یہاں آگ جلاتے۔ اسلام نے حکم دیا یہ بیہودہ بات چھوڑ کر یہاں

Marfat.com

پہنچ کر اللہ کا ذکر کرو۔

فاذکروا اللہ عند المشعر الحرام ط (قرآن حکیم)

صوفیاء کرام کی اصطلاح میں عرفات و مزدلفہ کو اپنے ظاہری معنی کو صحیح جانتے ہوئے کہا گیا ہے کہ حاجی جب معرفت الٰہی کے میدان سے لوٹے تو راستہ میں ایک مقام سیرِ روحی آتا ہے جسے مشعر الحرام بھی کہا جاتا ہے کہ یہاں پر مشاہدہ جمال ہوتا ہے، یہاں پہنچ کر بھی رب کا ذکر کرو۔"

وصلی اللہ تعالےٰ علی حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## مطاف

مقدس مقامات سے ایک یہ بھی ہے جس سے حاجی کو قریبی تعلق ہے۔ کعبہ شریف اور مقام ابراہیم کے درمیانی حصّہ اور کعبہ شریف کی ساری سمتوں سے ملنے والی جگہ کا نام ہے۔

وصلی اللہ تعالےٰ علی حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وسلم

## مقام ابراہیمؑ

مکہ مکرمہ کے وہ مقدس مقامات جن سے حاجی کو کسی نہ کسی طرح ربط ہے۔ ان میں ایک مقام ابراہیم بھی ہے۔ قرآنِ مقدس نے فرمایا:۔

واتخذوا من مقام ابراھیم مصلّٰی ط

طواف کے بعد حاجی کو حکم ہے کہ وہ دو۲ رکعت نماز "مقام ابراہیم" کے قریب پڑھے۔

• یہ پتھر مبارک حجر اسود کی طرح جنت سے اُتارا گیا۔

Marfat.com

● اِسی پتھر مبارک پر کھڑے ہو کر سیّدنا خلیل علیہ السلام نے کعبہ شریف تعمیر فرمایا۔

● یہی مقدس پتھر ہے جس پر آپ نے قدم رکھا اور سیدنا اسمٰعیل کی اہلیہ نے سر دھویا۔

● یہی مقدس پتھر ہے جو آپکو سواری پر چڑھنے اُترنے کا کام دیتا۔

● یہی مقدس مقام ہے جس کا اطلاق حرم شریف کے کسی حصّہ پر بھی ہو جاتا ہے مجاہد اور نخعی کا یہی قول ہے۔

● حضور صلّی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے سیّدنا فاروق اعظم کا ہاتھ پکڑ کر یہ پتھر دکھایا جس کا نام مقام ابراہیم ہے۔ فاروق اعظم نے عرض کی حضور جب یہ پتھر اتنا معظم ہے تو اسے مصلّی کیوں نہ بنالیا جائے حضور صلی اللہ علیہ و آلہٖ وسلم نے فرمایا مجھے ایسا کرنے کا حکم نہیں دیا گیا تب آفتاب غروب ہونے سے پہلے "واتخذو من مقام ابراہیم مصلّے" کا حکم نازل ہوا۔ سیّدنا فاروق اعظم فرماتے ہیں کہ اللہ تعالےٰ نے تین معاملات میں میری رائے سے موافقت فرمائی۔ پہلی یہ کہ مقام ابراہیم کو مصلّی بنادیا گیا یہی میں چاہتا تھا۔ دوسری یہ کہ اُمہات المؤمنین کے پردہ کرنے کا مشورہ میں نے پیش کیا تو پردہ کا حکم نازل ہوا تیسری یہ کہ ایک موقعہ پر حضور علیہ السلام نے ازدواج مطہرات سے توجّہ ہٹائی تو میں نے امہات المؤمنین سے کہا اگر حالات اچھے نہ ہوئے تو اللہ تعالیٰ حضور علیہ السلام کو نعم البدل دے گا۔ تو سورۂ تحریم کی آیات اُتریں۔

● اگرچہ یہ مقدس پتھر جنت کا ہے مگر اس کی تعظیم کا باعث جنّت نہیں بلکہ قدم خلیل اللہ علیہ السلام ہے جیسے لفظ "من مقام" سے نمایاں ہو رہا ہے۔

● اگرچہ لاکھ کا ثواب تو پورے حرم شریف میں ہے کہیں بھی نماز پڑھ

Marfat.com

لی جائے مگر اس مبارک پتھر کے قریب ہو کر نماز کا حکم اسکی عظمت کو نمایاں کر رہا ہے۔

- سیدنا خلیل علیہ السلام نے جس پتھر پر کھڑے ہو کر لوگوں کو حج کے لئے بلایا تھا، جس کا ذکر قرآن مقدس فرماتا ہے۔ اذن فی الناس بالحج یہی مبارک پتھر ہے۔

(نعیمی ص۶۶۴ جلد ۱، شفاء الغرام ص۲۰۲ ج۱، تاریخ مکہ ص۳۶۴ ج۲)

- اس پتھر کے اندر سیدنا خلیل علیہ السلام کے مقدس قدموں کے نشانات نمایاں دکھائی دے رہے ہیں۔ قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں قدموں کے یہ نشان کعبہ کے قبلہ ہونے کا واضح ثبوت ہے۔ (مظہری)

- حضرت مجاہد فرماتے ہیں جب ابراہیم علیہ السلام نے اس پتھر پر کھڑے ہو کر لوگوں کو حج کے لئے بلایا تو یہ پتھر جبل ابوقبیس سے بھی اونچا ہو گیا اور اللہ تعالٰی نے آپ کی آواز کو پوری کائنات میں پہنچا دیا۔ (تفسیر کبیر ص۷۰ ج۱۷)

- ابن مردویہ فرماتے ہیں مقام ابراہیم کعبہ شریف کے اندر تھا۔ فتح مکہ پر حضور علیہ السلام نے باہر نکال کر باہر نصب کیا۔

- سیدنا فاروق اعظم کے دور میں شدید سیلاب سے پتھر دور بہہ گیا پھر تلاش کر کے یہاں نصب کیا گیا۔

- یہ پتھر باہر نصب ہونے سے پہلے لکڑی کے صندوق میں تھا لوگ زیارت کرنے جاتے تو صندوق کھول کر سیدنا خلیل علیہ السلام کے پاؤں کے نشانات میں زمزم شریف ڈال کر تبرک کے طور پر پیتے تھے۔ (اعلام الاعلام ص۳۰۴)

- عبداللہ بن عثمان نے ۱۶۰ھ میں خلیفہ مہدی عباسی کو یہ پتھر بطور تحفہ پیش کیا تو خلیفہ نے محبت سے چوما ہاتھ پھیر کر تبرک حاصل کرکے قدموں

Marfat.com

کے گڑھوں میں زمزم ڈال کر پیا۔ پھر اندرون خانہ بھی ایسے ہی کیا گیا۔ پھر اسے واپس مقام پر لوٹا دیا گیا۔ خلیفہ نے تحفہ لانے والے کو زمین کا ایک پلاٹ دیا، جو سات ہزار درہم میں فروخت ہوا۔ (اعلام الاعلام صـ ۴۲۹)

◆ خلیفہ مہدی نے ۲۹۱۶ تولے سونا کا طوق بنا کر مقام پر چڑھایا، خلیفہ متوکل نے تین ہزار تولہ سونا کا طوق چڑھایا۔ اس ضمن میں مزید تفصیلات کے لئے مرآۃ الحرمین صـ ۲۴۳ جلد ۱، اعلام الاعلام، تاریخ القویم اور تاریخ مکہ کا مطالعہ مزید مفید ثابت ہوگا۔

وصلی اللہ تعالےٰ علےٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلّم

# غلافِ کعبہ کی تاریخی حیثیت

◆ کعبہ انور کی عظمت کے پیش نظر حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے قبل بھی غلاف چڑھایا جاتا تھا۔

◆ غلاف کعبہ کی مبارک رسم کا آغاز سیّدنا اسماعیل علیہ السلام سے ہوا۔ (تاریخ مکہ صـ ۱۴۴/27)

◆ علامہ ازرقی فرماتے ہیں سب سے پہلے کعبہ شریف کو غلاف تبع اول نے چڑھایا۔ (اخبار مکہ صـ ۲۴۹ جلد ۱)

◆ علامہ ازرقی علیہ الرحمۃ نے اخبار مکہ میں اسی عنوان کے تحت تبع کے بارہ میں تفصیلات بیان کی ہیں۔

◆ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ نے فرمایا کہ دَورِ جاہلیت میں خالد بن جعفر بن کلاب

Marfat.com

نے غلاف پہنایا۔ (تاریخ مکہ ص ۱۴۷)

- سیدنا عباس بن عبدالمطلب کی والدہ نے بھی کعبہ شریف کو غلاف پہنایا۔
- قصی بن کلاب نے اپنے دور میں غلاف چڑھانے کا اہتمام کیا اور اس کے اخراجات قبائل پر تقسیم کئے۔ (تاریخ مکہ ص ۱۴۸)
- حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن یمن کا بنا ہوا غلاف کعبہ شریف پر چڑھایا۔
- سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نے کعبہ پر قباطی کا غلاف چڑھایا۔
- سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ ہر سال نیا غلاف چڑھاتے تھے۔
- سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے ایک سال میں دو۲ مرتبہ غلاف چڑھایا۔

پرانے غلاف کو دفن کر دیا جاتا تھا جب ام المومنین سیدہ عائشہ صدیقہ سے پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا دفن کر دینے سے بہتر ہے اسے فروخت کر کے اس کی رقم عرب میں تقسیم کر دی جائے۔ (تاریخ مکہ ص ۱۵۰ جلد ۲)

- سیدنا عبداللہ بن عمر ہر سال قربانی کے جانوروں پر عمدہ کپڑا ڈال کر انہیں ذبح کرتے پھر یہی کپڑے کعبہ میں لٹکا دیتے۔ (تاریخ مکہ ص ۱۴۸)
- امیر المومنین سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ سال میں دو مرتبہ غلاف چڑھاتے تھے ایک مرتبہ محرم شریف کو دوسری مرتبہ ۲۹ رمضان المبارک کو آپ کعبہ شریف کے لئے انتہائی بہترین خوشبو لگاتے۔ (اخبار مکہ باب کسوۃ الکعبہ)
- مصر میں غلاف تیار ہونے کا آغاز سیدنا عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے دور میں ہوا۔
- یزید بن معاویہ نے دیباج خسروانی کا غلاف چڑھایا۔

Marfat.com

- خلیفہ ہارون الرشید کے چڑھائے گئے غلاف کو امام فاکہیؒ نے دیکھا تھا جس پر یہ لکھا تھا، بندۂ خُدا امیر المؤمنین خلیفہ ہارون الرشید کو اللہ تعالیٰ برکت دے اور اس کی عزت کو دوبالا کرے۔ (تاریخ مکہ صفحہ ۱۵۴ جلد ۲)
- ۱۹۰ھ میں فضیل بن ربیع نے تیونس سے تیار کرایا، غلاف کعبہ شریف پر چڑھایا۔ (تاریخ کعبہ صفحہ ۲۳۵)
- ۱۹۷ھ فضل بن سہل اور طاہر حسین نے غلاف چڑھایا۔
- ۳۰۱ھ میں ابی الحسن جعفر نے سفید غلاف چڑھایا۔ ۳۸۴ھ میں یحییٰ بن یمان نے تیونس سے لاکر زرد غلاف چڑھایا۔
- ۳۹۷ھ حاکم بامر اللہ نے سفید قباطی کا غلاف چڑھایا۔ ۴۲۳ھ میں الظاہر لاعزاز ابن اللہ نے، ۴۳۷ھ سے ۴۴۴ھ تک ناصری خسرو، ۴۶۶ھ ابی نصر نے ۴۵۵ھ میں الصلیحی نے غلاف چڑھایا۔
- ۵۳۲ھ میں تاجر ابوالقاسم رامشت نے غلاف پیش کیا۔
- احمد ناصر الدین عباسی اپنے دَور خلافت ۵۷۵ھ سے ۵۹۲ھ تک ہر سال غلاف چڑھاتا رہا۔
- خلیفہ مامون الرشید نے اپنے ۲۰ سالہ دَورِ خلافت میں ہر سال تین مرتبہ غلاف چڑھایا۔
- فاطمی خلفاء حاکم العبیدی، خلیفہ حفیدہ المستنصر، خلیفہ الصلیحی، خلیفہ ابوالنصر ہمیشہ سفید غلاف چڑھاتے، خلیفہ ابوالنصر نے ہندوستان کا تیار شدہ سفید، ۴۶۶ھ میں سلطان سبکتگین نے زرد، ناصر عباسی نے سبز غلاف چڑھائے۔ (۶۴۳ھ سے اب تک سیاہ غلاف آرہا ہے)۔ (تاریخ مکہ ص ۱۵۵ ج ۲)
- خلیفہ جعفر متوکل علی اللہ کے دَور میں ہر تین ماہ بعد نیا غلاف چڑھایا جاتا۔ (اخبار مکہ ص ۱۷۸)
- ۶۴۳ھ میں منصور بن ربیعہ البغدادی نے سیاہ رنگ کا غلاف پہنایا۔
- ۶۶۱ھ میں سلطان الظاہر بیبرس نے غلاف پیش کیا۔

Marfat.com

◆ ۷۵۰ھ میں الناصر محمد بن قلادون نے غلاف شریف کے لیے ایک گاؤں خرید کر وقف کردیا، مراۃ الحرمین کے اقتباسات سے معلوم ہوتا ہے تین گاؤں لبیوس، سندبیس اور ابی الغیط خرید کر وقف کیے تھے جن کی سالانہ آمدنی ۸۹۰۰۰ درہم تھی جو اس کام پر خرچ ہوتی۔ (تاریخ کعبہ صد ۲۴۷، تاریخ مکہ صد ۱۵۷ جلد ۲)

◆ ۸۰۰ھ میں فرج بن برقوق نے غلاف پیش کیا جو سنہری کڑھائی سے مزین تھا۔

◆ ۸۱۹ھ سے ۸۲۴ھ تک سفید غلاف چڑھایا جاتا رہا۔ ۸۲۵ھ میں پھر سیاہ غلاف پہنایا گیا۔

◆ ۸۲۶ھ میں ملک اشرف برسبائی نے ۸۵۶ھ میں ملک جقمق نے ۸۶۵ھ میں ملک ناصر اباسعید نے ۸۷۸ھ میں مصر سے آنے والے حجاج نے ۹۲۲ھ میں سلطان قانصوا الغوری نے غلاف چڑھایا۔

◆ حجاز پر سلطنت عثمانیہ کے آغاز ۹۲۲ھ سے ۱۲۲۱ھ تک غلاف مصر سے بن کر جاتا رہا۔ اسی دوران مصر نے غلاف بھیجنا بند کردیا۔ سلطنت عثمانیہ کے ختم ہونے پر مصر نے پھر غلاف بھیجنا شروع کردیا۔

◆ ۱۳۴۱ھ میں شریف مکہ اور اہلِ مصر کے درمیان اختلافات پیدا ہوگئے تو غلاف واپس کردیا گیا۔ ۱۳۴۲ھ میں حسین بن علی نے عراق سے تیار کرایا۔ غلاف "القیلان" سے منگوالیا کہ اگر مصر سے غلاف نہ آیا تو یہ چڑھا دیا جائے گا، مگر مصر نے بروقت بھیج دیا اور عراق کا غلاف محفوظ کرلیا گیا۔ (تاریخ مکہ صد ۱۶۳ جلد ۲)

◆ ۱۳۴۶ھ سے غلاف کعبہ شریف کے لیے باقاعدہ طور پر مکہ مکرمہ میں ہی انتظام کرلیا گیا ہے۔ غلاف بنانے والا ادارہ پورا سال مصروف عمل رہتا ہے۔ مجھے اس ادارہ کو دیکھنے کی سعادت ملی ہے۔

◆ غلاف شریف کے لئے ریشم حاصل کرنے سعودی نمائندہ ہندوستان پہنچا کشمیر

Marfat.com

کا دورہ کیا، ریشم پسند نہ آیا تو بمبئی، بنارس سے جائزہ لیا۔ ۸۰ سو افراد کا انتخاب کیا مشہور کاریگروں میں صبغت اللہ، صیفی اللہ، مسیح اللہ سرفہرست ہیں۔

غلاف کعبہ کے سلسلے میں مزید معلومات کے لیے اخبارِ مکہ باب کسوہ کعبہ، تشفاء الغرام ذکر کسوۃ کعبہ، جامع اللطیف صہ ۱۰۴، الکلام علی کسوۃ الکعبہ کا مطالعہ مفید ثابت ہوگا۔

## پاکستان اور غلاف کعبہ

غلاف کعبہ تیار کرنے کی سعادت ایک موقعہ پاکستان کے حصّہ میں آئی۔ ۱۹۶۳ء میں ناصر و سعود کشمکش ذرا شدت اختیار کر گئی، سعودی حکومت مصر سے غلاف لینے اور مصر نے غلاف بنا کر دینے سے معذرت کر دی۔ اس کشمکش سے پاکستان کو سنہری موقعہ ملا۔ سعودی حکومت سے دوسرے اسلامی ممالک نے بھی خواہش کی کہ غلافِ کعبہ بنانے کا اعزاز انہیں دیا جائے، مگر "ایں سعادت بزورِ بازو نیست"۔ غلاف شریف لاہور کی ایک فرم نے تیار کیا جسمیں خاص خیال کیا گیا کہ کوئی کاریگر بے وضو نہ ہو۔ غلاف شریف مکمل ہو جانے پر ہر پاکستانی بے حد مسرور تھا۔ پاکستانی مسلمان جذبات و عقیدت کے لحاظ سے پوری دنیا میں اپنی مثل نہیں رکھتے، حکومت سے عوامی تقاضا شروع ہو گیا کہ غلاف کعبہ کی زیارت کروائی جائے۔ چنانچہ سپیشل ٹرین کا اہتمام کیا گیا غلافِ کعبہ بنانے کے انتظامات جماعت اسلامی کے ذمے تھے اور جماعت مذکور نے اس سے سیاسی فائدہ اٹھایا اور جماعتی فروغ چاہا مگر ایسا نہ ہو سکا۔ شاید یہی عدم خلوص تھا کہ یہ غلاف چڑھایا نہ جا سکا۔

**غلاف کعبہ اور جذبات عقیدت:** مجھے اچھی طرح یاد ہے کہ گاڑی کے بارہ میں اخبارات میں اعلان ہو جاتا

Marfat.com

کہ کس وقت کہاں رُکے گی، لوگوں کے ریکارڈ توڑ ہجوم ہوتے، مرد، خواتین، بچے، جوان بوڑھے سبھی گھنٹوں انتظار میں رہتے کہ غلافِ کعبہ کی زیارت کرنا ہے جونہی دُور سے گاڑی نظر آتی، مجمع کی آنکھیں بھیگ جاتیں، آہ و بکا کا عالم دیدنی ہوتا لوگ دعاؤں میں مصروف ہو جاتے۔ گاڑی چلنے میں گھنٹوں تاخیر ہو جاتی، ہر ایک کی خواہش ہوتی کہ ڈبے کے اندر جا کر غلافِ کعبہ کو ایک نظر دیکھ سکے، جسے زیارت ہو جاتی خوشی سے پھولے نہ سماتا جو بھیڑ کے باعث محروم رہ جاتا وہ خون کے آنسو روتا، گاڑی کے نگاہوں سے اوجھل ہو جانے تک لوگ اسٹیشن چھوڑ کر جانا بے ادبی سمجھتے تھے۔ ایسا کیوں نہ ہوتا کہ غلاف کو کعبہ سے نسبت ہو گئی ہے ابھی غلاف، کعبہ کو لگا بھی نہیں مگر شرف مِل گیا ہے، قربانی کا جانور ذبح ہونے سے پہلے ہی باعث احترام بن جاتا ہے۔

میرے نزدیک وہ سیاسی جماعتیں باعثِ نفرت ہیں جنہوں نے ائمہ حرمین شریفین کو بلا کر سیاسی مفاد اُٹھائے اور عوام میں وہ اعزاز نہ رہنے دیا جو ہونا چاہیئے تھا۔ خطیب مسجد نبوی شریف کی پہلی آمد کو ذرا نظر میں لائیں کہ اسلام آباد کا ایئرپورٹ عرق گلاب سے دھویا گیا، ہزاروں روپے کی عطر بیزی کی گئی، منوں کے حساب سے پھول نچھاور کئے گئے، وزراء، سفراء دست بستہ قطار میں کھڑے تھے کہ مسجد نبوی شریف کا امام ہے مصافحہ کی باری نہیں آتی تھی۔ یہی کیفیت پہلی مرتبہ خطیب حرم شریف کی تھی مگر سیاسی لوگوں نے انہیں بار بار بُلا کر اپنے مقاصد تو پورے کئے مگر ان کے اعزاز و اکرام کا احساس نہ کیا۔

کاش ائمہ حرمین شریفین بھی یہ محسوس کر لیتے کہ پاکستان کا ہر فرد اُن کے لئے اپنے سینے میں بے پناہ جذباتِ محبت رکھتا ہے۔

غلاف کعبہ سے پاکستانیوں کے جذباتِ محبت کو مولوی محمد عبدالمعبود نے اپنی

Marfat.com

کتاب تاریخ مکہ میں "بنارس اور ہردوار کی پوجا پاٹ سے تعبیر کر کے لاکھوں مسلمانوں کے ایمانوں پر جارحانہ حملہ کیا ہے۔ میدان قیامت میں اس کی جوابدہی کے لئے انہیں تیار رہنا چاہیئے۔ میدان قیامت میں ان کے خلاف استغاثہ میں کروں گا۔ انشاءاللہ۔

وصلی اللہ علے حبیبہ وآلہ وصحبہ وسلم

# بحیرا راہب کی حق گوئی

مکہ مکرمہ کے اہم واقعات میں سے ایک یہ بھی ہے کہ بحیرہ نے حضور علیہ السلام کی شہادت دی

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ۱۲ سال کی عمر میں اپنے چچا ابوطالب کے ساتھ شام کا سفر کیا تو راستہ میں بحیرا راہب کی ملاقات ہوئی۔ یہ شخص تورات و انجیل کا ماہر تھا، کتب سماویہ میں نبی آخرالزمان کی علامات پڑھ چکا تھا جونہی یہ قافلہ اسکی عبادت گاہ کے قریب سے گزرا تو اس نے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک کو دیکھتے ہی کہہ دیا، یہ وہی نبی ہے جس کا ذکر توراۃ و انجیل میں موجود ہے۔


(زرقانی ج۱ ص۱۹۴، رحمۃ للعلمین ص۵۴، سیرت النبی ص۱۲۹)

سیدنا ابوموسیٰ سے روایت ہے اس نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو پہچانا اور ہاتھ پکڑ کر کہا: "ھذا سید المرسلین، ھذا رسول رب العالمین" یہ سب جہانوں کا سردار ہے یہ رب کائنات کا رسول ہے۔" اس سے پوچھا گیا تجھے کیسے پتہ چلا یہ اللہ کا رسول ہے تو بحیرا نے کہا میں نے دیکھا ہر درخت نے سجدہ کیا۔ بحیرا نے قافلے کا کھانا پکایا، سبھی درخت کے سایے میں بیٹھ گئے، حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سایہ نہ بچا تو آپ دھوپ میں بیٹھ گئے فوراً درخت نے آپ پر سایہ کر دیا۔ بحیرا نے کہا یہی اسکی نبوت کی دلیل ہے۔ بحیرا راہب کے اس اعلان نے مکہ مکرمہ کیا پورے عالم اسلام میں تہلکہ مچا دیا، اور حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات والاصفات موضوع بحث بن گئی۔ مکہ مکرمہ کے در و دیوار شجر و حجر بحر و بر میں حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا

Marfat.com




جدہ شریف کی عمارات



جدہ ایئرپورٹ

Marfat.com



سی پورٹ پر احرام باندھنے والے حجاج کا ایک منظر




پہاڑ کے دامن میں ایک شاہراہ

Marfat.com



بابِ عبدالعزیز کے سامنے شاہراہ کا ایک منظر



غلافِ کعبہ کے بنانے والی ایک مشین

Marfat.com




قطار میں کھڑی ہوئی اومنی بسیں

Marfat.com

نمایاں ذکرِ خیر ہونے لگا۔ وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ وآلہ وصحبہ وبارک وسلم

## سر ولیم کا غلط دعویٰ

حیرت ہے حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم اور بحیرا راہب کی ملاقات سے جس قدر مسلمانوں کو لگاؤ ہے عیسائی بھی پیچھے نہیں اور کسی نہ کسی طرح کھینچا تانی سے اس واقعہ کو عیسائیت کی صداقت پر محمول کرتے ہیں۔ سر ولیم میوکر، ڈاپیر مرگوں کوس کا دعویٰ ہے کہ بحیرا راہب نے بصریٰ کی ایک عبادت گاہ میں محمد کو نسطوری عقائد کی تعلیم دی آپ کے نا تربیت یافتہ دماغ نے نہ صرف اتالیق کے مذہبی بلکہ فلسفیانہ خیالات کا گہرا اثر لیا۔"

(معرکہ جنگ و مذہب مؤلفہ ڈریپر، سیرت النبی ج ۱ صفحہ ۱۳۰)

اس ضمن میں ولیم، ڈریپر سے چند سوالات کیے جا سکتے ہیں:۔ کیا ۱۲ سال کا بچہ چند لمحات کی محفل میں اتنا بڑا مذہبی ذخیرہ ازبر کر سکتا ہے؟ اگر نہیں کر سکتا تو تمہارا جھوٹ ہے۔ اگر کر سکتا ہے تو مانو وہ بچہ عام انسان نہیں سید البشر ہیں، نبی ہی نہیں سید الانبیاء ہیں۔ اگر اسلام بحیرا راہب کی تعلیم ہے تو آپ کو انکار کیوں؟ اسلام ابنیت مسیح صلیب مسیح، تثلیث ایسے نظریات کی تردید کرتا ہے آپ نالاں کیوں ہیں بلکہ بخوشی اس تردید کی تائید کریں کہ بقول شما یہ بحیرا راہب کی تعلیم ہے۔

(وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وبارک وسلم)

## حلف الفضول

سرزمین مکہ مکرمہ کے اہم واقعات سے واقعہ حلف الفضول کو بھی بڑی اہمیت حاصل ہے۔ سرزمین مکہ مکرمہ میں امن قائم کرنے کی غرض سے فضل ابن فضالہ،

Marfat.com

نفیل بن حارث، فضل بن دواعہ نے ایک معاہدہ مرتب کیا جو انہیں کے ناموں پر حلف الفضول کے نام سے مشہور ہوا۔ زبیر بن عبدالمطلب نے اس معاہدہ کی تحریک کی تھی۔ یہ میٹنگ عبداللہ بن جدعان کے مکان پر ہوئی تھی۔ اس میں مظلوم کی حمایت کا عہد ہے اس معاہدہ کے ۲ مشہور شعر یہ ہیں۔

ان الفضول تحالفوا وتعاقدوا ٭ ان لا یقیم ببطن مکۃ ظالم

تینوں فضل نامی اشخاص نے عہد کیا کہ مکہ مکرمہ میں کوئی ظالم نہیں رہ سکے گا۔

امرٌ علیہ تواھدوا وتواثقو ٭ فالجار والمعتر فیھم سالم

اس پر سب نے پختہ عہد کیا کہ مکۃ مکرمہ میں پڑوسی اور آنیوالا سب محفوظ ہوں گے۔

◆ حضور سید عالم صلے اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اس معاہدہ کے وقت عبداللہ بن جدعان کے مکان پر میں بھی موجود تھا اگر اس معاہدہ کے مقابلے میں مجھے سرخ اونٹ پہنچائے جاتے تو میں ہرگز پسند نہ کرتا۔

(طبقات ابن سعد جد ۸۲/۱۲۰، روض الانف صد ۱۹، سیرت ابن ہشام)

◆ عبداللہ ابن جدعان سیدہ عائشہ صدیقہ رضہ کے چچازاد بھائی تھے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں، کبھی کبھی موسم گرما میں عبداللہ بن جدعان کے گلشن کے سایہ میں کھڑا ہو جاتا تھا۔ (روض الانف صد ۱۹) وصلی اللہ تعالیٰ علی احبیبہ محمد والہ وصحبہ وسلم

## منصب تحکیم

سرزمین مکہ کے اہم واقعات میں واقعہ تحکیم بھی بہت بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ تعمیر کعبہ شریف کے سلسلہ میں ابتدائی صفحات میں تفصیلی بحث ہو چکی ہے۔ بعثت نبوی سے پانچ سال قبل تعمیر کعبہ ہوئی جس میں فیصلہ تھا کہ خرچ ہونے والا سارا مال ہر لحاظ سے پاک وطیب ہوگا اس تعمیر میں تمام قبائل نے حصہ لیا کہ محروم کوئی نہ

Marfat.com

رہ جائے۔ بیت اللہ شریف کے مختلف حصوں کو مختلف قبائل میں تقسیم کر دیا گیا۔ ولید ابن مغیرہ نے جدہ جا کر چھت کے لیے سامان خریدا، ایک رومی کاریگر باقوم نامی کی خدمات بھی حاصل کیں کہ تجربہ کار تھا۔ اب پہلی تعمیر کو شہید کرنا تھا ولید بن مغیرہ نے آغاز کیا اور سیدنا ابراہیم علیہ السلام کی بنیادیں نظر آگئیں۔ ایک قریشی نے پہا دلہ مارا تو سرزمین مکہ میں عظیم دھماکہ ہوا جس کی وجہ سے کھدائی آگے نہ کی اور وہیں سے تعمیر شروع کر دی۔ تعمیر مکمل ہونے پر حجر اسود کو اپنی جگہ پر رکھنے کا وقت آیا تو شدید اختلافات پیدا ہو گئے تلواریں کھینچ لیں، سرزمین مکہ جنگ و جدل اور میدان قتل و غارت دکھائی دینے لگی، پانچ دن اسی کشمکش میں گزر گئے کون قبیلہ پتھر رکھے ہر ایک کی انتہائی خواہش تھی کہ حجر اسود رکھنے کا اعزاز اسکو ملے تو ابو امیہ بن مغیرہ مخزومی نے تجویز دی کہ کل صبح جو شخص سب سے پہلے مسجد حرام میں داخل ہو اُسی کو حکم بنا کر فیصلہ کرا لو، سبھی اس رائے پر متفق ہو گئے اور تمام لوگ حرم میں پہنچ گئے کہ دیکھئے یہ سعادت کسے ملتی ہے۔ اہل مکہ ایسے خوش نصیب، بلند بخت انسان کو دیکھنے کے بے تاب تھے جسے حکم مانا جائے گا، متعجب تھے وہ کون ہو گا جس کے آنے سے جنگ و جدل کا میدان کارزار امن میں بدل جائے گا، دیکھئے وہ کون ہے جس کی ایک جھلک بچوں کو یتیم ہونے، خواتین کو بیوہ ہونے سے بچائے گی، نہ معلوم وہ کون ہو گا جو جنگ کے بھڑکنے والے شعلوں کو بجھا دے گا، اچانک جنگ و جدل کے گھٹا ٹوپ اندھیروں میں بجلی چمکی، پیارے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دکھائی دیئے آمد کیا تھی جس نے خزاں کو بہاریں، جنگ کو امن میں، دکھ کو سکھ میں، ظلمت کو نور میں بدل دیا۔ اس طرح یہ منصب حکیم حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے حصّہ میں آیا جو درحقیقت حصّہ تھا ہی آپ کا، پورے حجاز میں اس کا اہل کوئی دوسرا تھا ہی نہیں، سب کی زبانوں سے بے ساختہ نکلا :-

Marfat.com

"ھذا محمد الامین رضینا ھذا محمد"

یہ تو محمد امین ہیں ان کے حکم بنانے پر ہم راضی ہیں یہ تو محمد امین ہیں۔"

آپ نے آگ سے لپٹنے والے شعلوں کو حکمت عملی سے اس طرح بجھایا، ایک چادر منگواکر حجر اسود کو اس میں رکھ کر فرمایا ہر قبیلے کا سردار اس چادر کو تھام لے تاکہ کوئی اس سعادت سے محروم نہ رہ جائے۔ سارے کے سارے چادر کو تھام کر حجر اسود کو اٹھائے اسجگہ پہنچے جہاں حجر اسود کو نصب کرنا تھا وہاں پہنچ کر حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے حجر اسود اپنے ہاتھ سے بیت اللہ شریف کی دیوار میں نصب فرمادیا۔

(سیرت ابن ہشام صہ ۶۵ جلد ۱، طبری صہ ۲۰۲ ، زرقانی صہ ۲۰۳ جلد ۱)

وصلی اللہ تعالیٰ علےٰ حبیبہٖ محمد والہٖ وبارک وسلم

## سیدہ خدیجۃ الکبریٰ سے نکاح

سرزمین مکہ مکرمہ کے اہم واقعات سے ایک یہ بھی ہے کہ مکہ مکرمہ کی ایک صاحبِ ثروت خاتون خدیجۃ الکبریٰ نہایت شریف پاکباز عفیفہ خاتون تھیں آپ کو طاہرہ کے نام سے یاد کیا جاتا تھا۔ جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شرافت دیانت اخلاص کا عام چرچا ہوا تو سیدہ خدیجۃ الکبریٰ نے آپکی طرف پیغام بھیجا، اگر آپ میرا مالِ تجارت ملک شام لے کر جائیں تو دوسروں کی نسبت آپ کو دوہرا معاوضہ دوں گی۔ آپ نے پسند فرمایا اور اُن کے غلام میسرہ کے ساتھ سفر کیا۔

- دورانِ سفر میسرہ نے آپ کے بہت سے کمالات مشاہدہ کئے۔ میسرہ کہتے ہیں دوپہر کی شدید دھوپ میں آپ پر فرشتے سایہ کرتے تھے۔ اس مرتبہ بہت سا نفع ملا میسرہ نے واپسی پر سارے حالات سیدہ خدیجۃ الکبریٰ کو سُنائے۔ حضرت خدیجۃ

Marfat.com

الکبریٰ نے آپ کو مقررشدہ حصّہ سے بھی زیادہ معاوضہ دیا۔

(طبقات ابن سعد جلد ۱ صفحہ ۸۳، مدینۃ الرسول صفحہ ۱۵۵، خصائص کبریٰ جلد ۱ صفحہ ۹۱)

◆ حضرت خدیجۃ الکبریٰ نے یہ سارے واقعات جو میسرہ سے سنے ورقہ بن نوفل کو سُنا دیئے۔ ورقہ نے کہا اگر یہ واقعات درست ہیں تو یقیناً یہ آخری نبی ہیں۔ اب حضرت خدیجۃ الکبریٰ کو آپ سے نکاح کا شوق ہوا کہ نبی آخرالزمان کے اہل بیت میں شامل ہوں۔ حضور سیّدِعالم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت میں تین قسم کے افراد شامل ہیں۔

(۱) جو گھر پیدا ہوئے گھر ہی وصال ہوگیا۔ جیسے صاحبزادگان

(۲) گھر پیدا ہوئے باہر چلے گئے۔ جیسے صاحبزادیاں

(۳) باہر پیدا ہوئے گھر آگئے۔ جیسے ازواج مطہرات

◆ حضور سیدِعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے چچا کے مشورے سے یہ پیغام نکاح قبول فرمالیا۔ آپ کے چچا ابوطالب نے خطبہ نکاح پڑھا۔ (روض الانف جلد ۱ صفحہ ۱۲۲، مدینۃ الرسول صفحہ ۱۹۶)

◆ اس وقت حضور علیہ السلام کی عمر ۲۵ برس کی تھی اور سیدہ خدیجۃ الکبریٰ کی ۴۰ سال۔ سیّدہ خدیجۃ الکبریٰ کے تفصیلی حالات و واقعات معلوم کرنے کے لیے ہماری کتاب مدینۃ الرسول اور مدارج النبوۃ کا مطالعہ مفید رہے گا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

# نزولِ وحی

مکہ مکرمہ کے عظیم واقعات سے ایک یہ بھی ہے کہ حضور سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم حسبِ معمول غارِ حرا میں مصروف عبادت تھے کہ یکایک جبرائیل علیہ السلام حاضر ہوئے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر یہ پہلی وحی نازل ہوئی (اقرا باسم ربک الذی خلق) نزول

Marfat.com

کا معنی اوپر سے نیچے اترنا اور کلام کے اندر اترنا نقل وحرکت کا ہونا مشکل ہے۔ لہٰذا کلام کے اترنے کی تین صورتیں ہوسکتی ہیں۔

• پہلی صورت یہ ہے کہ کلام کسی چیز پہ لکھا جائے اور اُس شئے کو منتقل کر دیا جائے، اس طرح پہلی کتب سماویہ کا نزول ہوا کہ الواح پر لکھدی گئیں اور پھر فرشتہ کے ذریعہ سے وہ الواح نبی تک پہنچا دی گئیں۔ جیسے سیدنا موسیٰ علیہ السلام کو کوہ طور پر توراۃ کی لکھی ہوئی تختیاں دیدی گئیں۔

• کہ کسی کے ذریعے یہ بات کہلا کر بھیج دی جائے۔

• تیسری صورت یہ ہے کہ بغیر کسی واسطہ سننے والے سے بات کرلیجائے۔ قرآن مقدس کا نزول دوسری اور تیسری صورت میں ہوا ہے۔ سیدنا جبرائیل علیہ السلام حاضر ہوتے تھے اور آکر آیاتِ قرآنیہ سناتے تھے، یہ نزول بذریعہ قاصد ہوا۔ بعض آیات مبارکہ بغیر واسطہ جبریل علیہ السلام بھی عطا ہوئیں، جیسے سورۂ بقرہ کی آخری آیات حضور علیہ السلام کو شب معراج عطا فرمائی گئیں۔ غارِ حرا میں نزول وحی ۱۷ رمضان پیر کے دن ہوا اور جبریل کی وساطت سے ہوا۔ جبلِ حرا کے عنوان کے تحت غار حرا اور اسکے قدر ومنزلت کا ذکر کر دیا گیا ہے۔ اِس سے قبل سرزمین مکہ مکرمہ کو یہ شرف نہ تھا کہ جبریل علیہ السلام حاضر ہوں اور کلام الہٰی کا نزول ہو۔ اس ضمن میں تفصیلات مطلوب ہوں تو ہماری کتاب "علم القرآن" کا مطالعہ بہت مفید رہے گا۔

یہی دن بعثت نبوی کا پہلا دن ہے۔ یہ واقعہ صرف مکہ کے لیے نہیں بلکہ پوری دُنیا کو چونکا دینے والا تھا۔ تعلیم وتعلم کے متعلق یہ پہلی وحی اسوقت نازل ہوئی ہے جب یورپ میں جہالت و وحشت کا دور تھا۔

• انگلستان میں برٹن اور سیکسن وحشی قومیں آباد تھیں۔ فارتھمبرلینڈ، مڈلینڈ، کون ٹیز، فارنوک، سونوک کے علاقوں میں ورُون بُت کو پوجا جا رہا تھا۔

Marfat.com

- فرانس ۔ برن ہلڈ ، سگ برٹ ، فرے دی گونٹ دی ، میں بے شمار بیہودگیاں کی جارہی تھیں۔
- ایران میں اِن دنوں زن ، زر اور زمین کے جھگڑے ہی سب کچھ سمجھے جارہے تھے۔
- ہندوستان توہم پرستی کا شکار ہو چکا تھا۔
- چین میں ہر کام کے لیے الگ بُت مقرر کئے جاچکے تھے۔
- مصر میں عیسائیت زوروں پر تھی۔ عیسیٰ علیہ السلام کی مقدس انجیل کو داغدار بنایا جارہا تھا۔
- عرب کا قیاس انہیں ممالک پر کیجئے۔ دنیا کی اس بد ترین حالت پر خدائے قدوس کو رحم آیا اور اصلاح عالم کے لئے اِسی سرزمین مکّہ مکرمہ کا انتخاب فرمایا اور اپنے محبوب پاک علیہ السلام پر وحی نازل فرمائی۔

وصلے اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد و آلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

# پہلی وحی اور اہمیّت علم

اِس ضمن میں مختلف روایات ہیں کہ سب سے پہلے کونسی وحی نازل ہوئی ، تاہم متحقق بات یہی ہے کہ سب سے پہلے "اقرار باسم ربک الذی خلق" نازل ہوئی۔ حاکم نے مستدرک میں بیہقی نے الدلائل میں سیّدہ عائشہ صدیقہ سے اسی طرح روایت کی ہے۔ طبرانی نے کتاب الکبیر میں ابورجاعطاردی سے سعید بن منصور نے اپنی سنن۔ ابوعبیدہ نے اپنی کتاب فضائل القرآن میں ابن ابی شیبہ نے کتاب المصاحف میں عبید بن عمیر نے اِسی کو ترجیح دی ہے۔ ابوبکر محمد بن حارث نے ابوالعباس عبیداللہ ابن محمد بغدادی

Marfat.com

سے حسان بن ابراہیم کرمانی نے جابر بن زید کی روایت سے " اقراء باسم ربک الذی خلق " کے پہلے اُترنے کی تائید کی ہے۔ سب سے پہلی وحی میں تعلیم، قرأۃ اور کتابت کی طرف واضح اشارہ ہے، جس سے اسلام میں تعلیم و تعلّم، درس و تدریس اور کتابت کی تائید پائی جاتی ہے۔

● — اسلام ہی وہ مقدس دین ہے جس نے علم کی سرپرستی کی اور اُسے فروغ دیا اسلام کی آمد سے قبل عرب تو جہالت کے گہرے سمندر میں غرق تھے اور تعجب ہے کہ اس جہالت پر انہیں فخر بھی تھا۔

● یہود و نصاریٰ میں صرف بائبل کے حروف تک علم کی پرواز تھی۔ ہندوستان میں صرف شریمتی بھگوان کی حکومت تھی۔ بہت زیادہ ترقی کی صورت میں مہا بھارت اور رامائن کے قصّے علم کی معراج تصور ہوتے تھے۔ یہی حال چین و ایران کا تھا۔ یورپ قطعاً جہالت کدہ تھا۔

● — اسلام نے اہل علم کے درجات کو فرمایا۔ ارشاد ہوتا ہے:

یرفع اللہ الذین اٰمنوا منکم والذین اوتوا العلم درجات

اللہ تعالیٰ بلند فرماتا ہے درجات ایمان والوں کے اور اہل علم کے "

● اسلام نے علم کی عظمت کو اس طرح نکھارا ہے۔ کتّا جو نجس ہے تعلیم و تعلم کے باعث وہ منصب حاصل کر لیتا ہے کہ اس کا کیا ہوا شکار انسان کے کئے ہوئے شکار کا حکم رکھتا ہے۔ قرآن مقدس فرماتا ہے:۔

مَا علمتم مِنَ الجَوَارِحِ مکلّبِین (مائدہ)

ان دلائل سے واضح ہے کہ اسلام علم کی فضیلت کا بہت بڑا مظہر ہے۔

اس پہلی وحی کے کلماتِ مبارکہ پر پھر غور کیجئے:۔

اقراء باسم ربك الذی خلق ہ خلق الانسانَ

Marfat.com

من علق ٥ اقراء وربك الاکرمؕ الذی علم بالقلم علّم الانسان مالم یعلمؕ اپنے رب کے نام سے پڑھئے جس نے تخلیق فرمائی، انسان کو منجمد لوتھڑے سے پیدا کیا، پڑھئے اپنے رب کے نام سے جو عزت والا ہے اُس نے قلم کے ذریعے علم کی تعلیم دی اُسی نے انسان کو وہ تعلیم دی جس کو وہ نہیں جانتا تھا۔

◆ اس مقدس ارشاد میں باسمِ ربّکَ پر خاص توجہ دیں جس سے واضح محسوس ہوتا ہے اسلام کسی قسم کے علم کے خلاف نہیں، سیاست ہو یا تمدن تاریخ ہو یا جغرافیہ، فلسفہ ہو یا ہیئت، انگلش ہو یا ریاضی۔ شرط یہ ہے کہ اس پر "اسم رب" کی مُہر ضروری ہے کہ وہ علم خلاف اسلام استعمال نہ ہو۔

◆ قرآن مقدس نے حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات والاصفات کے بارہ میں اس طرح بھی فرمایا:

ویعلمکم الکتاب والحکمۃ

کہ وہ کتاب وحکمت کے معلّم ہیں،

ہر دو آیات سے علم کی فضیلت واضح ہے۔

◆ اسلام ہی نے علم کی سرپرستی کر کے اس کے دروازے اس طرح کھول دیئے کہ عرب وعجم کا امتیاز اُٹھ گیا، ہر قوم نے استفادہ کیا اور لوگوں کو فائدہ پہنچایا۔ ہندوستان سے سوڈان تک بلاد خراسان سے سرحد مراکش تک دروس علمیہ کا افتتاح خیر القرون ہی میں ہو گیا تھا۔ امام محمد بن اسماعیل بخاری، امام ہمام ابو حنیفہ علیہ الرحمۃ، سیبویہ، بو علی، زجاج ائمہ لغت، اسماعیل بن محمد جوہری، مجد الدین ابو طاہر، ابو الفرج، ابن خلدون مشہور مورخ برہان الدین، مقریزی سبھی علم کے بلند روشن مینار ہیں۔ مگر ان میں عربی النسل کوئی بھی نہیں۔ کوئی بخارا کا ہے کوئی فارس کا کوئی تیونس کا ہے

Marfat.com

تو کوئی مالٹا کا۔

■ — اللہ تعالیٰ نے امتِ مسلمہ کو یہ شرف بخشا کہ اُس نے اسلام کی روشنی میں علم کی خدمت کی۔ قرآن مقدس سے استنباط کر کے تصانیف کے میدان استوار کر دیئے۔ تجوید تلاوت کے لئے "علم التجوید" مدون ہوا۔ قرآنی آیات کی تشریح کے لئے "علم التفسیر" کا آغاز ہوا۔ عربیت کی ضرورت کے لئے "علم الادب" کی بنیاد پڑی۔ علم لغت، نحو، صرف، انشار، معانی، بیان، بدیع اسی پہلی وحی الٰہی کی روشنی میں ہیں۔ علم فقہ، علم اصول فقہ، علم جدل، علم کلام، علم تاریخ، علم طبقات الارض، علم جغرافیہ، علم معیشت، علم النفس، علم تصوف، علم الوعظ، علم الفرائض، علم جبر و مقابلہ، ان کے علاوہ سینکڑوں علوم کی خدمت کی اور انہیں اوجِ کمال پر پہنچایا، ان علوم پر مشتمل کتابوں کے ذخیرے جمع ہوئے جن کا شمار ہی مشکل ہے۔ علم طب، کیمیا، ہندسہ ہیئت، سیاست، فلاحت، تجارت، عمارت، غرض یہ علم کی ساری کڑیں، اقرار اور علّم الانسان مالم یعلم" کی واضح تفسیر ہے۔

■ پہلی وحی کے نزول کے بعد جب حضور صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لا رہے تھے تو کیفیت یہ تھی :۔

و الضرف فجعل لا یمرّ علی شجر ولا حجر الّا سلم علیہ

آپ واپس ہوئے راستہ میں جب شجر اور حجر پر آپ کا گزر ہوتا وہ آپ کو السلام علیک یا رسول اللہ کہتا۔ (خصائص کبریٰ ص۹۳ جلد۱)

وصلّی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلّم

## ورقہ بن نوفل کی شہادت

سرزمین مکہ مکرمہ کے واقعات میں ایک یہ بھی ہے کہ ایک عیسائی عابد نے سیّد عالم

Marfat.com

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رسالت کی گواہی دی، غارِ حرا کا سارا واقعہ حضور علیہ السلام نے ام المؤمنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ کو سنایا تو آپ نے مبارک دی۔

فقالت ابشر فو اللہ لا یفعل اللہ بک الا خیرا

فابشر فانک رسول اللہ حقا۔ (فتح الباری صـ ۳۱۵ ج ۲۶ کتاب التفسیر)

عرض کی مبارک، خدا کی قسم! اللہ تعالےٰ آپ کے ساتھ بھلائی کے علاوہ کچھ نہ کرے گا، آپکو مبارک! آپ اللہ تعالیٰ کے سچے رسول ہیں۔"

◆ اس کے بعد سیدہ خدیجۃ الکبریٰ مزید شواہد کے لئے اپنے چچا زاد بھائی ورقہ ابن نوفل کے ہاں حضور علیہ السلام کو لے گیئں۔ ورقہ بن نوفل کتب سماویہ کے بڑے ماہر تھے اس وقت بوڑھے اور نابینا ہو چکے تھے۔ سیدہ خدیجۃ الکبریٰ نے ورقہ سے کہا: اسمع من ابن اخیک ورقہ اپنے بھتیجے کی بات سنو، حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غارِ حرا کا پورا واقعہ سنایا۔ تو ورقہ نے کہا: فلما سمع کلامہ ایقن بالحق واعترف بہ (فتح الباری صـ ۳۱۷ جلد ۱۲) ورقہ نے جب آپ کا کلام سنا تو فوراً حق کا یقین آگیا اور ورقہ نے اعتراف کیا اور تسلیم کیا۔

ایک روایت میں ورقہ کے یہ الفاظ بھی ہیں:۔ ابشر فانی اشہد انک الذی بشر بہ ابن مریم وانک علی مثل موسیٰ نبی مرسل وانک تؤمر بالجہاد۔ آپ کو خوشخبری ہو میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ وہی نبی ہیں جن کی بشارت مسیح ابن مریم نے دی اور آپ موسیٰ علیہ السلام جیسے نبی مرسل ہیں اور آپکو جہاد کا حکم دیا جائے گا۔

◆ مثیل موسیٰ کا یہ معنی نہیں کہ موسیٰ علیہ السلام آپ کے مثل ہیں اور ہم مرتبہ ہیں۔ بلکہ یہ جیسے شریعت موسوی حدود، تعزیرات، جہاد و قصاص، حلال و حرام کے احکام پر مشتمل ہے ایسے ہی آپ کی شریعت ہو گی۔

Marfat.com

◆ اس واقعہ شہادت کے بعد سرزمین مکہ میں قبولِ اسلام کی رو چلی کہ حضور سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ عفیف کندی رضی اللہ عنہ سیدنا طلحہ رضی اللہ عنہ، سعد بن وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ خالد بن سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ، عمار وصہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہما عمر بن عتبہ رضی اللہ عنہ سیدنا ابی ذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حلقہ بگوش اسلام ہو گئے۔ ورقہ کی شہادت کے بعد مکہ مکرمہ میں اتنے عظیم لوگوں کا دائرہ اسلام میں آجانا عظیم تہلکہ تھا۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

## سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ کا قبولِ اسلام

سرزمین مکہ کا یہ واقعہ بھی کم نہیں کہ قریش کا ایک عظیم سپوت ایک عظیم مردِ آہن سیدنا حمزہ دربارِ رسالت میں سرخم کر دیتا ہے۔ اس واقعہ نے بھی اہل مکہ کو چونکا دیا تھا واقعہ یہ ہوا ایک دن حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے ابوجہل نے سخت درشت کہا، حضور علیہ السلام نے اپنی شان عفو و درگذر کے پیش نظر کوئی جواب نہیں دیا، عبداللہ بن جدعان کی لونڈی نے یہ سارا معاملہ دیکھا تھا۔ حضور سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ شکار سے واپس تشریف لائے تو لونڈی نے تفصیل سنائی، سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ نے غیرت کھائی اور ابوجہل کو ایک جماعت میں بیٹھے دیکھ کر زور سے کمان ماری کہ شدید زخمی ہو گیا، ابوجہل کے ساتھی اس کے کام نہ آسکے۔ سیدنا حمزہ نے فرمایا تو محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو گالیاں دیتا ہے میں خود اس کے دین پر ہوں۔

◆ حضرت حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھر پہنچے تو نفس و شیطان نے بہکانے کی کوشش کی کہ تو نے باپ دادا کا دین چھوڑ دیا۔ سیدنا حمزہ فرماتے ہیں میں نے بارگاہ قدس میں دعا کی:

Marfat.com

اللھم ان کان رشدًا فاجعل تصدیقہٗ فی قلبی والا فاجعل لی منہ وقعت فیہ مخرجًا۔

(مستدرک صہ ۱۹۲ جلد ۳)

اے اللہ اگر یہ ہدایت ہے تو میرے دل کو مطمئن کر دے ورنہ اس سے نکلنے کا کوئی راستہ پیدا کر دے۔

- سیّدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں: ایک رات شدید پریشانی میں گزری، ساری رات سو نہ سکا۔ حرم شریف میں حاضر ہو کر التجا کی الٰہی مدد فرما، دولتِ اطمینان بخش دے۔ دُعا اس قدر مقبول ہوئی کہ فوری سکون ملا۔ آپ دربار رسالت میں حاضر ہوئے، اور عرض کی: "اشھد انک لصادق" (روض الانف صہ ۱۸۵ ج ۱)

آپ اللہ کے سچے رسول ہیں"۔

- آپ نے چند اشعار بھی پڑھے:

واحمد مصطفیٰ فینا مطاع ؛ فلا تغشوہ بالقول العنیف

احمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہم میں واجب الاطاعت ہیں۔ اِن کے اعلان حق کو بدکلامی سے مت ٹھکراؤ۔

اذا تلیت مسائلہ علینا ؛ تحذر مع ذی اللب الحصیف

جب اس کے ارشادات پڑھے جاتے ہیں، تو ہر سلیم العقل انسان کے بیساختہ آنسو بہہ جاتے ہیں۔

فلا واللہ لانسلمہٗ بقوم ؛ ولما نقض فیھم بالسیوف

اللہ کی قسم جب تک ہم میدان جنگ میں فیصلہ نہ کرلیں حضور علیہ السلام کو کسی کے سپرد نہیں کریں گے۔

(زرقانی شریف صہ ۲۵۴ جلد ۱، سیرۃ المصطفیٰ صہ ۱۳۵/۱۷۰)

Marfat.com

- سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قبولِ اسلام سے قبل ہی ایسے اوصاف مبارکہ پائے جاتے تھے جو اپنی مثال آپ ہیں۔ آپ کے بھائی حارث بن عبد المطلب ابوطالب، زبیر، ابولہب عنیداق، مقوم سبھی آپ کے شرف فضل کے زبردست قائل تھے۔

- سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور علیہ السلام کے رضاعی بھائی تھے ایک دفعہ حضرت علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کو حضرت امامہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی ترغیب دلائی، تو آپ نے انکار کر دیا۔ فرمایا! امامہ میرے رضاعی بھائی حضرت حمزہ (رضی اللہ عنہ) کی بیٹی ہے۔ (بخاری شریف)

- حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں گذشتہ رات جنت میں داخل ہوا تو دیکھا کہ حضرت جعفر ملائکہ کے ساتھ اڑ رہے ہیں اور حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ تخت پر تکیہ لگائے بیٹھے ہیں۔ (مستدرک ابن حاکم کتاب معرفۃ الصحابہ صہ ۱۹۶)

- سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ السلام سے درخواست کی کہ انہیں جبریل علیہ السلام دکھلائے جائیں۔ تو ایک مرتبہ جبریل علیہ السلام کعبہ میں تشریف لائے، حضور علیہ السلام نے فرمایا، چچا دیکھئے یہ جبریل علیہ السلام ہیں آپ نے دیکھا اور بے خود ہوگئے۔

(طبقات ابن سعد صہ ۶/۳۷)

- سید الشہداء سیدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا میدان میں آنا تھا کہ مکّہ مکرمہ کے چوٹی کے افراد حلقہ بگوش اسلام ہونے لگے۔ ضمار بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ، صہیب ابن سنان رضی اللہ عنہ، خباب بن ارت رضی اللہ تعالیٰ عنہ، زنیرہ رضی اللہ عنہا، سیّد الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی آغوش رحمت میں آگئے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد
وآلہ وصحبہ وبارک وسلم

Marfat.com

# معجزہ شق القمر

سرزمین مکہ مکرمہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلّم کے اشارہ سے چاند کا دو ٹکڑے ہو جانا بھی ایک اہم اور عظیم واقعہ ہے۔ جس سے اہل مکہ کے دل دہل گئے اور بجائے مان لینے کے طبائع میں سختی پیدا ہو گئی عظیم جادوگر کہہ دیا (معاذ اللہ) شق القمر کے سلسلہ میں اسی کتاب کے عنوان "جبل ابو قبیس" میں شق القمر کی مزید تفصیل موجود ہے۔ ملاحظہ کریں۔ وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وبارک وسلم

# عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کا قبولِ اسلام

سرزمین مکہ مکرمہ میں ۶ سنہ نبوی میں یہ اہم واقعہ پیش آیا۔ جس سے حجاز کے سرغنہ افراد کی گردنیں جھک گئیں۔ سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قبولِ اسلام کا اصل سبب تو حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات مبارکہ ہے۔ آپ نے دعا فرمائی اے رب قدوس! ابوجہل اور عمر بن الخطاب میں جو تجھے زیادہ پسند ہے اسی سے اسلام کو عزت دے۔

◆ ابن عساکر فرماتے ہیں پھر حضور علیہ السلام کو بذریعہ وحی فرما دیا گیا کہ ابوجہل اسلام نہیں لائے گا۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدنا عمر بن الخطاب کے لیے دعا فرمائی:

"اللّٰھم ایّد الاسلام بعمر بن الخطاب خاصۃ"

اے اللہ تعالیٰ عمر بن الخطاب سے اسلام کو قوت بخش۔" (زرقانی صہ ۲۷۲ ج۱)

◆ سیدنا فاروق اعظم فرماتے ہیں کہ قبول اسلام سے پہلے میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سخت ترین مخالف تھا۔ ابوجہل نے اعلان کیا جو شخص محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

Marfat.com

قتل کر دے اُسے ایک سَو اونٹ انعام دیا جائے گا۔ فاروق اعظم فرماتے ہیں مَیں اس کے لالچ میں آگے بڑھا اور راستہ میں دیکھا کچھ لوگ ایک بچھڑے کو ذبح کرنے لیجا رہے ہیں۔ اچانک یہ آواز میرے کانوں میں گونج گئی۔

یاآل ذریح، امر نجیح رجل یصیح بلسان فصیح یدعو الیٰ شہادۃ ان لا الٰہ الا اللہ وان محمداً رسول اللہ

(فتح الباری صـ۱۳۸ ج۷ باب اسلام عمر، زرقانی صہ ۲۷۵ ج ۱)


ترجمہ: اے آلِ ذریح کامیاب امر ہے ایک آدمی صاف زبان سے لوگوں کو بلا رہا ہے، کہ اللہ کے بغیر کوئی الٰہ نہیں اور محمد اللہ کے رسول ہیں۔

سیّدنا فاروق اعظم فرماتے ہیں اس آواز نے مجھے چونکا دیا، مگر میں اپنے مشن سے رُکا نہیں بڑھتا گیا۔ راستہ میں میری ملاقات نعیم بن عبداللہ سے ہوئی، اُس نے مجھے غضب ناک دیکھ کر پوچھا عمر کہاں؟ میں نے کہا محمد کو قتل کرنے جا رہا ہوں۔ نعیم نے کہا ہوش کرو ایسا سخت قدم اُٹھا کر تم خود کیسے بچ سکو گے۔ پھر اپنے گھر کا تو خیال کرو، آپ کو علم نہیں آپکی بہن فاطمہ، بہنوئی سعید، وہ تو کبھی کے اسلام قبول کر چکے ہیں۔ فاروقِ اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ غصّے میں آ گئے، سیدھے بہن کے گھر گئے دیکھا بہن اور بہنوئی کو جناب حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ دینی تعلیم دے رہے ہیں۔ فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اندر داخل ہو گئے اور سخت درشت کہا، بہنوئی کو مارا، بہن چھڑانے آئیں تو انہیں اس قدر مارا کہ جسم سے خون بہہ نکلا۔ بہن نے کہا عمرؓ جو چاہتے ہو کر ڈالو اسلام قبول کر چکے ہیں۔ اے دشمنِ خدا ہمیں اس لیے مار رہا ہے کہ ہم نے ایک خُدا کو مان لیا ہے۔ بہن کی اس تقریر پر فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا، اچھا وہ کتاب جو تم پڑھ رہے تھے دکھاؤ، بہن نے ہمت و جرأت سے کہا: "انک رجس وانہ لا یمسہ الا المطہرون فقم فتوضا" ترجمہ: تو نجس ہے اور

Marfat.com




بلدیہ مکہ مکرمہ کا ایک دفتر



جبل ہندی پر

چڑھنے کی سیڑھیاں

Marfat.com




منیٰ کو پیدل جانے والوں کا راستہ




بابِ ابراہیم کے سامنے کا منظر

Marfat.com




مکہ شریف سے جدہ کو جاتے ہوئے صراحی والا چوک



قربان گاہ

Marfat.com



پہاڑ سے سرنگوں والا راستہ




بلدیہ کے خوبصورت سبزے والے گملے

Marfat.com

قرآن پاک کی شان یہ ہے کہ اُسے پاک لوگ ہی مس کر سکتے ہیں۔"

◆ فاروق اعظم اٹھے وضو یا غسل کیا، قرآن مقدس کو پکڑ کر پڑھا، سورۃ طٰہٰ کی یہ آیۃ مبارکہ سامنے آئی: انني انا الله لا اله الا انا فاعبدني واقم الصلوٰة لذكري بے ساختہ کہا "کتنا ہی اچھا کلام ہے۔"

## دربارِ رسالت میں حاضری

حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا عمر تجھے مبارک ہو معلوم ہوتا ہے کہ سید الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلم کی دُعا تیرے حق میں قبول ہو گئی۔ فاروق فرماتے ہیں خباب! مجھے جلد دربار رسالت میں لے چلو۔ دارِ ارقم میں صحابہ کرام کا اجتماع تھا۔ حضرت خباب رضی اللہ تعالیٰ عنہ لے کر حاضر ہوئے اندر آنے کی اجازت چاہی مگر عمر فاروق کو دیکھ کر دروازہ کھولنے کی کوئی جرأت نہیں کرتا تھا۔ سیدنا حمزہ نے فرمایا، آنے دو، دیکھا جائے گا۔ اگر اللہ تعالیٰ نے ہدایت دے دی تو اسلام قبول کرے گا، ورنہ فکر نہ کرو اس کا قتل کرنا کوئی مشکل نہیں۔ دروازہ کھُل گیا۔ دارِ ارقم کا یا بخشش کا، دروازہ کھُلا رحمت باری کا، دروازہ کھلا نگاہِ مصطفےٰ کا، دروازہ کھلا عنایاتِ الٰہیہ کا، سیدنا عمر فاروق فرماتے ہیں دو شخصوں نے مجھے بازوؤں سے پکڑا، حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کے سامنے کھڑا کر دیا۔ حضور علیہ السلام نے انہیں فرمایا، چھوڑ دو اور حضور نے میرا کرتہ کھینچ کر فرمایا خطاب کے بیٹے اسلام لاؤ، کیسا عجیب منظر تھا۔

◆ سراپا جرم سراپا کرم کے حضور حاضر ہے۔ سراپا خطا سراپا عطا کے دربار میں ہے۔ فاروق اعظم کی نگاہِ شرم ہے محبوب پاک علیہ السلام کی نگاہِ کرم ہے حضور علیہ السلام کے ہاتھ بارگاہِ قدس میں اُٹھے۔ عرض کی! اللھم اھدہ اے اللہ اسے ہدایت دے۔ اے اللہ دین کو عمر بن الخطاب کے ذریعہ مزید فروغ دے۔ عمر رضی اللہ عنہ

Marfat.com

بارگاہ رسالت میں عرض کرتے ہیں: اشھد ان لا الٰہ الا اللہ وانک رسول اللہ گواہی دیتا ہوں اللہ کے بغیر کوئی الٰہ نہیں اور بیشک آپ اللہ کے رسول ہیں۔" دارِ ارقم نعرۂ تکبیر سے گونج اُٹھی۔ عمر فاروق کے قبولِ اسلام کا تفصیلی واقعہ مسندِ بزاز، معجم طبرانی، دارقطنی، دلائل ابی نعیم میں موجود ہے۔

- قبولِ اسلام پر اہلِ زمین ہی نہیں آسمان کے فرشتے بھی خوش تھے۔

(زرقانی ص ۲۷۷/۱، عیون اثر ص ۱۲۶/۱)

آپ کے اس انقلابی اقدام سے اسلام کا غلبہ شروع ہو گیا۔ سیّدنا حمزہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے تین دن بعد آپ حلقہ بگوشِ اسلام ہوئے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وبارک وسلم

# شعب ابی طالب

سرزمین مکہ مکرمہ کے اہم واقعات سے واقعہ شعب ابی طالب بھی ہے۔ سیدنا حضرت حمزہ اور سیدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے قبولِ اسلام کے بعد کفر کا زور ٹوٹتا گیا، اور آئے دن اسلام کی قوت بڑھتی گئی۔ اسلامی قوت کو دبانے کے لیے قریش نے بنو ہاشم سے سوشل بائیکاٹ کا حربہ استعمال کیا۔ ایک معاہدہ لکھا کہ کوئی بھی بنو ہاشم سے میل جول تعلقات نہیں رکھے گا۔ اِس ظالم معاہدہ کو منصور بن عکرمہ نے لکھا اسی وقت قدرت نے اسے سزا دی، اُنگلیاں شل ہوگئیں اور ہاتھ ہمیشہ کے لیے بیکار ہوگیا۔ اس صورت حال سے پریشان ہو کر جناب ابو طالب نے شعب ابی طالب میں پناہ لی۔ قریش کی طرف سے یہ بائیکاٹ مسلسل تین سال تک رہا۔ بنو ہاشم کے لیے یہ دن بڑے کٹھن تھے۔ بھوک پیاس سے بچوں کے بلبلانے کی آواز آتی تو سنگدل خوش ہوتے۔ (طبقات ابن سعد ص ۱۳۹/۱)

Marfat.com

■ اِس قید و بند میں زندگی دوبھر ہوتی چلی گئی، سیدنا سعد بن وقاص فرماتے ہیں ایک مرتبہ انہیں اونٹ کی کھال کا سوکھا چمڑا ملا جو دھو کر جلایا اور کوٹ کر سفوف کی شکل میں استعمال کیا۔ تین سال بعد سب سے پہلے ہشام بن عمر کو خیال آیا کہ وہ ظلم کر رہے ہیں خود مزے سے رہ رہے ہیں، اور بنو ہاشم مصائب میں، رات کی تاریکی میں غلہ پہنچا دیا کرتے۔ ایک دن زہیر سے بات ہوئی پھر مطعم بن عدی سے تبصرہ ہوا پھر ابوالبختری اور زمعہ بن اسود کو اپنا ہم خیال بنایا۔ انہوں نے معاہدہ توڑنے کا فیصلہ کر لیا۔ زمعہ نے قسم اُٹھا کر کہا یہ معاہدہ پھاڑ دیا جائے گا کہ ظالمانہ ہے۔ ابوجہل مجلس کا عنوان بھانپ گیا اور مزاحم نہ ہوا۔ (طبری ص ۲۲۸، ۲۷، ابن ہشام ج ۱ ص ۱۳)

■ اسی دوران حضور علیہ السلام نے ابوطالب کو اطلاع دی کہ معاہدہ کو دیمک نے کھالیا ہے صرف باسمک اللّٰھم کے الفاظ بچے ہیں۔ ابوطالب نے یہ واقعہ قریش کو سنا دیا اور کہا میرے بھتیجے کے منہ سے نکلی ہوئی بات کبھی غلط نہیں ہوئی، چنانچہ دیکھا گیا تو یہی صورت حال تھی، تمام قریش شرمسار ہوئے اس طرح یہ ظالمانہ معاہدہ اختتام کو پہنچا۔

وصلی اللہ تعالےٰ علی حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وبارک وسلّم

# معراجِ مقدّس

سرزمین مکہ مکرمہ کے اہم واقعات میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا سفر معراج بھی ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے سفر طائف کے بعد یہ عظیم معجزہ رونما ہوا۔ مشکلات و آزمائش کی گھڑیاں بیت گئیں، غموں اور دکھوں نے بستر لپیٹ لیا۔ راحت و سکون نے آستان نبوت پر جبہ سائی کی۔ شعب ابی طالب، سفرِ طائف، وفات سیدہ خدیجۃ الکبریٰ کے صدمات کے بعد معراج شریف کا وقوع گویا "ان مع العسر یسرا" کے ارشاد کی واضح تفسیر ہے۔ یہ مقدس سفر ۱۱ نبوی کے بعد ہوا۔ حضور علیہ السلام

Marfat.com

ستائیسویں رجب شریف کی شب میں اس انعام سے نوازے گئے۔

(شرح المواہب اللدنیہ صہ ۳۰۷ جلد ۱)

- قرآن مقدس کا واضح ارشاد اس سفر مقدس کی کھلی دلیل ہے۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَی الَّذِیْ بٰرَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ آیٰتِنَا اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ

پاکی ہے اُسے جو اپنے بندے کو راتوں رات لے گیا مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ تک جس کے گرداگرد ہم نے برکت رکھی کہ ہم اُسے اپنی عظیم نشانیاں دکھائیں بے شک وہ سنتا دیکھتا ہے۔"

- مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ تک کے سفر کو اسرا اور مسجدِ اقصیٰ سے آسمانوں تک کی سیر کو معراج، آسمانوں سے قاب قوسین تک کو اعراج سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

(فوائد الفواد شریف صہ ۲۰۸/۱۶)

## ہجرت گاہ کو دیکھا

حضور سیّد عالم صلی اللہ علیہ وسلم براق پر سوار ہو کر چلے، جبرائیل علیہ السّلام ساتھ ہیں یا براق پر پیچھے سوار ہیں۔ (زرقانی، خصائص الکبریٰ باب المعراج)

- راستہ میں ایسی زمین پر گزر ہوا جس میں کھجور کے درخت بہت تھے۔

جبرائیل علیہ السلام عرض کرتے ہیں، حضور یہاں اُتر کر نماز نفل پڑھ لیجئے، اُتر کر نماز پڑھی جبرائیل علیہ السلام عرض کرتے ہیں آپ نے یثرب (مدینہ منورہ) میں نماز پڑھی ہے جہاں آپ ہجرت کریں گے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہٖ محمد وآلہ وصحبہٖ وبارک وسلّم

Marfat.com

## وادیٔ سینا اور بیت اللحم سے گزر

وادیٔ سینا سے گزر ہوا تو جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی یہاں نماز نفل ادا کریں نماز پڑھی گئی تو جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی حضور آپ نے وادیٔ سینا میں شجرۃ موسیٰ علیہ السلام کے قریب نماز پڑھی ہے جہاں ربّ قدّوس جل مجدہٗ نے اپنے نبی موسیٰ علیہ السلام سے کلام فرمایا تھا۔ پھر ایک اور خطہ پر گزر ہوا تو جبرائیل علیہ السلام نے نماز پڑھنے کو کہا، نماز پڑھی گئی تو جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی' یہ مدائن ہے، حضرت شعیب علیہ السلام کی قیام گاہ ہے۔ کچھ آگے گئے تو پھر جبرائیل علیہ السلام نے نماز پڑھنے کو عرض کی، نماز پڑھی گئی تو عرض کی یہ مقام بیت اللحم ہے جہاں عیسیٰ کی ولادت ہوئی۔ خصائص کبریٰ صہ ۱۵۸ ج ۱، فتح الباری صہ ۱۵۳ ج ۷)

وصلے اللہ علے حبیبہ وصحبہ وسلم

## بدکرداروں پر گزر

رحمتِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس مقدس سفر میں حضور علیہ السلام کا گزر بدکردار لوگوں پر بھی ہوا جو مبتلائے عذاب تھے۔

- ایک ایسی قوم پر گزر ہوا جن کی زبانیں قینچیوں سے کاٹی جا رہی تھیں، کٹنے کے بعد پھر درست ہو جاتیں، جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی حضور یہ لوگ آپ کی امت کے خطیب و واعظ ہیں جو لوگوں کو نیکی کا حکم دیتے تھے اور خود نہیں کرتے تھے۔ (العیاذ باللہ) (خصائص کبرے صہ ۱۷۲ ج ۱، فتح الباری صہ ۱۵۳ ج ۷)

- ایک ایسی قوم پر گزر ہوا جن کے سامنے خوبصورت انداز میں پکا ہوا گوشت بھی ہے اور انتہائی بدبودار متعفن گوشت بھی ہے مگر یہ لوگ اچھا مہک دار پکا ہوا انہیں کھاتے اور گندے کو پسند کر رہے ہیں۔ جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی حضور یہ وہ لوگ ہیں جن کے پاس حلال وطیب بیوی موجود مگر زانیہ بدکردار خاتون سے ہمبستری کرتے ہیں۔

Marfat.com

یا وہ عورت ہے جو حلال و طیب خاوند چھوڑ کر زانی شخص سے وابستہ رہتی ہے۔

◆ — ایک اور قوم پر گزر ہوا جن کے سر پتھروں سے کچلے جا رہے تھے، کچلے جانے کے بعد پھر درست ہو جاتے تھے پھر کچلے جاتے تھے جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی حضور یہ وہ لوگ ہیں جو فرض نماز میں سستی کرتے تھے۔

◆ — ایک اور قوم کو دیکھا جن کی شرمگاہوں پر بوسیدہ گندے چیتھڑے لپٹے ہوئے ہیں اور جانوروں کی طرح کھاتے پیتے ہیں کانٹے کھا رہے زقوم استعمال کر رہے ہیں۔ جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی یہ وہ لوگ ہیں جو اپنے مالوں کی زکوٰۃ نہیں دیتے تھے۔

◆ — حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے اس سفر میں ایک شخص کو دیکھا جو نہر میں تیر رہا ہے اور پتھر کھا رہا ہے۔ جبرائیل علیہ السلام عرض کرتے ہیں حضور یہ شخص سود خور ہے۔

(خصائص کبریٰ صہ ۱۵۸ ج۱)

◆ — ایک اور قوم پر گزر ہوا جن کے ناخن تانبے کے تھے اور اپنے چہروں کو چھیل رہے تھے، جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی یہ وہ لوگ ہیں جو آدمیوں کا گوشت کھاتے تھے یعنی غیبت کرتے تھے ان کی عزت پر اعتراض کرتے تھے

(خصائص کبریٰ صہ ۱۵۶ ج۱)

◆ — حضور علیہ السلام کا گزر ایک بڑھیا پر ہوا، اُس نے حضور علیہ السلام کو اپنی طرف بُلایا جبرائیل علیہ السلام نے نہ جلنے دیا۔ ایک بوڑھے پر گزر ہوا اس نے بھی بلایا مگر جبرائیل علیہ السلام نے آگے چلنے کو کہا، جبرائیل امین نے عرض کی وہ بوڑھی عورت دُنیا تھی وہ بوڑھا مرد شیطان تھا، دونوں کا مقصد آپ کو اپنی طرف مائل کرنا تھا۔ (خصائص کبریٰ صہ ۱۵۵ ج۱، ابن کثیر صہ ۸ ج۲)

(وصلی اللہ تعالےٰ علی حبیبہٖ محمد وآلہ وصحبہ وبارک وسلم)

Marfat.com

# حضور علیہ السلام کا اوّل و آخر ہونا

راہ گزرتے ایک جماعت نے کہا:

السلام علیک یا اوّلُ، السلام علیک یا آخرُ، السلام علیک یا حاشرُ
جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی، حضور وہ سلام کہنے والے حضرت ابراہیم، حضرت موسیٰ علیہم السلام تھے۔ (خصائص الکبریٰ صہ ۱۵۵ ج ۱) حضرت ابن عباسؓ سے ہے حضور علیہ السلام نے موسیٰ علیہ السلام کو دیکھا وہ اپنی قبر میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے۔ (خصائص صہ ۱۵۶ جلد ۱)

قرآن مقدس کی آیت مبارکہ ہو الاول والآخر والظاہر والباطن کے متعلق شیخ المحدثین شاہ محمد عبدالحق محدثِ دہلوی نے بھی فرمایا:

"یہ آیت مبارکہ اللہ کی حمد بھی ہے اور حضور علیہ السلام کی نعت بھی"

(مدارج النبوۃ صہ ۷ جلد ۱)

- حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شانِ اولیت اسی بنا پر ہے کہ آپکی تخلیق موجودات میں سب سے اوّل ہے۔ چنانچہ حدیث شریف میں ہے "اوّل ما خلق اللہ نوری" پہلی شئ جو اللہ تعالیٰ نے پیدا کی وہ میرا نور ہے۔
- آپ مرتبہ نبوت میں بھی اول ہیں۔ "کنت نبیًا وان آدم لمنجدل فی طینہ" میں اس وقت بھی نبی تھا جب آدم علیہ السلام اپنے خمیر میں ہی تھے۔
- آپ ہی سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں:۔ "اوّل من آمن باللہ وبذالک امرت وانا اول المؤمنین" اللہ تعالیٰ پر جو سب سے پہلے ایمان لانے والے ہیں اور اُس کے حکم کی تعمیل کی اُن میں سب سے پہلے میں مومن ہوں۔
- "انا اوّل من تنشق عنہ الارض" جب زمین شق ہوگی اور لوگ اس سے نکلیں گے تو میرے لئے سب سے پہلے زمین شق ہوگی۔

Marfat.com

- "انا اوّل من یوذن لہ بالسجود" سب سے پہلے میں سجدہ کرنے کی اجازت پاؤں گا۔
- "انا اول من یدخل باب الجنۃ" سب سے پہلے میں جنت میں داخل ہوں گا۔
- حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی شان آخر بھی ہے: "ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین" آپ اللہ تعالیٰ کے رسول اور آخری نبی ہیں۔
- کتابوں میں آپکی کتاب آخری دینوں میں آپ کا دین آخری ہے، چنانچہ فرمایا: "نحن الآخرون السابقون" تمام سبقتوں کے باوجود بعثت میں ہم آخری ہیں۔

وصلی اللہ تعالیٰ علےٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ وصحبہٖ وبارک وسلم

# آل انبیاء کانفرنس

حضور علیہ السلام جب مسجد اقصیٰ میں پہنچے تو آپ نے اور جبرائیل علیہ السلام نے ۲ دو رکعت نماز ادا فرمائی۔ (خصائص کبریٰ ص ۱۶۷ جلد ۱)

- آپ کے انتظار میں انبیاء علیہم السلام پہلے ہی موجود تھے۔ (زرقانی ج ۶ ص ۲۸)

اذان ہوئی، صفیں بنالی گئیں، انتظار ہے نماز کون پڑھائے۔ حضور فرماتے ہیں کہ جبرائیل علیہ السلام نے میرا ہاتھ پکڑا اور آگے کر دیا۔ میں نے نماز پڑھائی۔ جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی جتنے انبیاء علیہم السلام آئے ہیں سب نے آپ کے پیچھے نماز پڑھی ہے۔ (خصائص کبریٰ ص ۱۵۸ ج ۱، زرقانی شریف میں ہے آسمان سے فرشتے بھی نازل ہوئے انہوں نے بھی آپ کی اقتداء میں نماز پڑھی۔

## خطاب ابراہیمی علیہ السلام

اِس پُر نور کانفرنس میں پہلا خطاب سیّدنا ابراہیم علیہ السلام کا ہوا آپ نے اپنے ربّ قدوس کے حضور نذرانہ حمد وثنا اس طرح پیش کیا۔

الحمد للہ الذی اتخذنی خلیلاً واعطانی ملکاً

Marfat.com

عظیما وجعلنی امۃ قانتا وانقذنی من النار وجعلها علیّ برداً وسلاماً ۔ ترجمہ : حمد ہے اُس ربّ قدوس جلّ مجدہٗ کی جس نے مجھے اپنا خلیل بنایا اور مجھے عظیم سلطنت بخشی ، مجھے آگ سے بچایا اور اُسے ٹھنڈک اور سلامتی بنایا ۔

## کلماتِ موسوی

دوسرا خطاب سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا ہوا جس کا مضمون یہ ہے :۔

الحمد للّٰہ الذی کلمنی تکلیما وجعل ھلاک اٰلِ فرعون ونجاۃ بنی اسرائیل علیٰ یدی وجعل من امتی قوماً یھدون بالحق ترجمہ : اس ذات بابرکات کا شکر ہے جس نے مجھ سے براہ راست کلام فرمایا ، فرعون کی ہلاکت اور بنی اسرائیل کی نجات میرے ہاتھوں ظاہر فرمائی اور میری امت میں ایسی قوم پیدا کی جو انصاف کرتی ہے ۔

## کلماتِ داوٗدی علیہ السلام

الحمد للّٰہ الذی جعل لی ملکاً عظیماً وعلمنی الزبور والن لی الحدید وسخر لی الجبال یسبحن والطیر واعطانی الحکمۃ وفصل الخطاب ۔ ترجمہ اُس ذات بابرکات کا شکر ہے جس نے عظیم مُلک سے نوازا اور زبور سکھائی اور لوہا نرم کیا ، پہاڑ اور پرندے بطیر تابع فرمان بنائے جو میرے ساتھ تسبیح پڑھتے ہیں ۔ علم وحکمت کی دولت مجھے بخشی اور کامیاب خطاب کی نعمت دی ۔

وصلی اللّٰہ تعالیٰ علیٰ حبیبہ محمد وآلہ وصحبہ وبارک وسلم

Marfat.com

## کلمات سلیمانی علیہ السلام

الحمد للہ الذی سخرلی الریاح و سخر لی الشیاطین یعملون ما شئت من محاریب و تماثیل کالجواب وقدور راسیات و علمنی منطق الطیر و آتانی من کل شئ فضلاً و سخر لی جنود الشیاطین والانس والطیر و فضلنی علی کثیر من عبادہ المؤمنین و اتانی ملکاً عظیماً۔ اس ذات بابرکات کا شکر ہے کہ جن، ہوا، جنات، شیاطین کو میرے تابع فرمان بنا دیا، پرندوں کی زبان سکھا دی جن و انسان جانور پرندے میرے تابع کئے اور مجھے بہت ایمانداروں پر فضیلت بخشی اور بہت بڑا ملک عطا کیا۔"

## کلمات عیسوی علیہ السلام

الحمد للہ الذی جعلنی کلمۃ وجعل مثلی مثل آدم خلقہ من تراب ثم قال لہ کن فیکون وعلمنی الکتاب والحکمۃ والتوراۃ والانجیل وجعلنی اخلق من الطین کھیئۃ الطیر فانفخ فیہ فیکون طیراً باذن اللہ وجعلنی ابرئ الاکمہ والابرص واحی الموتیٰ باذن اللہ۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے مجھے کلمہ بنایا۔ اور سیدنا آدم علیہ السلام کی طرح بغیر باپ کے پیدا فرمایا۔ پرندے بنانے مردے زندہ کرنے کوڑھیوں مادر زاد اندھوں کو شفا دینے کا

Marfat.com

معجزہ بخشا توراۃ وانجیل کا علم بخشا"

## صدارتی خُطبہ

الحمد للہ الذی ارسلنی رحمۃ للعالمین وکافۃ للنّاس
بشیراً ونذیرا وانزل علی الفرقان فیہ تبیان
لکلّ شئ وجعل امّتی خیر امۃ اخرجت للناس
وجعل امتی ھم الاولین والاٰخرین وشرح لی صدری
ودفع لی ذکری وجعلنی
فاتحًا وخاتما۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے رحمۃ للعالمین
بنا کر بھیجا اور تمام جہانوں کے لیے بشیر و نذیر بنایا۔ اور مجھ پر قرآن مقدس
اتارا جس میں ہر شے کا واضح بیان ہے اور میری اُمّت کو بہترین امّت
بنایا اور اوّلین و آخرین قرار دیا۔ میرے سینے کو کھول دیا میرے ذکر کو
بلند کیا اور مجھ کو فاتح بنایا اور خاتم بنایا"

## تصدیق ابراہیمی علیہ السلام

حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب خطبہ سے فارغ ہوئے تو سیدنا خلیل علیہ السلام
نے تمام انبیاء علیہم السلام سے مخاطب ہو کر فرمایا: بھذا افضلکم
محمد صلی اللہ علیہ وسلم، انہیں خصائص کبرےٰ کے لحاظ سے ہی
محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم سب سے آگے نکل گئے، اس کے بعد آپ مسجد اقصیٰ سے
باہر آئے تو آپ کو تین پیالے پیش گئے ایک پانی کا ایک شراب کا اور ایک دُودھ
کا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے دودھ کا پیالہ پیا۔ سیّدنا جبرائیل علیہ السلام نے

Marfat.com

عرض کی، یارسول اللہ! آپ نے دین فطرت کو پسند کیا اگر آپ پانی کو پسند کرتے تو آپ کی امت غرق ہو جاتی، شراب پسند فرماتے تو امت گمراہ ہو جاتی۔

(زرقانی صـ ۸۴ جلد ۶)

وصلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ و بارک وسلم

## براق یا سیڑھی

مسجد اقصیٰ سے باہر تشریف لائے تو آسمانوں پر جانے کیلئے براق تھا یا سیڑھی اس ضمن میں سیدنا ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ آسمانوں پر جانے کے لیے سیڑھی پیش کی گئی۔

عن ابی سعید رضی اللہ عنہ قال سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول لما فرغت مما کان فی البیت المقدس أُتی بالمعراج ولم ارشیًا قط احسن منہ وھو الذی یمد الیہ میتکم عینہ اذا حضر فاصعدنی فیہ صاحبی حتی انتھی لی الی باب من ابواب السماء یقال لہ باب الحفظہ۔

(البدایہ والنہایہ صـ ۱۱۵ جلد ۳)

(شرح المواہب للزرقانی صـ ۵۵ ج ۶)

صلی اللہ تعالیٰ علی حبیبہ محمد و آلہ وصحبہ و بارک وسلم

## ہجرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم

سرزمین مکہ مکرمہ کے اہم واقعات میں سے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام کا واقعہ ہجرت بھی اہم واقعہ ہے۔ جب سرزمین مکہ مکرمہ میں صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین

Marfat.com

کے لئے کئی قسم کی دشواریاں اور نفاذ اسلام کے لئے مشکلات پیش آئیں تو آپ کو خواب میں ہجرت کی جگہ دکھائی گئی۔ نام ظاہر نہ ہوا، صرف یہ دکھایا گیا آپ ایک بستی کی طرف ہجرت فرما رہے ہیں جو کھجوروں والی سرزمین ہے۔ آپ تأمل میں تھے کہ بذریعہ وحی مدینہ طیبہ کا تعین کر دیا گیا۔ (زرقانی جلد ۱) یہ بھی فرما دیا گیا کہ مدینہ منورہ بحرین، قنسرین تینوں شہروں میں سے کسی میں آباد ہو جائیں جہاں جائیں گے وہی دار الہجرۃ ہے۔ حضور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کا حکم پا کر اور مظالم قریش کو حد سے متجاوز دیکھ کر تمام مسلمانوں کو جو مکہ مکرمہ میں آباد تھے اجازت دے دی کہ اپنی جان کے تحفظ کے لئے مکہ مکرمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ چلے جائیں۔ مسلمانوں نے یہ حکم سنتے ہی اپنے گھروں کو خالی چھوڑا، عزیزوں رشتہ داروں کی جدائی کو برداشت کرکے امن وسلامتی کی زندگی بسر کرنے کے لئے مدینہ منورہ کی طرف جانے لگے تو قریش مکہ کو یہ بھی گوارا نہ ہوا اور ہجرت کرنے والوں کی راہ میں رکاوٹیں پیدا کرنے لگے۔ (تاریخ اسلام)

ہجرت کرنے والوں میں سب سے پہلے ہجرت کے لیے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے رضاعی بھائی حضرت ابو سلمہ رضؓ بیوی بچوں سمیت تیار ہوئے تو اہل مکہ نے ابو سلمہ رضؓ سے کہا کہ تم اپنی بیوی کو نہیں لے جا سکتے وہ ہماری بیٹی ہے ادھر ابو سلمہ رضؓ کے ورثاء بھی پہنچ گئے انہوں نے بچے کو چھین لیا۔ ابو سلمہ رضؓ تنہا مدینہ منورہ کی جانب روانہ ہو گئے۔ ابو سلمہ رضؓ کا جذبہ ایمانی ملاحظہ فرمائیں کہ بیوی رہ گئی بچے کو چھوڑا مگر مدینہ منورہ سے منہ نہیں موڑا۔

ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا (جو بعد میں ام المؤمنین) بنیں، نے انتہائی دکھ اور تکلیف میں ایک سال گزارا، آپ فرماتی ہیں کہ ایک سال بعد ایک شخص کو رحم آیا اور میرا بچہ مجھے واپس دے گیا اور مدینہ منورہ جانے کی اجازت مل گئی۔ فرماتی

Marfat.com

ہیں میں اکیلی اونٹ پر سوار ہوگئی، بچے کو گود میں لے لیا مدینہ طیبہ کی راہ لی۔ مقام تنعیم (یہ جگہ مکہ مکرمہ میں ہے لوگ یہاں سے عمرہ کا احرام باندھتے ہیں) پر عثمان بن طلحہ نے مجھے دیکھا تو میں نے سارا واقعہ سنا دیا۔ عثمان بن طلحہ نے میرے اونٹ کی مہار تھام لی اور سفر کے قائد بن گئے، منزل آتی تو اونٹ بٹھا کر دور چلے جاتے ہیں اُتر جاتی تو اونٹ کو دُور لے جاتے اور خود کسی درخت کے سایے میں لیٹ جاتے۔ آپ فرماتی ہیں؛ اللہ کی قسم میں نے عثمان بن طلحہ سے زیادہ کسی کو شریف نہ پایا۔ اسی طرح آہستہ آہستہ صحابہ کرام مدینہ منورہ پہنچ گئے۔ یہاں تک کہ مکہ مکرمہ میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سیدنا صدیق اکبر اور علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے سوا باقی کوئی بھی نہ رہا۔" [1]

(مدینۃ الرسول ص ۵۶)

(ابن ہشام، زرقانی، تاریخ اسلام)

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ حبیبہٖ محمد وآلہٖ واصحابہٖ وسلم

---

[1] مزید معلومات کے لئے ہماری تصنیف "مدینۃ الرسول" کا مطالعہ کریں۔

Marfat.com

Marfat.com

# مصنف کی دیگر تصانیف

| | | | |
|---|---|---|---|
| مدینۃ الرسول | آئینۂ حق | حضور الحرمین | فیوضاتِ فریدی |
| راہنمائے حج | علم القرآن | شہباز قدس | کلماتِ طیبات |
| منزلِ شوق | المکالمۃ العلمیہ | مکتوباتِ مدینہ | المائدہ ردِ عیسائیت |
| نظام مصطفےٰ میں ذمیوں کے حقوق | اسلام اور انفاق فی سبیل اللہ | ماہ رمضان اور نزول قرآن | احترام والدین اور اسلام |
| اسلام اور حفظانِ صحت | الجہاد | عصمتِ انبیاء | صدیق وعتیق |
| تذکرہ سیدنا فاروق اعظم | لاتثلیث فی التوحید | شمشیر جوابیہ | فلسفۂ نماز |
| نصر القراء | قادیانیوں سے بائیکاٹ کی شرعی حیثیت | مساجد اور اسلام | بہائی اصول ناقابل قبول |
| فلسفۂ زکوٰۃ | خاندان بنو ہاشم | اسلام اور سوشلزم | فلسفۂ قربانی |
| جنگِ مصر | قلبِ سلیم | مسیح کون ہے؟ | مقالاتِ ابوالنصر |

Marfat.com

# مصنف کی دیگر تصانیف

- مدینۃ الرسول
- آئینۂ حق
- حضور الحرمین
- فیوضاتِ فریدی
- راہنمائے حج
- علم القرآن
- شہباز قدس
- کلماتِ طیبات
- منزلِ شوق
- المکالمۃ العلمیہ
- مکتوباتِ مدینہ
- المائدہ ردِ عیسائیت
- نظام مصطفےٰ میں ذمیوں کے حقوق
- اسلام اور انفاق فی سبیل اللہ
- ماہ رمضان اور نزول قرآن
- احترام والدین اور اسلام
- اسلام اور حفظانِ صحت
- الجہاد
- عصمتِ انبیاء
- صدیق وعتیق
- تذکرۂ سیدنا فاروق اعظم
- لاتثلیث فی التوحید
- شمشیرِ جوابیہ
- فلسفۂ نماز
- نصرُ القراء
- قادیانیوں سے بائیکاٹ کی شرعی حیثیت
- مساجد اور اسلام
- بہائی اصول ناقابل قبول
- فلسفۂ زکوٰۃ
- خاندان بنو ہاشم
- اسلام اور سوشلزم
- فلسفۂ قربانی
- جنگِ مصر
- قلبِ سلیم
- مسیح کون ہے؟
- مقالاتِ ابوالنصر

Marfat.com